ہمدردِ جامعہ

مرتبہ

ناظم

حلقہ ہمدردانِ جامعہ

ہمدردِ جامعہ

ایڈیٹر

(خواجہ) عبدالحی فاروقی

(ناظم حلقہ ہمدردانِ جامعہ)

جلد ۔ | جنوری سنہ ۱۹۴۰ء مطابق ذی الحجہ سنہ ۱۳۵۸ ہجری | نمبر ۔

فہرست مضامین

چندہ سالانہ ۔ عمر ۔ فی پرچہ ۔

حالات جامعہ

[illegible] جامعہ برد جامعہ سینئر کیمبرج امتحانات جو اکتوبر [illegible]
[illegible] کا نتیجہ شائع ہو گیا ہے جو حسب ذیل ہے۔

جامعہ جو نیر [illegible]
[illegible] عبد الناصر عبد الحق صاحب۔ کامیاب
[illegible] عطا محمد
[illegible] محمد حسین [illegible] میں دوبارہ امتحان دینا ہوگا
[illegible]
[illegible] عبد اللطیف [illegible] ۔ کامیاب
[illegible]

[illegible] اسعد الدین صاحب انصاری، استاد [illegible] تعلیم و مطالعہ کے لئے مصر تشریف لے گئے تھے [illegible] تین سال کے بعد پچھلے مہینے آپ کامیابی [illegible] کے واپس تشریف لائے۔ اسٹیشن پر اساتذہ اور [illegible] نے آپ کا شاندار استقبال کیا۔ جامعہ میں دو ایک [illegible] قیام فرما کر اپنے وطن تشریف لے گئے۔

[illegible]

نواب مہدی یار جنگ بہادر وزیر تعلیم و وائس چانسلر جامعہ عثمانیہ حیدر آباد تشریف لائے تھے ۲۰ دسمبر کو آپ نے جامعہ نگر اوکھلا ملاحظہ فرمایا۔ طلبائے مدرسہ ابتدائی اور استادوں کے مدرسہ کی بنائی ہوئی چیزوں اور حلقۂ تعلیم و ترقی کے پوسٹر اور بالغوں کے لئے اس کی تیار کردہ کتابوں کو خصوصیت کے ساتھ بہت پسند فرمایا۔ جامعہ کے طرز تعلیم اور طریق تربیت سے بھی اطمینان ظاہر کیا۔

چھٹیوں کی وجہ سے بیشتر طلبہ گھر چلے گئے ہیں لیکن جو بچے کسی وجہ سے نہیں جا سکے ہیں انھوں نے آپ کی خدمت میں ایک سپاسنامہ پیش کیا جس کا موصوف نے مناسب جواب دیا۔

محترمہ لیڈی مسعود صاحبہ جناب سجاد مرزا صاحب پرنسپل ٹریننگ کالج حیدر آباد دکن اور ڈاکٹر بابر مرزا صاحب پروفیسر مسلم یونیورسٹی علی گڑھ، کل ہند اردو کانفرنس کی شرکت کے لئے دہلی تشریف لائے تھے ان لوگوں نے جامعہ کو اپنے قیام سے نوازا دوران قیام میں جامعہ کے تمام شعبوں کو بہ تفصیل ملاحظہ فرمایا اور بہت اطمینان ظاہر کیا۔

جامعہ [illegible] سال کی [illegible] تعلیم [illegible] لیکن [illegible]
[illegible] اطمینان [illegible]
[illegible]

اردو، ذریعہ تعلیم ہونے کی حیثیت سے

ازسید وقار عظیم صاحب استاد مدرسہ ثانوی جامعہ ملیہ

پچھلی صدی بھر تعلیمی حلقوں میں یہ جنگ کسی نہ کسی عنوان سے چھڑی رہی کہ بچوں کی تعلیم میں انگریزی [illegible]
کیا حیثیت حاصل ہونی چاہیئے لیکن لفظی جنگ زیادہ طویل عرصہ تک قائم نہ رہ سکی اور آخر میں ان لوگوں [illegible]
رہی جن کے ہاتھوں میں ہر طرح کے سیاسی اور سماجی اسلحے تھے مدرسوں سے مادری زبان کا اثر گھٹتا گیا اور [illegible]
ہر مضمون انگریزی زبان میں پڑھایا جانے لگا بچوں نے رفتہ رفتہ اپنی مادری زبان بھولنی شروع کر دی [illegible]
گوں کو اس بات کا احساس پیدا ہوا کہ انگریزی کو ذریعۂ تعلیم بنانے سے قوم کے بچوں کو کوئی فائدہ ہونے کے بجائے [illegible]
بچے ہیں اور اب رفتہ رفتہ وہ اس قابل بھی نہیں رہے کہ زبان یا قلم سے اپنے خیالات صفائی اور روانی کے ساتھ [illegible]

انگریزی کے حامیوں نے جب یہ دیکھا کہ پرانے جادو کا اثر بالکل ختم ہو گیا تو انھوں نے اور نئے نئے منتر پڑھنے شروع [illegible]
یے. کہا کہ بے شک انگریزی پڑھنے سے لوگوں کو طرح طرح کے نقصان پہنچے ہیں لیکن ہماری موجودہ ضروریات اور [illegible]
بدیلیاں اس بات کی متقاضی ہیں کہ بچوں کو جو کچھ سکھایا جائے وہ انگریزی زبان میں سکھایا جائے۔ اگر مختصر طور پر [illegible]
لائل کو بیان کیا جائے تو ان کا اندازہ کچھ ایسا ہوگا۔

(۱) ہندوستان میں لوگ بیسیوں طرح کی مختلف زبانیں بولتے ہیں ایک ہی صوبے میں بعض اوقات [illegible]
ی مختلف زبانیں بولتے ہیں اور ایک زبان بولنے والا دوسرے کی زبان نہیں سمجھ سکتا اس لئے اس وقت [illegible]
یے ہمیں انگریزی زبان کو ذریعۂ تعلیم بنانا چاہیئے انگریزی ہندوستان کی LINGUA FRANCA [illegible]
ولنے والے بھی آپس میں ایک دوسرے سے بولنے اور گفتگو کرنے میں استعمال کر سکتے ہیں۔

اس سلسلہ میں ایک خاص دلیل یہ بھی ہے کہ اگر زبان کے اختلاف کی ان دقتوں کو دور کرنے کی کوشش [illegible]
اخراجات میں مختلف طرح اضافہ ہو جائے گا. مختلف زبانیں جاننے والے معلم رکھنے پڑیں گے کتابوں [illegible]
بڑھ جائیں گے. ٹائم ٹیبل کے بنانے میں دقت ہوگی مدرسوں میں مختلف درجوں کے پڑھنے کے لئے [illegible]
ہوگی اور ان سب دقتوں کو آسانی سے صرف اسی طرح دور کیا جا سکتا ہے کہ انگریزی کو ذریعۂ تعلیم [illegible]
سکتا [illegible] دلیل یہ ہے کہ ہمارا [illegible]
اس لئے [illegible] میں آئے دن نئی اصطلاحات کا [illegible]

[illegible] انگریزی اصطلاحیں ہونی چاہیئے۔ مگر ایسا نہ ہوا تو ان لوگوں کے لئے جو آگے چل کر اعلیٰ تعلیم [illegible] بڑی دقت کی بات ہو کہ وہ اپنے مدرسوں میں ان اصطلاحوں کے ترجمے پڑھیں اور [illegible] جا کر [illegible] سے انگریزی کی اصطلاحیں پڑھنی پڑیں۔

[illegible] تیسری دلیل کا لب لباب یہ ہو کہ انگریزی زبان کو موجودہ زمانہ میں بے حد اہمیت حاصل ہو۔ دنیا کے تمام [illegible] سیاسی، معاشی اور تجارتی کاروبار اسی زبان میں ہو رہے ہیں اور اگر کوئی شخص صرف انگریزی زبان سے ہی واقف [illegible] ہو تو دنیا کے ہر حصے میں بلا کسی دقت کے سفر کر سکتا ہو اس لئے بچوں کو بچپن سے ہر چیز اسی زبان میں پڑھانی چاہیئے

بظاہر یہ سب دلائل بے حد معقول معلوم ہوتے ہیں لیکن اگر غور سے دیکھا جائے تو ان کے پس پردہ کچھ ایسی [illegible] ہوئی ہیں جو نظرِ تحقیق کے مقابلہ کی تاب نہیں لا سکتیں۔ ہم ان دلائل کی تردید کی کوشش نہیں کریں گے بلکہ ہمارا [illegible] یہ بتانا ہو کہ بچوں کی تعلیم حقیقی طور پر صرف اسی طرح مفید ہو سکتی ہے کہ انہیں ہر چیز ان کی مادری زبان کے ذریعہ [illegible] اور اس سلسلہ میں یہ بتانے کی کوشش کریں گے کہ انگریزی کے حامی اپنے دلائل پیش کرتے وقت دقت نظر سے کام [illegible] انھوں نے ان دلائل کی بنیاد جن واقعات پر رکھی ہو وہ اُن کے غلط مشاہدے کا نتیجہ ہیں۔

[illegible] اس میں شبہ نہیں کہ ہندوستان میں بہت سی زبانیں ہیں اور بعض صوبے ایسے ہیں جن میں ایک سے زیادہ زبانیں [illegible] بولی جاتی ہیں۔ اس لئے اس بات کا احتمال ہو کہ اگر کسی مدرسے میں ذریعۂ تعلیم صرف ایک ملکی زبان ہوئی تو دوسری زبان بولنے [illegible] طلبا کو کسی طرح کی دقتیں ہوں گی لیکن عموماً ایسا نہیں، اس لئے کہ بڑے بڑے تمام شہروں میں تو ہر فرقے والوں کے اپنے اپنے مدرسے [illegible] ہیں اور اس لئے ان میں آسانی سے اس زبان کو طریقۂ تعلیم بنایا جا سکتا ہو جو اس خاص فرقے میں بولی جاتی ہو۔ چھوٹے شہروں [illegible] اس طرح کی دقت کا احتمال ہو جہاں مختلف فرقوں کے مختلف اسکول نہیں ہو سکتے لیکن یہ دقت بھی صرف دو ایک صوبوں [illegible] محسوس ہو سکتی ہو۔ خصوصاً ان صوبوں میں جہاں ہندی اور اردو بولنے والے لوگ برابر تعداد میں ہیں لیکن یہاں [illegible] پڑھانے کا تعلق ہو اس اعتراض کو آسانی کے ساتھ یہ کہہ کر رد کیا جا سکتا ہو کہ اردو کے معنی فارسی اور عربی الفاظ [illegible] اردو نہیں بلکہ اردو اس زبان کا نام ہو جو ہندوستان کے ایک بہت بڑے حصہ میں بولی اور سمجھی جاتی ہو اگر صرف [illegible] کا استعمال شروع کر دیں تو صرف ممالک متحدہ ہی میں کیا ہندوستان کے قریب قریب ہر صوبہ میں بالکل [illegible] اس کی مدد سے بچوں کو ہر مضمون پڑھایا جا سکتا ہو۔

[illegible] اصطلاحات کا تعلق ہو اس اعتراض کے جواب کے دو حصے کئے جا سکتے ہیں، پہلا جواب تو یہ ہے کہ اگر [illegible] ترجمے کر کے بچوں کو مدرسے میں پڑھایا گیا تو اس سے ان کی اعلیٰ تعلیم کی دقتوں میں کوئی اضافہ [illegible] میں وہ جتنی اصطلاحیں سیکھتے ہیں ان کی تعداد اس قدر کم ہو کہ آئندہ کی تعلیم پر ان کے سیکھنے نہ سیکھنے

جواب کا دوسرا جزو، جس کا تعلق خاص طور پر اردو سے ہو، یہ ہے کہ ہندوستان کی کوئی زبان [illegible] کو شیر و شکر کر لینے کی اتنی خاصیت ہو جتنی اردو میں۔ اردو نے ترکی، فارسی، عربی، پرتگالی، انگریزی اور دوسری [illegible] ہزاروں لفظ لئے اور انھیں اس طرح اپنا بنا لیا کہ کسی کو ان کے غیر ہونے کا شبہ تک نہیں ہو سکتا۔ [illegible] ہی ہیں کہ زیادہ اصطلاحوں کے ترجمے کئے جائیں جو انگریزی اصطلاحیں اب اتنی عام ہو گئی ہیں کہ ان کا مفہوم سمجھنے کے لئے ترجمہ کا محتاج ہونے کی ضرورت نہیں، انھیں اردو میں ہو بہو اختیار کیا جاسکتا ہے اور اس طرح جو تھوڑا بہت اعتراض [illegible] بھی نہیں رہتا۔

انگریزی کے حامیوں کی تیسری دلیل بے شک اہم ہے۔ انگریزی کو موجودہ تہذیب میں جو اہمیت حاصل ہو اس سے کسی کو انکار نہیں ہو سکتا۔ ہر بچے کے لئے ضروری ہے کہ وہ انگریزی کی تعلیم حاصل کرے۔ ہمارے مدرسوں کے بچے سات آٹھ برس تک انگریزی پڑھنے کے بعد بھی اس زبان میں اپنے خیالات کا اظہار روانی کے ساتھ نہیں کر سکتے۔ اس کی وجہ عموماً یہی سمجھی جاتی ہے کہ ذریعۂ تعلیم اردو ہے۔ حقیقت یہ نہیں بلکہ اور ہی کچھ ہے۔ بچے صرف انگریزی ہی میں نہیں بلکہ اپنی مادری زبان میں بھی آزادی اور روانی کے ساتھ اظہار خیال نہیں کر سکتے۔ انگریزی کی کمزوری کی وجہ تو یہ ہے کہ سوائے انگریزی پڑھانے والوں کے دوسرے مضمون پڑھانے والے استاد بچوں کی زبان کی طرف ذرا بھی توجہ نہیں دیتے اور دوسرے یہ کہ خود مادری زبان کی تعلیم کو کافی اہمیت نہیں دی جاتی۔ اگر بچوں کی مادری زبان کی تعلیم باقاعدہ طریقے سے ہو، انھیں آزادی کے ساتھ ہر موقع پر ہر مضمون میں اظہار خیال کا موقع دیا جائے تو رفتہ رفتہ ان کے خیالات میں بھی وسعت پیدا ہو اور زبان پر بھی قدرت حاصل ہوتی جائے۔ ایک چیز کی ترقی سے دوسری چیز خود بخود ترقی کرے۔ بچے فطری طور پر جس زبان میں اپنی زندگی کے بالکل ابتدائی زمانے سے مختلف طرح کے تجربات حاصل کرتے رہتے ہیں اگر انھیں اسی زبان میں برابر خیالات کے اظہار کا موقع دیا جائے تو سوچنے، سمجھنے، لکھنے اور پڑھنے میں انھیں رفتہ رفتہ قدرت حاصل ہوتی جائے۔ جب وہ اپنی زبان میں خیالات کے ادا کرنے پر قدرت حاصل کر لیں گے تو ان کے لئے دوسری زبان کا سیکھنا اور اس میں ترقی کرنا زیادہ آسان ہو جائے گا۔

اس لئے اردو کو صرف تاریخ، جغرافیہ اور ریاضی کے لئے ہی نہیں بلکہ انگریزی کے لئے بھی ذریعۂ تعلیم بنانا چاہیے۔ انگریزی قواعد اور اردو قواعد میں اتنی زیادہ یکسانیت ہے کہ اردو قواعد کی اچھی تعلیم کے بعد اس کی مدد سے انگریزی قواعد بھی آسانی سے سکھائی جاسکتی ہے۔ زبان کے اصول قریب قریب سب زبانوں کے لئے ایک سے ہیں۔ اگر کسی شخص کو ایک زبان پر قدرت حاصل ہو تو تھوڑی سی محنت کے بعد دوسری زبان میں قدرت حاصل کرنا بھی کچھ زیادہ دشوار نہیں [illegible] اب چونکہ ہر بچے کے لئے مادری زبان کا سیکھنا سب سے زیادہ آسان اور فطری ہے اس لئے کسی دوسری زبان سکھانے سے پہلے ضروری ہے کہ بچوں کو مادری زبان میں زیادہ ماہر بنا دیا جائے۔ کسی چیز میں ماہر [illegible] اس لئے بچوں کو مادری زبان میں زیادہ سے زیادہ مشق کا موقع ملنا چاہیے اور یہ چیز اسی [illegible]

... ہو جائے۔ تو مدا ور زبان کے بعد اگر ہم ادب کے نقطۂ نظر سے بھی دیکھیں تو ہمیں مادری زبان ... کا اندازہ ہو جائے۔ مختلف ادیبوں اور شاعروں کی نزاکتیں اور لطافتیں شعوری سے بہت فرق کے ساتھ ... اس لئے بچوں کو انگریزی ادب کی لطیف خصوصیات سے واقف کرنے کے لئے ضروری ہے کہ انہیں خود اپنے ادب کی لطافتوں سے اچھی طرح واقفیت ہو اور اس کے ضروری ہے کہ مادری زبان کو بچوں کی تعلیم میں زیادہ سے زیادہ اہمیت حاصل ہو۔ ان کے مدرسے کی تعلیم کا زیادہ حصہ اسی زبان میں ہو، وہ جو کچھ سیکھیں، پڑھیں لکھیں سب مادری زبان میں مختصر یہ کہ جس وقت تک بچوں کی تعلیم ان کی مادری زبان میں نہیں ہوگی ان کے لئے دوسرے مضامین یا کسی دوسری غیر ملکی زبان میں ترقی ممکن نہیں۔ ان نقلی دلائل کو چھوڑ کر بھی اگر ہم عملی طور پر دیکھیں تو ہمیں خود اس بات کا اندازہ ہو جائے گا کہ مادری زبان کو ذریعۂ تعلیم بنانا کتنا ضروری ہے دوسرے ملکوں کے بچے کیوں اس قدر آسانی کے ساتھ اپنے خیالات ادا کر سکتے ہیں محض اس لئے کہ انہیں اپنی مادری زبان میں آزادی سے بولنے کا موقع دیا جاتا ہے ان کے مدرسے کی فضا میں ہر طرف مادری زبان کے نغمے گونجتے ہیں، وہ تاریخ، جغرافیہ، ریاضی جو کچھ پڑھتے ہیں سب مادری زبان میں۔ اس لئے انہیں اس پر قدرت حاصل ہے۔ ہندوستانی بچے کس لئے اس حیثیت سے بالکل ناکارہ ہیں اس کا اندازہ اب ہر ماہر تعلیم کرتا ہے اور اس لئے ہر طرف سے مادری زبان کو ذریعۂ تعلیم بنانے کی حمایت میں پرزور رائیں دی جارہی ہیں سنہ ۱۹۲۹ء میں تعلیمی رپورٹ اور اس کے بعد ایبٹ وڈ کی رپورٹ میں برابر اس بات پر زور دیا گیا ہے کہ بچوں کی تعلیم میں مادری زبان کو بہت اہمیت حاصل ہونی چاہیئے اور انہیں ہر مضمون اسی کے ذریعہ سے پڑھانا چاہیئے۔

(بقیہ مضمون صفحہ ۸)

اور امید ہے کہ دس بیس سال یا شاید اس سے کم مدت میں ہماری اردو کتابوں کا ذخیرہ خاصا مکمل ہو جائے گا اور اردو کی کتابیں ڈھونڈنے والے شائقین کو ہر قسم کی کتابیں جامعہ کے کتب خانہ میں مل سکیں۔ یہ جامعہ کی امتیازی خصوصیت ہوگی اس کے علاوہ جامعہ پبلک کتب خانہ میں اجتماعی علوم اور دیگر تمام علوم فنون پر بھی کتابوں کا نہایت معقول ذخیرہ ہوگا۔

یہ نصب العین ہے جو کتب خانہ کے سامنے فی الحال رکھا گیا ہے کامیابی خدا کے ہاتھ میں ہے۔

کتب خانہ جامعہ کی سالانہ رپورٹ

اس سال کتب خانہ جامعہ سے دس ہزار نو سو سترہ آدمیوں نے فائدہ اٹھایا۔ چار ہزار سات سو ... کتابیں ممبروں کے نام جاری کی گئیں اور چھ ہزار چار سو پچیس کتابیں کتب خانہ میں بیٹھ کر پڑھی گئیں اور کتب خانہ کے ارکین کی تعداد ...

اس سال کتب خانہ میں کل ۱۳۲ اخبار و رسائل آتے رہے جن کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

غیر ملکی اخبار و رسائل:-

۷ سہ ماہی اور ۸ ماہوار رسالے اور تین ہفت روزہ اخبار

ہندوستان کے انگریزی اخبار و رسائل:-

چار ماہوار رسالے ۷ ہفتہ وار اخبار اور تین روزانہ اخبار

اردو کے اخبار و رسائل:-

۵ سہ ماہی اور ۴۴ ماہوار رسالے ۲۹ ہفتہ وار ۳ سہ روزہ اور ۹ روزانہ اخبار

ہندی کے اخبار و رسائل:-

تین ماہوار رسالے اور ایک ہفتہ وار اخبار

گجراتی اور فارسی کے:-

تین تین ہفتہ وار اخبار

اس سال ۲۶۸ کتابیں کتب خانہ میں داخل کی گئیں جن میں ۴۷ کتابیں تاریخ و سوانح کی ۱۳۳ ادب کی فنون لطیفہ کی ۱۰۷ فنون مفیدہ کی ۵۵ سائنس کی ۵۰ لسانیات کی ۱۱۷ اجتماعیات کی ۱۰۲ مذہب کی ۰ فلسفہ و اخلاقیات کی اور ۲۱۴ عام اور حوالہ کی کتابیں تھیں

اس سال ہم نے ۷۵۴ کتابوں کی جلدیں بنوائیں۔

کتب خانہ میں اخبارات و رسائل پڑھنے والے اصحاب کی سہولت کے لئے مندرجہ ذیل نئے انتظامات کئے گئے پہلے روزانہ اخبار برآمدے میں اسٹینڈ پر لگا دئے جاتے ہیں اور لوگ انہیں کھڑے ہو کر پڑھا کرتے تھے اس سال ... بینچیں بنوا دی گئی ہیں تاکہ آرام سے بیٹھ کر لوگ اخبار پڑھ سکیں اور برآمدے کی دھوپ اور بارش سے بچانے ... ڈلوا دی گئی ہیں۔ کتب خانہ کے دسرے کمرے کو صرف رسالوں کے پڑھنے والوں کے لئے ...

...ب خانہ میں ہی پڑھنا چاہتے ان کی سہولت کے لئے ایک علٰحدہ کمرہ کا انتظام کیا گیا ہے اور آٹھ ...ائے گئے ہیں تاکہ وہ سکون اور اطمینان کے ساتھ آنے اور جانے والے لوگوں کے ہنگامہ سے ...کتابوں کا مطالعہ کرسکیں۔

کتب خانہ کی کتابوں کا پتہ چلانے اور انھیں سہولت کے ساتھ نکلوانے کے لئے کارڈ انڈکس لسٹ کی تیاری کا کام جو گذشتہ سال شروع کیا تھا اب بڑی حد تک مکمل ہوگیا ہے اس کارڈ لسٹ کو شلف میں لگا دیا گیا ہے اور جہاں تک انگریزی کتابوں کا تعلق ہے کارڈ لسٹ سے ان کا پتہ لگایا جا سکتا ہے۔

پچھلے سال کی طرح اس سال بھی اول درجے کے غیر ملکی رسالوں کا فراہم کرنا ہمارے کتب خانہ کی امتیازی خصوصیت رہی۔ جس کی وجہ سے بین الاقوامی معاملات اور مسائل پر ہمارے یہاں بہت معلومات کا ایک نہایت اچھا مواد موجود رہا اس سال بھی ہم نے حسب دستور ان رسالوں کی جلدیں بنواکر انھیں اپنے ذخیرۂ کتب میں شامل کرلیا۔ اردو کے رسائل اور اخبار بھی ہمارے یہاں جس کثرت سے موجود رہے ایسے غالباً دہلی کے کسی دوسرے کتب خانہ میں نہیں ہوں گے۔

پچھلے سال کی رپورٹ میں بیان کیا گیا تھا کہ کتب خانہ میں جس قدر تیزی سے کتابوں کا اضافہ ہو رہا ہے اس کے لئے موجودہ گنجائش کافی نہیں ہے چنانچہ اس سال گنجائش بڑھانے کے لئے ایک اور کمرہ حاصل کیا گیا ہے آٹھ نئی الماریاں بھی بنوائی گئی ہیں۔ ان الماریوں کے بن جانے سے گنجائش کی کمی کی شکایت ایک حد تک رفع ہوگئی ہے۔

گذشتہ سال کی رپورٹ میں اس خیال کا اظہار کیا گیا تھا کہ ہمارے لئے اپنے موجودہ مالی وسائل کو نظر کے سامنے رکھتے ہوئے اس بات کا حوصلہ کرنا تو ممکن نہیں ہے کہ ہم اپنے کتب خانہ کو جدید علوم و فنون کا ایک اول درجہ کا کتب خانہ بنا سکیں گے البتہ ہم یہ کرسکتے ہیں کہ ضروری کتابیں ہر علم و فن کی فراہم کرنے کی کوشش کریں خصوصیت کے ساتھ توجہ اجتماعی علوم کی کتابوں کی فراہمی کی طرف کریں اور اس کے ساتھ ساتھ اپنے کتب خانہ میں ایک امتیازی وصف پیدا کرنے کے لئے اردو کی کتابوں کے ذخیرہ کو جہاں تک ہوسکے مکمل کریں چنانچہ اس سال اسی خیال کو عملی جامہ پہنانے کی کوشش کی گئی۔ پچھلے سالوں کی طرح اس سال بھی کئی کتب حوالہ حاصل کی گئیں اور دوسرے علوم و فنون کی کتابوں کا بھی اضافہ کیا گیا۔ جن میں اجتماعی علوم کی کتابوں کا حصہ خاصا وسیع رہا اردو کے ذخیرہ کو مکمل کرنے کے لئے وقار عظیم صاحب ایم اے بی ٹی سے درخواست کی گئی ہے کہ وہ کتب خانہ کے رجسٹروں کو دیکھ کر کتب خانہ میں اردو کتابوں کا جو ذخیرہ موجود ہے اس کا جائزہ لیں اور ان کا مقابلہ اردو کتابوں کی جدید ترین فہرستوں سے کرکے یہ معلوم کریں کہ کتب خانہ میں کون کون سی کتابوں کی کمی ہے صاحب موصوف نے اس درخواست کو منظور کرلیا ہے اور ڈاکٹر سید عابد حسین صاحب نے بھی اس سلسلہ میں ان کی امداد کرنے کا وعدہ فرمالیا ہے ... کی رپورٹ تیار ہو جانے کے بعد کتب خانہ کے کارکن آہستہ آہستہ ان کتابوں کو اپنے وسائل کو دیکھ کر فراہم کرتے رہیں گے

تحریک حلقہ ہمدردانِ جامعہ

جدید اضافہ

ذیل میں اپنے ان کرم فرماؤں کے اسمائے گرامی درج کرتے ہیں جو ماہ نومبر میں حلقہ ہمدردان میں شریک ہوئے

نمبر شمار	ہمدرد نمبر	اسم گرامی صاحب	نمبر شمار	ہمدرد نمبر	اسم گرامی جناب	نمبر شمار	ہمدرد نمبر	اسم گرامی جناب
۱	۲۰۶	سید عرفان علی صاحب فیروزآباد	۶	۲۱۱	بشیر الدین احمد صاحب گلبرگہ	۱۱	۲۱۶	حاجی محمد اکرم صاحب
۲	۲۰۷	محمد ابوسعید صاحب "	۷	۲۱۲	میر تمنا راللہ صاحب "	۱۲	۲۱۷	حافظ محمد سلیم صاحب
۳	۲۰۸	مشتاق علی خاں صاحب "	۸	۲۱۳	حافظ عبدالحکیم صاحب سارن	۱۳	۲۱۸	شوکت بیگم صاحبہ
۴	۲۰۹	شہاب الدین خاں صاحب "	۹	۲۱۴	صفات احمد صاحب "	۱۴	۲۱۹	محمد حمید الدین صاحب "
۵	۲۱۰	عبدالرحمٰن بیگ صاحب "	۱۰	۲۱۵	محمد زین العابدین صاحب "			

مستقل امداد و عطیات

ذیل کی رقوم جو ماہ نومبر میں ہمیں اپنے مہتمم اور سفرا کی معرفت وصول ہوئیں درج کی جاتی ہیں اندراجات میں صحت کا خیال رکھا گیا ہے اگر کوئی غلطی رہ گئی ہو تو اطلاع بخشئے دفتر ممنون ہوگا۔

اس سلسلہ میں یہ بات ملحوظ خاطر رہنی چاہیئے کہ مہینہ کے آخری دنوں کی وصول یابی بعض اوقات کی وجہ سے دوسرے مہینے میں محسوب ہوتی ہے۔ اس لئے اگر بعض حضرات کے نام اس فہرست میں نہ ہوں تو اگلی اشاعت کا انتظار کرنا چاہیئے۔

(مرتب)

نومبر ۱۹۲۹ء

دہلی

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
۱	۹۷	سید شاہد علی صاحب دہلی	صہ/	۲۱	۱۲۲ دہلی	محمد ابراہیم صاحب دہلی	۲/	۴۱	۱۵۵ دہلی	نسیر مرزا صاحب دہلی	عہ/
۲	۹۸	قاضی مظفر الدین صاحب "	۸/	۲۲	۱۳۴ "	ثناء الحق صاحب "	۸/	۴۲	۱۵۶ "	آغا عبدالحمید صاحب "	عہ/
۳	۹۳	سید ابوالحیات صاحب نئی دہلی	۶/	۲۳	۱۳۵ "	تعلیم الحق صاحب "	للعہ/	۴۳	۱۵۷ "	حاجی محمد ادریس محمد ابراہیم صاحبان	صہ/
۴	۹۴	عبدالمجید خانصاحب "	ے/	۲۴	۱۳۶ "	محمد صدیق محمد عمر صاحبان	عہ/	۴۴	۱۵۸ "	رحیم بخش صاحب "	صہ/
۵	۱۰۸	محمد ذاکر صاحب دہلی	صہ	۲۵	۱۳۰ "	حافظ احسان احمد صاحب	ے/	۴۵	۱۵۹ "	حاجی محمد شفیع صاحب "	عہ/
۶	۱۱۸ دہلی	حکیم عبدالمجید خان صاحب "	صہ/	۲۶	۳۹ "	عبدالرحیم صاحب "	۸/	۴۶	۱۲ "	مسٹر ڈاکٹر الہدیٰ محمود صاحب "	۶/
۷	۱۱۹ "	میر عزیز الدین صاحب "	عہ	۲۷	۱۳۹ "	محبوب الٰہی محمد امین صاحبان	صہ/	۴۷	۱۶۱ "	عبدالخالق صاحب "	۶/
۸	۱۲۰ "	محمد اقبال حسین صاحب "	عہ/	۲۸	[illegible]	محمد تقی محمد حمد صاحبان "	ے/	۴۸	۱۶۲ "	الٰہی مولا بخش صاحب "	عہ/
۹	۱۲۱ "	سید عبداللطیف شاہ صاحب "	۸/	۲۹	۱۴۱ "	حاجی محمد خان صاحب "	عہ/	۴۹	۱۶۳ "	محمد احسن صاحب "	۸/
۱۰	۱۲۲ "	حاجی عطاء اللہ خانصاحب "	۶	۳۰	۱۴۲ "	شیخ برکت اللہ صاحب "	عہ/	۵	۱۶۵ "	رفیق احمد صاحب "	عہ/
۱۱	۱۲۳ "	حفیظ احمد صاحب "	۴/	۳۱	۱۴۳ "	خواجہ نصیر الدین صاحب	عہ/	۵۱	۱۶۶ "	ڈاکٹر حسین بخش صاحب "	۴/
۱۲	۱۲۴ "	رحمت اللہ خانصاحب "	۴/	۳۲	۱۴۴ "	حافظ ولی محمد صاحب "	ے/	۵۲	۱۶۷ "	آصف علی صاحب "	عہ/
۱۳	۱۲۵ "	سید شمس الدین صاحب "	للعہ/	۳۳	۱۴۵ "	آفتاب الدین صاحب	عہ/	۵۳	۱۶۸ "	سید محمد شفیع صاحب "	۲/
۱۴	۱۲۶ "	سید حفیظ الدین صاحب "	للعہ/	۳۴	۱۴۶ "	محمد عثمان صاحب "	صہ/	۵۴	۱۶۹ "	سید سلیم الدین صاحب "	۴/
۱۵	۱۲۷ "	غلام نبی صاحب "	عہ/	۳۵	۱۴۷ "	احمد اسلام خانصاحب	عہ/	۵۵	۱۷ "	سعید الرحمن صاحب "	۴/
۱۶	[illegible]	سید غلام حسین صاحب "	۶/	۳۶	۴۹	محمد اسمٰعیل صاحب "	۴/	۵۶	۱۷۱ "	حکیم شریف الدین صاحب "	۴/
[illegible]	۱۲۹ "	زاہد حسین صاحب "	صہ/	۳۷	۱۵ "	میاں غلام علی صاحب "	۴/	۵۷	۱۷۲ "	محمد زبیر صاحب "	[illegible]
[illegible]	۱۳۰ "	مولانا عبدالرحمن صاحب "	۸/	۳۸	۱۵۱ "	ملک آفتاب احمد صاحب "	۴/	۵۸	۱۷۳ "	میر محمد حسین صاحب "	عہ/
[illegible]	۱۳۱ "	محمد علی صاحب "	۸/	۳۹	۱۵۳ "	محمد حسین صاحب دہلی "	[illegible]	۵۹	۱۷۴ "	خواجہ علاء الدین صاحب "	۶/
[illegible]	[illegible]	آغا محمد امین صاحب "	عہ/	۴۰	۱۵۴ "	قمر الدین احمد صاحب "	عہ/	۶۰	۱۷۵ "	ایچ فضل الرحمن صاحب "	صہ/

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
۶۱	۱۷۶ ڈاک	ناظر حسین صاحب دہلی	عہ/	۸۵	۹۰۶ ڈاک	سراج الدین صاحب دہلی	۴/	۱۰۹	۹۳۰ ڈاک	[illegible] صاحب	[illegible]
۶۲	۱۷۷	زرین خاں صاحب "	لعہ/	۸۶	۹۰۷	محمود علی صاحب علوی "	لعہ/	۱۱۰	۹۳۱	[illegible]	[illegible]
۶۳	۱۷۸	حافظ شہاب الدین صاحب "	۲/	۸۷	۹۰۸	عبداللطیف صاحب "	عہ/	۱۱۱	۹۳۲	[illegible]	[illegible]
۶۴	۱۷۹	ایم ذکاء اللہ صاحب "	صہ/	۸۸	۹۰۹	محمد سعید صاحب "	۸/	۱۱۲	۹۳۳	قاضی احمد زاہد بیگ [illegible]	[illegible]
۶۵	۱۸۰	انوار الحق صاحب بی ایس ایم عرفان صاحب "	عہ/	۸۹	۹۱۰	حاجی عبدالحمید صاحب "	۴/	۱۱۳	۹۳۴	حاجی شبیر احمد صاحب "	[illegible]
۶۶	۱۸۱	محمد شفیع صاحب "	۸/	۹۰	۹۱۱	حاجی منورالدین صاحب "	صہ/	۱۱۴	۹۳۵	حافظ سراج احمد صاحب	[illegible]
۶۷	۱۸۲	محمد شفیع محمد جلیل صاحبان "	عہ/	۹۱	۹۱۲	مرغوب احمد صاحب توفیق "	لعہ/	۱۱۵	۹۳۶	محمد ادریس صاحب [illegible]	[illegible]
۶۸	۱۸۳	حافظ عبدالجلیل صاحب "	۲/	۹۲	۹۱۳	سید جیاد علی صاحب "	عہ/	۱۱۶	۹۳۷	اسلام الدین شجاع الدین صاحبان	[illegible]
۶۹	۱۸۴	خواجہ سید عالم صاحب "	لعہ	۹۳	۹۱۴	عبدالخالق صاحب "	عصہ/	۱۱۷	۹۳۸	مرزا محمد سلیمان صاحب "	عہ/
۷۰	۱۸۵	حافظ عبدالحق سراج الحق صاحبان "	للعہ	۹۴	۹۱۵	ارشاد حسین صاحب عائی "	۴/	۱۱۸	۹۳۹	محمد محفوظ الٰہی صاحب "	۲/
۷۱	۱۸۶	ایس اے خالق صاحب "	عہ/	۹۵	۹۱۶	عبدالحکیم خاں صاحب "	عہ/	۱۱۹	۹۴۰	حاجی رشید احمد صاحب "	[illegible]
۷۲	۱۸۷	ایچ ایس محمد صدیق صاحب "	عہ/	۹۶	۹۱۷	حاجی عبدالغنی صاحب "	لعہ/	۱۲۰	۹۴۱	حاجی اخلاق احمد صاحب "	[illegible]
۷۳	۱۸۸	حاجی شیخ محمد عبدالرزاق صاحب "	عہ/	۹۷	۹۱۸	محمد یحییٰ صاحب "	۴/	۱۲۱	۹۴۲	محمد احمد صاحب "	[illegible]
۷۴	۱۸۹	عبوض خاں صاحب	صہ/	۹۸	۹۱۹	ربیع اللہ خاں صاحب "	۸/	۱۲۲	۲۸۹	غالب علی شاہ صاحب نئی دہلی	[illegible]
۷۵	۱۹۰	دریا خاں صاحب "	عصہ/	۹۹	۹۲۰	حاجی کالے خاں صاحب "	۸/	۱۲۳	۲۹۰	محمد مختار صاحب "	[illegible]
۷۶	۱۹۱	ذاکر اسحاق احمد صاحب "	عہ/	۱۰۰	۹۲۱	شیخ جمیل الرحمن صاحب "	صہ/	۱۲۴	۲۹۱	مفتی محمد عبداللطیف صاحب "	[illegible]
۷۷	۱۹۲	حافظ عبدالحکیم حبیب الرحمن صاحبان "	۴/	۱۰۱	۹۲۲	عبدالحق صاحب "	صہ/	۱۲۵	۲۹۲	محمد اسلام صاحب "	[illegible]
۷۸	۱۹۳	حاجی نورالدین صاحب "	۸/	۱۰۲	۹۲۳	حافظ محمد محفوظ الٰہی صاحب "	۴/	۱۲۶	۲۹۳	غلام احمد صاحب [illegible]	[illegible]
۷۹	۱۹۴	علاؤالدین صاحب	۸/	۱۰۳	۹۲۴	ایس مولا بخش صاحب "	عہ/	۱۲۷	۲۹۴	خواجہ محمد یوسف شاہ صاحب	[illegible]
۸۰	۱۹۵	مرزا الیاس بیگ صاحب "	۴/	۱۰۴	۹۲۵	ایم انعام الحق صاحب "	۴/	۱۲۸	۲۹۵	شیخ عبداللہ خان صاحب	[illegible]
۸۱	۱۹۶	محمد یوسف صاحب "	عہ/	۱۰۵	۹۲۶	ممتاز الدین صاحب "	عہ/	۱۲۹	۲۹۶	[illegible]	[illegible]
۸۲	۱۹۷	محمد عبداللہ صاحب "	صہ/	۱۰۶	۹۲۷	محمد عارف صاحب "	عہ/	۱۳۰	۲۹۷	مولوی عبدالرب صاحب	[illegible]
۸۳	۱۹۸	میاں محمد رفیق صاحب	صہ/	۱۰۷	۹۲۸	شمس العارفین صاحب "	عہ/	۱۳۱	۲۹۸	حافظ عبدالحکیم [illegible]	[illegible]
۸۴	۱۹۹	حاجی عبدالرحمن صاحب "	عہ/	۱۰۸	۹۲۹	شیخ مسعود احمد صاحب "	۴/	۱۳۲	۲۹۹	[illegible]	[illegible]

۱ / / ۱۱۱۲

نمبر شمار	رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
[illegible]	[illegible]	[illegible] نئی دہلی	عمر	۱۵۷	۱۰۹۱	خواجہ محمد صاحب ... نئی دہلی	۸ر	۱۹	۷۲۱	حاجی محمد اکرام صاحب فاروقی	؎
[illegible]	[illegible]	[illegible] "	۱۲ر	۱۵۸	۱۰۹۲	خواجہ محمد یوسف شاہ صاحب "	۸ر	۲۰	۷۲۲	حافظ عبدالحکیم صاحب "	سے
[illegible]	[illegible]	[illegible] "	عمر	۱۵۹	۱۰۹۳	شیخ عبداللہ جان صاحب "	۸ر	۲۱	۷۲۴	شیخ محمد شفیع صاحب "	؎
[illegible]	[illegible]	[illegible] مرحوم "	عمر			میزان کل امانت ۱۹۱؎	عہ	۲۲	۷۲۵	شیو پرساد گپت صاحب "	؎
[illegible]	[illegible]	[illegible] صاحب "	۸ر					۲۳	۷۲۶	حاجی شمس الحق صاحب "	سے
[illegible]	[illegible]	[illegible] بخش صاحب "	عمر			یو پی		۲۴	۷۲۷	مجتبیٰ اشرف صاحب "	؎
[illegible]	[illegible]	[illegible] الحق صاحب "	۸ر	۱	۷۵	بیگم مصلح الاسلام صاحب کانپور	عہ	۲۵	۷۲۸	صفات احمد صاحب "	عمر
[illegible]	[illegible]	عبدالرحمٰن صاحب "	۴ر	۲	۲۹	محمد وسیم صاحب لکھنؤ	ھ	۲۶	۷۲۹	حاجی عبدالرحمٰن صاحب "	؎
۱۴۱	۱۰۵۸	معصوم علی صاحب "	۴ر	۳	۱۰۱ دہلی	مرزا احسان احمد صاحب اعظم گڑھ	للعہ	۲۷	۷۳	حاجی عبدالغفار صاحب "	عہ
۱۴۲	۱۰۵۹	میاں محمد صاحب "	عہ	۴	۷۰۲	بشیر احمد صاحب "	عمر	۲۸	۷۳۱	مولانا عبدالمجید صاحب "	ھ
۱۴۳	۱۰۷۷	محمد اسمٰعیل صاحب "	؎	۵	۷۰۳	سید سلیمان صاحب ندوی "	للعہ	۲۹	۷۳۲	زین العابدین صاحب "	سے
۱۴۴	۱۰۷۸	تاج الدین صاحب "	عمر	۶	۷۰۴	مولانا عبدالسلام صاحب "	للعہ	۳۰	۷۳۳	حاجی [illegible] صاحب "	؎
۱۴۵	۱۰۷۹	ملک غلام حیدر صاحب "	عمر	۷	۷۰۶	میاں احمد صاحب	عہ	۳۱	۸۵۱	حبیب اللہ خاں صاحب علیگڑھ	عہ
۱۴۶	۱۰۸۰	محمد غیور صاحب "	عمر	۸	۷۰۷	مرزا مرتضیٰ بیگ صاحب "	۷ر	۳۲	۸۵۲	آل احمد صاحب سرور "	؎
۱۴۷	۱۰۸۱	منشی کریم بخش صاحب "	عمر	۹	۷۰۸	سید محمد فرید صاحب "	سے	۳۳	۸۵۳	بیگم ڈاکٹر محمد اسحٰق صاحب "	ھ
۱۴۸	۱۰۸۲	صوفی غلام قادر صاحب "	عمر	۱۰	۷۰۹	شیخ محمد عارف صاحب "	؎	۳۴	۸۵۴	ڈاکٹر بابر مرزا صاحب "	؎
۱۴۹	۱۰۸۳	سید منیر الحسن صاحب برنی "	عمر	۱۱	۷۱۲	محمد طہور صاحب "	سے	۳۵	۸۵۵	چودھری محمد ربیع صاحب "	عمر
۱۵۰	۱۰۸۴	آغا علی مصطفےٰ صاحب "	۸ر	۱۲	۷۱۳	محمد صادق حسین صاحب "	؎	۳۶	۸۵۶	حکیم محمد ظہیر الدین صاحب "	عمر
۱۵۱	۱۰۸۵	سید محمد ذاکر صاحب "	۸ر	۱۳	۷۱۴	صدرالدین صاحب بھول پور	عہ	۳۷	۸۵۷	پروفیسر محمد حبیب صاحب "	عہ
۱۵۲	۱۰۸۶	منشی حبیب الرحمٰن صاحب "	۸ر	۱۴	۷۱۶	محمد علی خاں صاحب "	عہ	۳۸	۸۵۸	اطہر قدوائی صاحب "	عمر
۱۵۳	۱۰۸۷	غالب علی شاہ صاحب "	؎	۱۵	۷۱۷	محمد احمد صاحب "	؎	۳۹	۸۵۹	اظہر حسین صاحب "	عمر
۱۵۴	۱۰۸۸	محمد مختار صاحب "	عمر	۱۶	۷۱۸	مولانا مسعود علی صاحب "	عمر	۴۰	[illegible]	بشیر احمد خاں صاحب "	عمر
۱۵۵	۱۰۸۹	منشی عبداللطیف صاحب "	۸ر	۱۷	۷۱۹	مسعود اویس صاحب "	عمر	۴۱	۸۶۱	رشید احمد صاحب صدیقی "	؎
۱۵۶	۱۰۹۰	محمد اسلام صاحب "	۸ر	۱۸	۷۲۰	شیخ عبدالغنی صاحب بانگرمؤ	عمر	۴۲	۸۶۲	میاں محمد شریف صاحب "	؎

نمبر شمار	رسید نمبر	اسم گرامی جناب	تعداد چندہ	نمبر شمار	رسید نمبر	اسم گرامی جناب	تعداد چندہ	نمبر شمار	رسید نمبر	اسم گرامی جناب	تعداد چندہ
۴۳	۸۹۳	حکیم عبداللہ صاحب نصر علی گڑھ	عہ			بنگال		۲۳	۲۰۰	[illegible]	[illegible]
۴۴	۸۹۴	حکیم عبداللطیف صاحب	عہ					۲۴	۲۰۰	عبداللہ صاحب	عہ
۴۵	۸۹۵	مولوی اکرام اللہ خاں صاحب	عہ	۱	۱۳	مسز رحیون بخش محمد جان کلکتہ	۳/	۲۵	۲۰۱	مصلح الدین محمد صاحب	عہ
۴۶	۹۰۱	سید عرفان علی صاحب بیرونتا	صر	۲	۶۷۵۲	حافظ عبدالعلیم صاحب	صہ	۲۶	۲۰۲	عقیل حسین صاحب سابکی	عہ
۴۷	۹۰۲	مشتاق علی خاں صاحب	صر	۳	۶۷۵۳	عبدالکریم صاحب	۶/	۲۷	۲۰۳	عبدالستار خاں صاحب	عہ
۴۸	۹۰۳	حاجی سعد اللہ شہاب الدین صاحبان	عہ	۴	۶۷۵۴	محمد عثمان اجمیری صاحب	۴/	۲۸	۲۰۴	مولوی ولی اللہ صاحب	عہ
۴۹	۹۰۴	شہاب الدین خاں صاحب	۷/	۵	۶۷۵۵	علی محمد عثمان اجمیری صاحب	۸/	۲۹	۲۰۵	وصی احمد صاحب	۷/
۵۰	۹۰۵	مرزا عبدالرحمن بیگ صاحب	صر	۶	۶۷۵۶	محمد عمر عثمان اجمیری صاحب	۸/	۳۰	۲۰۶	محمد عیسیٰ صاحب	عہ
۵۱	۹۰۶	حاجی ابو سعید صاحب	۶/	۷	۶۷۵۷	اے ایم میرادی صاحب	۸/	۳۱	۲۰۸	ڈاکٹر کریم اللہ صاحب کلکتہ	عہ
۵۲	۹۵۱	میاں معین الدین صاحب آگو	عہ	۸	۶۷۵۸	عبدالوہاب صاحب	۴/	۳۲	۲۰۹	محمد سلیم عبدالوہاب صاحب	۸/
۵۳	۹۵۲	حافظ انوار الحق صاحب	عہ	۹	۶۷۵۹	قاسم داد صاحب	۴/	۳۳	۲۱۰	حاجی محمد سعید صاحب کلکتہ	عہ
۵۴	۹۵۵	حاجی ارشاد علی صاحب	عہ	۱۰	۶۷۶۰	ایم ایوب ولی محمد صاحب	۸/	۳۴	۲۱۱	قیاس الدین اینڈ کو	۴/
۵۵	۹۵۶	بدر ستو اسٹور	صر	۱۱	۶۷۶۱	ایف اے خاں صاحب	۸/	۳۵	۲۱۲	اللہ بخش دوست محمد صاحبان	۸/
۵۶	۹۵۷	احسان الٰہی صاحب	۶/	۱۲	۶۷۶۲	مس آر ایس خاں صاحب	۴/	۳۶	۲۱۳	حاجی شمس الحق ممتاز الدین صاحبان	عہ
۵۷	۹۵۸	سیٹھ صدیق بھائی صاحب	۶/	۱۳	۶۷۶۳	مس کے کے خاں صاحب	۴/	۳۷	۲۱۴	عبدالغنی زین العابدین صاحبان	صر
۵۸	۹۵۹	خان بہادر اختر عادل صاحب	عہ	۱۴	۶۷۶۴	محمد ابراہیم سراج الدین صاحبان	عہ	۳۸	۲۱۵	بیگم نور الرحمن صاحب	عہ
۵۹	۹۶۰	سکا مرینڈ شو کمپنی	صر	۱۵	۶۷۶۵	شیخ محمد ربیع صاحب	۷/	۳۹	۲۱۶	قاضی محمد بشیر صاحب	عہ
۶۰	۹۶۱	مولوی عبدالغنی صاحب	للعہ	۱۶	۶۷۶۶	شیخ محمد تقی صاحب	۴/	۴۰	۲۱۷	محمد لیاقت اللہ خاں صاحب	عہ
۶۱	۹۶۲	برکت بوٹ ہاؤس	۷/	۱۷	۶۷۶۷	شبر علی اصغر علی صاحبان	۸/	۴۱	۲۱۸	شیخ محمد صدیق صاحب	عہ
۶۲	۹۶۳	مولوی عظمت اللہ صاحب	عہ	۱۸	۶۷۶۸	عبدالعزیز صاحب انصاری	صر	۴۲	۲۱۹	شیخ نور الٰہی صاحب	[illegible]
۶۳	۹۶۴	مولوی سعید احمد صاحب	۷/	۱۹	۶۷۶۹	نصیر الدین صاحب	۲/	۴۳	۲۲۰	اسرار حسین صاحب	عہ
۶۴	۹۶۵	مولوی مہدی حسن صاحب	۷/	۲۰	۶۷۷۰	سید آغا آفندی صاحب	عہ	۴۴	۲۲۱	حاجی محمد شفیع صاحب	[illegible]
		۲۵۰ میزان کل [illegible]		۲۱	۶۷۷۱	سید کشور حسین صاحب زیدی	۸/	۴۵	۲۲۲	خواجہ محمد شریف صاحب	[illegible]
				۲۲	۶۷۷۲	ابوبکر محمد صاحب	۴/	۴۶	۲۲۳	محمد قاسم [illegible]	[illegible]

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
[illegible]	[illegible]	...ابراہیم یاسین صاحب کٹک	صہ			میزان کل		۲۲	۲۶۱	عبدالکریم صاحب بمبئی	۴ر
۴۸	۲۲۵	سیٹھ عبدالرحیم عثمان صاحب	صہ			**بمبئی**		۲۳	۲۶۲	ابوبکر صاحب جھوٹانی	عہ
۴۹	۲۲۶	بشیر احمد دانش صاحب	طعہ					۲۴	۲۶۳	نادعلی ولد عاشق علی صاحب	۸ر
۵۰	۲۲۷	میاں محمد یوسف صاحب سیگل	[illegible]	۱	۲۳۹	معین الدین حارث صاحب بمبئی	عہ	۲۵	۲۶۴	خواجہ غلام جیلانی صاحب	۴ر
۵۱	۲۲۹	حاجی محمد رفیق صاحب	صہ	۲	۲۴۰	بیگم " "	عہ	۲۶	۲۶۵	ابراہیم عبادی صاحب	۴ر
۵۲	۲۳۰	داصل علی صاحب	عہ	۳	۲۴۱	عثمان حسین خان صاحب	عہ	۲۷	۲۶۶	قمر میرٹھی صاحب	۴ر
۵۳	۲۳۱	حاجی عبدالکریم صاحب	صہ	۴	۲۴۲	ایم اے اسلم صاحب	عہ	۲۸	۲۶۷	چودھری صاحب معرفت وائر برادرز	عہ
۵۴	۲۳۲	محمود قاسم صاحب	عہ	۵	۲۴۳	محمد ابراہیم علی صاحب	عا	۲۹	۲۶۸	حسن میاں ... سلطان صاحب	عہ
۵۵	۲۳۳	اے بی صادق برادرس صاحب	[illegible]	۶	۲۴۴	عبدالحمید مطوی صاحب	عہ	۳۰	۲۶۹	احمد حبیب صاحب	[illegible]
۵۶	۲۳۴	حاجی مقبول احمد صاحب	ے	۷	۲۴۵	عبدالحمید اسمٰعیل صاحب	عہ	۳۱	۲۷۰	شیخ احمد صاحب	۴ر
۵۷	۲۳۵	حاجی فقیر محمد حاجی دریر محمد صاحب	[illegible]	۸	۲۴۶	جے ایل پارس صاحب	۲ر	۳۲	۲۷۳	حافظ محمد زکریا صاحب	۴ر
۵۸	۲۳۶	کے آئی شریف صاحب	۶ر	۹	۲۴۷	سید حسین صاحب	۴ر	۳۳	۲۷۴	کریم داد خان صاحب	۸ر
۵۹	۲۳۷	سیف الدین صاحب کاتیری	عہ	۱۰	۲۴۸	حبیب رحیم یار ریا صاحب	عہ	۳۴	۲۷۵	امیر حسن صاحب	۴
۶۰	۲۳۸	حاجی اللہ بخش عبد یوسف صاحب	صہ	۱۱	۲۴۹	میر اصغر علی صاحب	عہ	۳۵	۲۷۶	فضل شرف الدین صاحب	۴ر
۶۱	۲۴۰	عبدالاحد عثمانی صاحب	عہ	۱۲	۲۵۱	سید فضل شاہ صاحب	۶ر	۳۶	۲۷۷	قاضی عبدالرحمٰن صاحب	۴
۶۲	۲۴۲	محمد صالحین صاحب	عا	۱۳	۲۵۲	محمد امین خان بشیر صاحب	عہ	۳۷	۲۷۸	خلیل الرحمٰن صاحب	[illegible]
۶۳	۲۴۳	محمد احمد صاحب	عہ	۱۴	۲۵۳	حکیم عبدالرحمٰن صاحب	۲ر			میزان کل	[illegible]
۶۴	۲۴۴	شیخ محمد فاروق صاحب	عہ	۱۵	۲۵۴	رحیم اللہ صاحب	۸ر			**برما**	
۶۵	۲۴۵	محمد نقی صاحب	۸ر	۱۶	۲۵۵	شیخ احمد صاحب سگے	۸ر				
۶۶	۲۴۶	ایس خلیل الرحمٰن برادرس صاحبان	عہ	۱۷	۲۵۶	سید حاجی عبداللہ صاحب	۴ر	۱	۵	ڈاکٹر برکت علی صاحب میاں	[illegible]
۶۷	۲۴۷	بیگم سعیدہ خاتون صاحبہ	عہ	۱۸	۲۵۰	قاضی ایوب صاحب	۴ر			میزان کل	[illegible]
۶۸	[illegible]	... سرور صاحب کلکتہ	ے	۱۹	۲۵۸	ڈاکٹر محمد اسحٰق صاحب	عا			**سندھ**	
[illegible]	۲۵۰	... صاحب	۸ر	۲۰	۲۵۹	ڈی زوراج صاحب	عہ				
[illegible]	[illegible]	... اسمٰعیل ... صاحبان	عہ	۲۱	۲۶۱	مسز ڈاکٹر کے اے حمید صاحب	عا	۱	۱۳۲	میر غلام علی صاحب لیور حیدرآباد سندھ	عہ

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	قیمت موصول	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	قیمت موصول	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	قیمت موصول
۲	۱۳۲	فیروز الدین صاحب حیدرآباد	صہ/	۲	۱۰۰۶	شمس الحسن صاحب زبیری اورنگ آباد	۴/	۱۲	۱۰۷۰	... صاحب ...	۳/
		میزان کل عہ/		۳	۱۰۹۱	نصیر حسن صاحب 〃	۴/	۱۳	۱۰۷۱	وی ناتھ راؤ صاحب 〃	۳/
دیگر				۴	۱۰۶۲	صادق علی صاحب عباسی 〃	۴/	۱۴	۱۰۷۲	بھگوان راؤ صاحب 〃	۳/
				۵	۱۰۶۳	سید محمود سروری صاحب 〃	۴/	۱۵	۱۰۷۳	وشوناتھ راؤ صاحب ... 〃	۳/
۱	۹۳	عالیجناب نیر الملک قاضی علی حیدر صاحب		۶	۱۰۶۴	محمد ساجد صاحب 〃	۴/	۱۶	۱۰۷۴	رام لال صاحب 〃	۳/
		عباسی بھوپال	عہ/	۷	۱۰۶۵	علیم اللہ صاحب 〃	۴/	۱۷	۱۰۷۵	سدھو لنگپا صاحب 〃	۳/
		میزان کل عہ/		۸	۱۰۶۶	حیات اللہ صاحب 〃	۴/	۱۸	۱۰۷۶	چندر سیکھر صاحب 〃	۴/
حیدرآباد دکن				۹	۱۰۶۷	نصیر الدین صاحب 〃	۴/				
				۱۰	۱۰۶۸	امین خاں صاحب 〃	۴/			میزان کل عہ/	
۱	۱۱۳	اے کے مشتاق صاحب سکندرآباد	عہ/	۱۱	۱۰۶۹	سید محی الدین صاحب 〃	۳/				

عطیات

سرشمار	حوالہ رسید	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	سرشمار	حوالہ رسید	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	سرشمار	حوالہ رسید	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
۱	۶۴	محمد اصطفا صاحب لکھنؤ	ھ	۹	۷۷	حاجی عبد السبحان خاں صاحب سیہور	عہ/	۱۷	۹۰	رضا حسین صاحب اجمیر	صہ/
۲	۶۶	محمد سعد اللہ صاحب لکھنؤ	عہ/	۱۰	۷۸	محمد ابراہیم عارف صاحب رنگون	عہ/	۱۸	۹۱	خان بہادر سید احمد حسین صاحب لکھنؤ	صہ
۳	۶۹	کے عبد العزیز صاحب آمبور	ے/	۱۱	۷۹	اے سعید خاں صاحب سہارنپور	صہ/	۱۹	۹۲	رحمت علی صاحب جالندھر	[illegible]
۴	۷۰	عزت صاحب رامپور	عہ/	۱۲	۸۰	یوسف حاجی احمد صاحب رنگون	عہ/	۲۰	۹۷	عبد الباقی صاحب گورکھپور	[illegible]
۵	۷۱	شیخ پیر بخش غلام رسول صاحب گوجرانوالہ	صہ/	۱۳	۸۳	مرزا عبد الغنی صاحب کوم کال	صہ/	۲۱	۹۸	مصطفےٰ خاں صاحب ...	صہ
۶	۷۲	ایس محمود علی صاحب قنوج	لعہ/	۱۴	۸۷	سید عباس علی صاحب اجمیر	عہ/	۲۲	۹۹	[illegible]	[illegible]
۷	۷۳	سید منصور علی صاحب لاہور	عہ/	۱۵	۸۸	منشی اسد اللہ خاں صاحب 〃	عہ/	۲۳	۱۰۰	سید ... علی ... صاحب	[illegible]
۸	۷۶	عبد اللطیف حاجی محمد صاحبان رنگون	عہ/	۱۶	۸۹	میر غلام الدین صاحب 〃	عہ/	۲۴	[illegible]	[illegible]	[illegible]

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
[illegible]	[illegible]	[illegible] صاحبان جیبوتی	صہ/	۳۹	۱۲۳	شیخ حبیب اللہ صاحب دہرہ دون	صہ/	۵۳	ڈھاکہ ۱۵	عبدالرؤف صاحب [illegible]	ع/
[illegible]	۱۰۳	حاجی یوسف محمد صاحب رنگون	۱/صہ	۴۰	۱۲۴	عبدالشکور صاحب "	ع/	۵۴	" ۲۳	عبدالعزیز عبدالغنی صاحبان بنارس	عـہ/
[illegible]	۱۰۴	ایک بہی خواہ جامعہ کراچی	صہ/	۴۱	۱۲۵	شیخ خلیل احمد صاحب "	ع/	۵۵	" ۹۵۳	محمد اسحٰق محمد فرید الدین صاحبان [illegible]	ع
[illegible]	۱۰۶	ڈاکٹر برکت علی خاں صاحب سیوان	ے/	۴۲	۱۲۶	محمد امین صاحب "	ع/	۵۶	" ۹۵۴	محمد فضل مختار الدین صاحب "	ع
۲۹	۱۰۷	مظہر جمیل صاحب دہلی	صہ/	۴۳	۱۲۷	عبدالقیوم صاحب دہلی	ع/	۵۷	" ۹۶۶	اسحاق حسین صاحب "	ع/
۳۰	۱۰۹	ابوسعید مرزا صاحب سیف آباد	۱/	۴۴	۱۳۵	دوست محمد صاحب تیونگ	عہ/	۵۸	" ۲۳۹	ایس خلیل الرحمٰن صاحب کلکتہ	۷/
۳۱	۱۱۰	حاجی ربیع الدین فضل الدین صاحبان دہلی	صہ/	۴۵	۱۳۶	سید محمد حفیظ الدین صاحب سورت	عہ/	۵۹	" ۲۴۱	عبدالاحد عثمانی صاحب "	۱۲/
۳۲	۱۱۳	سیٹھ اے یوسف والا صاحب رادھیر	صہ/	۴۶	دہلی ۱۴۸	احمد اسلام خاں صاحب دہلی	عہ/	۶۰	" ۲۶	اسد اللہ خاں صاحب جمشید پور	ع/
۳۳	۱۱۵	جوناگڑھ عبداللطیف صاحب احمد آباد	عہ/	۴۷	" ۱۵۲	محمد الیاس صاحب "	صہ/	۶۱	" ۲۵۱	ایک مسلمان بمبئی	صہ/
۳۴	۱۱۶	محمد عبدالمجید صاحب رسولپور	عہ/	۴۸	" ۱۶۴	محمد رشید خاں صاحب "	صہ/	۶۲	" ۴۷۱	محمد عمر صاحب "	۱ـہ/
۳۵	۱۱۶	حمید الحق صاحب الہ آباد	۱۴/	۴۹	" ۷۵	وکیل احمد صاحب اعظم گڑھ	عـہ/				
۳۶	۱۱۸	محمد سرور خاں صاحب [illegible]	۱/	۵۰	" ۷۱	علی حماد صاحب "	ع/				
۳۷	۱۲۱	سیٹھ مظہر الحسن صاحب باور	عـہ/	۵۱	" ۷۱۱	شکر اللہ صاحب "	عـہ/				
۳۸	۱۲۲	خالدہ ادیب خانم صاحبہ علی گڑھ	صہ/	۵۲	" ۷۱۴	صدر الدین صاحب "	عـہ/				

میزان کل ۱۲۷ الـ عـہ ۱۴/

R. L. No. 4407

(مطبوعہ جامعہ برقی پریس دہلی)

طابع و ناشر شفیق الرحمن قدوائی نے دفتر ہمدرداں جامعہ قرول باغ
نئی دہلی سے شائع کیا

ہمدردِ جامعہ

مرتبہ

ناظم

حلقۂ ہمدردانِ جامعہ، دہلی

مکتبہ جامعہ

رسائل سلسلۂ تعلیم و ترقی جامعہ

اس وقت خاص بالغوں کے لئے اردو درسیات کا کوئی سلسلہ موجود نہیں ہے بچوں کی کتابیں بڑی عمر کے لوگوں کے لئے نہ دلچسپ ہوتی ہیں نہ موزوں اس لئے ادارۂ تعلیم و ترقی جامعہ ملیہ اسلامیہ، دہلی۔ بالغ مبتدیوں کے لئے رسائل کا یہ سلسلہ ترتیب دے رہا ہے اور تقریباً دو سو رسائل کا خاکہ تیار کیا گیا ہے جو بالغوں کے پورے نصاب تعلیم پر حاوی ہوگا رسائل تعلیم و ترقی کی کتابت اور مضامین میں مدارج کا بھی لحاظ رکھا جائے گا۔

ان رسائل کا اصل منشاء یہ ہے کہ اردو پڑھنے کی اچھی طرح مشق ہو جائے۔ اور کتب بینی کا شوق پیدا ہو۔ تاکہ آئندہ کتب خانہ تعلیم و ترقی کے ذریعے بالغوں کی تعلیم کا سلسلہ خود بخود جاری رہے اور پڑھنا لکھنا سیکھنے کے بعد آدمی پھر اَن پڑھ نہ بن جائے۔

حسب ذیل رسائل اس سلسلے کے شائع ہو چکے ہیں یا زیر طبع ہیں ان کا سائز ۱۷×۲۷/۸ ہے ہر رسالہ کم و بیش سولہ [۱۶] صفحات کا ہے۔

۱۔ نماز	قیمت ۱ر	۷۔ صدیق اکبر	قیمت ۱ر
۲-۳۔ حکایتیں مکمل	" ۲ر	۸۔ خط و کتابت	" ۱ر
۴۔ حبیب خدا	" ۱ر	۹۔ قومی گیت	" ۱ر
۵۔ نظمیں	" ۱ر	۱۰۔ ہمارا ہندوستان	" ۱ر
۶۔ میونسپلٹی	" ۱ر		

زیر طبع کتابیں

ضلع کا انتظام ۱ر — غزلیں ۱ر — عمر فاروق ۱ر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ہمدرد جامعہ

ایڈیٹر

(خواجہ) عبدالحی فاروقی

(ناظم حلقہ ہمدردان جامعہ)

جلد ۵	فروری ۱۹۴۰ء مطابق محرم الحرام ۱۳۵۹ ہجری	نمبر ۴

فہرست مضامین

چندہ سالانہ عہ ر — قیمت فی پرچہ ۲ ر

تعلیم بالغان

اس وقت دو طبقوں کے لئے تعلیم بالغان کی خاص طور پر ضرورت ہے ایک تو وہ لوگ جو دوسری تیسری جماعت تک پڑھنے کے بعد اپنی تعلیم جاری نہ رکھ سکے اور دوسرے وہ لوگ جو بالکل ان پڑھ ہیں اول الذکر کی تعلیم کا انتظام اس لئے ضروری ہے کہ اگر زیادہ مدت تک ان کو تعلیم سے بے بہرہ رہنے دیا گیا تو یقین ہے کہ حرف شناسی کی قابلیت بھی ان میں باقی نہ رہے گی۔ یہ لوگ کام دھندوں کی وجہ سے مدرسہ کی باقاعدہ تعلیم حاصل کرنے سے معذور ہیں اور اس کی استطاعت نہیں رکھتے کہ خانگی طور پر کسی سے تعلیم حاصل کریں اس لئے ان لوگوں کی تعلیم کے لئے حسب ذیل طریقے اختیار کرنا چاہئے

۱۔ کتب خانہ، جن میں خاص بالغ مبتدیوں کے لئے آسان کتابیں جمع کی جائیں اور پڑھنے کے لئے تقسیم کی جائیں۔

۲۔ اخبارات اور رسائل پڑھنے کا شوق پیدا کیا جائے یہاں تک کہ اخبار بینی عادت میں داخل ہو جائے۔

۳۔ معاشی سیاسی، مذہبی اور معاشرتی امور اور مسائل میں رہنمائی کی جائے تعلیمی جلسے منعقد کئے جائیں جن میں مفید مطلب باتیں بتلائی جائیں۔

۴۔ تعلیمی کتابچے اور دیواری اخبار شائع کئے جائیں اور مفید اور مختصر مطبوعات پڑھنے کے لئے تقسیم کی جائیں

۵۔ مختلف مضامین کی تعلیم کے لئے تعلیمی حلقے قائم کئے جائیں لیکن تعلیمی حلقوں کے لئے نصاب چھوٹے چھوٹے مقرر کئے جائیں جو تھوڑی مدت کے اندر پورے کئے جا سکیں

دوسرا طبقہ ان پڑھ لوگوں کا ہے جن کی تعلیم کا کام خاص اہمیت رکھتا ہے لیکن یہ کام زیادہ دشوار، دقت طلب اور صبر آزما ہے اس لئے اس کو شروع کرنے سے قبل پہلے آبادی کے کسی ایک حصہ کو اس کام کے لئے مخصوص کر لیا جائے جہاں پوری توجہ اور وسائل مرکوز کئے جائیں۔ پھر اس حصہ کا ایک جائزہ لیا جائے کہ ہر گھر میں کتنے خواندہ ہیں اور کتنے ان پڑھ اس کے بعد ان پڑھ لوگوں کی تعلیم کے لئے حسب ذیل طریقے اختیار کرنا چاہئے۔

۱۔ تعلیم یافتہ لوگوں سے خدمت کا عہد لیا جائے

۲۔ ان پڑھ لوگوں سے پڑھنے کا وعدہ لیا جائے۔

۳۔ چھوٹے چھوٹے تعلیمی حلقے صرف پڑھنا لکھنا سکھلانے کے لئے بھی قائم کئے جائیں لیکن اس سلسلہ میں حسب ذیل باتوں کا خاص طور پر خیال رکھا جائے کہ

۱۔ ایک تعلیمی حلقہ میں طلبہ کی تعداد پانچ یا زیادہ سے زیادہ دس تک ہو۔

(ب) تجربہ سے معلوم ہوا ہے کہ پڑھنا لکھنا سکھلانے کے لئے ایک ایک گھنٹہ کے سو سبق کافی ہوتے ہیں اس لحاظ سے تعلیمی حلقے کے نصاب کی مدت سو اسباق مقرر کی جائے۔

(ج) جس علاقہ میں طلبہ رہتے ہیں وہیں کسی جگہ تعلیم کا انتظام کیا جائے تعلیم کے اوقات طلبہ کی مرضی اور مشورہ سے مقرر کئے جائیں۔ ان حلقوں کا انتظام بالکل نجی انداز پر ہو۔

(د) تعلیمی حلقوں کے کارکن وہی لوگ مقرر کئے جائیں جو مقررہ مدت تک پابندی سے خدمت کے لئے آمادہ ہوں ورنہ اعزازی کارکنوں کی بجائے تنخواہ دار کارکن اس کام کے لئے مقرر کئے جائیں۔

۴۔ باقی عام تعلیم کے لئے وہی تدابیر حالات کے اعتبار سے اختیار کی جائیں جو پڑھے لکھے لوگوں کے لئے نمبر ۲ تا نمبر ۵ میں تجویز کی گئی ہیں۔

تعلیم بالغان کے لئے یہ جملہ خدمات مرکز تعلیم و ترقی کے ذریعہ انجام دی جائیں اور یہ مرکز محلہ محلہ اور بستی بستی قائم کئے جائیں ہر مرکز کا ایک ناظم ہوگا اور ایک خادم۔ ناظم کا کام یہ ہوگا کہ مرکز کی ضروریات کا انتظام کرے اور مرکز کی سرپرستی ہدایت اور نگرانی کرے۔

مرکز کا خادم ایسا شخص مقرر کیا جائے جو تعلیمی کام کرنے کی صلاحیت اور استعداد رکھتا ہو اور بستی کی خدمت کا شوق اور جذبہ رکھنے کے علاوہ مرکز کے کاموں کے لئے پورا وقت بھی دے سکتا ہو۔

ان مرکزوں کا الحاق اگر مرکزی حلقہ تعلیم و ترقی جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی سے کر لیا جائے تو مرکزی حلقہ تعلیمی امور میں مرکزوں کی رہنمائی اور خدمت کے لئے تیار رہے

شفیق الرحمٰن قدوائی
ناظم مرکزی حلقہ تعلیم و ترقی
جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی

مدرسہ اور سماج

سید وقار عظیم صاحب ایم اے استاد جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی

مدرسے اور گھر میں کتنا گہرا تعلق ہے، بچے کی تعلیم کا گہوارہ گھر ہے مدرسہ اسے اس گہوارے سے اٹھا کر اپنی گود میں لیتا ہے اس کا فرض ہے کہ بچے کو اس نئی فضا میں کوئی اجنبیت محسوس نہ ہو۔ اس کی گھر اور مدرسے کی تعلیم ایک ہی زنجیر کی دو کڑیاں ہوں جنہیں ایک دوسرے سے الگ نہ کیا جا سکے گھر کی فضا مدرسے پر اپنا اثر کرتی رہتی ہو اور بچہ دونوں کو ایک ہی زندگی کے دو کسی قدر مختلف اور کسی قدر مشابہ حصے سمجھتا ہو۔

مدرسے اور سماج میں اتنا ہی گہرا تعلق ہے بلکہ زندگی جوں جوں زیادہ پیچیدہ اور زیادہ کشمکشوں کی آماجگاہ ہوتی جاتی ہے مدرسے اور سماج کا تعلق زیادہ گہرا زیادہ مضبوط اور زیادہ مسلسل ہوتا جاتا ہے۔ زندگی صرف پیٹ بھرنے کا نام نہیں۔ سانس کی چلتی ہوئی غیر محسوس دھونکنی سے لے کر پیچیدہ سے پیچیدہ دماغی اور روحانی کشمکشوں تک ہر چیز زندگی میں شامل ہے انسان کے خیالات، اس کے احساس اور عمل، اس کی خاموشیاں اس کے نعمے اس کے رسم و رواج، اس کی سیاسی اور معاشرتی انجمنیں، اس کی خوشیاں، اس کے غم، اس کی صلاحی، اس کی بدی، اس کی کامیابی، اس کی ناکامی غرض ہر چیز کا نام زندگی ہے یہ زندگی ابتدا میں سہل و سادہ تھی۔ انسان کا ماحول اس سے زیادہ تحریکات کا طالب نہ تھا کھانے اور رہنے کی فکروں کے سوا اور کچھ نہ تھا۔ رفتہ رفتہ انسان کو دقتوں سے دوچار ہونا پڑا وہ ان پر فتح حاصل کرتا اور زندگی کو زیادہ پیچیدار بناتا چلا۔ قدرت نے جب اس کے سامنے کوئی نئی چیز پیش کی اس نے اسے جاننے کی کوشش کی اور اسی نتیجے سے اپنی زندگی کو زیادہ پیچیدار اور رنگین بنایا ہر نئے تجربے نے زندگی کو زیادہ مالدار اور بامعنی بنایا۔ اس میں قدرت نے تجربوں سے سبق حاصل کرنے کی بے پناہ صلاحیت پیدا کی تھی اس لئے زندگی کے ہر سانس کے ساتھ اس نے تجربے حاصل کئے اور زندگی کو نئی شکل دی۔

انسان کی دوسری فطرت جو تمام مخلوق میں سب سے زیادہ اسی کے حصے میں آئی ہے یہ ہے کہ وہ اپنے تجربے آنے والی نسلوں تک منتقل کرتا رہتا ہے اور ان تجربات کو ایک نسل سے دوسری نسل تک منتقل کر سکنے کی فطری صلاحیت کی بنا پر زندگی ہر لمحہ بڑھتی، ترقی کرتی اور زیادہ بوقلموں ہوتی جاتی ہے۔ تجربات شروع میں کم تھے اور سادہ تھے اس لئے ان کا دوسری نسل تک منتقل کرنا بھی آسان تھا پتھروں پر بنائے ہوئے نقش و نگار، رنگے ہوئے گارے، تصویروں کی شکل میں لکھی ہوئی تحریریں یہ اور اسی قسم کے ذرائع تھے جن سے یہ سماجی ورثہ ایک نسل سے دوسری نسل تک منتقل ہوتا رہا لیکن جوں جوں یہ ورثہ بڑھتا رہا اس کا منتقل کرنا مشکل ہوتا گیا اس لئے ضرورت ہوئی کہ اسے آنے والی نسلوں تک پہنچانے کے لئے ایسے وسائل اختیار کئے جائیں

کہ یہ ورثہ ایک مستقل صورت اختیار کرسکے یہی احساس تعلیم کی ابتدا تھا بڑوں کو یہ خیال کہ وہ اپنی اس دولت کو اپنے چھوٹوں تک پہنچا سکیں اور چھوٹوں کو یہ خیال کہ وہ اس دولت کو لازوال بنا سکیں اس لئے ہر شخص کو ایسے وسیلے کی تلاش تھی جس کی مدد سے یہ خزانہ برابر منتقل ہوتا رہے اور اس کو زوال ہونے کے بجائے زیادہ سے زیادہ ترقی ہو سکے۔ یہ کام تعلیم نے انجام دیا۔ سماجی زندگی کا قیام اور اس کی تہذیب و تمدن کے سرمایے کی ترتیب تعلیم کے ہاتھوں میں ہوئی۔

اس سرمایے کی اہمیت اور پیچیدگی کا اندازہ فطرت کے ایک اور اصول سے بھی ہوتا ہے قدرت نے انسان کے بچے کو جتنا بے بس بنایا ہے اتنا زیادہ کسی اور جاندار کے بچے کو نہیں بنایا۔ اس کا مقصد صرف یہ ہے کہ اپنے بچپن میں وہ تمدن، تہذیب، تاریخ اور زندگی کے اس بیش بہا سرمایے سے واقفیت حاصل کرے جو اسے گذری ہوئی نسلوں سے ملا ہے اور جو اسے آنے والی نسلوں تک پہنچانا ہے۔ جن جانداروں کی زندگیاں پیچیدہ نہیں ہیں، جنھیں زندگی کے متعلق کچھ نہیں سیکھنا ہے، جن کے آبا و اجداد نے ان کے لئے تجربوں کی دولت نہیں چھوڑی ہے، وہ پیدا ہوتے ہی اپنے پاؤں پر کھڑے ہو جاتے ہیں۔ جس طرح ان کے آباؤ اجداد فطرت سے سبق حاصل کرتے چلے آئے ہیں، وہ بھی کرتے ہیں نہ انھوں نے زندگی کو پیچیدہ محسوس کیا اور نہ اُن کے لئے اس کی ضرورت ہی اس لئے قدرت نے انھیں انسان کے بچے کی طرح مجبور نہیں کیا۔

یہیں کا زمانہ تعلیم کا زمانہ ہے اور اس طرح کی تعلیم کے لئے، جو انسان کو اب تک ورثے میں ملی ہے یہی وجہ ہے کہ جوں جوں انسانی تہذیب زیادہ ترقی کرتی جاتی ہے۔ سائنس اپنے اصول پر زیادہ سے زیادہ فتح حاصل کرتی جاتی ہے اس کی ضرورت بڑھتی جاتی ہے کہ تعلیم کا زمانہ بڑھتا رہے۔ چونکہ بچوں کو زیادہ باتیں سیکھنی ہیں اس لئے انھیں زیادہ عمر تک مدرسے میں رہنے کی ضرورت ہوا کرتی ہے۔ وجہ ہے کہ اب علم و فلسفے کی ہر شاخ میں لوگوں نے تخصیص حاصل کرنی شروع کر دی چونکہ ہر بچے کے لئے یہ ممکن نہیں کہ اس سرمایے پر پورا عبور حاصل کر سکے اس لئے اس میں سے کچھ چیزیں جن کو اسے سکھا دی جاتی ہیں اور اس کے بعد انھیں مختلف چیزوں میں تخصیص حاصل کرنے کے لئے الگ کر دیا جاتا ہے۔ کوئی ڈاکٹر بنتا ہے کوئی انجینیر کوئی سائنس داں اور کوئی فلسفی۔ امریکہ جرمنی اور انگلستان میں اسی لئے اب اس بات پر زور دیا جا رہا ہے کہ بچوں کو مدرسے میں رکھنے کی عمر بڑھا دی جائے۔

ان سب باتوں کا خلاصہ یہ ہے کہ انسان ہر نئے تجربے سے اپنی زندگی کو زیادہ رنگین، زیادہ مالدار، زیادہ پیچیدہ اور زیادہ بامعنی بناتا رہا اور علم کی مدد سے زندگی کی ان رنگینیوں، دولتوں اور پیچیدگیوں کو آنے والی نسلوں تک منتقل کرتا رہا اور اس طرح زندگی کا تسلسل اور علم دونوں چیزوں میں ایک دائمی رشتہ قائم ہو گیا زندگی۔ علم کی بدولت زندگی بنی اور زندگی کے تجربات کے خزانوں نے علم کو علم بنایا اور اس طرح دونوں چیزیں ایک دوسرے کے لئے لازم ملزوم ہو گئیں علم یا دوسرے الفاظ میں شعر و ادب، تاریخ و فلسفہ، سیاسیات و معاشیات، مذہب و الٰہیات کے جتنے خزانے کتابی شکل میں ہمارے پاس موجود ہیں وہ کسی نہ کسی طرح زندگی کا عکس ہیں جس ادب کو زندگی سے تعلق نہیں وہ ادب نہیں اور جو زندگی ادب کی مرہون منت ہو کر نہیں رہنا چاہتی اس کی بقا بھی محدود ہے۔

علم اور زندگی کے اس فطری اور نفسیاتی تعلق کے ظاہر ہونے کے بعد ہمارا سب سے پہلا فرض ہے کہ ہم ہر علم کو سماجی رنگ سے دیکھیں۔ سماج اور آس پاس کا ماحول بچے کی فطرت پر بہت گہرا اثر ڈالتا ہے اور اسی لئے دو مختلف سوسائٹیوں میں پلنے والے بچے ہر چیز کو مختلف نقطۂ نظر سے دیکھتے ہیں۔ ان کی رہن سہن، ان کا طرز گفتگو، ان کی چال ڈھال، ان کا ذوق جمال، ان کی پسند و ناپسندیدگی، ان کا اخلاق، ہر چیز ایک دوسرے سے مختلف ہے اس لئے کہ دونوں پر دو مختلف سماجوں کے مخصوص اثرات ہیں۔ اس لئے بھی ضروری ہے کہ تعلیم سماج کے اس اثر کو نظر میں رکھے بغیر کچھ نہ کرے۔

بچے کو چونکہ سب سے زیادہ دلچسپی اپنے گرد و پیش سے ہوتی ہے اس لئے اگر مدرسہ کی فضا اس کی سماجی زندگی سے بہت زیادہ قریب ہوگی تو وہ اس میں دلچسپی لے گا ورنہ نہیں۔ مدرسے کی فضا کو سماجی زندگی اور بچے کی دلچسپیوں سے قریب لانے کا سب سے آسان طریقہ یہی ہے کہ مدرسے کو بجائے ایک گھڑی ہوئی فضا بنانے کے ایک آزاد فضا بنا دینا چاہیئے جس میں بچے کو پڑھنے سے زیادہ رہنے کا موقع ملے، وہ اپنے ہم عمر بچوں کے ساتھ مل کر ایک دلچسپ قسم کی زندگی گذارے، وہ کھیلے اور ایسے کام کرے جو اس کے خیال میں مفید ہوں، وہ دوسروں سے مدد لے اور دوسروں کو مدد دینے کا عادی ہے۔ جب مدرسے میں اس قسم کی فضا پیدا ہو جائے گی تو تو اسے سماج کی زندگی سے زیادہ سے زیادہ قریب بنانے میں بہت آسانیاں ہوں گی اسے سماج کے لئے بھی مفید بنایا جاسکے گا اور بچوں کے لئے بھی۔ بچے وہاں رہ کر جو سیکھیں گے اس سے ان کی انفرادی اور شخصی صلاحیتوں کو بھی ترقی ہوگی اور ان میں خدمت انسانی کا جذبہ بھی پیدا ہوگا۔ وہ ہر کام کے فائدے اور نقصان کو صرف اپنے نہیں بلکہ سماج کے نقطۂ نظر سے دیکھنے کے عادی ہو جائیں گے وہ اپنی ترقی کو سماج اور قوم و ملک کی ترقی کا زینہ سمجھنے لگیں گے۔

لیکن اب سوال یہ ہے کہ کن کن طریقوں سے مدرسے کو سماجی زندگی سے قریب بنایا جاسکتا ہے۔ کیا طریقے اختیار کئے جاسکتے ہیں کہ مدرسہ اور سماج ایک دوسرے پر اچھا اثر ڈالتے رہیں، مدرسے کو سماج کی ضرورتوں کا احساس ہو اور سماج مدرسے کے قیام کو زندگی کا ایک ضروری جزو سمجھے۔ اس سلسلے میں مختلف ملکوں میں مختلف طرح کے تجربات کئے گئے ہیں اور ان میں سے اکثر مفید بھی ثابت ہوئے ہیں۔ ہم بھی کوشش کرتے ہیں کہ اس قسم کی چند تجویزیں پیش کریں جن کی مدد سے مدرسہ اور سماج ایک زندگی کی دو کڑیاں بن جائیں۔

۱۔ مدرسے کے قیام کے وقت یہ سوچنے کی ضرورت ہے کہ مدرسہ جس سماج، سوسائٹی یا زندگی کے مرکز کے قریب کھولا جارہا ہے اس کی ضروریات کیا ہیں وہاں کے لوگ عام طور پر کس طرح زندگی بسر کرتے ہیں، وہ زیادہ تر کسان ہیں، مزدور پیشہ ہیں، کاروباری ہیں تاجر ہیں یا ملازم فرض کرو کہ مدرسہ کسی ایسی جگہ ہے جہاں زیادہ لوگ کسان ہیں تو مدرسے کو کسانوں کی ضروریات زندگی کا خیال رکھنا چاہیئے۔ بچوں کو ادب، تاریخ جغرافیہ حساب کی تعلیم دیتے وقت اس بات کی کوشش کرنی چاہیے کہ ان میں سے ہر مضمون کا تعلق کسی نہ کسی طرح ان کی زراعتی زندگی سے پیدا کیا جائے اس سلسلے میں زراعت کے پیشے کی اہمیت انسانی زندگی اور اس کی ترقی میں اس کا حصہ، حیات انسانی میں اس کی عظمت و ضرورت اور اس طرح کی چیزیں بتانے کی ضرورت ہے کہ بچے اس پیشے کو عزت اور محبت

کی نظروں سے دیکھیں، انھیں کساں ہوئے پر فخر ہو۔ جغرافیہ، حساب وغیرہ کو بھی کسی نہ کسی طرح ان کی زراعتی زندگی کے سلسلے میں پڑھانا چاہیئے مثلاً جغرافیے کے سلسلے میں موسم، ان کا اثر، علاقے کی پیداوار، اس کا ایک ملک سے دوسرے ملک کو جانا اور اس سلسلے میں دو ملکوں کے تجارتی تعلقات کا ذکر ہو سکتا ہے لیکن ان مضامین کے علاوہ بچوں کو عملی طور پر زراعت کا کام کرنے کی طرف توجہ دینی چاہیئے وہ اپنے مدرسے میں خود زمین کھودیں، کھاد ڈالیں، پودے بوئیں اور اسے کاٹیں اس سے ان کے دلوں میں کام کی عظمت اور اس کی صحیح محبت پیدا ہوگی اور اس طرح جب وہ مدرسے سے نکلیں گے تو اخلاقی اور مادی دونوں نقطۂ نظر سے وہ سماج کے زیادہ قابل فخر اور مفید رکن ہوں گے۔ سماج بھی ایسے مدرسے سے محبت کرے گی جس نے ایسے کام کرنے والے آسے دئے۔

۲۔ مدرسے کو سماج کی زندگی سے قریب بنانے اور اس کے بچوں میں مفید اخلاقی فضائل پیدا کرنے کی ایک ترکیب یہ ہے کہ مدرسے میں اس طرح کی جماعتیں بنائی جائیں جو اپنے آس پاس کی زندگی کو غور سے دیکھیں۔ سڑکیں بری ہیں۔ کوئی بیماری پھیلی ہوئی ہے۔ کسی خاص جگہ گندگی رہا کرتی ہے، لوگوں کی تفریح گاہیں نہیں ہیں۔ یہ اور اس طرح کی چیزوں پر غور کرنے کے بعد یہ مختصر جماعتیں ایسی رپورٹیں میونسپل کمیٹیوں کو دیں اور اس میں اپنے مشورے بھی لکھیں جہاں ممکن ہو خود ان خرابیوں کو دور کرنے کی کوشش کریں غور کرنے سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ اس قسم کے کام کا بچوں کی زندگی اور مدرسے اور سماج کے تعلقات پر کتنا اچھا اور مفید اثر پڑے گا۔

۳ اس قسم کی جماعتوں کے علاوہ مدرسے میں رضاکاروں کے جتھے بنائے جاسکتے ہیں جن کا کام یہ ہو کہ وہ کسی خاص ضرورت کے موقع پر سماج کو مدد دینے کے لئے تیار رہیں۔ کوئی میلہ ہو، قحط پڑے، دریا میں سیلاب آئے، کوئی بیماری پھیلے، ایسے موقعوں پر زیادہ سے زیادہ کام کرنے والوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ مدرسے کا فرض ہے کہ وہ ہمیشہ اس طرح کے جتھے تیار رکھے اور ان سے اس قسم کے مفید کام لے۔

۴۔ مدرسہ ایک چوتھا کام بھی انجام دے سکتے ہیں اور خاص طور پر دیہات کے قریب کے مدرسوں میں یہ کام بہت مفید ثابت ہوگا اور وہ یہ کہ جو لے پڑھے لکھے جوان اور بوڑھے آدمیوں کو رات کے وقت پڑھائیں اس طرح سماج کی حالت بھی درست ہوگی اور مدرسے اور سماج میں اچھے تعلقات پیدا ہوں گے۔

اس تفصیل سے ہم اس نتیجے پر پہنچے کہ تعلیم کا مقصد شخصی نہیں بلکہ سماجی ہونا چاہیئے ہمیں کوشش کرنا چاہیئے کہ مدرسہ اور سماج ایک ہی زنجیر کی دو کڑیاں بن جائیں اور دونوں پر ایک دوسرے کا عکس اور اثر نظر آئے۔ مدرسہ صرف بچوں کو روزی کمانے کا ایک آلہ نہ بنا دے بلکہ ان میں سماج، قوم اور ملک کی خدمت کا صحیح جذبہ پیدا کرکے انھیں سماج کا زیادہ قابل فخر اور مفید ممبر بنائے۔

پروجیکٹ طریقۂ تعلیم

پروجیکٹ میتھڈ یا مقصدی طریقۂ تعلیم بہت مفید اور کارآمد سمجھا جاتا ہے جدید قسم کے اسکولوں میں عام طور پر یہی طریقۂ تعلیم رائج ہے اور اس کو عام رواج دینے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ جامعہ کے ابتدائی مدارس میں بھی اسی کے مطابق تعلیم دی جاتی ہے۔ اس لئے اس جدید طریقۂ تعلیم پر ایک مفید مضمون ہم شائع کر رہے ہیں، جس سے ہمدردانِ جامعہ کو اس میتھڈ کے سمجھنے میں آسانی ہوگی اور جامعہ کی تعلیمی خبروں میں جب کبھی اس کا تذکرہ آئیگا تو اس کے مفہوم کی وضاحت کی ضرورت نہیں ہوگی۔

پروجیکٹ میتھڈ کی تعریف پروجیکٹ کسی ایسے شغلے یا مقصد یا منصوبے کا نام ہے جو ارادتاً اور دلچسپی کے ساتھ منتخب کیا جائے اور جسے قدرتی حالات کے ماتحت سرانجام دیا جائے۔ پس ایسا طریقۂ تعلیم جس میں بچوں کو اس وسیلے کے ذریعہ تعلیم دی جائے پروجیکٹ میتھڈ کہلاتا ہے۔ ہماری زندگی ایسے ہی نتیجہ خیز منصوبوں سے پُر ہے بلکہ ہماری زندگی ایسے ہی نتیجہ خیز اور مفید مشاغل اور مقاصد کا دوسرا نام ہے۔ ہم اپنی زندگی میں جو کام بھی سرانجام دیتے ہیں اور جس کے ذریعے ہم اپنی تزئین اور نشو و نما کرتے ہیں وہ سب کے سب ہی پروجیکٹ میتھڈ کے اصولوں پر مبنی ہوتے ہیں آپ اپنی زندگی کی کسی نتیجہ خیز سرگرمی یا مشغلے کو لے لیں یا کسی ایسی بات پر غور کریں جس کو آپ کرنا چاہتے ہیں تو آپ معلوم کریں گے کہ آپ کو مندرجہ ذیل مرحلے طے کرنے پڑتے ہیں۔

۱۔ اس ایک شغلے کے متعلق آپ کے دل میں خواہش یا ضرورت پیدا ہوتی ہے جس کے پورا کرنے کے لئے آپ کے دل میں جذبہ ہوتا ہے۔

۲۔ اس جذبے کے ماتحت آپ مضبوط ارادہ کرتے ہیں۔

۳۔ اس ارادہ یا مقصد کے سرانجام دینے کے لئے آپ تجاویز سوچتے ہیں۔

۴۔ پھر ان تجاویز کو بہتر سے بہتر طریقے پر آپ عملی جامہ پہنانے کی کوشش کرتے ہیں۔

۵۔ اس مشغلہ کی تکمیل میں آپ کو کئی ایک مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور اپنی استعداد کے مطابق آپ ان پر غالب آنے کی کوشش کرتے ہیں۔

۶۔ جب آپ یہ کام مکمل کر لیتے ہیں اور آپ کو اس کام میں کامیابی ہوتی ہے یا کسی وجہ سے ناکامیابی ہوتی ہے تو آپ جملہ گذشتہ باتوں پر نظرِ ثانی کرتے ہیں اور حاصل کردہ نتائج کا موازنہ کرتے ہیں۔

۲۲ مارچ کو مدرسہ ثانوی کے ۳۲ لڑکوں کی ایک جماعت اساتذہ کی نگرانی میں تاریخی مقامات کی سیر کے لئے روانہ ہوئی اور اجمیر، چتوڑگڈھ، اودے پور اور جے پور کو تفصیل کے ساتھ دیکھ کر ۲۹ مارچ کو واپس آئی۔

گئے۔ اور تقریباً سو پندرہ پرائیویٹ ملازمین کو اس مقصد کے لئے مدد دی گئی۔ سب سے زیادہ زور اس بات پر دیا گیا تھا کہ جو ایک شخص کو خواندہ بنائے گا اسے ایک روپیہ دیا جائے گا۔ ڈسٹرکٹ اور میونسپل بورڈ، ٹیکٹریز اور بینک وغیرہ سے درخواست کی گئی کہ وہ اپنے خدمتگاروں اور ملازموں کی تعلیم کا انتظام کریں۔ تمام انٹرمیڈیٹ کالج، ہائی اسکولوں اور مڈل اسکولوں سے بھی بالغوں کو تعلیم دینے کی درخواست کی گئی چنانچہ ۱۱۹۷ میں سے ۴۳۷ اداروں نے اس خدمت کو انجام دیا۔ طلبہ کی توجہ کو "انگوٹھے کا نشان نہ لگایا جائے" کی مہم کی طرف منعطف کرائی گئی چنانچہ انہوں نے ۱۵۳۲۵۱ اشخاص کو دستخط کرنے کی تعلیم دی۔

اسکیم کے مستقبل کے متعلق اہم کام یہ ہوا ہے کہ نوخواندہ بالغوں کی تعلیم کو باقی رکھنے کی پوری پیش بندی کرلی گئی ہے۔ چنانچہ ۶۸ کتب خانے اور ۳۶ دارالمطالعے "یوم خواندگی" میں قائم کئے گئے، ہر لائبریری کو تقریباً ۳۰ ہندی اور اردو کی کتابیں دوسری ضروریات کے علاوہ دی گئیں ہر کتب خانہ کے ماتحت پانچ میل سے آٹھ میل کے اندر پانچ شاخیں ہوتی ہیں۔ جنوری ۳۹ء سے دسمبر ۳۹ء تک ۱۳۱۰۲۲ کتابیں جاری کی گئیں۔ ہر دارالمطالعہ کو دو ہفتہ وار اور ایک ماہوار رسالہ، مقامی حالات کے ماتحت اردو یا ہندی میں دیا جاتا ہے۔ عورتوں کے لئے خاص طور پر ۲۷۰ ہفتہ وار اور ۴۱۵۰ ماہوار رسالے گورنمنٹ کی طرف سے مہیا کئے جاتے ہیں۔

بنگال میں گھڑی سازی کی تعلیم

بنگال میں یہ پہلا موقع ہے کہ ایڈوارڈ انڈسٹریل (صنعتی) اسکول بوگرا میں حکومت بنگال نے باضابطہ طور سے ایسا کلاس کھولا ہے جہاں گھڑی دھرم گھڑی اور وقت دیکھنے کے دوسرے سامان کی مرمت کرنے کی تعلیم باقاعدہ دی جائے گی ـــــ تعلیم کی مدت دو سال ہے ـــــ اس تعلیم کے لئے کوئی فیس نہیں لی جاتی ہے لیکن طلباء کو احتیاطاً دس روپے بطور ضمانت جمع کر دینے پڑیں گے۔

داخلہ کے لئے ہائی اسکول کے ساتویں درجہ تک کی تعلیم شرط ہے ـــــ اس کے علاوہ طلباء کو جفاکش اور محنتی ہونا چاہئے نیز آنکھوں کی روشنی بھی اچھی ہونی چاہئے اور فطری طور سے طبیعت تجارت اور کاروبار کی طرف راغب ہو

تعلیمی خبریں

اس اشاعت سے، ہم ہمدرد جامعہ میں تعلیمی خبروں کے ایک مستقل باب کا اضافہ کرتے ہیں۔ ہندوستان میں اس وقت تعلیم کی اصلاح و ترقی اور خصوصاً تعلیم بالغان کی اشاعت کی جو کوششیں ہو رہی ہیں ان سے ہم ناظرین ہمدرد جامعہ کو ماہ بماہ آگاہ کرنے کی کوشش کریں گے۔

(مرتب)

یوپی میں تعلیم بالغان ابھی حال میں یوپی کے تعلیمی توسیعی شعبہ کے مہم خواندگی کی ۱۹۳۹ء کی رپورٹ شائع ہوئی ہے۔ اس کی تلخیص ہم ذیل میں درج کرتے ہیں۔

خواندگی کی رسم افتتاح ۱۵ جنوری ۱۹۳۹ء کو، گورنر، وزیر اعظم اور صوبوں کی مختلف جماعتوں اور پارٹیوں کے لیڈروں کے پیامات کے ساتھ ادا کی گئی یوم خواندگی، عوام کی توجہ اور رغبت کو اس اسکیم کی طرف متوجہ کرنے میں بہت کامیاب رہا۔

گو تعلیمی توسیعی پروگرام کا یہ پہلا سال تھا اور تنظیم کے بہت سے مسائل پیدا ہو گئے تھے، لیکن پھر بھی اس صوبہ کا نتیجہ دوسرے صوبوں سے بہت اچھا رہا۔ اس ایک سال میں خواندگی کی سند حاصل کرنے والوں کی مجموعی تعداد ۲۷۶۶۰۴ اور دستخط کرنے والوں کی کل تعداد ۱۵۳۲۵۱ تھی۔ اور ایسے ناخواندہ لوگوں کی تعداد جنھیں اخبارات پڑھکر سنائے گئے ۱۵۲۳۱۴۶۴ تھی یہ شاندار نتیجہ اس سے زیادہ رہا جو شعبہ کی طرف سے پورے صوبہ کے لئے معین کیا گیا تھا بعض ضلعے مثلاً بریلی اور بجنور اپنے حصہ کو پورا نہ کر سکے مگر دوسرے اضلاع مثلاً علی گڑھ اور کانپور نے اپنے معینہ حصے سے کہیں زیادہ کام کیا۔ خواندوں کی مجموعی تعداد معینہ تعداد سے ۰ ہ زیادہ رہی مہم صرف ایک حیثیت سے مایوس کن ثابت ہوئی۔ "ہر ایک ایک شخص کو پڑھائے" کی مہم کے مطابق ان لوگوں کو، دو روپے فی شخص ادا کرنے ہوتے ہیں جو ایک سال میں ایک شخص کو پڑھانے کا عہد کرنے سے قاصر ہیں۔ ایک لاکھ تعداد میں سے، جنہوں نے دو روپے دینے کا وعدہ کیا تھا، صرف پانچویں حصے یعنی ۲۰ ہزار نے اپنے وعدہ کو ایفا کیا جس کی وجہ سے صرف ۳۸۶۸ روپے وصول ہو سکے اس لئے یہ شعبہ اب دوبارہ اس قسم کا تجربہ کرنے کا ارادہ نہیں رکھتا، دوسرے سال کے لئے، خواندگی کے نشان اور چھوٹے چھوٹے جھنڈے بیچنے کی اسکیم ہے۔

خواندگی کی اسکیم کا اصلی اور مرکزی نقطۂ نظر، بالغوں کے لئے اسکول کھولنا تھا۔ چنانچہ مدارس بالغان بالغوں کے اسکول کے لئے ۱۹۰۰ اساتذہ مقرر کئے گئے۔ اور ہر استاد کو آٹھ سے لیکر دس گاؤں پڑھانے کے لئے دئے

(دیکھئے صفحہ ۴)

حصولِ تعلیم کے وسائل

از جناب مدیر تجمل صاحب استاد تعلیمی مرکز جامعہ

میں نے اپنے گذشتہ مضمون میں نصابِ تعلیم کے متعلق بحث کی ہے اس میں یہ بات ثابت کرنے کی کوشش کی تھی کہ بچے کی تعلیم و تربیت ۔ تو اس کے ذاتی مفاد اور ذاتی ارتقا کو مد نظر رکھ کر ہونی چاہیئے اور نہ ہی سماج یا حکومت کی اغراض کو پورا کرنے کے لیے ۔ بلکہ ایسی ہونی چاہیئے کہ دونوں باتیں لازم و ملزوم نظر آئیں اس کے علاوہ اس امر پر بھی روشنی ڈالی تھی کہ بچوں کی تعلیم و تربیت (جس میں پہلے والدین کا کافی حصہ ہوتا تھا) کی تمام تر ذمہ داری اب اساتذہ پر عاید ہو چکی ہے گویا وہی بچوں کے مستقبل بلکہ قوم اور ملک کے مستقبل کو سنوارنے یا بگاڑنے والے ہیں اگر اب بھی وہی منطقی سلسلۂ تعلیم جاری رکھا جائے تو بچوں کی نشو و نما صحیح طور پر نہیں ہو سکتی ۔ نصابِ تعلیم میں جہاں پہلے چند ایک مضامین شامل تھے اب اور بھی کئی ایک باتیں شامل ہو گئی ہیں صرف پرائمری اسکول کے نصاب پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ استاد کی ذمہ داریاں کس حد تک بڑھ چکی ہیں ۔

اگر ہم تھوڑی دیر کے لیے فرض کر لیں کہ ملک میں کوئی اسکول نہیں ہے تو اس صورت میں ظاہر ہے کہ بچہ تعلیم سے محروم رہے گا ۔ لیکن ایسا نہیں ہے وہ خود اپنے اوپر بہت سی ذمہ داریاں لے لیتا ہے اور ماحول کا اثر بھی قبول کرتا ہے ۔ اچھا ماحول اچھی اور برا ماحول بُری تربیت کرتا ہے ۔ اسکولوں کی عدم موجودگی میں بڑھئی کا لڑکا بڑھئی کا کام سیکھے گا زمیندار نہیں اور پردہ دار گھر کی لڑکی امورِ خانہ داری سے پوری واقفیت حاصل کرے گی لیکن سیر دلی ، سیاست سے بالکل بے خبر ہو گی گویا بچوں کی تعلیم و تربیت کا انحصار ان کے ماحول ، خاندان اور سماج پر ہے ۔ موجودہ زمانہ میں اسکولوں کے قیام کا یقیناً یہی مدعا ہے کہ ہر وہ کام جو بچے کو سیکھنا ہے گھر پر نہیں سکھائے جا سکتے اسکولوں میں سکھائے جائیں زمانۂ قدیم میں بھی اسکولوں کی ضرورت محسوس ہوئی اور وہ مذہبی تعلیم کے لئے قائم کئے گئے تھے ۔ وجہ یہ تھی کہ گھروں میں اس قسم کی تعلیم کا کوئی انتظام نہ تھا اور نہ ہی اس قسم کے حالات موجود تھے کہ اسکولوں کے بغیر بچے مذہبی تعلیم حاصل کر سکتے انگریزی طریقۂ تعلیم کے ماتحت اسکولوں کا اجرا محض اسی لئے ہوا کہ گھروں میں بیٹھ کر بچے انگریزی حکومت کا ہاتھ نہیں بٹا سکتے تھے لیکن اب تو زمانہ ہی بدل چکا ہے ۔ بدل رہا ہے اور معلوم نہیں کب تک بدلتا رہے ۔ آج کی ضروریات آج سے پانچ سال پہلے کی ضروریات سے بالکل مختلف ہیں ۔ لہذا ذمہ داریوں کا بوجھ دن بدن بڑھتا جا رہا ہے ۔ صرف یہی نہیں بلکہ تعلیم و تربیت کے مفہوم مقصد اور حصول میں بے حد تبدیلیاں ہو گئی ہیں گویا اسکول ایک ایسا ذریعہ ہو گیا ہے جہاں بچے کو ہر قسم کی تعلیم دی جائے ۔

ہر قسم کی تعلیم سے میری مراد حصول علم ہے علم اس قدر لا محدود شے ہے جس میں دنیا کی تمام ضرورتیں، واقفیتیں اور حکمتیں شامل ہیں اس کو حاصل کرنے کے لئے دنیا کا ہر فرد کوشش کرتا ہے بعض اس کی جستجو ارادتاً کرتے ہیں اور بعض اس کے نام تک سے بھی آشنا نہیں لیکن پھر بھی کرتے ہیں اور اس پر طرہ یہ کہ کسی چیز کے متعلق علم حاصل کر کے شعوری یا غیر شعوری طور پر خوشی کا اظہار بھی کرتے ہیں جو لوگ اس کی جستجو ارادتاً کرتے ہیں بہت سے ایسے ذرائع عمل میں لاتے ہیں کہ جن سے تکمیل علم ہو سکے۔ مثال کے طور پر حساب کا سیکھنا، لکھنا اور پڑھنا وغیرہ آج تک تو وہ اس کو اصل تعلیم ہی سمجھتے رہے لیکن یہ سب کے سب تعلیم حاصل کرنے کے وسائل تھے حصول علم کے لئے صرف یہی ہرگز کافی نہیں ہو سکتے بلکہ ان کے علاوہ اور بھی بہت سے ذرائع ہیں جن کو عمل میں لائے بغیر تکمیل علم ناممکن ہے وہ ذرائع حسب ذیل ہیں۔

(ا) سننا (ب) مشاہدہ (محسوس کرنا اور سیکھنا) (ج) تعمیر یا ساخت (چیزوں کو بنا کر علم حاصل کرنا) (د) تخیل (ہ) کھیل (و) بولنا اور گفتگو (ز) تعاون یا اشتراک عمل (ح) موسیقی (ط) نقل و حرکت (ی) تصاویر بنانا۔

مندرجہ بالا ذریعوں کو عمل میں لاکر علم تو حاصل کیا جا سکتا ہے لیکن عمل میں لانا ذرا دشوار ہے۔ اس کے لئے ضروری ہے کہ بچے کے اندر خاص جذبات پیدا کئے جائیں مثلاً محبت۔ وفاداری (اسکول، قوم اور مذہب کے ساتھ) محنت، خدا کی تعظیم ذہنی اور جسمانی صحت کا خیال رکھنا اسکول میں اچھا ماحول پیدا کر کے بہترین رویہ اختیار کرنے کی کوشش کرنا اساتذہ کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنا وغیرہ وغیرہ اساتذوں کے لئے بھی لازم ہے کہ وہ بچوں کے ساتھ اچھا سلوک روا رکھیں اور ان میں علم کی قدر دانی کا جذبہ پیدا کریں کیونکہ بچے میں جب غم یا تفکر کے اثرات پائے جائیں تو تعلیم دینا مشکل ہی نہیں بلکہ ناممکن ہو جاتا ہے۔

علم کو مرکزی حیثیت دے دینے کے بعد اگر اس کو دو بڑے حصوں میں تقسیم کر دیا جائے تو معلوم ہوگا کہ ہمارے تمام ذرائع تعلیم اس کے چھوٹے چھوٹے جزو بن کر رہ جائیں گے۔

۱۔ علم الاشیاء

۲۔ علم الانسان

آیئے ہم ان دونوں پہلوؤں پر یکے بعد دیگرے غور کریں

دنیا کی ان تمام اشیاء کا علم جو روزمرہ بچے کے مشاہدے میں آتی اور روز بروز ترقی کرتی جاتی ہیں مثلاً گھر گھر کی چیزیں۔ گردو نواح کھانے پینے کی چیزیں، استعمال کی چیزیں، چاند، تارے، سورج، سورج کا غروب ہونا اور طلوع ہونا وغیرہ سب اسی میں شامل ہیں۔ گویا ہر وہ شے جسے بچے کی عقل تسلیم کر سکتی ہے بچہ اسے سمجھنے کی ضرور کوشش کرے۔ اپنے کپڑوں۔ خوراک اور ان تمام اشیاء کے متعلق جو اس کی ضروریات کو پورا کرنے والی ہیں پوری پوری واقفیت رکھے۔ یہی علم علم الاشیاء ہے۔ دوسرے، لوگوں اور اپنی ذات کے متعلق علم حاصل کرنا علم الانسان کہلاتا ہے

اگر ہم ان علوم پر غور کریں جو طلبا روزمرہ اسکول میں حاصل کرتے ہیں تو معلوم ہوگا کہ وہ ان دونوں میں سے کسی نہ کسی ایک سے ضرور متعلق ہوں گے۔ مثلاً تاریخ کا تعلق علم الانسان کے جغرافیہ میں دونوں اجزا شامل ہیں۔ حساب بذات خود کوئی علم نہیں بلکہ ذریعۂ حصول علم ہے البتہ علوم ہندسہ لوگوں کے علم اور جیومیٹری علم الاشیاء سے تعلق رکھتا ہے اور ابتدائی قواعد جمع تفریق ضرب اور تقسیم وغیرہ حساب سیکھنے کے ذرائع ہیں زراعت کا تعلق علم الاشیاء اور باغبانی کا دونوں سے تعلق ہے اس کے بعد سب سے اہم چیز دستکاری ہے اس کا تعلق بھی علم الاشیاء سے ہے کیونکہ اگر ہم دستکاری کے کمرہ میں کاغذ بنانا سکھائیں تو ہم کو یقیناً یہ بھی سکھانا پڑتا ہے کہ کاغذ کے مختلف اجزا کہاں کہاں سے آتے ہیں بعض اسکولوں میں دستکاری بطور فن نہیں سکھائی جاتی بلکہ واقفیت میں اضافہ کرنا مطلوب ہوتا ہے۔ یہ اس صورت سے سکھائی جاتی ہے کہ اگر بچہ ماہر فن نہیں بنایا جاتا تو فن سے واقف ضرور کرا دیا جاتا ہے تاکہ وہ عمل اور تجربہ کی بنا پر ماہر بن سکے

علم الاشیاء اور علم الانسان پر ایک بڑا علم محیط کئے ہوئے ہے یعنی علم الٰہیات اس میں ہم جس قدر عبور حاصل کرتے جائیں گے اتنا ہی ہمارا علم ان دونوں کے متعلق زیادہ واضح ہوتا چلا جائے گا۔ گویا اس کی اہمیت سب سے زیادہ ہوئی۔ اگر ایک طالب علم بڑا ہو کر تعلیم یافتہ ہونے کے باعث کسی کے جعلی دستخط بنا کر دھوکا دے سکے تو اس کے علم حاصل کرنے کا کچھ فائدہ نہیں یا یونیورسٹی کا گریجویٹ ہو کر مہذب ڈاکو کہلائے تو ایسی تعلیم بالکل بے سود ہے لہٰذا ایک ایسے علم کی ضرورت ہے جو ان دونوں علوم کے ساتھ ساتھ ان پر چھا رہا ہے جہاں نوجوان تعلیم یافتہ ہو کر نکلیں وہاں روحانی طور پر بھی تربیت یافتہ ہوں۔ اگر ان کو بچپن ہی سے مذہبی تعلیم سے ماحر رکھا جائے تو بہت اچھا ثابت ہو سکتا ہے مذہبی تعلیم سے میری مراد مذہبی جنون کا پیدا کرنا نہیں ہے بلکہ اس قسم کی روح کا پیدا کرنا ہے جس سے بنی نوع انسان کو فائدہ پہنچ سکے۔ مثال کے طور پر اگر بچوں کو مکھی کے متعلق واقفیت بہم پہنچائی گئی ہے تو ان کے لئے لازم ہے کہ جہاں وہ خود مکھی سے پرہیز کریں۔ وہاں اپنے گاؤں کے جاہل طبقہ کو بھی اس امر سے باخبر کریں۔ اگر وہ ایسا نہ کریں تو یوں سمجھنا چاہیئے کہ انھوں نے صحیح تعلیم ہی حاصل نہیں کی گویا اپنے علم کی بنا پر دوسروں کی مدد کرنا علم الٰہیات میں شامل ہے بالفاظ دیگر جب تک بچے کی روحانی تربیت ٹھیک طور پر نہیں ہوتی اس وقت تک ہم اس کے علم کو مکمل نہیں کہہ سکتے۔

اب قابل غور امر یہی ہے کہ حصول علم کے لئے جن ذریعوں کا ذکر کیا گیا ہے وہ کہاں تک صحیح ہیں اور بچوں کی نفسیات کا مشاہدہ کرتے ہوئے ان سے کس قدر استفادہ کیا جا سکتا ہے۔

ابھی تک پرائمری اسکولوں میں حساب اور لکھنے پڑھنے کو خاص طور پر ترجیح دی جاتی تھی حالانکہ ہمارا روزمرہ کا مشاہدہ ہے کہ اگر کوئی بچہ کسی نئی جگہ آتا ہے تو وہاں کی چیزوں کو نہایت توجہ اور غور سے دیکھتا ہے۔ اگر موقع ملے تو کسی چیز کو اٹھا کر الٹ پلٹ کر بلکہ بعض اوقات توڑ پھوڑ کر اپنی قوت تجسس اور دیگر کئی ایک جبلیات کو تسکین پہنچاتا ہے

اگر اس کو واقعی اس کا پیدائشی حق تسلیم کر لیا جائے تو حصول علم میں یقیناً اس کے ذاتی مشاہدے کو بہت دخل ہونا چاہئے اسی طرح جب بچہ اپنے ذاتی مشاہدے کی بنا پر کچھ واقفیت حاصل کرتا ہے تو اس کو بھی تعلیم میں دخل دیا جانا چاہیئے اور اس واقفیت کو جہاں وہ لکھنے کے ذریعہ ظاہر کر سکتا ہے پڑھنے کے ذریعہ زیادہ توقع کی جا سکتی ہے جہاں حساب کے سوال نکلوا کر اس کی ذہنی تربیت مطلوب ہے اس کو کچھ نہ کچھ بنانے اپنے خیالات کو واضح کرنے اور کسی خاص مقصد کے لئے سوچنے کا کام سپرد کیا جا سکتا ہے اس کے کھیل کو کسی مقصد کی تشکیل دی جا سکتی ہے جسے وہ کھیل ہی سمجھتا ہوا یا یہ تکمیل تک پہنچا دے جد وجہد میں بڑے بڑے مستقل مزاجوں کو مات کر دے وہ حصول مقصد کے لئے دوسروں سے تعاون اور اشتراک عمل سے کام لے مشکلات کو ٹھکراتا ہوا ان پر عبور حاصل کرے اور اسی دوران میں آئندہ زندگی کی کشمکش میں پڑنے کی تیاری کرے۔ وہ گھر اور اسکول میں کوئی امتیاز نہ کرے بلکہ آزادانہ طور پر بحث کر سکے۔ اپنی بھلائی برائی، نفع نقصان اور ممکن و ناممکن کا موازنہ کر سکے۔ گویا وہ اپنی محدود دنیا میں رہتا ہوا اس کی تنگی کا اندازہ نہ کر سکے بلکہ بچپن سے بڑھاپے تک اس کو اپنی دنیا برابر وسیع نظر آتی رہے۔

بعض لوگوں کا خیال ہے کہ اس قسم کے مشاغل تضیع اوقات کا باعث ہوتے ہیں اس میں شک نہیں کہ لکھنا پڑھنا اور حساب علم حاصل کرنے کے اہم زینے ہیں اور ان کو ضرور سکھانا چاہیئے لیکن سارا وقت ان ہی میں صرف کر دینا بھی مناسب نہیں کیونکہ وہ دوسری چیزیں جنہیں فضول سمجھا جاتا ہے کچھ کم اہمیت نہیں رکھتیں سرایڈم نے کئی سال گذرے انگلستان کے اسکولوں کی نسبت کہا تھا کہ وہ اسکول جہاں ان تینوں مضمونوں پر ہی تمام وقت صرف کیا جاتا ہے اور کسی فضول چیز پر غور نہیں کیا جاتا یقیناً وہ کامیاب ہیں اور وہ اسکول جو ان فضولیات کے لئے زیادہ وقت نکالتے ہیں بہترین اور خوشگوار نتائج پیدا کرنے کا باعث بنتے ہیں یہ بات صرف سرجان ایڈم ہی نے تسلیم نہیں کی ہے بلکہ اب بھی جب کہ نصاب میں ترمیمیں کی گئی ہیں اس قسم کے متعدد مشاغل کو دخل دیا گیا ہے یہاں تک کہ ایک صاحب کا خیال ہے کہ سڑک پر بائیں طرف چلنے کی عادت ڈالنا بھی نصاب میں شامل ہونا چاہیئے اور کسی چیز کے پانے پر شکریہ ادا کرنا پہلی جماعت کے بچوں کو سکھانا بے حد ضروری ہے اس قسم کی بہت سی ایسی چیزیں ہیں جن کو سن کر تعجب ہوتا ہے لیکن اگر غور کیا جائے تو فی زمانہ اسی قسم کی تعلیم اور ایسے ہی نصاب تعلیم کی ضرورت ہے۔

آگرہ کا تعلیمی اور تفریحی سفر

از جناب رشید نعمانی صاحب استاد تعلیمی مرکز جامعہ

گذشتہ مہینے تعلیمی مرکز کے ابتدائی پنجم اور ششم کے طالب علموں نے بعض اساتذہ کی نگرانی میں آگرہ وغیرہ کے تاریخی مقامات کی سیر کی۔ اس سفر کا تفریح کے علاوہ ایک تعلیمی پہلو بھی تھا جسے ذیل کے مضمون میں اجاگر کرنے کی کوشش کی گئی ہے تاکہ دوسرے ابتدائی مدارس اس قسم کے سفر کرتے وقت ان تجربوں سے استفادہ کر سکیں (مرتب)

ابتدائی پنجم اور ششم کی نئی اور پرانی دونوں درسی کتابوں میں مغل بادشاہوں اور اُن کی اکثر عمارتوں کے تذکرے ہیں اور ایک کتاب میں تو آگرہ اور وہاں کی عمارتوں کے متعلق ایک پورا سبق ہی ہے۔ پڑھاتے وقت امکانی حد تک زبانی اور تصویروں اور نقشوں وغیرہ کے ذریعہ ہر استاد یہ کوشش کرتا ہے کہ طالب علم جو کچھ پڑھے اسے اچھی طرح سمجھ لے اور یاد کر لے مگر ان سب سے زیادہ مفید اور موثر وسیلہ کسی چیز کو ذہن نشین کرانے کا مشاہدہ ہے۔

چنانچہ آگرہ کا سبق پڑھاتے وقت جب اکبر، جہانگیر اور شاہجہاں کا ذکر آیا اور اُن کی بنوائی ہوئی عمارتوں کا حال بچوں نے پڑھا اور ان کو یہ بھی معلوم ہوا کہ ان بادشاہوں کی وہ یادگاریں ابھی باقی ہیں نیز ان کے استحکام اور خوبصورتی میں زیادہ فرق واقع نہیں ہوا ہے انہیں، ان کے دیکھنے کا جی چاہا۔ اس خیال سے اور بھی کہ ہندوستان میں رہ کر اور خاص کر دلی میں رہتے ہوئے آگرہ تک جانا اور ان قابل دید عمارتوں کو دیکھنا چنداں دشوار نہیں۔

بچوں کے بڑھتے ہوئے ولولے امنگ اور شوق سفر، استادوں کے سامنے مشاہدہ کا موقع اور ضرورت اس کے علاوہ جماعت کے کمرے اور مدرسے کی فضا سے کچھ دیر کے لئے الگ ہو کر تعلیم و تربیت کی اہمیت اور اس کے سامان غرض یہی باتیں یا محرکات جمع ہو گئے اور پانچویں اور چھٹی جماعتوں کے اسباق اور اشتیاق کو ملا جلا کر ایک سفر کا خاکہ تیار کیا گیا اس کوشش اور منصوبے کے ساتھ کہ یہ سفر نہ تو صرف تفریحی رہے اور نہ تمام تر تعلیمی بلکہ ایک ہی سلسلے اور ایک ہی وقت میں دونوں فائدے حاصل رہیں۔

سفر شروع کرنے سے پہلے دونوں جماعتوں میں آگرہ وغیرہ کی عمارتوں کے سبق پڑھائے گئے اور اُن کے متعلق درسی اور دوسری معیاری کتابوں سے زیادہ سے زیادہ مفید اور ضروری معلومات بچوں کو حاصل کرائی گئیں نہ صرف زبانی بلکہ پڑھائی ہوئی باتوں کو اچھی طرح یاد کرانے کی غرض سے بتائی ہوئی باتوں کو لکھانے کی کوششیں کی گئیں اور جس جگہ یا جس عمارت پر جس طالب علم کا مضمون بہتر ہوتا اسے ایک وال پیپر کے ذریعے نمایاں کیا جاتا۔ عمارتوں اور مقامات کے متعلق

مضامین کے علاوہ بچوں سے تصویریں بھی جمع کرائی گئیں اور انھیں وال پیپر کے ذریعہ شائع کیا گیا۔ اس طرح سفر کے لئے روانہ ہونے سے پہلے ہی ابتدائی جماعت اور ششم کے لکھے ہوئے مضامین اور تصویروں کے ذریعہ سکندرہ، آگرہ اور فتح پور سیکری کی تمام قابل دید عمارتوں اور دوسری چیزوں کے متعلق تفصیلی معلومات کا ایک مناسب ذخیرہ فراہم ہوگیا۔ وال پیپر کا یہ سلسلہ متعلقہ جماعتوں کے علاوہ مدرسے کی اور جماعتوں کے لئے بھی واقفیت، دلچسپی اور تعلیم کا سبب رہا۔

قبل اس کے کہ یہ سفر شروع ہو، جیسا میں نے اوپر ذکر کیا ہے۔ ہمارے پیش نظر یہ چیز رہی کہ اس سفر کے تعلیمی اور اور تفریحی پہلوؤں کو کسی جگہ بھی ایک دوسرے سے بالکل الگ نہ ہونے دیں بلکہ ابتدا سے لے کر آخر تک یا روانگی سے لے کر واپسی تک ہمارا ہر وہ طالب علم جو اس سفر میں شریک ہے۔ سیر و تفریح کے ساتھ ساتھ وہ اپنے کسی پسندیدہ مشغلے یا کام سے بھی وابستہ رہے اس کے لئے ہم نے یہ کیا کہ سفر کا سارا کام مثلاً کھانا پینا، گھومنا پھرنا، آرام و آسائش، کھیل کود اور دیکھ بھال کا سارا انتظام اور اہتمام مرتب کر کے طالب علموں ہی کو ان سب کا منتظم اور مہتمم بنا دیں اور استاد صرف ان کی نگرانی یا مشورہ کے لئے رہیں۔

چنانچہ تمام منتشر اور متفرق کاموں کے لئے جو کمیٹیاں بنائی گئیں ان کی کل تعداد نو تھی ہر تین کمیٹیوں پر ایک استاد نگراں یا مشیر مقرر ہوا۔ بچوں کی فطری اور ذہنی صلاحیتوں کا لحاظ رکھتے ہوئے اور اُن کے شوق اور شغف کے مطابق خدمتیں اس کے سپرد کی گئی تھیں۔ اس صورت سے ہمارے تمام بچے جن کی تعداد پچاس کے قریب تھی سب کے سب کسی نہ کسی کام اور مشغلے سے متعلق رہے۔

صبح اور شام کے ناشتے اور کھانے کے انتظام کے علاوہ جو اور کمیٹیاں بھی تھیں جن کے نام اور کام ملاحظہ ہوں۔

سامان کمیٹی :- سفر کرنے والوں کا تمام سامان لاری تک پہنچانا اور اس کو قیام گاہ پر جا کر اتروانا۔

انتظام قیام - قیام گاہ پر سب کے بستر قرینے سے کرنا بکس اور دوسری چیزوں کو مناسب جگہ پر رکھنا صفائی اور ترتیب کا اہتمام

تفریحی کمیٹی :- خالی وقت میں کمرے کے اندر بیٹھ کر کھیلنے والے کھیل اور دوسرے دلچسپ مشغلے یا اسی قسم کی چیزیں اس کمیٹی کے تحت میں تھیں اور مناسب وقت اور موقع پر یہ لوگ ان چیزوں کو آپس میں تقسیم کرتے تھے اور اُن کو احتیاط سے اٹھا کر رکھ لیتے۔

ادبی کمیٹی :- سفر میں کئی جگہیں اور عمارتیں ایسی تھیں جہاں طلبہ اپنے مضامین اور نظمیں وغیرہ سنانے والے تھے۔ اس کا انتظام اور اعلان اس کمیٹی کے ارکان کے سپرد تھا۔

خدائی خدمت گار :- وقتی اور فوری ضرورت کے لئے چند دوائیں۔ کچھ مرہم اور پٹیاں وغیرہ اس کمیٹی کے مانیٹر کے پاس ہر وقت موجود رہتی تھیں کسی کی کوئی چیز ادھر سے اُدھر ہو جائے یا کہیں کوئی رکھ کر بھول جائے تو اس کمیٹی کے ممبر اسے اٹھا کر حفاظت سے رکھ لیتے اور دریافت کر کے جس کی چیز ہوتی اس تک پہنچا دیتے۔ سفر کے دوران میں

اگر کسی کو کوئی بات دریافت کرنا ہوتی یا کسی چیز کی ضرورت ہوتی تو اس کے لئے بھی خدائی خدمت گار مخاطب کئے جاتے
مقرر تھیں جہاں جہاں ہم لوگوں کو جانا تھا یا جن جگہوں کی سیر مقصود تھی اور کھانے پینے کے لئے جو جگہیں اور اوقات مقرر
ہوئے تھے اس کا ایک باقاعدہ پروگرام سب کے مشورے سے مرتب کرکے چھپوا لیا گیا تھا اور ایک ایک پرچہ سب کو تقسیم
کر دیا گیا تھا اب کسی سفر کرنے والے کے لئے اس کی ضرورت نہ باقی رہی تھی کہ وہ سوچے یا کسی سے پوچھے کہ اب کیا کرنا
چاہئے؟ کس وقت کہاں جائیں گے؟ کیا دیکھیں گے؟ ناشتہ کب ملے گا؟ کھانا کہاں کھایا جائے گا؟ وغیرہ وغیرہ۔ سارا سفر
اور تمام تفریحیں اسی چھپے ہوئے پروگرام کے مطابق رہیں ہمارے ساتھ باوجود اس کے کہ مختلف عمر، مذاق اور معیار
کے بچے تھے اور تعداد بھی زیادہ تھی مگر کسی جگہ ہم کو یہ محسوس نہ ہوا کہ کسی کو کوئی الجھن، فکر، دشواری یا دقت کا سامنا ہوا شوق
اور مستعدی کے ساتھ ہر کمیٹی کا ہر رکن اپنے اپنے کاموں میں مشغول اور منہمک رہا۔ ایک ہی دن میں بچے اپنے کاموں سے
اس درجہ مانوس اور اپنے مشاغل میں ایسے مشاق ہوگئے تھے کہ ان کے نگراں یا استادوں کو بہت کم کسی مشورے یا نگرانی
کی ضرورت پڑتی تھی کھانے کا جو وقت مقرر تھا اس وقت کھانا تیار۔ ناشتہ کی جو ساعت تھی اس سے چند منٹ پہلے
ہی تمام چیزیں موجود۔ سامان کمیٹی کی مستعدی انتظام قیام والوں کا سلیقہ۔ ادبی اور تفریحی کمیٹی والوں کی پابندیاں اور
باقاعدگی، خدائی خدمت گاروں کی قابل تحسین خدمتیں، غرض ہمارا جو مقصد تھا اس میں ہم کو بفضلہ خاطر خواہ کامیابی ہوئی
ہر طالب علم جس کے اندر جس حد تک بھی کسی کام کی صلاحیت تھی، اس کے اظہار اور ابھار کا پورا موقع اسے حاصل ہوا
کتاب اور مدرسے سے الگ ہوکر بھی ہم نے تعلیم اور تربیت کی راہیں اختیار کیں اور ایک حوصلہ افزا تجربہ کے ساتھ۔

۲۲ر کی صبح سے ۲۵ر کی شب (مارچ ۶۳ء) تک ہمارا یہ سفر رہا۔ اس عرصہ میں متھرا، سکندرہ، آگرہ۔
فتح پور سیکری کی تمام قابل دید عمارتیں اور تاریخی چیزیں اچھی طرح دیکھیں۔ ہر عمارت کے قریب پہنچ کر یا اس کے اندر جاکر ہم
اپنے بچوں کو اس کے متعلق ان کے معیار اور فہم کا لحاظ رکھتے ہوئے ضروری باتیں بتلاتے اور سمجھاتے اس کے لئے
ہم نے متعدد کتابیں رکھ لی تھیں۔ کبھی ان سے پڑھ کر سناتے کبھی زبانی بتاتے۔ کہیں کہیں ہم نے لائق اور ماہر رہنماؤں
کی خدمات بھی حاصل کیں اور جو کچھ بچوں کو دکھانا تھا یا ان لوگوں نے دیکھا اس کے بارے میں ان کو اچھی خاصی
معلومات حاصل ہوگئیں اکثر عمارتوں میں پہنچ کر عام لوگ یا سستے قسم کے رہنما اور معمولی معمولی کتابیں دیکھنے والوں کے سامنے
غلط اور بہتان آمیز روایتوں اور واقعات کا ایک انبار لگا دیتے ہیں اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ دیکھنے والوں کے دلوں میں
بجائے حقیقت شناسی اور قدردانی کے تعصب انگیز جذبات پیدا ہو جاتے ہیں۔ آگرہ کی بعض عمارتوں اور خاص کر قلعہ آگرہ کے اندر
ایسی متعدد جگہیں ہیں جن کے متعلق حد درجہ بے بنیاد افسانے مشہور ہیں ہم نے اس بات کی پوری کوشش کی کہ ہمارے بچے ان فضول
باتوں سے ناواقف رہیں اور اپنے اسلاف اور سلاطین کی عظمت اور برتری ان کے دلوں میں گھر کئے رہے۔ ہمارے اس سفر کو کامیاب
اور پرلطف بنانے میں چند مقامی بزرگوں اور کرم فرماؤں کی عنایتوں کا خاص حصہ ہے۔ ہم اُن کے بدل شکرگزار ہیں۔

تحریک حلقہ ہمدردان جامعہ

جدید اضافہ

ذیل میں ہم ایسے ان کرم فرماؤں کے اسمائے گرامی درج کرتے ہیں جو مارچ سنہ۳۶ء میں حلقہ ہمدردان میں شریک ہوئے۔

نمبر شمار	ہمدرد نمبر	اسم گرامی صاحب	نمبر شمار	ہمدرد نمبر	اسم گرامی صاحب	نمبر شمار	ہمدرد نمبر	اسم گرامی صاحب
۱	۱۲۳۴	مرزا نعیم اللہ بیگ صاحب حقانی لکھنؤ	۱۸	۱۲۵۱	محمد عبدالشکور صاحب حیدرآباد	۳۵	۱۲۶۸	سید معین الدین محمد عزیز احمد صاحبان ٹونک
۲	۱۲۳۵	شیخ رحمت اللہ صاحب بی دہلی	۱۹	۱۲۵۲	محمد ولی اللہ صاحب "	۳۶	۱۲۶۹	محمد حسن محمدی صاحب "
۳	۱۲۳۶	شمس الاسلام صاحب	۲۰	۱۲۵۳	معین الحسن صاحب "	۳۷	۱۲۷۰	محمد جمیل ہارون دہلوی "
۴	۱۲۳۷	سید منظور علی صاحب ٹونک "	۲۱	۱۲۵۴	سید تقی الدین صاحب "	۳۸	۱۲۷۱	تاج الدین صاحب "
۵	۱۲۳۸	سید فضل حق صاحب حیدرآباد	۲۲	۱۲۵۵	سید باسط علی صاحب "	۳۹	۱۲۷۲	محمد یحییٰ خاں صاحب "
۶	۱۲۳۹	محمد عبدالقادر صاحب "	۲۳	۱۲۵۶	حاجی محمد حیدر شہاب الدین صاحب گلبرگہ	۴۰	۱۲۷۳	شیخ فضل الٰہی صاحب نیر دہلی
۷	۱۲۴۰	سید عارف الدین صاحب	۲۴	۱۲۵۷	بشیرالدین احمد صاحب "	۴۱	۱۲۷۴	سید عبداللہ شاہ صاحب "
۸	۱۲۴۱	محمد صفی اللہ صاحب عثمان آباد	۲۵	۱۲۵۸	حیدر سلیم صاحب اورنگ آباد	۴۲	۱۲۷۵	ابراہیم کریم بخش صاحب کورد
۹	۱۲۴۲	فضل حق خاں صاحب محمدآباد بیدر	۲۶	۱۲۵۹	محمد افضل الدین فاروقی صاحب آرمور	۴۳	۱۲۷۶	احمد سلیمان مرزا اینڈ برادر مکہ
۱۰	۱۲۴۳	سید محمود صاحب صوفی حیدرآباد	۲۷	۱۲۶۰	مولا بخش محمد خاں صاحبان کلکتہ	۴۴	۱۲۷۷	محمد بشیر صاحب محی الدین پور گیا
۱۱	۱۲۴۴	سید ہاشم علی صاحب "	۲۸	۱۲۶۱	محمد علی صاحب قریشی "	۴۵	۱۲۷۸	لیڈی راس مسعود صاحبہ علی گڑھ
۱۲	۱۲۴۵	حکیم احمد محی الدین صاحب انصاری "	۲۹	۱۲۶۲	عملہ ریڈیو ہاؤس معرفت محمد مجیب صاحب دہلی	۴۶	۱۲۷۹	حکیم نواب احمد صاحب الہ آباد
۱۳	۱۲۴۶	محمد عبدالغفار صاحب حمایت نگر "	۳۰	۱۲۶۳	غلام صابر صاحب "	۴۷	۱۲۸۰	اسرار الٰہی صاحب بارہ بنکی
۱۴	۱۲۴۷	حامد علی صاحب "	۳۱	۱۲۶۴	شیخ محمد عظیم صاحب "	۴۸	۱۲۸۱	حامد علی صاحب "
۱۵	۱۲۴۸	محمد صدیق حسین صاحب "	۳۲	۱۲۶۵	محمد جمیل صاحب "	۴۹	۱۲۸۲	احمد علی خاں صاحب لکھنؤ
۱۶	۱۲۴۹	محمد مظہر الدین صدیقی صاحب "	۳۳	۱۲۶۶	نورالحسن ہاشمی صاحب "	۵۰	۱۲۸۳	سید جلیل احمد اشرفی صاحب "
۱۷	۱۲۵۰	سید غلام محمد صاحب ناگپور	۳۴	۱۲۶۷	محمد احمد خاں صاحب مکہ	۵۱	۱۲۸۴	سید عباد علی صاحب "

نمبر شمار	ہمدرد نمبر	اسم گرامی جناب	نمبر شمار	ہمدرد نمبر	اسم گرامی جناب	نمبر شمار	ہمدرد نمبر	اسم گرامی جناب
۵۲	۳۸۵	محمد عمران خاں صاحب مدنی لکھنؤ	۵۹	۳۹۲	مولوی وحید الدین صاحب اے بریلی	۶۶	۳۹۹	ملک فضل حق صاحب جموں
۵۳	۳۸۶	محمد یعقوب حسن خاں صاحب بیدراری	۶۰	۳۹۳	محمود حسن خاں صاحب "	۶۷	۴	محمد یٰسین صاحب دہلی
۵۴	۳۸۷	محمد حسن خاں صاحب بریلی	۶۱	۳۹۴	راحت حسین صاحب "	۶۸	۴۱	حاجی عبد العزیز صاحب "
۵۵	۳۸۸	میر الدین صاحب "	۶۲	۳۹۵	محمد خلیل خاں صاحب "	۶۹	۴۲	مولانا محمد صاحب "
۵۶	۳۸۹	ریاست حسین صاحب "	۶۳	۳۹۶	سید وصی رضا صاحب "	۷۰	۴۳	شجاعت علی صدیقی صاحب "
۵۷	۳۹۰	شیخ اشفاق احمد صاحب "	۶۴	۳۹۷	محمد رحمت علی صاحب "	۷۱	۴۴	حمید ہ ایم یوسف صاحب "
۵۸	۳۹۱	نہال حسن خاں صاحب "	۶۵	۳۹۸	وحید احمد صاحب "			

مستقل امداد و عطیات

ذیل کی رقوم جو مارچ ۱۹۴۷ء میں ہمیں اپنے منتظمین اور سفراء کی معرفت وصول ہوئی ہیں درج رجسٹر ہو چکی ہیں اندراجات میں صحت کا خیال رکھا جاتا ہے اگر کوئی غلطی رہ گئی ہو تو اطلاع کیجئے۔ دفتر ممنون ہوگا

اس سلسلہ میں یہ بات ملحوظ خاطر رہنی چاہیئے کہ مہینے کے آخری دنوں کی وصولیابی بعض دفتری مجبوریوں کی وجہ سے دوسرے مہینہ میں محسوب ہوتی ہے اس لئے اگر بعض حضرات کے نام اس فہرست میں نہ ہوں تو انہیں آئندہ اشاعت کا انتظار کرنا چاہیئے۔ — ر۔ س

مارچ ۱۹۴۷ء

دہلی و نئی دہلی

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
۱	۲۸۱	شاہد علی اینڈ برادرس دہلی	صہ/	۶	۳۰	شمس الاسلام صاحب نئی دہلی	عہ/	۱۱	۲۲۷۳	محمد عبد الخالق شمس الدین صاحب ملتان	عا/
۲	۲۸۲	ممنون احمد صاحب "	صہ/	۷	۳۲	محمد شاہد صاحب "	للعہ	۱۲	۲۲۷۴	رئیس خاں عبد الحمید خاں صاحب بیان	عا/
۳	۲۰۶	شیخ رحمت اللہ صاحب "	ے/	۸	۳۲۱	شیخ محمد عظیم صاحب دہلی	سے/	۱۳	۲۲۷۴	مدیر حسین صاحب دہلی	عہ/
۴	۲۲	خواجہ عبد الحمید صاحب "	سے/	۹	۳۲	حمیدہ ایم یوسف صاحب "	عہ/	۱۴	۲۲۷۵	محمد انیس صاحب "	عہ/
۵	۲۰۶	سید منظور علی نقوی صاحب "	سے/	۱۰	۳۳۳	ح طاہرہ ڈاکٹر عابد حسین صاحب	صہ/	۱۵	۲۲۷۶	تعظیم الحق صاحب "	عہ/

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی صاحبان	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
۱۶	ڈی ۲۲۷۷	حشمت اللہ صاحب دہلی	۴ر	۴۰	ڈی ۲۳۸۷	لالہ مومن چودھری مہر دین صاحبان "	عہ	۶۴	ڈی ۲۲۶۱	آغا حسین صاحب دہلی	۱۰ر
۱۷	۲۲۷۸ "	حکیم حامد میاں صاحب "	۴ر	۴۱	۲۳۸۸ "	محمد احسن صاحب "	۸ر	۶۵	۲۲۶۲ "	ایس محمد یوسف صاحب "	۸ر
۱۸	۲۲۷۹ "	شیخ عبدالمجید صاحب "	عہ ر	۴۲	۲۳۸۹ "	محمد شفیع صاحب "	۸ر	۶۶	۲۲۶۳ "	بیگم محمد یعقوب صاحب "	۸ر
۱۹	۲۲۸ "	سید محمد شفیع صاحب "	۲ر	۴۳	۲۳۹ "	فضل الحق صاحب "	۴ر	۶۷	۲۲۶۴ "	سید غلام حسنین صاحب "	عگر
۲	۲۲۸۱ "	حکیم شریف الدین خاں صاحب "	۴ر	۴۴	۲۳۹۱ "	سید سجاد علی صاحب "	عہ	۶۸	۲۲۶۵ "	محمد رفیق صاحب "	عہ
۲۱	۲۲۸۲ "	سعید الرحمٰن صاحب	۴ر	۴۵	۲۳۹۲ "	محمد علی صاحب "	۸ر	۶۹	۲۲۶۶ "	احمد اسلام خاں صاحب "	عہ ر
۲۲	۲۲۸۳ "	سید سلیم الدین صاحب "	۴ر	۴۶	۲۳۹۳ "	سید شمس الدین صاحب "	۸ر	۷۰	۲۲۶۸ "	میاں محمد رفیق صاحب "	صہ ر
۲۳	۲۲۸۴ "	حکیم کبیر الدین صاحب "	عگر	۴۷	۲۳۹۴ "	سید حفیظ الدین صاحب "	۸ر	۷۱	۲۲۶۹ "	عیوض خاں محمد اسمٰعیل صاحبان "	صہ ر
۲۴	۲۲۸۵ "	عبداللطیف صاحب "	عہ ر	۴۸	۲۳۹۵ "	آغا محمد امین صاحب "	عہ ر	۷۲	۲۲۷ "	عبدالحمید صاحب "	ے ر
۲۵	۲۲۸۶ "	قدیر اعظم صاحب "	۸ر	۴۹	۲۳۹۶ "	راحت حسین صاحب "	صہ ر	۷۳	۲۲۷۱ "	محمد اسمٰعیل صاحب "	۴ر
۲۶	۲۲۸۷ "	ریاض الحسن صاحب "	۴ر	۵	۲۳۹۷ "	میر عزیز الدین صاحب "	عہ ر	۷۴	۲۷ "	محمد یٰسین صاحب "	۴ر
۲۷	۲۲۸۸ "	قدیر الدین احمد صاحب "	سہ	۵۱	۲۳۹۸ "	حکیم عبدالحمید خاں صاحب "	صہ ر	۷۵	۲۷۱ "	مولانا محمد صاحب "	عہ ر
۲۸	۲۲۸۹	محمد صاحب "	عہ ر	۵۲	۲۱۹۹ "	ارشاد حسین صاحب نعمانی "	۴ر	۷۶	۲۷۲ "	حاجی عبدالعزیز صاحب "	۴ر
۲۹	۲۲۹	شہاب الدین محمد دین صاحبان	۴ر	۵۳	۲۴ "	مفتی حفیظ احمد صاحب "	۴ر	۷۷	۱۸۶ "	عبدالرب صاحب "	عگر
۳	۲۲۹۱ "	خواجہ غلام السبطین صاحب	عہ ر	۵۴	۲۲۵۱ "	حاجی عبداللہ خاں صاحب "	عگر	۷۸	۱۸۶۱ "	حافظ عبدالحکیم صاحب "	معہ
۳۱	۲۲۹۰	ایم اکرام الدین صاحب	۴	۵۵	۲۲۵۲ "	رحمت اللہ خاں صاحب "	۴ر	۷۹	۱۸۶۲ "	ایم طفیل محمد صاحب "	۸ر
۳۲	۲۲۹۳	اتیک فضل الرحمٰن صاحب	صہ ر	۵۶	۲۲۵۳ "	میاں غلام علی خاں صاحب "	۴ر	۸	۱۸۶۳ "	خواجہ غلام یٰسین صاحب "	سے
۳۳	۲۲۹۴ "	محمد شفیع محمد جلیل صاحبان "	عہ	۵۷	۲۲۵۴ "	محمد ابراہیم صاحب "	۲ر	۸۱	۱۸۶۴ "	سید مرتضٰی علی صاحب "	ے ر
۳۴	۲۲۹۵	حافظ عبدالجلیل صاحب	۲ر	۵۸	۲۲۵۵ "	شمس الدین صاحب "	۴ر	۸۲	۱۸۶۵ "	بیگم سید حامد علی صاحب مرحوم "	سے ر
۳۵	۲۲۹۶ "	عبدالرحمٰن عبدالرحیم صاحبان "	عہ ر	۵۹	۲۲۵۶ "	شیخ عبدالرشید صاحب "	۸ر	۸۳	۱۸۶۶ "	محمد اشرف صاحب "	۸ر
۳۶	۲۲۹۰ "	سراج الدین صاحب "	۴ر	۶	۲۲۵۷	عبدالرحمٰن صاحب "	۸ر	۸۴	۱۸۶۷ "	شیخ کریم بخش صاحب "	عگر
۳۷	۲۲۹۸ "	قادر بخش مولا بخش صاحبان "	ے ر	۶۱	۲۲۵۸ "	قاری عبدالجبار صاحب "	عہ ر	۸۵	۱۸۶۸ "	عبدالحق صاحب "	۸ر
۳۸	۲۲۹۹ "	خورشید عالم صاحب "	عہ ر	۶۲	۲۲۵۹ "	عملہ ریڈیو آفس "	عگر	۸۶	۱۸۶۹ "	عبدالرحمٰن صاحب "	۸ر
۳۹	۲۴ "	سید عبداللطیف شاہ صاحب "	۸ر	۶۳	۲۲۶۰ "	خواجہ سرور حسن صاحب "	عگر	۸۷	۱۸۷ "	معصوم علی صاحب "	۸ر

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
۸۸	ڈی ۱۸۶۱	میاں محمد صاحب دہلی	۶/	۱۴	۲۲۲۹ ڈی	محمد عبدالقوی صاحب لکھنؤ	۶/	۳۸	۲۲۵۳ ڈی	شیخ منیر الدین صاحب رائے بریلی	عہ/
۸۹	۱۸۶۲ "	تاج الدین صاحب "	عہ/	۱۵	۲۲۳ "	سراج حسین صاحب "	۶/	۳۹	۲۲۵۴ "	محمد حسن خالصاحب	عہ
۹۰	۱۸۶۴ "	ملک غلام حیدر صاحب "	۸/	۱۶	۲۲۳۱ "	قمر الحسن صاحب مارہرہ	۸/	۴۰	۲۲۵۵ "	پنڈت جواہر لال صاحب بھوالی	سے/
۹۱	۱۸۷۴ "	محمد عبود صاحب "	۸/	۱۷	۲۲۳۲ "	وسیم صاحب "	۱۲/	۴۱	۲۲۵۶	ایس ایم عبدالحق صاحب "	صہ/
۹۲	۱۸۷۵ "	غلام قادر صاحب "	۸/	۱۸	۲۲۳۳ "	اہلیہ اطہر حسن صاحب "	عہ	۴۲	۲۲۵۷ "	محمد یونس صاحب "	سے/
۹۳	۱۸۷۶ "	سید ضمیر الحسن صاحب سلی "	۸/	۱۹	۲۲۳۴ "	حسن علی صاحب "	۴/	۴۳	۲۲۵۸ "	عبدالحمید صاحب "	۸
۹۴	۱۸۷۷ "	آغا علی مصطفیٰ صاحب "	۳/	۲	۲۲۳۵ "	اسرار الہی صاحب "	عہ	۴۴	۲۲۵۹ "	محمد احمد صاحب کاظمی "	۶/
۹۵	۱۸۷۸ "	سید محمد ذاکر صاحب "	۴	۲۱	۲۲۳۶ "	حامد علی صاحب	سے	۴۵	۲۲۶ "	مقتدر کلیم الرحمن صاحب "	۶/
۹۶	۱۸۷۹ "	حبیب الرحمن صاحب "	۴/	۲۲	۲۲۳۷ "	ملک علی افضل صاحب	سے/	۴۶	۲۲۶۱ "	ذوالفقار اللہ صاحب "	یسہ/
		میزان [illegible]		۲۳	۲۲۳۸ "	شیخ زین العابدین صاحب "	سے/	۴۷	۲۲۶۲ "	فخر الاسلام صاحب "	عہ ۸/
		یو پی		۲۴	۲۲۳۹	عبدالعلیم صاحب اسراری لکھنؤ	۶/	۴۸	۲۲۶۳ "	محمد رشید علی صاحب ریدی "	سے/
۱	۲۸۶	ذوالفقار احمد صاحب صدیقی رامپور	۸/	۲۵	۲۲۴	اسحاق علی صاحب "	سے/	۴۹	۲۲۶۴ "	عبدالکبیر خالصاحب	سے
۲	۳۰۱	سید درج حیدر صاحب شمس آباد	سے/	۲۶	۲۲۴۱ "	حکیم محمد امین صاحب	للعہ	۵۰	۲۲۶۵	ایم اے [illegible] صاحب	عہ/
۳	۳۱۴	بیگم مصباح الاسلام صاحب کانپور	عہ/	۲۷	۲۲۴۲ "	عظمت الرحمن صاحب "	عہ/	۵۱	۲۲۶۹ "	حسین محی الدین صاحب "	عا
۴	۳۲۷	محمد وسیم صاحب لکھنؤ	سہ/	۲۸	۲۲۴۳ "	قطب الدین عبدالوالی صاحب	۶/	۵۲	۲۲۷	سید محمد یوسف صاحب	سے
۵	۱۰۰۰ ڈی	ربیع الدین سمیع الدین صاحبان مرادآباد	صہ/	۲۹	۲۲۴۴ "	محمد حصر صاحب سیری "	صہ/	۵۳	۲۲۷۲ "	ڈاکٹر [illegible] رسا احمد صاحب "	سے
۶	۱۰۱۲ "	نعیم الحسن صاحب اٹاوہ	عہ/	۳	۲۲۴۵ "	مشرف رسول صاحب "	۶	۵۴	۲۲۷۳ "	محمد علی نامی صاحب "	صہ/
۷	۱۰۱۳ "	عبدالقیوم صاحب "	عہ/	۳۱	۲۲۴۶ "	وحید الرحمن صاحب "	عہ	۵۵	۲۲۷۴ "	نعیم الرحمن صاحب "	سے/
۸	۱۰۱۵ "	الطاف حسین صاحب "	۶/	۳۲	۲۲۴۷ "	علی حسن صاحب "	۶/	۵۶	۲۲۷۵ "	سید محبوب علی صاحب "	۸/
۹	۲۲۲۴ "	مشیر حسین صاحب لکھنؤ	عہ/	۳۳	۲۲۴۸ "	محمد مصباح الدین صاحب "	عہ	۵۷	۲۲۷۶ "	محمد حفیظ سید صاحب "	سے
۱۰	۲۲۲۵ "	رفیع احمد صاحب قدوائی "	عہ/	۳۴	۲۲۴۹ "	بابر صاحب فتحپوری "	سے/	۵۸	۲۲۷۷ "	نواب احمد صاحب "	۶/
۱۱	۲۲۲۳ "	حکیم عبدالحسیب صاحب "	للعہ/	۳۵	۲۲۵۰ "	سید نصیر الدین احمد صاحب "	عہ/	۵۹	۲۲۸۷ "	سید احمد حسین صاحب "	عہ/
۱۲	۲۲۲۷ "	محمد عبداللہ صاحب "	۶/	۳۶	۲۲۵۱ "	حکیم وحید الدین صاحب رائے بریلی	عہ/	۶۰	۲۲۸۸ "	رکن الدین خاں صاحب [illegible]	سے/
۱۳	۲۲۲۸ "	حکیم شمس الدین صاحب "	عہ/	۳۷	۲۲۵۲ "	وحید احمد صاحب "	۶/	۶۱	۲۲۸۹ "	وحید الرحمن صاحب لکھنؤ	عہ/

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
۶۱	۲۴۴۹ ڈی	عبدالعلیم احراری صاحب لکھنؤ	۶/	۸۶	۲۶۴۹ ڈی	نصیر الدین صاحب علیگڑھ	۸عہ/	۱۱	۲۶۷۴ ڈی	ابرار حسین صاحب میرٹھ	عہ/
۶۳	۲۴۹۱ "	حافظ محی الدین صاحب "	۶/	۸۷	۲۶۵۰ "	محمد حبیب صاحب "	عہ/	۱۱۱	۲۶۷۵ "	سید محمد یحییٰ صاحب "	عہ/
۶۴	۲۴۹۲ "	محمد منصور احمد صاحب "	صہ/	۸۸	۲۶۵۱ "	خاص احمد صاحب غازی آباد	عہ/	۱۱۲	۲۶۷۶ "	مفتی محمد اشفاق صاحب "	۸عہ/
۶۵	۲۴۹۳ "	محمد حنیف صاحب "	۶/	۸۹	۲۶۵۲ "	شیخ احمد علی صاحب "	عہ/	۱۱۳	۲۶۷۷ "	حافظ حفیظ الدین صاحب "	عہ/
۶۶	۲۴۹۴ "	ہارون احمد صاحب "	۶/	۹	۲۶۵۳ "	خالد نصیر صاحب "	عہ/	۱۱۴	۲۶۷۸ "	حافظ محمد اسحٰق صاحب "	۸/
۶۷	۲۵۵۱ "	احمد حسن صاحب "	۶/	۹۱	۲۶۵۴ "	نادر علی اینڈ کو میرٹھ	عہ	۱۱۵	۲۶۷۹ "	عزیز احمد صاحب نظامی "	عہ/
۶۸	۲۵۵۲ "	حبیب اللہ خان صاحب علی گڑھ	عہ/	۹۲	۲۶۵۵ "	محمد مرتضیٰ صاحب صدیقی "	۸عہ/	۱۱۶	۲۶۸ "	سید محمد مختار حسین صاحب "	۶/
۶۹	۲۵۵۳ "	حکیم عبداللہ خان صاحب نصر "	۶/	۹۳	۲۶۵۶ "	محمد یحییٰ صاحب تنہا "	عہ	۱۱۷	۲۶۸۲ "	کیپٹن عطاء اللہ صاحب "	صہ/
۷	۲۵۵۴ "	محمد بابر مرزا صاحب	عہ/	۹۴	۲۶۵۷ "	مفتی محمد طیب صاحب "	عہ/	۱۱۸	۲۶۸۳ "	سید علی احمد صاحب "	۸/
۷۱	۲۵۵۵ "	ابوالہدیٰ صاحب	عہ/	۹۵	۲۶۵۸ "	حاجی شیخ وحید الدین صاحب "	عہ	۱۱۹	۲۶۸۴ "	قاضی عبدالسلیم بخش صاحب "	۸/
۷۲	۲۵۵۶ "	اطہر قدوائی صاحب "	عہ/	۹۶	۲۶۵۹ "	محمد اسمٰعیل صاحب "	عہ/	۱۲	۲۶۸۵ "	سعود صاحب "	۱/
۷۳	۲۵۵۷ "	محمد عقیل صاحب فاروقی	۸عہ/	۹۷	۲۶۶ "	سجاد حسین صاحب رضوی "	۴/	۱۲۱	۲۶۸۷ "	مقصود علی خاں صاحب "	۸/
۷۴	۲۵۵۸ "	محمد رفیق صاحب "	صہ/	۹۸	۲۶۶۱ "	شیخ نصیر الدین صاحب "	عہ	۱۲۲	۲۶۸۸ "	محمد حسین صاحب زیدی "	۱/
۷۵	۲۵۵۹ "	اختر حسین صاحب "	عہ/	۹۹	۲۶۶۲ "	شیخ عبدالغفار صاحب "	۴/	۱۲۳	۲۶۸۹ "	سید لائق علی صاحب "	۴/
۷۶	۲۵۶ "	محمد یونس صاحب	۶/	۱	۲۶۶۴ "	سید عقیل احمد صاحب "	۴/	۱۲۴	۲۶۹ "	ثریا بیگم صاحبہ "	عہ/
۷۷	۲۵۶۱ "	مرزا مقبول بیگ صاحب "	عہ/	۱۱	۲۶۶۵	حافظ فہیم الدین صاحب "	ے/	۱۲۵	۲۶۹۱ "	محمد اسرائیل صاحب "	عہ/
۷۸	۲۵۶۲ "	بیگم رشید احمد صاحب صدیقی "	ے/	۱۲	۲۶۶۶	رضی الدین صاحب "	ے/	۱۲۶	۲۶۹۲ "	ڈاکٹر احمد الدین صاحب "	۶/
۷۹	۲۵۶۳ "	رشید احمد صاحب صدیقی "	ے/	۱۳	۲۶۶۷ "	عبدالصمد صاحب "	عہ/	۱۲۷	۲۶۹۳ "	وحید الحسن صاحب "	عہ/
۸	۲۵۶۴ "	آل احمد صاحب سرور "	للعہ/	۱۴	۲۶۶۸ "	شریف احمد صاحب "	عہ/	۱۲۸	۲۶۹۴ "	طلیس احمد صاحب "	عہ/
۸۱	۲۵۶۵ "	بیگم عبداللطیف صاحب "	۶/	۱۵	۲۶۶۹ "	سید فضل شاہ صاحب "	۶/	۱۲۹	۲۶۹۵ "	ریاض الدین صاحب "	۸/
۸۲	۲۵۶۶ "	سید تنویر علی صاحب "	صہ/	۱۰۶	۲۶۷ "	سید ریاض الدین احمد صاحب "	صہ/	۱۳	۲۶۹۶ "	مرزا ابرو برکت صاحب غازی آباد	۸/
۸۳	۲۵۶۷ "	خواجہ عبدالحی صاحب "	ے/	۱۷	۲۶۷۱ "	محمد عزیز اللہ صاحب "	عہ	۱۳۱	۲۶۹۷ "	سید محمد اظہار الحسن صاحب "	۸/
۸۴	۲۵۶۸	خواجہ عبدالعلی صاحب "	ے/	۱۰۸	۲۶۷۲ "	عبداللطیف صاحب "	۸/	۱۳۲	۲۶۹۸ "	عبدالرزاق صاحب "	۲/
۸۵	۲۵۶۹ "	لیڈی راس مسعود صاحبہ "	للعہ/	۱۰۹	۲۶۷۳ "	حاجی امیر احمد صاحب "	ے/	۱۳۳	۲۶۹۹ "	حاجی سراج احمد صاحب "	عہ/

میزان ۴۲۶ [illegible]

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
		بمبئی		۲۴	۲۱۴۱	ڈاکٹر نذیر احمد صاحب بمبئی	عہ/	۴۸	۳۰۶۵	عبدالسلام صاحب بمبئی	۴/
۱	۲۱۱۸	[illegible] صاحب معرفت دائر برادر	عہ/	۲۵	۲۱۴۲	قاضی بابو صاحب "	۸/	۴۹	۳۰۶۶	عبدالحمید صاحب "	۴/
۲	۲۱۱۹	شفیع احمد صاحب "	۴/	۲۶	۲۱۴۳	عثمان حاجی محمد صاحب "	عہ/			میزان ۶۲ ۱۲/	
۳	۲۱۲۰	محمد زکریا صاحب برادر "	۴/	۲۷	۲۱۴۴	عبدالعزیز غلام نبی صاحب "	۴/			**بنگال**	
۴	۲۱۲۱	حسن میاں کالے سلطان صاحب "	عہ/	۲۸	۲۱۴۵	سید فضل شاہ صاحب "	۸/	۱	۲۸۴	مسٹر حسین بخش محمد حاجیان صاحب کلکتہ	مالر
۵	۲۱۲۲	محمد قمرالدین صاحب "	عہ/	۲۹	۲۱۴۶	محمد امین محمد بشیر صاحب "	عہ/	۲	۱۹۷۴	عبدالمجیب صاحب بالوڈس "	۸/
۶	۲۱۲۳	عبدالسلام صاحب "	۴/	۳	۲۱۴۷	حبیب رحیم صاحب بارپیا "	صہ/	۳	۱۹۷۷	سعیدہ خاتون صاحبہ	عہ/
۷	۲۱۲۴	خلیل الرحمٰن صاحب "	۴/	۳۱	۲۱۴۸	رحیم اللہ صاحب	۸/	۴	۱۹۷۸	ملا محمد فضل کریم صاحبان "	صہ/
۸	۲۱۲۵	خلیل شرف الدین صاحب "	۴/	۳۲	۲۱۴۹	ابراہیم عمادی صاحب "	۴/	۵	۱۹۷۹	غلام محمد صاحب "	عہ/
۹	۲۱۲۶	معین الدین عارف صاحب "	عہ/	۳۳	۲۱۵	قمر میرٹھی صاحب "	۴/	۶	۱۹۸۰	محمد مرزا حسین صاحب "	۴/
۱۰	۲۱۲۷	اہلیہ " "	عہ/	۳۴	۳۰۵۱	خواجہ احمد عباس صاحب "	عہ/	۷	۱۹۸۱	شیخ محمد شفیع صاحب "	ے/
۱۱	۲۱۲۸	ایم اے باسط صاحب "	عہ/	۳۵	۳۰۵۲	خواجہ غلام جیلانی صاحب "	۴/	۸	۱۹۸۲	محمد تقی صاحب "	۴/
۱۲	۲۱۲۹	عثمان حسین خان صاحب "	مہ/	۳۶	۳۰۵۳	ابوبکر صاحب چھوٹانی "	عہ/	۹	۱۹۸۳	محمود سعید صاحب "	ے/
۱۳	۲۱۳۰	عبدالحمید صاحب "	۴/	۳۷	۳۰۵۴	مسٹر کے اے حمید صاحب "	ک/	۱۰	۱۹۸۴	سعیدہ خاتون صاحبہ "	عہ/
۱۴	۲۱۳۱	عابد علی ولد عاشق علی صاحب "	۸/	۳۸	۳۰۵۵	ڈی روراج صاحب "	عہ/	۱۱	۱۹۸۵	عبدالکریم صاحب "	عہ/
۱۵	۲۱۳۲	شیخ احمد صاحب سگلے "	۴/	۳۹	۳۰۵۶	ڈاکٹر محمد اسحٰق صاحب "	ک/	۱۲	۱۹۸۶	اے ایم جیرادی صاحب "	۸/
۱۶	۲۱۳۳	محمد ابراہیم علی صاحب "	ک/	۴۰	۳۰۵۷	امیر حسن صاحب "	۴/	۱۳	۱۹۸۷	ایف اے خان صاحب "	۸/
۱۷	۲۱۳۴	اے کے رفیق صاحب "	ے/	۴۱	۳۰۵۸	حسن میاں کالے سلطان صاحب	عہ/	۱۴	۱۹۸۸	محمد عمر عثمان اجمیری صاحب	۸/
۱۸	۲۱۳۵	عبدالحمید اسمٰعیل صاحب "	عہ/	۴۲	۳۰۵۹	قاضی عبدالرحمٰن صاحب "	۴/	۱۵	۱۹۸۹	علی محمد عثمان اجمیری صاحب "	۸/
۱۹	۲۱۳۶	عبدالحمید منظوری صاحب "	ے/	۴۳	۳۰۶	شیخ احمد صاحب "	۴/	۱۶	۱۹۹	مس آر اس صالح صاحب "	۴/
۲۰	۲۱۳۷	عبدالقادر صاحب "	۸/	۴۴	۳۰۶۱	محمد زکریا برادر "	۴/	۱۷	۱۹۹۱	محمد عثمان اجمیری صاحب "	۴/
۲۱	۲۱۳۸	میر اصغر علی صاحب "	عہ/	۴۵	۳۰۶۲	چودھری صاحب معرفت دائر برادرز	عہ/	۱۸	۱۹۹۲	مس کے کے خان صاحب "	۴/
۲۲	۲۱۳۹	سید حسین صاحب "	۴/	۴۶	۳۰۶۳	خلیل الرحمٰن صاحب "	۴/	۱۹	۱۹۹۳	عبدالوہاب صاحب "	۴/
۲۳	۲۱۴۰	جے ایل پارس صاحب "	۴/	۴۷	۳۰۶۴	خلیل شرف الدین صاحب "	۴/	۲۰	۱۹۹۴	ممتاز الدین صاحب "	عہ/

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
۲۱	ڈی ۱۹۹۵	محمد اسمٰعیل مسلم صاحب کلکتہ	عہ/			میزان للعہ/		۲۳	ڈی ۲۲۸۳	محمد عبدالمجید صاحب جبلپور	عہ/
۲۲	۱۹۹۶"	عبدالعزیز صاحب "	صہ/			**سی پی**		۲۴	"۲۲۸۴	سید اقبار حسین صاحب "	سے/
۲۳	۱۹۹۷"	نصیرالدین صاحب "	۲/	۱	ڈی ۷۶۰	اسرار احمد صاحب ناگپور	ے/	۲۵	"۲۲۸۵	محمد مقبول الکریم صاحب "	عہ/
۲۴	۱۹۹۸"	محمد سرور صاحب "	عہ/	۲	"۷۶۱	محمد دین صاحب "	ے/	۲۶	"۲۲۸۶	عبدالجبار خاں صاحب "	سے/
۲۵	۱۹۹۹"	سید آغا احمد آفندی صاحب "	عہ/	۳	"۷۶۲	عبدالقادر محمد مختار صاحب	صہ/			میزان ۹۶ للعہ/	
۲۶	۲"	سید کشور حسین صاحب زیدی "	۸/	۴	"۷۶۳	اے آر احمدی صاحب "	ع/			**بہار**	
۲۷	۲۷۵۱"	معراج الدین محمد ابراہیم صاحب "	عہ/	۵	"۷۶۴	محمد جمال الدین صاحب "	ے/	۱	۲۹۱	محمد شوکت علی صاحب سہسرام	صہ/
		میزان ۲۵ ماصہ/		۶	"۷۶۵	عبدالسلام صاحب	عہ/	۲	ڈی ۲۵۷۲	منظور احسن صاحب گیا	عہ/
		پنجاب و سرحد		۷	"۷۶۶	محمد یوسف شریف صاحب	ے/	۳	"۲۵۷۴	محمد حبیب صاحب "	ے/
۱	۳۰۹	نذیر احمد صاحب کیمبل پور	للعہ	۸	۷۶۷	خواجہ لطیف احمد صاحب امروہی	صہ/	۴	"۲۵۷۵	ابوالخیر صاحب "	ے/
۲	۳۱۵	خواجہ غلام السیدین صاحب کشمیر	عہ	۹	"۷۶۸	قادر علی صاحب "	ع/	۵	"۲۵۷۶	لیاقت حسین صاحب "	عہ/
۳	۳۲۳	دختر عبدالسمیع صاحب رہتک	صہ/	۱۰	۷۶۹	محمود علی خاں صاحب "	عہ/			میزان عہ/	
۴	ڈی ۱۷۸۱	میر ابوالحسن صاحب کرنال	ع/	۱۱	۷۷۰	سلیم عبداللہ صاحب	عہ/			**حیدرآباد دکن**	
۵	"۷۸۲	رحیم الدین صاحب "	عہ/	۱۲	"۷۷۲	کریم بھائی سلوم صاحب ایوتمحل	ع/	۱	۳۲۶	مشتاق احمد خالد صاحب سکندرآباد	عہ
۶	"۷۸۳	کفایت اللہ صاحب "	عہ/	۱۳	"۷۷۳	رحمت اللہ مٹھا بھائی صاحب "	صہ/	۲	۳۲۷	اے ایل سعید صاحب حیدرآباد	صہ/
۷	"۷۸۴	مسیح اللہ صاحب "	عہ/	۱۴	"۷۷۴	داؤد عثمان صاحب "	صہ/	۳	ڈی ۱۵۶۷	میر باسط علی صاحب "	للعہ/
۸	"۷۸۵	ظہور الدین صاحب "	عہ/	۱۵	۷۷۵	سید کریم الدین صاحب "	صہ/	۴	۱۵۶۸	نواب اکبر یار جنگ بہادر صاحب	صعہ
۹	"۷۸۶	لال دین صاحب "	صہ/	۱۶	۷۷۶	حاجی عثمان حاجی عمر صاحب کاٹھیا	صہ/	۵	"۱۸۸۰	شمس الحسن صاحب زبیری اورنگ آباد	عہ/
۱۰	"۷۸۸	نذیر احمد خاں صاحب	صہ/	۱۷	۷۷۸	حاجی طیب علی شاہ محمد صاحب "	صہ/	۶	"۱۸۸۱	سید محمود مغربی صاحب "	۴/
۱۱	"۷۹	خواجہ سجاد حسین صاحب پانی پت	عہ/	۱۸	"۷۷۹	محمد حسن صاحب صدیقی "	صہ/	۷	"۱۸۸۲	سید صادق علی صاحب "	۴/
۱۲	۷۹۱	شیخ محمد عاقل صاحب "	۴/	۱۹	"۲۲۷۸	سراج احمد صاحب حلیور	للعہ/	۸	"۱۸۸۳	محمد ساجد صاحب "	۴/
۱۳	"۷۹۲	رشید الاسلام صاحب "	۸/	۲	"۲۲۷۹	عبدالصمد صاحب "	ے/	۹	"۱۸۸۴	حلیم اللہ صاحب "	۴/
۱۴	"۷۹۳	سید اشتیاق حسین صاحب "	۴/	۲۱	"۲۲۸۰	محمد ایوب خاں صاحب "	عہ/	۱۰	"۱۸۸۵	حیات اللہ صاحب "	۴/
۱۵	"۷۹۴	رحیم الدین صاحب "	۴/	۲۲	"۲۲۸۱	احمد علی رجب علی صاحب "	ع/	۱۱	"۱۸۸۶	[illegible] صاحب	۴/

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم
[illegible]	[illegible]	محی الدین صاحب اورنگ آباد	۲ر	د	یگر			۸	۱۱۵۶ ڈی	تاج الدین صاحب مکہ	
[illegible]	۱۸۰۰	[illegible] کھرے صاحب "	۳ر	۱	۲۹۰	عالیجناب علی سید صاحب	عہ	۹	۱۱۵۷ "	محمد جمیل ہارون صاحب "	[illegible]
[illegible]	[illegible]	شہیرالدین صاحب "	۳ر	۲	۳۰۴	عیسی یوسف صاحب "	۶ر	۱۰	۱۱۵۸ "	محمد حسن مجددی صاحب "	[illegible]
[illegible]	۱۸۹۰ "	رام لال صاحب "	۳ر	۳	۱۱۵۱ ڈی	احمد سلیمان مرزا صاحب مکہ	عہ	۱۱	۱۱۵۹ "	سید معین الدین احمد برادر احمد صاحبان	[illegible]
		میزان ۱۰۵		۴	۱۱۵۲ "	سید عبد اللہ شاہ صاحب بیروبی	عہ	۱۲	۱۱۶ "	محمد احمد خان صاحب "	[illegible]
مدراس				۵	۱۱۵۳ "	ابراہیم کریم بخش صاحب کورود	صہ				
۱	۳۲۲	یعقوب حسن صاحب مرحوم مدراس	عہ	۶	۱۱۵۴ "	شیخ فضل الٰہی صاحب بیروبی	عہ			میزان ۱۶	
		میزان عہ		۷	۱۱۵۵ "	محمد عیسیٰ خان صاحب مکہ	عہ				

عطیات

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم
۱	۳۵	رشید خان صاحب دہلی	عہ	۱۱	۱۰۷۷ ڈی	حاجی عمر علاء صاحب ایوت محل	ے	۲۱	۲۶۸۱ ڈی	عبدالوحید صاحب میرٹھ	
۲	۳۲۲	حافظ عبدالرشید خان صاحب مطعونہ	عہ	۱۲	۶۰۶ "	حاجی نور محمد عیسیٰ صاحبان کارکر	عہ	۲۲	۲۶۸۲ "	مشتاق حسین صاحب	
۳	۳۳۷	ولایت حسین صاحب سوار پور	ے	۱۳	۶۸۶ "	احسان اللہ خان صاحب کرہال	۶ر	۲۳	۲۶۶۳ "	مسعود محی الدین صاحب "	
۴	۱۵۶۶ ڈی	سعدالدین صاحب حیدرآباد دکن	۶ر	۱۴	۶۰۹ "	نصیر احمد خان صاحب "	عہ	۲۴	" "	لیاقت علیخان صاحب میڈو	
۵	۱۵۶۳ "	عبدالشکور صاحب گیا	ے	۱۵	۶۹۵ "	عبدالسلام صاحب دہلی	۴ر	۲۵	" "	بیگم سلیم علیخان صاحب سوکہ	
۶	۲۴۶۲ "	جسٹس محمد اسمٰعیل صاحب الہ آباد	عہ	۱۶	۶۹۶ "	والدہ سمیع اللہ صاحب "	۴ر	۲۶	" "	عبدالمجید صاحب تحصیلدار اٹاوہ	
۷	۲۴۶۴ "	سر سید عبدالرؤف صاحب "	عہ	۱۷	۶۹۷ "	سلیمہ خاتون سلمہا "	۴ر	۲۷	۲۲۶۷ "	احمد اسلام خان صاحب دہلی	
۸	۲۴۹۸ "	مسز شفاعت احمد صاحب "	عہ	۱۸	۶۹۸ "	بیگم احمد اللہ صاحب "	۴ر				
۹	۲۴۶۱ "	محمد ظہیر احسن صاحب "	عہ	۱۹	۶۹۹ "	بیگم سمیع اللہ صاحب "	۴ر			میزان ۹۹	
[illegible]	[illegible]	[illegible] جیلپور "	عہ	۲۰	۸۰۰ "	مولوی سمیع اللہ صاحب "	۴ر				

[illegible]

رجسٹرڈ ایل نمبر ۴۴۰۵

(مطبوعہ جامعہ برقی پریس دہلی)

([illegible] سے شائع کیا)

ہمدردِ جامعہ

مرتبہ
ناظم
حلقۂ ہمدردانِ جامعہ

بسم الرحمٰن الرحیم

ہمدرد جامعہ

ایڈیٹر

(خواجہ) عبد الحی فاروقی

(ناظم حلقہ ہمدردان جامعہ)

جلد ۵	مئی سنہ ۱۹۴۰ء مطابق ربیع الثانی سنہ ۱۳۵۹ھ	نمبر ۷

فہرست مضامین

چندہ سالانہ عہ قیمت فی پرچہ

حالاتِ جامعہ

مشاعرے ۱۴ مارچ کو تعلیمی مرکز میں بزم ادب کے زیر اہتمام ایک آل انڈیا مجلس مشاعرہ منعقد ہوئی۔ صدارت کے فرائض مولانا اسلم صاحب جیراجپوری نے انجام دئے، مشاعرہ ہر لحاظ سے بہت کامیاب تھا حسب ذیل شعرا، خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ جگر مرادآبادی احسان بن دانش، روش صدیقی، ساغر نظامی، نہال سیوہاروی، سعدی مچھلی شہری ان کے علاوہ معین مچھلی شہری۔ فراق گورکھپوری کے تازہ کلام بھی پڑھکر سنائے گئے جو خاص اسی غرض کے لئے بھیجے گئے تھے۔

دوسرا مشاعرہ جامعہ نگر میں ۱۴ مارچ کو استادوں کے مدرسہ کی انجمن کے زیر اہتمام منعقد ہوا۔ اس میں مدرسہ ابتدائی کے نوعمر بچوں نے اپنی کہی ہوئی نظمیں سنائیں اس کے صدر بچوں کے مشہور شاعر جناب شفیع الدین صاحب نیّر تھے آخر میں موصوف نے دو تین تازہ نظمیں سنائیں۔ اس میں سوم سے لے کر ششم تک کے طالب علموں نے شرکت کی تھی اور ہر درجے کے اچھی نظم کہنے والے کو کتابیں انعام میں دی گئیں فیصلہ جناب محمد مجیب صاحب نے فرمایا۔

تیسرا مشاعرہ ۱۷ مارچ کو انجمن اتحاد کے ماتحت تعلیمی مرکز میں منعقد ہوا مولانا اسلم صاحب جیراجپوری نے صدارت کی۔

اس میں صرف حضرت ثاقب لکھنوی سے تازہ کلام سنانے کی درخواست کی گئی تھی۔ موصوف نے تقریباً ڈیڑھ گھنٹے تک اپنے کلام سے مجلس کو محظوظ فرمایا۔

تعلیمی نمائش امسال قومی دن کے سلسلہ میں طلبائے مدرسہ ثانوی کی طرف سے ۱۲ اور ۱۳ اپریل کو تعلیمی نمائش منعقد کی گئی طلبا کی بنائی ہوئی چیزوں کی نمائش کے علاوہ، مباحثہ، ادبی مجلس اور اردو انگریزی کے دو ڈراموں کا بھی انتظام کیا گیا تھا

۱۲ اپریل، ۸ بجے صبح کو جلسہ مباحثہ منعقد ہوا عنوان تھا " اس ایوان کی رائے میں اردو ہندستان کی مشترکہ زبان ہے" مدرسہ ثانوی جامعہ کے ایک طالب علم نے تجویز پیش کی اور ایک نے مخالفت میں تقریر کی اس کے بعد عربک ہائی اسکول، فتحپوری مسلم ہائی اسکول اور رامجس ہائی اسکول کے نمائندوں نے تقریریں کیں۔ آخر میں تجویز پر رائے لی گئی تو بہت بھاری اکثریت سے پاس ہوگئی۔

سہ پہر کو ۴ بجے سے ۶ بجے تک طلبا کی بنائی ہوئی چیزوں کی نمائش کی گئی اور ۸ بجے رات کو اردو ڈرامہ ہوا۔ ڈرامہ کا عنوان تھا "شاعر کی دنیا" دوسرے دن یعنی ۱۳ اپریل کو ۸ بجے صبح سے ۱۱ بجے تک ادبی مجلس ہوئی جس میں مدرسہ ثانوی کے طالب علموں نے اپنے لکھے ہوئے مضامین سنائے۔ سہ پہر کو ۴ بجے سے ۶ بجے تک طلبہ کی بنائی ہوئی چیزوں کی دوبارہ نمائش کی گئی اور ۹ بجے رات کو

انگریزی ڈرامہ "Handy and the Poet" ایسٹیج کیا گیا۔

مکتبہ جامعہ یوں تو مکتبہ جامعہ کا دفتر محاسبی شروع ہی سے حسابات کے جدید اصول کے مطابق کاربند ہے اور پورے احتیاط و اہتمام سے ہر سال اس کی تنقیح کی ہے، مگر مزید احتیاط کی خاطر ابھی حال میں اس کی دوبارہ تنظیم کی گئی ہے اور تنقیح کنندہ (آڈیٹر صاحب) کے مشوروں کے مطابق آئندہ حسابات کے طریقہ میں ترمیم کردی جائے گی۔

ہم جناب زاہد حسین صاحب کے بہت شکرگذار ہیں کہ انھوں نے اس سلسلہ میں نہایت مفید مشورے دئیے اور جناب عطا الٰہی صاحب کو حسابات کی تنقیح کے لئے بھیج کر ہماری بڑی مدد فرمائی۔ جامعہ ان دونوں حضرات کی بہت ممنون ہے۔

جامعہ نگر اوکھلا ۱۱ اپریل کو جامعہ نگر اوکھلے میں دو ڈرامے کئے گئے ایک "دیانت" ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب کا لکھا ہوا دوسرا "قوم پرست طالب علم" عبدالغفار صاحب مدھولی کا۔ اول الذکر کو پنجم کے بچوں نے کیا تھا اور دوسرے کو ششم کے طالب علموں نے۔

۱۳ اپریل کو جامعہ نگر میں قومی دن منایا گیا بچوں نے اوکھلا گاؤں کی صفائی کے علاوہ جامعہ نگر کی مکمل صفائی کی اور کھانا [illegible]

۲۰ اپریل کو میلاد نبوی صلعم کا ایک جلسہ منعقد ہوا [illegible] بچوں نے مختلف عنوانات پر مضامین لکھ کر سنائے [illegible] کا جغرافیہ، ہمارے نبی کے بچوں کے ساتھ سلوک، آنحضرت صلعم بہ حیثیت ایک انسان کے۔ ہمارے نبی صلعم [illegible]

کانفرنس گزٹ علی گڈھ اور احباب کے خطوط سے یہ معلوم کرکے بے حد رنج ہوا کہ جامعہ کے ایک سابق ہردلعزیز اور قابل استاد عبدالکریم صاحب فاروقی (بی اے علیگ) لاہور میں ۲۲ مارچ کو انتقال فرما گئے انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم علی گڈھ کالج کے گریجویٹ تھے اور کالجیٹ اسکول علی گڈھ میں عرصہ دراز تک انٹرنس کی جماعتوں کو انگریزی پڑھاتے رہے جامعہ کے قیام کے بعد ہی مولانا محمد علی مرحوم کے اشارہ سے مستعفی ہوکر جامعہ میں چلے آئے تھے اور جب جامعہ دہلی منتقل ہوکر ۱۹۲۵ء میں آئی ہے تو یہ بھی ساتھ آئے تھے لیکن یہاں آنے کے دو ڈھائی سال بعد ہی انھیں جامعہ کے بجٹ میں گنجائش نہ ہونے کی وجہ سے بہ حالات مجبوری جامعہ سے علٰحدہ ہونا پڑا اس کے بعد وہ مسلم یونیورسٹی کے مختلف شعبوں مثلاً بک ڈپو، اولڈ بوائز لاج، ایجوکیشنل کانفرنس وغیرہ میں ذمہ دارانہ حیثیت سے کام کرتے رہے ابھی دو سال ہوئے ان کا سب سے بڑا لڑکا انھیں داغ مفارقت دے گیا تھا اس صدمہ کی وجہ سے وہ بہت زیادہ دل برداشتہ رہتے تھے آخرکار اسی غم میں خود ہی چل بسے۔

مرحوم نے چار بچے ایک بچی اور ایک بیوہ چھوڑی ہے ان کا جنازہ لاہور سے ان کے وطن سلوہ ضلع جالندھر میں لایا گیا جہاں وہ سپرد خاک کئے گئے مرحوم بہت پکے بنیلسٹ مسلمان تھے صوم و صلوٰۃ اور حقوق العباد کے بہت پابند تھے۔ خدا سے دعا ہے کہ وہ مرحوم کو جوار رحمت میں جگہ دے اور پس ماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

تحفے نامجموں سے کہتے نے وغیرہ وغیرہ

جوہر کا اردو ادب نمبر

انجمن اتحاد کے رسالہ جوہر کا امسال اردو ادب وزبان نمبر شائع کیا گیا ہے چونکہ مولوی عبدالحق صاحب معتمد انجمن ترقی اردو کی سترویں سالگرہ کے موقع پر نکالا گیا ہے اور مولانا کی طرف منسوب ہے اس لئے مولانا کی سیرت خدمات اور ان کے عام حالات پر نہایت مبسوط اور مفصل مضامین ہیں جو تقریباً ڈیڑھ سو صفحات پر مشتمل ہیں۔ ان کے علاوہ اردو ادب وزبان پر ملک کے ممتاز اہل قلم کے لکھے ہوئے تنقیدی، ادبی اور تاریخی مضامین ہیں۔

علاوہ ازیں ڈاکٹر ذاکر حسین خاں صاحب شیخ الجامعہ کی لکھی ہوئی تقریب اور مہاتما گاندھی، ڈاکٹر سر اکبر حیدری، مہاراجہ سر کرشن پرشاد بہادر شاد، ڈاکٹر سر شاہ محمد سلیمان، ڈاکٹر سر تیج بہادر سپرو، مسٹر آصف علی، ڈاکٹر سید محمود، مسز سروجنی نائیڈو، سر شیخ محمد عبدالقادر، مولانا سید سلیمان ندوی اور خواجہ غلام السیدین ڈائرکٹر تعلیمات کشمیر کے پیغامات بھی شامل ہیں۔

تعلیمی خبریں

صنعتی تعلیم

جامعہ لندن کے شعبۂ تعلیمات کی طرف سے ہر سال ایک سالنامہ (Year Book) شائع ہوتا ہے ۱۹۳۹ء کے سالنامے میں صنعتی تعلیم کے مسئلہ پر نہایت تفصیل کے ساتھ بحث کی گئی ہے۔ اس کتاب میں پہلے صنعتی تعلیم کے مقاصد کی وضاحت کی گئی ہے کہ صنعتی تعلیم صرف صنعت یا کوئی پیشہ سکھانے کو نہیں کہتے ہیں صنعتی تعلیم کو صحیح معنی میں صنعتی تعلیم اسی وقت کہا جا سکتا ہے جب کسی دستکاری کو عملی تجربات کے ذریعہ سکھانے کے ساتھ ساتھ اس کے علمی اصول بھی سکھائے جائیں اور ساتھ ہی ساتھ دماغ کی بھی تعلیم ہوتی رہے۔ انسانی زندگی کے چار شعبے ہیں پیشہ، دستکاری، کھیتی، اور گھریلو کام انسان کو ان چاروں شعبہ ہائے حیات میں ماہر بنانا صحیح معنی میں صنعتی تعلیم ہے۔

اس کے بعد اس مسئلے پر غور کیا گیا ہے کہ صنعتی تعلیم کے صحیح تجربوں سے آئندہ نسلوں اور سماج پر کیا کیا اثرات پڑیں گے۔ سالنامے کے مصنفوں نے سب سے پہلی تحقیق یہ کی ہے کہ ہاتھ کی تعلیم کے ساتھ ساتھ دماغ کی بھی نشو و نما ہو گی اور نئی تہذیب اور ایک نئی معاشرت پیدا ہو گی اس نئی تہذیب کی بنا باہمی تعاون اور رواداری پر ہو گی۔ انھوں نے اپنے زمانہ کی مثال دے کر اس دعوےٰ کی تصدیق کی ہے کہ آج کل قومی اور بین الاقوامی فضا میں جو جھگڑے اور لڑائیاں ہوتی ہیں، ان کے بانی مبانی وہی لوگ ہوتے ہیں جنھیں ہاتھ کی تعلیم کے ذریعہ دماغ اور دل کی تعلیم نہیں ملی ہے۔ اس کے مقابلے میں کاریگروں اور مستریوں کی دنیا باہمی تعاون اور رواداری کے حق میں ہے۔

بنگال کی تعلیمی حالت

اس سال کلکتہ یونیورسٹی کے جلسۂ تقسیم اسناد میں پانچ ہزار طلبہ کو ڈگریاں ملیں، جو گذشتہ بیس سال کے مقابلے میں سو فیصدی ترقی ہے۔ ۱۹۱۸ء میں میٹرک کے امتحان میں سات ہزار پانچ سو لڑکے پاس ہوئے۔ ۱۹۳۸ء میں اکیس ہزار طلبہ کامیاب ہوئے۔ بیس سال میں ابتدائی تعلیم کے مدارس کی تعداد تیس ہزار پانچ سو سے ساٹھ ہزار تک پہنچ گئی ہے، لڑکوں کی تعداد گیارہ لاکھ ساٹھ ہزار سے پچیس لاکھ چھیاسی ہزار تک بڑھ گئی ہے۔ لیکن ابتدائی مدارس میں جو طلبہ داخل ہوتے ہیں، ان میں لڑکوں میں بارہ فی صدی اور لڑکیوں میں ۲ء۵ ابتدائی تعلیم کی تکمیل کرتے ہیں تقریباً ساٹھ فیصدی لڑکے اور ۷۵ فیصدی لڑکیاں پہلے سال ہی میں اسکول چھوڑ دیتی ہیں، اس لئے ابتدائی مدارس ان کے لئے اتنے مفید نہیں ہوتے جتنے کہ ہونے چاہئیں، ابتدائی مدارس کے اساتذہ کی ماہانہ اوسط تنخواہ سات روپے سے بھی کم ہوتی ہے۔ کچھ ایسے اساتذہ ہیں جن کی تنخواہ بیس روپے سے تیس تک ہے لیکن ہزارہا اساتذہ ایسے ہیں جن کی تنخواہ پانچ روپے سے بھی کم ہے، اتنی قلیل تنخواہ میں لائق اساتذہ ملنا ممکن نہیں لیکن ابتدائی

تعلیم سے دلچسپی روز بروز بڑھتی جاتی ہے، حکومت بنگال نے میونسپلٹیوں کو یہ اجازت دی تھی کہ وہ ابتدائی تعلیم کی اشاعت دیا دہ سے زیادہ کریں لیکن ابتدائی تعلیم جبری نہیں بتائی گئی، اس لئے بعض میونسپلٹیوں نے تو ابتدائی تعلیم کے سلسلہ میں کافی جدوجہد کی، لیکن بعض نے توجہ نہیں کی سنہ ۱۹۲۹ء میں گاؤں میں جبری ابتدائی تعلیم کا قانون پاس ہوا اس کے انہاجات کو پورا کرنے کے لئے ایک تعلیمی ٹیکس بھی تجویز ہوا۔ لیکن یہ قانون عمل میں نہیں آیا اب گذشتہ تین سال سے اس کی طرف خاص توجہ کی گئی ہے۔ سولہ اضلاع میں یہ قانون نافذ کر دیا گیا ہے اور آٹھ اضلاع میں تعلیمی ٹیکس بھی لگا یا گیا ہے اگر یہ ٹیکس پورے صوبہ میں جاری ہوگیا تو ایک کرورر روپے کی آمدنی ہوگی، لیکن یہ رقم بھی کافی نہیں کیونکہ صوبہ کے تمام مدارس کے لئے دو لاکھ مدرسین چاہئیں مذکورہ بالا رقم کو صرف ان کی تنخواہ میں خرچ ہو جائے گی لیکن جبری ابتدائی تعلیم سے اگر ایسی ہی دلچسپی لی گئی تو جلد از جلد یہ مشکلات حل ہو جائیں گی حکومت مختلف ذرائع سے روپے کی فراہمی کی کوشش میں ہے۔

بیس سال میں ثانوی اسکولوں کی تعداد ½ زیادہ ہو گئی ہے اور طلبہ کی تعداد بھی نصف سے زیادہ بڑھ گئی لیکن تعلیم کا معیار گھٹ گیا ہے اور اب عام خیال ہے کہ اب میٹرک پاس کرلینا پہلے سے بہت زیادہ آسان ہوگیا ہے اسکولوں کی مالی حالت اچھی نہیں، اس لئے وہ لائق مدرسین کی خدمات حاصل نہیں کرسکتے بمشکل سے کوئی ایسا اسکول ملے گا، جو معنوی حیثیت سے مغربی ممالک کے معیار کے مطابق ہو، میٹرک کا نصاب بدل گیا ہے اس لئے امید ہے کہ طلبہ کی قابلیت میں نمایاں فرق ہو جائے گا۔ لیکن جب تک اسکولوں میں لائق، قانع، اور مطمئن مدرسین کا فقدان ہے نصاب کا کامیاب ہونا مشکل ہے۔

یونیورسٹی کی اعلیٰ تعلیم میں خاطر خواہ ترقی ہوئی ہے وہ مالی دقتوں میں مبتلا نہیں اس لئے مختلف شعبے کھلتے جاتے ہیں لیکن میٹرک کے امتحان کی آسانی کی وجہ سے عام سے لڑکے اچھے نہیں نکلتے۔

لڑکیوں کی تعلیم میں بھی روز افزوں ترقی ہو رہی ہے اب سے بیس برس پہلے صرف سو لڑکیاں میٹرک کے امتحان میں شریک ہوئی تھیں لیکن گذشتہ سال تین ہزار سات سو شریک ہوئیں لیکن لڑکیوں کی تعلیم کا انتظام ابھی تک خاطر خواہ نہیں ہے لڑکوں کے بارہ سو اسکول کے مقابلہ میں لڑکیوں کے اسکول صرف پچاسی ہیں، کلکتہ سے باہر ان کے لئے کوئی ڈگری کالج نہیں۔

(تلخیص از اسٹیٹسمین ۲ اپریل سنہ ۲ء)

تعلیم و ترقی

ادارہ تعلیم و ترقی نے بالغ ہندیوں اور ملک کی عام آبادی کے لئے جو تعلیمی کوشش شروع کی ہے اس کا ایک حصہ تو حلقہ تعلیم و ترقی ہے جس کی کچھ تفصیل آپ گذشتہ اشاعت میں ملاحظہ فرما چکے ہیں۔ حلقہ ایک قابل کاشت زمین ہے جس میں ادارہ ایسی اسکیموں کی تخم ریزی کرتا ہے تاکہ یہ اندازہ کیا جا سکے کہ یہ نظری اسکیمیں ایسی تو نہیں ہیں جو ناقابل عمل ہوں دشواری اور مشکلات سے ہمیں انکار نہیں وہ تو بہرحال ہوتی ہے اور نئے کام میں اور زیادہ لیکن ہاں حلقہ تعلیم و ترقی کا عملی میدان اس لئے مفید ہے کہ ہمیں دشواریوں اور مشکلوں سے دوچار ہو کر آہستہ آہستہ اُن کو حل کرنے کا طریقہ معلوم ہو جاتا ہے یہ ہمیں معلوم ہے کہ علی العموم ہر جگہ یہی یا اسی قسم کی دشواریاں پیش آئیں گی اور اس لئے امید ہے کہ ہمارا حل بھی کم و بیش ہر جگہ کے لئے کارآمد ثابت ہو سکے گا لیکن اس ہمیشہ ہم چاہتے ہیں کہ آپ ہماری تجربہ گاہ کی سیر سے پہلے ادارہ تعلیم و ترقی کے علمی کام پر بھی پہلے ایک نظر ڈال لیں

ادارہ نے بالغ ہندیوں کے لئے مخصوص طور پر چھوٹے چھوٹے رسائل کا سلسلہ شروع کیا ہے۔ ان میں پندرہ شائع ہو چکے ہیں۔ پانچ زیر طبع ہیں اور زیر ترتیب رسائل کی تعداد صرف اتنی یا اس سے دگنی نہیں بلکہ بہت زیادہ ہے یعنی تین سو رسائل ان کے عنوانات کی فہرست ایک خاص نصاب کے مطابق تیار کی گئی ہے۔

خوشی ہے کہ ادارہ کی یہ کوشش مشکور ہو رہی ہے اور رسالے مقبول ہو رہے ہیں چھ رسالے جو پہلے شائع ہوئے تھے اُن کا پہلا ایڈیشن ختم بھی ہو گیا۔ یہ رسالے چونکہ خاص طور پر بالغ ہندیوں کے لئے لکھوائے اور چھپوائے گئے ہیں اس لئے ظاہری اور معنوی ہر حیثیت سے یک جداگانہ انداز رکھتے ہیں۔ مشکل مضمون کو عام فہم اسلوب میں بیان کیا گیا ہے زبان سادہ ہے اور صاف لکھے ہوئے ہیں

رسائل کے علاوہ ادارہ کی دوسری تعلیمی چیز بڑے سائز کے دیواری کتبات ہیں گذشتہ سال کل سولہ کتبات شائع ہوئے جس میں چار احادیث کے تھے جن کا عنوان تھا اچھی تعلیم اور بارہ قرآن مجید کے جو سچی تعلیم کے عنوان سے شائع کئے جاتے رہے ہیں۔ ماہ مارچ میں چار نئے کتبات شائع ہوئے ہیں۔ یہ مذہبی نہیں ہیں بلکہ سیاسی اور ادبی ہیں جن کی تفصیل یہ

دنیائے اسلام کی سیاسی حالت

اس میں ایک مصور نقشے کے ذریعہ یہ بات واضح کی گئی ہے کہ مسلمانوں کی تقریباً ۴۶ کروڑ آبادی میں سے

صرف ۸ کروڑ آزاد ہیں، اسی قدر نیم آزاد ہیں باقی تقریباً ۲۲ کروڑ مسلمان غلام ہیں۔ مصور نقشے کے نیچے دو عبارتیں ہیں "اس غلامی میں ہندوستانی مسلمانوں کا حصہ ست زیادہ ہے" خود آزاد ہو اور دوسروں کو بھی آزاد کرو" پہلی عبارت خفی اور دوسری جلی قلم سے لکھی گئی ہے اور ان کے نیچے ایک مصرعہ ہے۔

" اٹھو کہ یہی وقت ہے آزادی کا"

عالم اسلام

اس میں کرۂ ارض کا مشرقی حصہ دے کر سیاہ رنگ کے ذریعہ مسلمانوں کے علاقوں کو اجاگر کیا ہے جس سے ایک ہی نظر میں یہ معلوم ہو جاتا ہے کہ مسلمانوں کی اکثریت کس طرح مغربی وسط میں سے شمالی ہند تک اور جنوب وسطی روس سے مراکو تک متوازی خطوط میں پھیلے ہوئے ہیں ساتھ ہی ساتھ ان علاقوں کو بھی سرکیوں اور دھاریوں کے ساتھ دکھایا ہے۔ جہاں مسلمان دس سے پچاس اور پچاس سے پچاس فیصدی تک آباد ہیں نقشے کے نیچے ایک عبارت ہے۔

" مسلمان دنیا میں بہت ہیں، ابھی بہت اور ہو سکتے ہیں"

اور اس کے نیچے نمایاں طور پر زمین یاہ ہے اور لفظ سفید ایک مصرع درج ہے

۶۔ نور توحید کا اتمام ابھی باقی ہے

ہماری تعداد

یہ نقشہ بھی مصور ہے اس میں ہندوستان کی اسلامی آبادی کا دوسرے مشہور اور چوٹی کے ملکوں کی آبادی سے مقابلہ کیا گیا ہے۔ ایک نقشہ میں ایک تصویر ایک کروڑ آدمیوں کو ظاہر کرتی ہے اس طرح یہ نقشہ بتاتا ہے کہ ہندوستانی مسلمان پونے آٹھ آدمی ہیں اور جرمنی کی کل آبادی ساڑھے سات آدمی، جاپان کی کل آبادی پونے سات آدمی انگلستان کی ساڑھے چار آدمی، فرانس کی سوا چار آدمی اور اٹلی کی چار سے کچھ زیادہ نقشے کی پیشانی پر یہ مصرعہ ہے۔

" یقیں پیدا کر اے غافل کہ مغلوب گماں تو ہے"

چوتھا کتبہ ادبی ہے اس میں ایک موزوں ڈیزائن کے ساتھ جلی حرفوں میں اقبال کی مشہور نظم تحریر کی گئی ہے جس کا پہلا شعر ہے

اٹھو مری دنیا کے غریبوں کو جگا دو کاخ امرا کے در و دیوار ہلا دو

اس سال ادارہ ۲۴ کتاب کا ایک سٹ شائع کرنے والا ہے جس کی عنوانی تقسیم یہ ہے۔

۱۔ اچھی تعلیم	(حدیث شریف)	۴
۲ سچی تعلیم	(قرآن مجید)	۸
۳ نظمیں		۴

۴۔ حفظانِ صحت ۴

۵۔ نقشے (اسلامی دنیا، ہندوستان) ۴

ظاہر ہے کہ یہ نقشے ہماری قوم کی عام معلومات اور تعلیم کے لئے کتنے مفید ہو سکتے ہیں۔ اس کی کوئی وجہ نہیں کہ ان کی زیادہ سے زیادہ تعداد مسجدوں، مدرسوں، دارالمطالعوں اور قومی و سیاسی دفتروں میں آویزاں نہ کی جائے کہ یہ سامانِ آرائش بھی ہیں اور ذریعۂ تعلیم بھی۔ کام کی ابتدا کرنے کے لئے ہمارے اہلِ خیر حضرات کو آگے بڑھنا ہوگا کہ وہ اپنی طرف سے دتی یا ضلع کے مناسب مقامات پر ان کتبات کو لگوا دیں اور توسیع اشاعت میں ہماری مدد کریں۔

حلقۂ تعلیم و ترقی کا مرکز اب تک قرول باغ کے بازار میں سرِ راہ قائم تھا۔ یہاں یہ فائدہ تھا کہ راہگیروں کی ایک بڑی تعداد مرکز کی دلچسپیوں کو دیکھ کر بلا ارادہ ادھر آ جاتی تھی اور بعض اوقات مصروف سے مصروف شخص بھی مرکز کے دیواری اخبار کی روزانہ اشاعت اور ماہوار اڈیشن پر نظر ڈالنے کے لئے چلتے چلتے رک جاتا تھا۔ روزانہ کی خبروں میں قاری کی آواز اور ہفتہ وار جلسوں میں مقرر کا انداز بہت سے راہگیروں کے قدموں کا رخ بدل لیتا تھا لیکن ان بہت سے فائدوں کے ساتھ یہ نقصان بھی تھا کہ ہم اپنے طالب علموں اور مخصوص حلقے کی خدمت کو بجا لانے پر قادر نہ تھے۔ یوں کہنا چاہیئے کہ مرکز کے نمائشی پہلو کے لئے تو وہاں اچھا میدان تھا مگر تدریسی کام کے لئے اس میں خامیاں تھیں اور ان کے علاوہ دن بدن جگہ اب ہمارے کام کی وسعت کے لئے روز بروز تنگ ہوتی جا رہی تھی۔ بالآخر یکم مارچ ۱۹۴۸ء کو اسی بازار کی ایک گلی میں منتقل کر دیا۔ موجودہ مکان بہت کشادہ ہے جہاں مرکز کی خدمات کو زیادہ اطمینان کے ساتھ انجام دیا جا سکتا ہے۔ راہ چلتے اب ٹھیک مرکز میں نہیں آتے اور وہی آتے ہیں جو قصد و ارادہ سے آئیں۔ ظاہر ہے دوسرا طبقہ ہی ہمارے لئے زیادہ مفید بھی ہے۔ ہم اس کوشش میں ہیں کہ پہلے طبقہ کے لئے کشش کا کوئی سامان کریں۔

گذشتہ مہینے آل انڈیا ریڈیو کی عنایت اور جناب پروفیسر محمد مجیب صاحب کی کوششوں سے ایک ریڈیو بھی مرکز میں آگیا ہے۔ شروع شروع تو مرکز کے اعلان و اشتہار کے لئے اسے کثرت کے ساتھ بجایا گیا لیکن اب یومیہ پروگرام کی چیدہ چیدہ خبریں سنانے کے لئے لگایا جاتا ہے۔

"ہمارا اخبار" حسبِ معمول روز شائع ہو رہا ہے۔ یومیہ خبریں بھی اسی تشریح کے ساتھ جاری ہیں۔ مسجد میں روزانہ ترجمہ کا معمول بھی بحمد اللہ جاری ہے۔ آج کل اٹھارواں پارہ ہو رہا ہے۔ اس ترجمہ کا مقصد بھی تدریسی قسم کا ہے اس لئے اب کوشش یہ شروع کی ہے کہ گذشتہ دن کے ترجمہ کے متعلق روزانہ موٹے موٹے سوالات سامعین سے کئے جائیں۔

بستی کے لوگوں میں مرکز سے عام دلچسپی پیدا کرنے کے لئے انعامی مقابلوں کا سلسلہ بھی شروع کر دیا ہے اس قسم ادبی قسم کا مقابلہ تھا مرکز کی مطالعہ کی ہوئی کتابوں میں سے اچھی کتاب پر مضمون لکھائے گئے ان مضمونوں سے یہ اندازہ ہوا کہ مرکز بستی میں بعض ناموش اخلاقی خدمتیں بھی انجام دے رہا ہے

اپریل کے مہینے میں ارادہ ہے کہ علمی مقابلے کی بجائے کوئی عملی مقابلہ رکھا جائے مثلاً دستکاریوں کا مقابلہ یعنی جو شخص جو کچھ بنا سکتا ہو بنا کر لائے اس میں جغرافیائی نقشے، ڈیزائن، کروشیا، کشیدہ، معمولی سلائی کے کام لوہے ٹین کی چیزیں، اشیاء ارقسم ماکولات، لکڑی اور کپڑے کی چیزیں سب ہی آسکتی ہیں۔ ان چیزوں میں انعام کے ساتھ چیزوں کی فروخت کا موقع رہے گا اور قیمت کا حق دار بھی صناع ہوگا۔

مرکز کے کتب خانہ کے متعلق اعداد وشمار حسب ذیل ہیں

۱۔ کتب مجریہ	۵۳۹
۲۔ تعداد مستعیر	۸۶
۳ سب سے زیادہ جاری ہونے والی کتاب ۔	عمرو عیار کی عیاریاں

۴۔ ۱۵ پسندیدہ کتابیں

عقاب، فردوس بریں۔ منتخب افسانے، عمرو عیار کی عیاریاں، سرتاردو عالم، بگیں سدری، زہ مشاہیر عالم، مانی عشو، تاریخ الامت، ست رنگی تیغ اسکندریہ اور اس کے غلام، مصری غلام، ترکو کی کہانیاں، بالشتیوں کی سرزمیں

بعض دفتری مجبوریوں کی وجہ سے پچھلے مہینے گھروں پر جانے والی کتابوں کا سلسلہ بند رہا مندرجہ بالا مرکز سے براہ راست جاری ہونے والی کتابوں سے متعلق ہے۔

تحریک حلقہ ہمدردان جامعہ

جدید اضافہ

ذیل میں ہم اپنے ان کرم فرماؤں کے اسمائے گرامی درج کرتے ہیں جو اپریل ۱۹۴۶ء میں حلقہ ہمدردان میں شریک ہوئے

نمبر شمار	ہمدرد نمبر	اسم گرامی صاحب	نمبر شمار	ہمدرد نمبر	اسم گرامی صاحب	نمبر شمار	ہمدرد نمبر	اسم گرامی صاحب
۱	۴،۴۰۵	عالم علی صاحب ڈیرہ دون	۷	۴،۴۱۱	بیگم عطاء الرحمٰن صاحب علی گڑھ	۱۳	۴،۴۱۷	عبدالاحد صاحب رنگون
۲	۴،۴۰۶	لال دین صاحب کرنال	۸	۴،۴۱۲	حاجی عثمان حاجی عربی صاحب کارنجہ	۱۴	۴،۴۱۸	اے رحیم صاحب میمو
۳	۴،۴۰۷	رحمت اللہ صاحب الہامی ڈیرہ دون	۹	۴،۴۱۳	عثمان مستی خاں صاحب رنگون	۱۵	۴،۴۱۹	ابوابراہیم صاحب رنگون
۴	۴،۴۰۸	معین الدین صدیقی صاحب نئی دہلی	۱۰	۴،۴۱۴	شیخ محمد بشیر صاحب 〃	۱۶	۴،۴۲۰	سید کنعی شاہ صاحب 〃
۵	۴،۴۰۹	مرزا فضل محمد صاحب 〃	۱۱	۴،۴۱۵	داؤجی داوا بھائی صاحب 〃	۱۷	۴،۴۲۱	سلیمان آدم جی صاحب 〃
۶	۴،۴۱۰	محمد یوسف صاحب بٹ شملہ	۱۲	۴،۴۱۶	حاجی داوا شریف صاحب 〃			

مستقل امداد و عطیات

ذیل کی رقوم جو اپریل ۱۹۴۶ء میں ہمیں اپنے ہمدردوں اور سفراء کی معرفت وصول ہوئی ہیں درج رجسٹر ہو چکی ہیں اندراجات میں صحت کا خیال رکھا جاتا ہے اگر کوئی غلطی رہ گئی ہو تو اطلاع بخشئے، دفتر ممنون ہوگا۔

اس سلسلہ میں یہ بات ملحوظ خاطر رہنی چاہیئے کہ مہینہ کے آخری دنوں کی وصولیابی بعض دفتری مجبوریوں کی وجہ سے دوسرے مہینے میں محسوب ہوتی ہے اس لئے اگر بعض حضرات کے نام اس فہرست میں نہ ہوں تو انھیں آئندہ اشاعت کا انتظار کرنا چاہیئے۔ (مرتب)

اپریل ۱۹۴۶ء

دہلی و نئی دہلی

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی صاحب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی صاحب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی صاحب	رقم موصولہ
۱	۳۴۲	شاہد علی صاحب مع برادران دہلی	صہ/	۲۲	۶۱۹ دہلی	محمد لئیق صاحب دہلی	عہ	۴۳	۳۲۴۰ دہلی	عبد نعیم عبدالمجید صاحبان دہلی	۴/
۲	۳۴۴	خواجہ عبدالمجید خان صاحب "	سے/	۲۳	۶۲۰	ایم فضل الرحمن صاحب "	صہ	۴۴	۳۲۴۱	محمد سمیع محمد جمیل صاحبان	عہ/
۳	۳۸۲	سید ابوالحیات صاحب "	عہ/	۲۴	۶۲۱ "	حاجی نورالدین صاحب	۸	۴۵	۳۲۴۲	ضیاء الدین صاحب "	۸
۴	-	لیاقت اللہ خاں صاحب "	عگ/	۲۵	۶۲۲ "	علاؤالدین صاحب	۸	۴۶	۳۲۴۳ "	شمس العارفین صاحب "	عہ/
۵	۶۰۲ دہلی	سید محمد شفیع صاحب "	۴/	۲۶	۶۲۳ "	عبدالحکیم حبیب الرحمن صاحبان "	۴/	۴۷	۳۲۴۴	محمد حسن خادم صاحب "	۱/
۶	۶۰۳ "	حکیم حامد میاں صاحب "	۴	۲۷	۶۲۴ "	ام العام الحق صاحب	۸/	۴۸	۳۲۴۵	مرزا سلیمان صاحب "	عہ/
۷	۶۰۴ "	عنایت اللہ خاں صاحب "	۴	۲۸	۶۲۵ "	عبدالحق سراج الحق صاحبان	۸	۴۹	۳۲۴۶ "	اسلام الدین شجاع الدین صاحبان	۸/
۸	۶۰۵ "	لیڈی ڈاکٹر الف ڈی محمود صاحب "	۱	۲۹	۶۲۶ "	مولا بخش مہردین صاحبان "	عہ/	۵۰	۳۲۴۷	سید حفیظ الہی صاحب "	۴/
۹	۶۰۶ "	ربیع اللہ خاں صاحب "	۸	۳۰	۶۲۷ "	محمد انیس صاحب "	۸/	۵۱	۳۲۴۸ "	حاجی نور محمد صاحب "	۸/
۱۰	۶۰۷	رفیق احمد صاحب "	عہ	۳۱	۶۲۸ "	دعوت احمد صاحب توفیق "	عگ/	۵۲	۳۲۴۹ "	حفیظ الرحمن صاحب "	۴/
۱۱	۶۰۸ "	ڈاکٹر حسین بخش صاحب "	۴/	۳۲	۶۲۹ "	قمرالدین احمد صاحب	عگ/	۵۳	۳۲۵۰	حاجی بشیر احمد صاحب	۸
۱۲	۶۰۹ "	حاجی شیخ محمد عبدالرزاق صاحب	عہ/	۳۳	۶۳۰ "	عبدالحی صاحب "	صہ/	۵۴	۳۲۵۱ "	محمود علی صاحب علوی "	عگ/
۱۳	۶۱۰ "	میاں محمد رفیق صاحب "	صہ/	۳۴	۶۳۱	علی احمد صاحب "	عہ/	۵۵	۳۲۵۲ "	ڈاکٹر حسین بخش صاحب "	۴/
۱۴	۶۱۱ "	عبدالخالق شہاب الدین صاحبان "	عگ/	۳۵	۶۳۲ "	محمد تقی صاحب "	۴/	۵۶	۳۲۵۳ "	شفیع الدین صاحب تیر "	عگ/
۱۵	۶۱۲ "	حاجی قادر بخش مولا بخش صاحبان	سے/	۳۶	۶۳۳ "	ایم اکرام الدین صاحب	۴/	۵۷	۳۲۵۴ "	صالحہ خاتون صاحبہ "	عہ/
۱۶	۶۱۳ "	آغا محمد امین صاحب "	عہ/	۳۷	۶۳۴ "	سیر بیگ صاحب "	۲/	۵۸	۳۲۵۵	حاجی رشید احمد صاحب	للعہ/
۱۷	۶۱۴ "	عبدالرحمن صاحب	۴/	۳۸	۶۳۵ "	احمد حسن خاں صاحب "	۲	۵۹	۳۲۵۶ "	عبدالحکیم صاحب "	عہ/
۱۸	۶۱۵ "	اے ذی الظہر صاحب "	للعہ/	۳۹	۶۳۶ "	محمد صدیق صاحب "	عہ/	۶۰	۳۲۵۷ "	محمد حسین خادم صاحب "	۸/
۱۹	۶۱۶ "	صوفی اصغر علی صاحب "	عہ/	۴۰	۶۳۷ "	رحمت اللہ صاحب "	۴/	۶۱	۳۲۵۸ "	ربیع اللہ خاں صاحب "	۸/
۲۰	۶۱۷ "	معین الدین صاحب صدیقی	۸/	۴۱	۶۳۸ "	مشتاق احمد صاحب "	عہ/	۶۲	۳۲۵۹ "	شمس العارفین صاحب "	عہ/
۲۱	۶۱۸ "	محمود علی صاحب علوی "	عہ/	۴۲	۶۳۹ "	عوض خاں محمد اسمعیل خاں صاحبان	صہ	۶۳	۳۲۶۰	عبدالحق سراج الحق صاحبان "	۸/

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
۶۴	ڈی ۳۲۶۱	مشتاق احمد صاحب دہلی	عہ/	۸۸	ڈی ۳۲۸۶	مرغوب احمد صاحب محوتی دہلی	عکر/	۱۱۲	ڈی ۳۳۱	ضیا احمد صاحب دہلی	۴/
۶۵	۳۲۶۲ "	حاجی شیخ سمیع عبد الرزاق صاحب "	عہ/	۸۹	۳۲۸۷ "	عبد المعنی صاحب "	عہ/	۱۱۳	۳۳۱۱ "	رحمت اللہ خاں صاحب "	۴/
۶۶	۳۲۶۳ "	کلو صاحب "	۴/	۹	۳۲۸۸ "	ممتاز الدین صاحب "	عہ/	۱۱۴	۳۳۱۲ "	ایس محمد یوسف صاحب "	۸/
۶۷	۳۲۶۴ "	ملک آفتاب احمد صاحب "	عہ/	۹۱	۳۲۸۹ "	اصغر علی صاحب "	۴/	۱۱۵	۳۳۱۳ "	بیگم محمد یعقوب صاحب "	۸/
۶۸	۳۲۶۵ "	اشتیاق حسن صاحب "	ے/	۹۲	۳۲۹ "	اسلام الدین شجاع الدین صاحبان "	۸/	۱۱۶	۳۳۱۴ "	شجاعت علی صاحب صدیقی "	عکر/
۶۹	۳۲۶۶ "	غلام صابر صاحب "	عہ/	۹۳	۳۲۹۱ "	انوار الحق صاحب "	عہ/	۱۱۷	۳۳۱۵ "	زاہد حسین صاحب "	صہ/
۷	۳۲۶۷ "	مرزا الیاس علی بیگ صاحب "	۴/	۹۴	۳۲۹۲ "	بشیر احمد صاحب "	۸/	۱۱۸	۳۳۱۶ "	سید غلام حسین صاحب "	عکر/
۷۱	۳۲۶۸ "	عبد الحکیم حبیب الرحمٰن صاحبان "	۴/	۹۵	۳۲۹۳ "	سلیم الزماں صاحب صدیقی "	صہ/	۱۱۹	۳۳۱۷ "	غلام نبی صاحب "	صہ/
۷۲	۳۲۶۹	محمد عارف صاحب "	عہ/	۹۶	۳۲۹۴ "	حاجی نور الدین صاحب "	۸/	۱۲	۳۳۱۸ "	محمد جمیل صاحب "	لعہ/
۷۳	۳۲۷ "	شیخ محمد تقی صاحب "	۸/	۹۷	۳۲۹۵ "	عمران الدین صاحب "	۸/	۱۲۱	۳۳۱۹ "	ریڈیو آفس "	عکر/
۷۴	۳۲۷۲ "	صبیح الدین احمد صاحب	عہ/	۹۸	۳۲۹۶ "	محبوب بخش ربیع الدین صاحبان "	عہ/	۱۲۲	۳۳۲۰ "	ایم محمد دین صاحب "	[illegible]
۷۵	۳۲۷۳ "	عبد الحق صاحب "	صہ/	۹۹	۳۲۹۷ "	شیخ محمد اسمٰعیل صاحب "	۴/	۱۲۳	۳۳۲۱ "	محمد علی صاحب "	۸/
۷۶	۳۲۷۴ "	مرزا اسلیماں صاحب "	عہ/	۱	۳۲۹۸ "	عبد الحمید عبد المجید صاحبان "	۴/	۱۲۴	۳۳۲۲ "	سید حفیظ الدین صاحب "	۸/
۷۷	۳۲۷۵ "	حاجی عبد المعنی فضل الحق صاحبان "	عکر/	۱۰۱	۳۲۹۹ "	محمد تقی صاحب "	۴/	۱۲۵	۳۳۲۳ "	سید شمس الدین صاحب "	۸/
۷۸	۳۲۷۶ "	شیخ ربیع صاحب "	عہ/	۱۰۲	۳۳ "	اخلاق احمد اقبال احمد صاحبان "	عہ/	۱۲۶	۳۳۲۴ "	شیخ عبد الرشید صاحب "	۸/
۷۹	۳۲۷۷ "	دفتر رسالہ عصمت "	۸/	۱۰۳	۳۳۰۱ "	جمیل الرحمٰن صاحب "	عکر/	۱۲۷	۳۳۲۵ "	شمس الدین صاحب "	۴/
۸	۳۲۷۸ "	سرفراز الحق صاحب "	۴/	۱۰۴	۳۳۰۲ "	محمد ادریس صاحب مارٹی "	عہ/	۱۲۸	۳۳۲۶ "	محمد ابراہیم صاحب "	۴/
۸۱	۳۲۷۹ "	حکیم احمد حسن خاں صاحب "	۲/	۱۰۵	۳۳۰۳ "	محمد ایوب صاحب "	۸/	۱۲۹	۳۳۲۷ "	محمد شفیق صاحب "	عہ/
۸۲	۳۲۸ "	رحمت اللہ صاحب "	۴/	۱۰۶	۳۳۰۴ "	عبد الغنی صاحب "	عہ/	۱۳۰	۳۳۲۸ "	سراج الدین صاحب "	۴/
۸۳	۳۲۸۱ "	بشیر احمد صاحب "	۴/	۱۰۷	۳۳۰۵ "	سید محمد علی صاحب "	عہ/	۱۳۱	۳۳۲۹ "	شمس العارفین صاحب "	۴/
۸۴	۳۲۸۲ "	حفیظ الرحمٰن صاحب "	۴/	۱۰۸	۳۳۰۶ "	شیخ محمد ادریس صاحب "	۴/	۱۳۲	۳۳۳۰ "	میر عزیز الدین صاحب "	عہ/
۸۵	۳۲۸۳ "	قمر الدین صاحب "	۴/	۱۰۹	۳۳۰۷ "	حکیم عبد الحمید صاحب "	صہ/	۱۳۳	۳۳۳۱ "	فیض محمد صاحب "	عہ/
۸۶	۳۲۸۴ "	محمد انیس الرحمٰن صاحب "	۴/	۱۱۰	۳۳۰۸ "	محمد شفیع صاحب "	۸/	۱۳۴	۳۳۳۲ "	سید عبد اللطیف صاحب "	۸/
۸۷	۳۲۸۵ "	منور الدین محمد گلزار صاحبان "	صہ/	۱۱۱	۳۳۰۹ "	حاجی عباد اللہ خاں صاحب "	عکر/	۱۳۵	۳۳۳۳ "	محمد اقبال حسین صاحب "	عہ/

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی صاحب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی صاحب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی صاحب	رقم موصولہ
۱۳۶	ڈی ۳۲۳۴	محمد احمد صاحب ۔ دہلی	عہ/	۱۶۰	ڈی ۳۷۵۹	ظہیر الدین صاحب دہلی	عہ/	۱۸۴	ڈی ۳۷۸۳	صالحہ خاتون صاحبہ دہلی	۸/
۱۳۷	۳۲۳۵	محمد نور خاں صاحب "	۴/	۱۶۱	۳۷۶۰	جمیل احمد صاحب "	۸/	۱۸۵	۱۸۹۱	عبد الرب صاحب "	عہ/
۱۳۸	۳۲۳۶	محمد اسمٰعیل صاحب "	۴/	۱۶۲	۳۷۶۱	عبد الحکیم خاں صاحب "	۸/	۱۸۶	۱۸۹۲	حافظ عبد الحکیم صاحب "	عا/
۱۳۹	۳۲۳۷	احمد اسلام خاں صاحب "	عہ/	۱۶۳	۳۷۶۲	شیخ محمد یوسف صاحب "	عہ/	۱۸۷	۱۸۹۳	ایم طفیل محمد صاحب "	۸/
۱۴۰	۳۲۳۹	قاری عبد الستار خاں صاحب "	عہ/	۱۶۴	۳۷۶۳	محمد یوسف صاحب اللہ والے "	عہ/	۱۸۸	۱۸۹۴	خواجہ غلام یٰسین صاحب	عہ/
۱۴۱	۳۲۴۰	محمد عبد الرؤف صاحب "	عہ/	۱۶۵	۳۷۶۴	خورشید عالم صاحب "	عہ/	۱۸۹	۱۸۹۵	سید مرتضیٰ علی صاحب	عہ/
۱۴۲	۳۲۴۱	سعید احمد صاحب "	عہ/	۱۶۶	۳۷۶۵	الطاف حسین صاحب "	عہ/	۱۹	۱۸۹۶	بیگم سید حامد علی صاحب مرحوم "	عہ/
۱۴۳	۳۲۴۲	چودھری مہر دین صاحب "	۴/	۱۶۷	۳۷۶۶	ممتاز الدین صاحب "	عہ/	۱۹۱	۱۸۹۷	محمد اشرف صاحب "	۸/
۱۴۴	۳۲۴۳	محمد احمد صاحب چاولہ "	عہ/	۱۶۸	۳۷۶۷	محمد ادریس صاحب ہاشمی "	عہ/	۱۹۲	۱۸۹۸	شیخ کریم بخش صاحب "	عہ/
۱۴۵	۳۲۴۴	سکریٹری صاحب برلا ملز "	عہ/	۱۶۹	۳۷۶۸	عبد الرحیم صاحب "	۱۲/	۱۹۳	۱۸۹۹	عبد الحق صاحب "	۴/
۱۴۶	۳۲۴۵	دریں خاں صاحب "	عا/	۱۷	۳۷۶۹	اخلاق احمد اقبال احمد صاحبان	عہ/	۱۹۴	۱۹	عبد الرحمٰن صاحب "	۴/
۱۴۷	۳۲۴۶	ملک آفتاب احمد صاحب "	عہ/	۱۷۱	۳۷۷۰	محمد امین الرحمٰن صاحب "	۴/	۱۹۵	۳۹۵۱	معصوم علی صاحب "	۴/
۱۴۸	۳۲۴۷	غلام علی خاں صاحب "	۴/	۱۷۲	۳۷۷۱	محبوب بخش ربیع الدین صاحبان	صہ/	۱۹۶	۳۹۵۲	میاں محمد صاحب "	عہ
۱۴۹	۳۲۴۸	سعید الرحمٰن صاحب "	۴/	۱۷۳	۳۷۷۲	شیخ محمد ادریس صاحب "	۲/	۱۹۷	۳۹۵۳	تاج الدین صاحب "	عہ/
۱۵۰	۳۲۴۹	حکیم شریف الدین خاں صاحب	۴/	۱۷۴	۳۷۷۳	محبوب الٰہی صاحب	۸/	۱۹۸	۳۹۵۴	ملک غلام حیدر صاحب	۸/
۱۵۱	۳۲۵۰	سید سلیم الدین صاحب "	۴/	۱۷۵	۳۷۷۴	اصغر علی صاحب "	۴/	۱۹۹	۳۹۵۵	محمد غیور صاحب "	۸/
۱۵۲	۳۲۵۱	حاجی عبد المعنی فضل الحق صاحبان	عا/	۱۷۶	۳۷۷۵	اشتیاق حسین صاحب "	عہ/	۲	۳۹۵۶	صوفی غلام قادر صاحب "	۸/
۱۵۳	۳۲۵۲	محمد تقی صاحب "	۴/	۱۷۷	۳۷۷۶	حاجی رشید احمد صاحب "	عا/	۲۱	۳۹۵۷	سید شبیر الحسن صاحب برنی "	۸/
۱۵۴	۳۲۵۳	شیخ محمد اسمٰعیل صاحب "	۴/	۱۷۸	۳۷۷۷	محمد اشفاق صاحب "	صہ/	۲۰۲	۳۹۵۸	آغا علی مصطفٰے صاحب "	۴/
۱۵۵	۳۲۵۴	حاجی عبد الرحمٰن عبد الرحیم صاحبان "	عہ	۱۷۹	۳۷۷۸	انوار الحق صاحب "	۸/	۲۰۳	۳۹۵۹	سید محمد اکبر صاحب "	۴/
۱۵۶	۳۲۵۵	حافظ شہاب الدین محمد دین صاحبان "	۲/	۱۸۰	۳۷۷۹	نور الحسن صاحب	عہ/	۲۰۴	۳۹۶۰	حبیب الرحمٰن صاحب "	۴/
۱۵۷	۳۲۵۶	احسن حامد علی صاحب "	۸/	۱۸۱	۳۷۸۰	سرفراز الحق صاحب "	۲/	۲۰۵	۳۹۶۱	محمد حشمت علی صاحب "	عا/
۱۵۸	۳۲۵۷	محمد عارف صاحب "	عہ/	۱۸۲	۳۷۸۱	مقبول احمد صاحب	عہ/	۲۰۶	۳۹۶۲	عبد العلی صاحب "	عا/
۱۵۹	۳۲۵۸	منور الدین محمد گلزار صاحبان	صہ/	۱۸۳	۳۷۸۲	شفیع الدین صاحب نیر "	عہ/	۲۰۷	۳۹۶۳	محمد خلیل صاحب "	للعہ/

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی صاحب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
۲۰۸	۲۹۶۴ ڈی	اکرم اللہ خاں صاحب دہلی	عہ	۱۹	۲۹۶۳ ڈی	سلطان احمد بیگ صاحب دہرہ دون	عـه	۱۷	۳۰۸۲ ڈی	حبیب حکیم صاحب پاریا بھبی	[illegible]
۲۰۹	۲۹۶۵	غلام حسن صاحب "	عہ	۲۰	۲۹۶۴	حافظ محمد یامین صاحب	صہ	۱۸	۳۰۸۳	خواجہ احمد عباس صاحب "	عہ
۲۱۰	۲۹۶۶	چودھری محمد سرور صاحب "	للعہ	۲۱	۲۹۶۵	حاجی عبدالحکیم صاحب "	عہ	۱۹	۳۰۸۵	محمد امین محمد بشیر صاحب "	عہ
۲۱۱	۲۹۶۷	عبدالرزاق صاحب "	۶ر	۲۲	۲۹۶۸	کے اے احمد صاحب "	صہ	۲۰	۳۰۸۶	حاجی عبداللہ صاحب "	۴ر
		میزان سالانہ ۲۲۴	۵ر	۲۳	۲۹۶۹	غلام محمد خاصر صاحب "	ےر	۲۱	۳۰۸۷	قاضی عبدالرحمن صاحب "	۴ر
		یوپی		۲۴	۲۹۷۱	ممتاز حسین صاحب "	۸ر	۲۲	۳۰۸۸	قاضی بابو صاحب بھیلانی "	۴ر
۱	۳۵	محمود اسلم خاں صاحب بلند شہر	۶ر			میزان ماہ ۱۵۵	۸ر	۲۳	۳۰۸۹	رحیم اللہ صاحب "	۸ر
۲	۲۵۶	سید بشیر علی صاحب علیگڑھ	عـه			**بمبئی**		۲۴	۳۰۹۰	خواجہ غلام جیلانی صاحب	۴ر
۳	۲۵۸	محمد اسمٰعیل صاحب متھرا	عہ	۱	۳۰۶۷ ڈی	عابد علی ولد عاشق علی صاحب بمبئی	۸ر	۲۵	۳۰۹۱	قمر میرٹھی صاحب "	۴ر
۴	۲۷۱	بیگم عطاء الرحمن صاحب علیگڑھ	عـه	۲	۳۰۶۸	معین الدین صاحب حارث "	عہ	۲۶	۳۰۹۲	یوسف مستری صاحب "	عـه
۵	۲۸۴	بیگم مصباح الاسلام صاحب کانپور	عـه	۳	۳۰۶۹	بیگم "	عہ	۲۷	۳۰۹۳	ابراہیم عمادی صاحب "	۴ر
۶	۱۰۱۲ ڈی	رشید احمد صاحب صدیقی علی گڈھ	۶ر	۴	۳۰۰۰	ایم اے ... صاحب "	عہ	۲۸	۳۰۹۴	مسز کے اے حمید صاحب "	۶ر
۷	۱۰۱۷	ارمر قدوائی صاحب "	عہ	۵	۳۰۱	عثمان حسین خاں صاحب "	عہ	۲۹	۳۰۹۵	ڈی رودراخ صاحب "	عہ
۸	۱۰۱۸	عبداللہ خاں صاحب لکھنؤ "	۶ر	۶	۳۰۲	محمد ابراہیم علی صاحب ترلماش	۶ر	۳۰	۳۰۹۶	ڈاکٹر محمد اسحٰق صاحب "	۶ر
۹	۱۰۱۹	پروفیسر محمد حبیب صاحب	عـه	۷	۳۰۳	عبدالحمید سطری صاحب "	عہ	۳۱	۳۰۹۷	ابوبکر چھوٹانی صاحب "	عہ
۱۰	۱۰۲	حکیم عبداللطیف صاحب	۲	۸	۳۰۴	عبدالحمید اسمٰعیل صاحب	عہ	۳۲	۳۰۹۸	حسن میاں کالے سلطان صاحب	عہ
۱۱	۱۰۲۱	ڈاکٹر ناصر مرزا صاحب	عہ	۹	۳۰۵	میر اصغر علی صاحب جامعی "	عہ	۳۳	۳۰۹۹	چودھری صاحب معرفت وائز برادرس	عہ
۱۲	۱۰۲۲	حبیب اللہ خاں صاحب	عہ	۱۰	۳۰۶	اسمٰعیل سخی صاحب	۴ر	۳۴	۳۱۰۰	شیخ احمد صاحب "	۴ر
۱۳	۱۰۲۳	لیڈی راس مسعود صاحب "	للعہ	۱۱	۳۰۷	جے ایل پارکر صاحب "	۴ر	۳۵	۳۱۰۱	حافظ زکریا برادرس "	۴ر
۱۴	۱۰۲۴	محمد ظہیر الدین صاحب "	عہ	۱۲	۳۰۸	عبدالکریم صاحب "	عہ	۳۶	۳۱۰۲	عبدالسلام صاحب "	۴ر
۱۵	۱۰۲۵	محمد انیس خاں صاحب "	۶ر	۱۳	۳۰۹	عبدالعزیز غلام نبی صاحب "	۴ر	۳۷	۳۱۰۳	احمد غلام محی الدین صاحب "	عہ
۱۶	۱۰۲۶	عبدالخالق صاحب	صہ	۱۴	۳۰۸۰	شیخ احمد صاحب سگلے "	۴ر	۳۸	۳۱۰۴	خلیل شرف الدین صاحب "	۴ر
۱۷	۱۰۲۹	ناظم علی صاحب دہرہ دون	عـه	۱۵	۳۰۸۱	سید لعل شاہ صاحب "	۸ر	۳۹	۳۱۰۵	خلیل الرحمٰن صاحب "	۴ر
۱۸	۲۲ ۲	اے ای فٹ صاحب "	صہ	۱۶	۳۰۸۲	آئی کے خاں صاحب "	عہ			میزان	

نمبر شمار	حوالہ رسید	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید	اسم گرامی صاحب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید	اسم گرامی صاحب	رقم موصولہ
پنجاب وسرحد				۳	۳۹۶۸	شمس الحسن صاحب زبیری اورنگ آباد	لعہ/	**مدراس**			
۱	۳۶۲	محمد یوسف صاحب بٹ شملہ	۷/	۴	۳۹۶۹	صادق علی صاحب "	۱۲/	۱	۳۴۹	محمد علی آصف ہکری صاحب منگلور	عہ/
۲	۲۹۱۰	نذیر حسین صاحب امرتسر	عہ/	۵	۳۹۷۰	سید محمود معرنی صاحب "	۱۲/			میزان عہ/	
۳	۲۹۱۲	محمد امین صاحب "	للعہ/	۶	۳۹۷۱	محمد ساجد صاحب "	۱۲/	**برما**			
۴	۳۹۱۳	مولا بخش محمد شفیع صاحب	للعہ/	۷	۳۹۷۲	سلیم اللہ صاحب "	۱۲/	۱	۱۱۶۱	احمد قاسم صاحب رنگون	عمہ/
۵	۲۹۱۴	شیخ عبدالخالق صاحب "	۶/	۸	۳۹۷۳	خواجہ حیات اللہ صاحب "	۱۲/	۲	۱۱۶۲	عثمان مستی حالعہ صاحب "	۱۸ہ/
۶	۲۹۱۵	شیخ عبدالرحیم صاحب "	لعہ/	۹	۳۹۷۴	بشیر الدین صاحب "	۹/	۳	۱۱۶۳	محمد بشیر صاحب "	۱۸/
۷	۲۹۱۶	حاجی عبدالکریم صاحب "	لعہ/	۱	۳۹۷۵	محی الدین صاحب "	۹/	۴	۱۱۶۷	عبدالاحد صاحب "	عمہ/
۸	۲۹۱۷	نذیر حسین صاحب "	عہ/	۱۱	۳۹۷۶	وشنو نارائن راؤ صاحب کھرے "	۹/	۵	۱۱۶۸	اے رحیم صاحب "	۱۸ص/
۹	۲۹۱۸	شیخ محمد عمر صاحب "	عہ/	۱۲	۳۹۷۷	رام لال صاحب "	۹/	۶	۱۱۶۹	خان بہادر ابراہیم صاحب "	۱۸ہ/
۱۰	۲۹۱۹	ڈاکٹر فرید علی صاحب جالندھر	صہ/	۱۳	۳۹۷۸	دتاترے راؤ صاحب	۹/	۷	۱۱۷	سید کشفی شاہ صاحب نظامی "	۱/
۱۱	۲۹۲۰	نذیر اللہ شاہ صاحب "	صہ/			میزان ۶۶ صہ/		۸	۱۱۷۱	سلیمان آدم جی ملا صاحب "	۱/
۱۲	۲۹۲۱	بخش الٰہی صاحب "	عہ/	**بنگال**						میزان ۹۵ لعہ/	
۱۳	۲۹۲۲	حبیب احمد صاحب "	۷/	۱	۳۵۹	حیون بخش محمد خان صاحب کلکتہ	۸/	**دیگر**			
		میزان ۱۱۳ عہ/				میزان ۲ ۸/		۱	۳۴۸	غلام حسین عبدالقادر صاحب ڈیرہ	عہ/
حیدرآباد دکن				**بہار**				۲	۳۶۸	محمد یونس صاحب کھوبال	۱۲/
۱	۳۶۶	اے ایل سعید صاحب حیدرآباد	صہ/	۱	۳۲۷	سید محمد رشید صاحب بانکی پور	۱۲/	۳	۳۶۹	قاضی علی حیدر عباسی صاحب "	عہ/
۲	۳۰۶	نوازش محمد خان صاحب "	صہ/			میزان ۱۲/				میزان ۱۳ صہ/	

عطیات

۱	۳۵۵	عبدالرشید صاحب ڈیرہ دون	۱/	۵	۱۱۶۴	داؤجی دادا بھائی صاحب رنگون	صہ/	۹	۲۶	عبدالشکور صاحب دہرہ دون	عہ/
۲	۳۶۱	حمید الدین صاحب علیگڑھ	۲عہ/	۶	۱۱۶۵	حاجی دادا شریف صاحب "	عمہ/	۱۰	۲۳۳۸	احمد اسلام صاحب دہلی	عہ/
۳	۳۷۰	حبیب الحق صاحب الہ آباد	۱ر/	۷	۱۱۶۶	احمد قاسم کنڈا صاحب "	عہ/			میزان ۲۱۳ عہ/	
۴	۳۸۶	نصر اللہ خان صاحب عزیز لاہور	صہ/	۸	۲۴۶	رحمت اللہ صاحب نظامی ڈیرہ دون	عہ/				

مکتبہ جامعہ

رسائل سلسلۂ تعلیم و ترقی جامعہ

[illegible] کے لئے اردو درسیات کا کوئی سلسلہ موجود نہیں ہے۔ بچوں کی کتابیں بڑی عمر کے لوگوں کے لئے نہ دلچسپ ہوتی ہیں نہ موزوں [illegible] اسا [illegible] بالغ ہندیوں کے لئے رسائل کا یہ سلسلہ ترتیب دے رہا ہے اور تقریباً دو سو رسائل کا خاکہ تیار کیا گیا ہے جو [illegible] [illegible] ہوگا۔ رسائل تعلیم و ترقی کی کتابت اور مضامین میں مدارج کا بھی لحاظ رکھا جائے گا۔

[illegible] کا اصل منشاء یہ ہے کہ اردو پڑھنے کی اچھی طرح مشق ہو جائے اور کتب بینی کا شوق پیدا ہو تاکہ آئندہ کتب خانہ تعلیم و ترقی کے ذریعہ [illegible] کا سلسلہ خود بخود جاری رہے اور پڑھنا لکھنا سیکھنے کے بعد آدمی پھر اَن پڑھ نہ بن جائے

[illegible] اس سلسلے کے شائع ہو چکے ہیں یا زیر طبع ہیں ان کا سائز [illegible] ہے ہر رسالہ کم و بیش ۱۶ صفحات کا ہے۔

[illegible]	قیمت	۱ر	۷۔ صدیق اکبر	قیمت ۱ر
[illegible]		۲ر	۸۔ حلاد کتابت	〃 ۱ر
[illegible]		۱ر	۹۔ قومی گیت	〃 ۱ر
[illegible]		۱ر	۱۰۔ ہمارا ہندوستان	〃 ۱ر

زیر طبع کتابیں

[illegible] ۱ر — غزلیں ۱ر

عمر فاروق ۱ر

[illegible] — مکتبہ جامعہ — نئی دہلی

[illegible] — جامع مسجد — دہلی

[illegible] لاہور — ۲۔ امین آباد لکھنؤ — ۳۔ پرنسس بلڈنگ جے جے ہسپتال بمبئی

[illegible] دفتر [illegible] جامعہ قرولباغ نئی دہلی سے شائع کیا۔ مطبوعہ جامعہ [illegible] پریس دہلی

ہمدردِ جامعہ

مُرتبہ

ناظمِ

حلقہ ہمدردانِ جامعہ، دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

همدرد جامعہ

ایڈیٹر

(خواجہ) عبدالحی فاروقی

(ناظم ہمدرداں جامعہ)

جلد ۵	جون سنہ ۴۰ء مطابق جمادی الاول سنہ ۱۳۵۹ ہجری	نمبر

فہرست مضامین

چندہ سالانہ عہ قیمت فی پرچہ

حالات جامعہ

قرول باغ سے جامعہ نگر اوکھلا ہمارے ہمدرد تو یہ جانتے ہی ہوں گے کہ قرول باغ میں جامعہ کا قیام محض عارضی تھا مستقل قیام کے لئے دہلی سے تقریباً سات میل کے فاصلہ پر نہر جمنا کے پاس اوکھلا میں زمین تجویز کی گئی تھی ۳۶ء میں ایک عمارت تعمیر ہوئی تو ابتدائی مدرسہ وہاں منتقل کیا گیا، مگر کالج اور مدرسہ ثانوی ابھی تک قرول باغ ہی میں تھے خدا کے فضل و کرم سے امسال دوسری عمارت تیار ہوئی تو یہ شعبے بھی اوکھلا منتقل کردئے گئے۔ ان شعبوں کے علاوہ جن کا تعلق تمام تر شہر کے لوگوں سے ہے' صرف ہمدرد جامعہ اور کتب خانہ عدم گنجائش کی وجہ سے منتقل نہ کئے جاسکے۔ انشاء اللہ اور عمارتوں کے تعمیر ہونے ہی یہ شعبے بھی منتقل کردئے جائیں گے اس وقت جامعہ اپنی تعلیمی بستی کے بسانے میں پوری طرح کامیاب ہوگی۔

خدا سے دعا ہے کہ اس جدید عمارت میں پہونچنے کے بعد قوم کے نونہال بچوں اور نوجوانوں کی تعلیم و تربیت میں اور قوم و ملک کی توقعات کو پورا کرنے میں جامعہ کو زیادہ سے زیادہ کامیاب بنائے۔ آمین!

وداعی دعوت جامعہ میں یہ روایت رہی ہے کہ فارغ ہونے والے طلبہ کو ختم سال پر وداعی دعوت دی جاتی ہے جسے طلبہ انیس الوداع کہتے ہیں چنانچہ پچھلے مہینے انجمن اتحاد کی طرف سے تعلیمی مرکز میں جدا ہونے والے طلبہ کو ایک عصرانہ دیا گیا۔ اساتذہ اور کالج کے تمام طلبہ بھی شریک تھے۔ عصرانہ کے بعد طلبہ کی طرف سے تقریر کی گئی جس میں جدا ہونے والے طلبہ کی علیحدگی پر حزن و ملال اور ان کی کامیابی پر مسرت و خوشی کا اظہار کیا گیا تھا اس کے بعد ڈاکٹر ذاکر حسین خاں صاحب شیخ الجامعہ نے انھیں نصیحتیں کیں اور کامیابی و کامرانی کی دعا کی آخر میں جدا ہونے والے طلبا نے جوابی تقریر میں اپنے تاثرات کا اظہار کیا اور وعدہ کیا کہ آئندہ جہاں اور جس حال میں بھی ہوں گے جامعہ کے مقاصد کو پیش نظر رکھیں گے اور قوم و ملک کی توقعات کو پورا کرنے کی پوری کوشش کریں گے

یوم النبی صلعم' جامعہ کے ابتدائی مدرسوں میں تجربہ کرنے کے بعد یہ معلوم ہوا ہے کہ نوعمر بچوں کو مذہبی معلومات بہم پہنچانے اور ان میں مذہبیت پیدا کرنے کے لئے کتابوں سے زیادہ یوم النبی اور یوم قرآن کے جلسے مفید ثابت ہوتے ہیں چنانچہ حسب دستور امسال بھی تعلیمی مرکز میں یوم النبی صلعم منایا گیا اور بچوں نے اپنے لکھے ہوئے مضامین پڑھ کر سنائے جامعہ نگر اوکھلا میں اس سے پہلے منایا جاچکا تھا جس کی اطلاع گذشتہ اشاعت میں دی جاچکی ہے۔

اس مرتبہ اس مبارک تقریب میں دہلی کے دوسرے مدرسوں کو شریک کرنے کے لئے تعلیمی مرکز کے بچوں نے ایک ٹرافی بھی رکھی تھی اس ٹرافی کیلئے انھوں نے خود چندہ کیا اپنے استادوں سے مدد لی اور جامعہ کے دوسرے کارکنوں اور ہمدردوں سے چندہ لیا۔ سیرت کے اس مقابلہ میں کل آٹھ مدرسے شریک ہوئے مقابلہ ۲ مئی کو ہوا مدرسہ ابتدائی جامعہ نگر مقابلہ میں اول آیا، عربک ہائی اسکول اجمیری گیٹ دوم' جامعہ نگر کے بچوں نے ٹرافی عربک ہائی اسکول کو دی جس کی جلسہ کے خاتمے پر حضرت مولانا عبید اللہ سندھی صدر جلسہ نے بہت اچھی اچھی نصیحتیں کیں۔

تعلیمی خبریں

پنج سالہ تعلیمی ترقی

ابھی حال میں ہندوستان کی پنج سالہ تعلیمی کیفیت کے متعلق سرکاری رپورٹ شائع ہوئی ہے جس کی تلخیص ذیل میں درج کی جاتی ہے۔

ملک کے تمام حصوں سے جو رپورٹیں موصول ہوئی ہیں' ان سے معلوم ہوتا ہے کہ پورے ملک میں موجودہ نظام تعلیم ناپسندیدگی کی نظر سے دیکھا جا رہا ہے اور اسی کے ساتھ نظام تعلیم کی اصلاح اور نئے سرے سے تنظیم کی بھی کوشش کی جا رہی ہے موجودہ نظام تعلیم کی چند خامیاں جن کی طرف خاص طور پر توجہ مبذول کرائی گئی ہے' حسب ذیل ہیں۔

ثانوی مدارس میں جو نظام رائج ہے' اس کی وجہ سے غیر موزوں اشخاص اعلیٰ تعلیم کی تحصیل کی طرف جا نکلتے ہیں ابتدائی مدارس میں بے انتہا تعلیم بیکار ضائع جاتی ہے جس کی وجہ سے خواندگی کی اشاعت میں رکاوٹیں پیدا ہوتی ہیں صوبجاتی حکومتیں اکثر مقامی جماعتوں (لوکل باڈیز) کی تعلیمی سرگرمیوں پر کوئی موثر نگرانی نہیں رکھتیں اور مختلف تعلیمی کوششوں میں کوئی ربط اور ہم آہنگی نہیں ہے۔

ہندوستانی تحقیقی کمیٹی کی سفارشات کے بموجب ۱۹۲۳ء میں تعلیمی مرکزی مشاورتی بورڈ توڑ دیا گیا تھا لیکن اگست ۱۹۳۵ء میں اسے دوبارہ قائم کیا گیا اور اس وقت سے وہ مرکزی اور صوبجاتی حکومتوں کو تعلیمی تنظیم کے متعلق برابر مفید مشورے اور ہدایات دے رہا ہے

اس پنج سالہ عرصہ میں باوجود مالی دقتوں کے تعلیمی سہولتیں بہم پہنچائی گئیں اور اس کی وجہ سے بہت کچھ ترقی بھی ہوئی ۱۹۳۲ء میں منظور شدہ اور غیر منظور شدہ مدارس کی کل تعداد ۲۵۶۰۹۲' اور ۱۹۳۷ء میں ۲۵۵۷۰۹' لیکن طالب علموں کی تعداد ۱۹۳۷ء میں ۱۴۱۴۶۰۰۰' اور ۱۹۳۲ء میں ۱۲۷۷۰۰۰۰ تھی۔ کل آبادی کا تعلیمی تناسب ۱۹۳۲ء میں ۷ رہا لیکن ۱۹۳۷ء میں بڑھ کر ۵٫۲ تک پہنچ گیا۔ ۳۷-۱۹۳۶ء میں کل تعلیمی اخراجات فی کروڑ حسب ذیل تھے۔

گورنمنٹ فنڈ	بورڈ فنڈ	فیس	دوسرے ذرائع	کل اخراجات
۱۲٫۳۶	۴٫۳۴	۷٫۱۱	۴٫۲۴	۲۸٫۰۵

اس پنج سالہ مدت میں کل تعلیمی اخراجات میں تقریباً ۸۰ لاکھ کا اضافہ ہوا۔ اس عرصہ میں یونیورسٹی کی تعلیم میں غیر معمولی ترقی ہوئی ذیل کا نقشہ ملاحظہ ہو۔

۱۹۱۷ء ۶۱۰۰۰ ۔ ۱۹۳۲ء ۱۰۵۰۰۰ ۔ ۱۹۳۷ء ۱۲۹۰۰۰

یہ اضافہ کچھ تو اس وجہ سے ہوا کہ لوگوں میں یونیورسٹی کی معاشرتی اور ثقافتی قدر (سوشل اور کلچرل ویلیو) کا احساس پیدا ہوا اور کچھ اس وجہ سے (مالباً بڑا سبب یہی ہے) کہ میٹرک پاس کرنے کے بعد ملک میں اتنے کافی ذرائع نہیں ہیں کہ لوگ انہیں اختیار کر سکیں نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ لوگ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے پر مجبور ہوتے ہیں سنہ ۳۷ء میں کل ۱۲۹۷۵ ثانوی مدارس تھے اور طلبہ کی تعداد ۲۲۹۳۰۰۰ تھی اور ثانوی تعلیم کے اخراجات میں ۲۵ ۵ روپے کا اضافہ ہوا سنہ ۲۲ء میں .... سے کچھ کم خرچ ہوا تھا مگر سنہ ۳۶ء میں ... ۵۰۰، روپے خرچ ہوئے۔

ہندوستانی زبانوں کو ذریعۂ تعلیم بنانے میں بڑی ناکامی ہوئی اس کا سبب شاید نصاب کی کتابوں (ٹکسٹ بکس) اور مناسب لٹریچر کی کمی اور ایک حلقہ میں متعدد زبانوں اور رسم الخط کا اختلاف ہے اس ناکامی کی وجہ سے بہت سے ورناکیولر مڈل اسکولوں کو انگریزی مڈل اسکولوں میں تبدیل کرنا پڑا اس کی وجہ سے ورناکیولر مڈل اسکولوں اور ایسے طالب علموں کی تعداد پر بڑا اثر پڑا۔

لڑکوں کے ابتدائی مدارس کی تعداد میں نہ صرف یہ کہ اضافہ نہیں ہوا بلکہ کمی واقع ہوئی لیکن خوش قسمتی سے طالب علموں کی تعداد میں خاصا اضافہ ہوا ہے ذیل کی جدول ملاحظہ ہو۔

سال	مدارس کی تعداد	طلبہ کی تعداد
۱۹۳۱ - ۳۲	۱۶۸۸۳۵	۸۱۵۵۰۰۰
۱۹۳۶ - ۳۷	۱۶۴۸۹۴	۹۰۴۷۰۰۰

طلبہ کی تعداد میں اضافہ ہونے کی وجہ سے مصارف میں بھی اضافہ ہوا چنانچہ پہلے کل مصارف ۱۷ روپے تھے لیکن بڑھ کر تقریباً ۷۰ ہو گئے کم از کم درجہ چہارم تک پڑھے ہوئے طالب علم کو ہم خواندہ کہہ سکتے ہیں۔ ایسے لڑکوں کی تعداد میں مناسب اضافہ ہوا جو ذیل کے اعداد سے ظاہر ہوتا ہے۔

سنہ ۳۲-۲۶ء طلبہ کی تعداد ۲۱۸۶۰۰۰ سنہ ۳۷-۳۲ء طلبہ کی تعداد ۴۹۲۳۰۰۰

لیکن اب بھی تقریباً ۷۰ فی صدی تعلیم بیکار ضائع جاتی ہے

<u>تعلیم نسواں</u> عوام میں ایک عام بیداری پھیل رہی ہے اور تعلیم نسواں کی اہمیت کا احساس روز افزوں ترقی پذیر ہے ماضی کے تعصبات جو تعلیم نسواں کی ترقی میں حائل تھے آہستہ آہستہ مٹ رہے ہیں بچپن کی شادی خلاف قانون قرار دیدی گئی ہے اور پردہ کی رسم بھی آہستہ آہستہ مٹ رہی ہے طالبات کی تعداد سنہ ۱۹۳۲ء میں ۲۴۹۳۰۰۰ تھی اور سنہ ۱۹۳۷ء میں بڑھ کر ۳۱۳۸۰۰۰ ہو گئی گویا اس پانچ سال کی مدت میں ۲۵،۹ فی صدی کا اضافہ ہوا۔ ابتدائی مدارس کے علاوہ لڑکیوں کے اور تمام اداروں کی تعداد میں اضافہ ہوا ہے سنہ ۳۲-۳۱ء میں زنانہ تعلیم کے کل مصارف ..... ۲۳۹ تھے لیکن سنہ ۳۷-۳۶ء میں ...... ۲۶۹ تک پہنچ گئے لیکن اب بھی لڑکیوں کی تعلیم سے زیادہ لڑکوں کی تعلیم پر توجہ کی جاتی ہے چنانچہ زیادہ

جامعہ میں بیت الحکمۃ

میں نے مکہ معظمہ سے جناب شیخ الجامعہ کی خدمت میں درخواست بھیجی تھی کہ مجھے جامعہ میں " یادگار شیخ الہند " قائم کرنے کا موقع دیا جائے۔ جسکے میں آیا ہوں اسی سلسلہ میں کم و بیش کوشش جاری ہے۔ اللہ رب العزت کا ہزار ہزار شکر ہے کہ میں آج احباب کو یہ بشارت سنانے کے قابل ہوا۔

جناب ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب اتفاقہ نے نئے سال سے جامعہ میں حکمۃ الامام ولی اللہ دہلوی کی تعلیم جاری کرنے کی تیاری کرلی ہے تجویز یہ ہے کہ ایک مستقل بورڈنگ ہاؤس بنایا جائے جس میں بیس طلباء کی کلاس کھول دی جائے۔ دس عربی مدارس کے فارغ التحصیل ہوں اور دس یونیورسٹیوں کے گریجویٹ ان کا نصاب تعلیم مخصوص ہوگا۔ یہ عمارت جامعہ کی بیت الحکمۃ کہلائے گی۔

بالفعل اس جماعت کی ضروریات پوری کرنے کے لئے ۲۵ روپیہ ماہوار کے بیس وظائف درکار ہیں۔ جولائی کے آخر تک یہ روپیہ جامعہ میں پہنچ جانا چاہئیے تاکہ اگست سنہ ۴۰ء سے یہ " درسہ خاص " مستقل کردیا جائے میرے پروگرام پر عمل کی یہ پہلی دعوت ہے۔ واللہ ہو الموفق والہادی

دستخط (مولانا) عبیداللہ سندھی
سابق ناظم نظارۃ المعارف۔ دہلی

۲۲ مئی سنہ ۴۰ء
(مہمان خانہ جامعہ۔ قرولباغ)

(بقیہ مضمون صفحہ ۴)

آمدنی ہونے کی شکل میں اس کا بڑا حصہ لڑکوں کی تعلیم پر صرف ہوتا ہے۔ مخلوط تعلیم برابر بڑھ رہی ہے۔ متعدد صوبوں میں مردانہ مدارس میں طالبات کی تعداد بڑھتی گئی۔ طالبات کی مجموعی تعداد ۳۱ لاکھ ۳۸ ہزار ہیں ۳۷ء میں ۱۲ لاکھ ۶۲ ہزار مردانہ مدارس میں زیر تعلیم تھیں۔

تعلیم بالغاں | ۳۷-۳۶ء میں مرد بالغوں کے لئے ۲،۰۱۶ اسکول تھے اور ان میں تعلیم حاصل کرنے والوں کی کل تعداد ۹۲،۰۰۰ تھی عورتوں کے لئے کل ۱۱۱ اسکول تھے اور تعلیم حاصل کرنے والیوں کی کل تعداد ۹۴۲ تھی۔

تعلیم بالغاں کی توسیع و اشاعت میں زیادہ تر ہندوستان کے رضاکاروں کا حصہ ہے، انسپکٹروں کی تعداد اور قابلیت دونوں ناقابل اطمینان رہی ہیں ایسی صورتیں اختیار نہیں کی گئیں جن سے تعلیم کی وسعت و ترقی کے ساتھ ساتھ انسپکٹروں کی تعداد میں بھی اضافہ ہوتا۔ یہ کمی عورتوں کی تعلیم میں خصوصیت سے بہت نمایاں ہے۔ لیکن اب حالات بہتر ہوتے نظر آتے ہیں اکثر صوبوں میں اس کمی کو محسوس کیا گیا اور اس کی طرف توجہ مبذول کی گئی ہے

تعلیم و ترقی

گذشتہ صحبت میں ترجمہ قرآن مجید کا ذکر آیا تھا، جس کے لئے ہم نے ابی بستی کی جامع مسجد کو منتخب کیا ہے یہ ترجمہ صبح کو فجر کے بعد عموماً بیس پچیس منٹ تک جاری رہتا ہے بستی کی زیادہ تر آبادی مزدوروں پر مشتمل ہے۔ صبح کو کام پر جانے کا وقت ہے جلدی میں ہوتے ہیں یا ڈ گھنٹے سے زیادہ وقت نہیں نکال سکتے۔

یہ ترجمہ بس ترجمہ ہی ہوتا ہے یعنی اس کے ساتھ تشریح و تفسیر اتنی کم ہوتی ہے کہ گویا نہیں ہوتی مگر ہاں جیسا کہ ہم عرض کر چکے ہیں اس کا مقصد بھی تدریسی قسم کا ہے چاہتے ہیں کہ وہ ترجمہ سے اٹھ کر جائے تو ایک آدھ بات اپنے ساتھ ضرور لے جائے یہی وجہ ہے کہ باقاعدہ سوالات کا سلسلہ شروع کر دیا تھا کہ ایک دن جو کچھ سنا دیا جائے دوسرے دن اس کی موٹی موٹی باتیں ان سے دریافت کر لی جائیں۔ یہ سلسلۂ سوالات چل تو رہا ہے مگر کچھ باقاعدگی کے ساتھ نہیں۔ ہمارے عوام، اخذ مطالب اور حفظ معانی میں ذہن کے بے ترتیب ہونے کی وجہ سے بہت کمزور ہیں مثلاً ہمہ تن گوش رہنے والے سامع کا کئی سوالوں کو خاموشی پر ٹال دینے کے بعد یہ جواب کہ "ابجی آپ نے سمجھا تو دیا تھا مگر ہم جاہل آدمی کچھ یاد نہیں رہتا" مترجم کے لئے بہت شکن تھا۔ یہ چیزیں ایک طرف مایوس کر دینے والی ہیں تو دوسری طرف مرض کو پہچاننے اور اس کے دوا درمن کی دعوت بھی دیتی ہے۔ سوال یہ ہے کہ عوام کے ذہن کس طرح اس قابل ہوں کہ وہ چند سیدھی سادھی باتیں آسانی سے یاد رکھ سکیں۔ رہا سوال کی دوسری صورت یہ بھی ہو سکتی ہے کہ کہنے والا ایک بات کس طرح کہے کہ ایک عام آدمی بسہولت یاد کرلے۔ ہمارا یہ تجربہ کامیاب رہا تو قرآن کو عوام تک پہنچانے کی ایک سبیل معلوم ہو جائے گی۔

مرکز کی دلچسپیوں میں فلم کا بھی اضافہ ہوگیا ہے ریڈ کراس سوسائٹی کی فلمیں حفظان صحت اور بیماریوں سے متعلق ہیں فی الحال ہم انہیں کا انتظام کر سکے ہیں۔ ہر مہینے دو فلمیں منگا لیتے ہیں اور وہ ایک ہی نشست میں دکھا دی جاتی ہیں سینما کے شوقین عوام کے لئے بہر کیف ان خاموش گو متحرک فلموں میں دلچسپی کیا ہو سکتی ہے مگر پھر بھی ایک اچھا مجمع اس دن اکٹھا ہو جاتا ہے۔ آنے والے بھیڑوں کی طرح آتے ہیں بھیڑوں کی طرح بیٹھتے ہیں اور بھیڑوں کی طرح بھاگتے ہیں۔ فلم کے علاوہ ہم نے اپنا کام یہی سمجھا ہے کہ اپنے ان دوستوں کو قرینہ سے اندر لائیں۔ سلیقہ سے بٹھائیں اور کوشش کریں کہ وہ بھی بیٹھنے اٹھنے قاعدہ کا تھوڑا بہت لحاظ کریں اور اسی طرح جب اٹھ کر جائیں تو سلیقہ کو مرکز کے اندر ہی نہ چھوڑ جائیں یہ چیزیں ایک دن میں نہیں آتیں اور جب کہ مرض کہنہ ہو لیکن بہرحال ہماری کوشش یہ ضرور ہے۔ ہم نے اول ہی دن

اس بات کی بنا ڈالی۔ کہ قطار بنا کر دروازہ میں داخل ہونے کی تعلیم دیں۔ ٹکٹ اگرچہ بے قیمت تھا مگر پابندی اس کی لازم کردی تاکہ انتظام میں سہولت اور باقاعدگی میں مدد ملے۔

ڈراما ہمارے پروگرام میں شروع سے شامل ہے لیکن ابھی عملی جامہ پہنانے کی باری نہیں آئی تھی۔ خواہش یہ تھی کہ اس سلسلہ میں خود بستی والوں کی طرف سے پہل ہو مسرت ہے کہ اس مہینے اس دلچسپی کا بھی اضافہ ہوگیا۔ محلہ کے خواندہ اور نیم خواندہ لڑکوں نے جن میں ایک فٹ بولائے اصغر علی پیش پیش تھا بڑے جوش و خروش سے اس کی ابتدا کی۔

ڈرامے کے ساتھ دلچسپی کا لفظ دیکھ کر شاید کسی کو شبہ ہو کہ مرکز کو ہم تفریحات ہی کا مرکز بنانا چاہتے ہیں۔ لیکن بات ایسی نہیں ہے ہم اس سے خوش ہیں کہ ہمیں عوام کو سمجھانے کا ایک دلچسپ ذریعہ ہاتھ آگیا۔ سمجھانے کے معاملہ میں جس طرح تقریر، تحریر، نقشے، چارٹ، تصویر اور شاعری کے میدان ہیں اسی طرح ایک جگہ ڈرامہ کی بھی ہے اور شاید لوگوں کا یہ خیال غلط نہیں ہے کہ باریک سے باریک اور گہری چیزوں کو ڈرامہ آسان سے آسان اور بہتر سے بہتر طریقے پر سمجھا دیتا ہے بلکہ مختصر لفظوں میں یوں کہنا چاہئیے کہ یہ نصیحت ہے جو آدمی کو منہ در منہ نہیں کی جاتی بلکہ غیروں کے پردے میں اپنوں سے کہی جاتی ہے۔ ہاں اس بات کی احتیاط ضروری ہے کہ ڈرامہ محض دلچسپی ہی نہ بن جائے اور یہ دشواری ایک ڈرامہ کیا تقریر، تحریر، تصویر اور شاعری سب کے ساتھ ہے لیکن جب تک مقصد کی روشنی راستہ دکھاتی رہتی ہے یہ خطرہ پاس نہیں آیا کرتا۔

پہلا ڈرامہ "دشمن پر اخلاقی اثر" اس مہینے کھیلا گیا۔ یہ ڈرامہ کچھ بہت اچھا نہیں تھا لیکن ابتدا میں جو نقائص ہوتے ہیں اور جن سے درگذر کرنا ضروری ہوتا ہے ان سے بھی بہت کچھ پاک تھا اب چند مزید ڈراموں کی تیاری کی جارہی ہے وہ پہلے سے اچھے بھی ہیں اور مفید بھی

محلہ کے بچے بڑی تعداد میں روزانہ مرکز میں جمع رہتے ہیں ہم ان کے لئے اب تک کچھ نہیں کرسکے سوائے اس کے کہ اچھی اچھی آسان اور مفید کتابیں مہیا کر دیتے تھے لیکن شروع ہی سے فکر اس بات کی ضرور تھی کہ بچوں کی طرف خاص توجہ کرنی چاہئیے۔ پچھلے مہینہ مرکز کے منتظم صاحب کو اسکاؤٹنگ کے ایک کیمپ میں بھیجا کہ وہ اس میں شریک ہوکر بچوں کے لئے مفید تر بن کر آئیں۔ اب وہ کامیابی کے ساتھ واپس آگئے ہیں اور بچوں کے پیچیدہ مسئلہ کو خوبی سے حل کر رہے ہیں۔

جائزہ کے اعتبار سے ہماری گلی (وہ گلی جس میں مرکز واقع ہے) کے بالغ مردوں کی کل آبادی ۲۴ ہے۔ خوش قسمتی سے ان کی اکثریت تعلیم یافتہ ہے اور باقی بھی ان پڑھ نہیں۔ بلکہ ان کی ایک تہائی خواندہ ہے اور صرف گیارہ آدمی ناخواندہ ہیں ہم دو مہینے سے اس کوشش میں ہیں کہ ہماری گلی میں ایک بھی ناخواندہ نہ رہے اور ہم جلد از جلد اپنی گلی پر ایک بورڈ لگا سکیں کہ "اس گلی میں کوئی ناخواندہ نہیں ہے" ان گیارہ میں ایک بزرگ جو عمر طبعی سے

آنے لگے ہیں۔ ہمارے ہاں زبانی درس سے تو خوب فائدہ اٹھا رہے ہیں لیکن بچوں کی طرح قاعدہ پڑھنے کی منزل تک نہیں آسکے۔ دوسرے صاحب بھی ایک خاص طبقے کے نمائندے ہیں اس طرح کے آدمی ہر گلی اور ہر محلہ میں ضرور ملیں گے جن کو ہم ناخواندہ تعلیم یافتہ کہہ سکتے ہیں یوں وہ اُمّی محض ہے لیکن امت اسلامیہ کی معاشی اقتصادی اور مذہبی چپقلشوں پر نکتہ چینی ہی میں طاق نہیں بلکہ سیاست عالم میں بھی دخل رکھتے ہیں ایسے لوگوں کو الف بے تے کے سبق پر تیار کرنا ظاہر ہے کتنا مشکل ہے یہی وجہ ہے ہم ابھی تک انھیں آمادہ نہیں کر سکے لیکن اس معاملہ میں ہم یہ بھی کامیابی جانتے ہیں کہ وہ ہم سے ناراض نہیں ہیں اور خود نہیں آتے تو دوسروں کو روکتے بھی نہیں باقی رہے نو۔ یکے بعد دیگرے سب آنے لگے ہیں ان میں سے تین جو پہلے سے پڑھتے ہیں قریب قریب فارغ ہو چلے ہیں۔ چھ ابھی ابتدا میں ہیں اس مہینے ان کی حاضری کے خانے بالکل خالی ہیں کہ یہ عرب الدیار (مزدور) شادیوں کے سلسلہ میں گھر گئے ہوئے ہیں سال چھ مہینے میں جاتے ہیں تو ایک آدھ مہینہ رہتے بھی ہیں ابھی واپس نہیں آئے ہیں۔

ہمارے باقاعدہ طالب علم کل بیس ہیں ایک گلی والوں کے علاوہ باقی اس مہینے عموماً حاضر رہے۔

کتب خانہ کے اعداد و شمار حسب ذیل ہیں

۱۔ جاری شدہ کتابیں	۲۰۵
۲۔ مستفید اشخاص	۱۳۴
۳۔ بالغ افراد	۷۵
۴۔ لڑکے اور بچے	۵۹

بچے جھوٹ کیوں بولتے ہیں

بچوں کی ذہنی صلاحیتوں سے ماہرینِ تعلیم بخوبی واقف ہیں یا کم سے کم واقفیت کے مدعی ہیں۔ ہم بچوں کی ذہنی نشو و نما کے سلسلہ کو جانتے ہیں اور عموماً یہ بھی بتا سکتے ہیں کہ اس کی رفتار کیا رہے گی۔ ہم اس سے یہ توقع نہیں کرسکتے کہ وہ ریاضی کے مجرد اصول کو سمجھے گا یا فلسفہ کے دقیق مسائل کو حل کرے گا۔ اب وہ دن گئے جب تعلیم کے نام سے بچوں کا دماغ کچل دیا جاتا تھا جب جان اسٹوارٹ مل آٹھ برس کی عمر میں "یونانی زبان میں مہارت رکھتا تھا، زینوفون، ہیروڈوٹس اور افلاطون کی تصانیف کے اکثر حصے پڑھ چکا تھا" اور چودہ برس کی عمر میں "فلسفہ کی ان سب کتابوں پر عبور حاصل کرچکا تھا جو یونانی، لاطینی اور انگریزی زبان میں موجود ہیں"۔ آج کل کوئی صحیح العقل باپ یا استاد بچے پر اتنا بار ڈالنے کو کبھی گوارا نہ کرے گا لیکن وہی لوگ جو بچوں سے بڑوں کے برابر ذہنی قابلیت کا مطالبہ کرنے کو حماقت وحشت اور ظلم سے تعبیر کرتے ہیں وہ سمجھنے سے قاصر ہیں کہ اخلاقی امور میں بھی بچوں کے ساتھ اتنی ہی بلکہ اس سے زیادہ رعایت ہونا چاہیے۔ تقریباً ساری دنیا میں بچوں سے یہ مطالبہ ہوتا ہے کہ بڑوں کے اخلاقی دستور العمل کو سمجھیں اور اس کی پابندی کریں اور جب وہ اس میں کامیاب نہیں ہوتے تو انھیں سزا دی جاتی ہے۔ ہم ایک واقعہ مثال کے طور پر بیان کرتے ہیں۔ ایک دس برس کے لڑکے نے اپنی ماں سے کہا کہ اماں ہمارے مدرسہ میں اب گھر پر کرنے کے لئے کام نہیں دیا جاتا۔ وہ بہت خوش ہوئی کیونکہ وہ چھوٹے بچوں سے گھر پر کام لینے کی بہت مخالف تھی۔ کئی مہینے تک وہ اس بات کو سچ سمجھتی رہی ایک دن اتفاقاً اسے اس مدرسہ کا ایک معلم ملا۔ بے چاری نے بھولے پن سے معلم کو اس فیصلہ پر مبارک باد دی کہ بچوں کو گھر پر کرنے کے لئے کام نہیں دیا جائے گا بلکہ ان کا شام کا وقت کھیلنے اور اپنے عزیزوں سے بات چیت کرنے کے لئے خالی رہے گا۔ خلاف توقع اس کا جواب یہ ملا کہ اس قسم کا کوئی فیصلہ نہیں کیا گیا ہے اور لڑکوں کو اب تک گھر پر کرنے کے لئے کام دیا جاتا ہے۔

اس جواب سے بہت افسوسناک نتائج پیدا ہوئے۔ یہ لڑکا اپنے ماں باپ کا اکلوتا بچہ تھا اور چونکہ اس کی صحت خراب رہتی تھی اور اعصاب کمزور تھے اس لئے اس کی پرورش بڑے ناز و نعم میں ہوئی تھی۔ ماں باپ مذہبی اور اخلاقی عقاید میں بہت سخت تھے اور اب تک بچہ کی حالت بھی ان معاملات میں ہمیشہ قابل اعتبار رہی تھی۔ قدرتی طور پر غریب ماں کی زندگی تلخ ہوگئی۔ باپ کو بھی بڑا صدمہ ہوا اور غصہ میں اس نے بچہ کو جھوٹا، کمینہ، بزدل اور خدا جانے کیا کیا کہہ ڈالا۔ دونوں خود اپنی نظر میں ذلیل ہوگئے اور ان کی کسی طرح سمجھ میں نہیں آتا تھا کہ ان کے لڑکے نے

ایسی حرکت کیوں کر سرزد ہوئی۔

انھوں نے مدرسہ کے مہتمم سے شکایت کی اور اس کے معاملے کی تحقیقات کرائی تو عجیب وغریب انکشاف ہوا وہ لڑکا اس تمام عرصے میں برابر گھر سے کام کرکے لاتا رہا۔ حالانکہ اس نے اپنی ماں سے کہا تھا کہ کام دیا ہی نہیں جاتا یہ ضرور تھا کہ اس کا کام نہ بہت باقاعدہ تھا اور نہ بہت اچھا لیکن صحت کی خرابی کے سبب پہلے بھی اس کے ساتھ اکثر رعایت کی جاتی تھی اور اب بھی کی گئی۔ بہر حال اس کے کام کی استادوں کو کوئی شکایت نہیں تھی جب چھان بین کی گئی تو معلوم ہوا کہ سارا جھگڑا کمبخت حساب کا تھا عرصہ تک غیر حاضر رہنے کے سبب حساب میں کمزور تھا جس پر اس کے گھر والے اسے تنبیہ کرتے تھے تنبیہ کا مقصد غیرت دلانا تھا لیکن طریقہ ایسا اختیار کیا گیا کہ وہ آزردہ اور اداس رہنے لگا۔ خود اس کے الفاظ یہ تھے "اسکول میں تو میں حساب سے نہیں گھبراتا کیونکہ میں سوال نکالا کرتا ہوں اور کوئی میرے سر پر سوار نہیں رہتا اگر مجھے کچھ پوچھنے کی ضرورت ہوتی ہے تو ماسٹر صاحب بتادیتے ہیں اور مجھے سوال نکالنے کے لئے ایسا کاغذ ملتا ہے جس میں خانے کھنچے ہوتے ہیں لیکن گھر پر لوگ میرا ناک میں دم کردیتے ہیں اور کاغذ بھی بغیر لکیروں کا ملتا ہے۔ معلوم نہیں کیا بات ہے کہ میرا جی جل جاتا ہے اور مجھ سے کوئی کام نہیں ہوتا۔"

یہاں اس سے بحث نہیں کہ سفید بے لکیروں کے کاغذ سے دس سال کا لڑکا کیوں خفا ہوتا ہے اور خانوں والے کاغذ سے اسے کیوں اطمینان ہوتا ہے۔ ہمیں تو یہ دکھانا ہے کہ بچہ اس صورت حال کو برداشت نہیں کرسکتا تھا اس لئے وہ اپنا پیچھا چھڑانے کی راہ ڈھونڈتا تھا ایک سہل سی تدبیر یہ معلوم ہوئی کہ چونکہ ماں گھر پر کام دینے کی مخالف ہے اور کہتی ہے "یہ طریقہ بند کردیا جائے تو اچھا ہے" اس لئے آؤ ہم یہ فقرہ چلیں کہ کام دینا موقوف کردیا گیا اس سے وہ بھی خوش ہو جائے گی اور ہمیں بھی اس ناقابل برداشت بوجھ سے نجات مل جائے گی۔ اب رہا استادوں کی خفگی سے بچنا تو جب ناگوار حالت سے نجات مل جائے گی تو کہیں اور جگہ بیٹھ کر کچھ کام کرلیا کریں گے۔

غرض نتیجہ یہ ہوا کہ مدرسہ کی طرف سے والدین سے درخواست کی گئی کہ بچے کے کام میں مطلق دخل نہ دیا کریں اور اس کی خوشی پر چھوڑ دیا کریں کہ جب جہاں اور جس طرح چاہے کام کرے۔ بچہ کو نہ کسی قسم کی سزا دی گئی نہ ملامت کی گئی اور وہ فوراً کھلے بندوں جی لگا کر کام کرنے لگا اور اب تک کرتا ہے

بڑوں کے اخلاقی معیار کے مطابق اس لڑکے کا اپنے والدین کو دھوکا دینا بہت بڑا اور قابل سزا فعل تھا مگر خود اس کے نقطۂ نظر سے یہ بالکل قدرتی بات تھی۔ تحقیقات سے یہ بات اچھی طرح ثابت ہو گئی کہ اس بے چارے کے خود ابھی سمجھ میں نہیں آتا تھا کہ اس کے ماں باپ نے اتنی سی بات پر یہ ہنگامہ کیوں برپا کر رکھا ہے اسے سخت حیرت تھی کہ اس کی ماں کو کیوں اتنا صدمہ ہے اور اس کے باپ نے کیوں اسے سخت سست کہہ ڈالا اسے اس معاملہ کا دوسرا پہلو سمجھانے کی کوشش کی گئی لیکن کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ کچھ دن کے بعد صورت حال اس کی سمجھ میں آجائے گی ابھی تقاضائے

مگراس کے سمجھنے سے معذور ہے۔

نفسیات طفلی کا ایک ماہر کہتا ہے " راست گوئی کوئی فطری رجحان نہیں ہے۔ بلکہ ارتقا اور تجربے کا نتیجہ ہے۔ بچہ اسے اسی طرح حاصل کرتا ہے جیسے زبان اور اس کی قدر اسے جب معلوم ہوتی ہے، جب وہ عرصہ تک قدر شناسی کی مشق کر چکا ہو اور صحت پابندیٔ اوقات اور نظم کی اہمیت کو سمجھتا ہو۔ اس کی خواہش یہ ہوتی ہے کہ اپنے الفاظ اور افعال میں کافی رنگ آمیزی سے کام لے اسے معلوم ہوتا ہے کہ بعض الفاظ اور افعال کے ذریعے سے اسے اپنے مطلوب کے حاصل کرنے میں زیادہ آسانی ہوتی ہے، اس لئے وہ بے تکلف انھیں استعمال کرتا ہے اور اس کی ذرا بھی پروا نہیں کرتا کہ یہ واقعات کے مطابق ہیں یا نہیں۔ ایسی صورتوں میں ہم کہا کرتے ہیں کہ " بچہ غلط بیانی کرتا ہے یا دھوکا" دیتا ہے لیکن اصلیت اکثر یہ ہوتی ہے کہ وہ جو کچھ کرتا ہے، نیک نیتی سے کرتا ہے کیونکہ اس کا مقصد جائز اور شریفانہ ہوتا ہے اور جو ذرائع اس کے پیش نظر ہیں وہ اسے موثر معلوم ہوتے ہیں۔ ابھی تک نہ اسے یہ چیز معلوم ہوتی ہے کہ اس کے بزرگ ان افعال کو ناپسند کرتے ہیں اور اس ناپسندیدگی کی وجہ معلوم ہوتی ہے اگر ہم اس کی مدد کرنا چاہتے ہیں تو ہمیں لازم ہے کہ ہم مختلف قسم کی غلط بیانیوں کی محرکات پر غور کریں، جن کا اکثر خود بچے کو بھی شعور نہیں ہوتا "۔

اسی مقولے کو پڑھنے سے بچوں کے والدین اور استادوں کے بہت سے وسوسے دور ہو جائیں گے خدا طے کتنے واقعات ایسے ہوتے ہیں جن میں بچے کی کسی غلط بیانی کے سبب اس کے تعلقات، اس کے والدین اور استادوں سے کشیدہ ہو جاتے ہیں اور جانبین کو سخت صدمہ پہنچتا ہے۔ اس چھوٹے سے مضمون میں ہم بچوں کی غلط فہرست بھی نہیں دے سکتے، چہ جائے کہ ان غلط بیانیوں کو دور کرنے کی تدابیر بتائیں البتہ جو مقولہ ہم نے اوپر نقل کیا ہے اس کے آخری الفاظ پر ہم زور دیتے ہیں اگر ہم اس نصیحت پر عمل کریں تو ضرور صحیح تدابیر بھی معلوم ہو جائیں گی۔ یہاں ہم صرف دو تدبیروں کا ذکر کریں گے جو اکثر اختیار کی جاتی ہیں اور جو ہمارے خیال میں ہرگز اختیار نہ کرنا چاہئے ایک تو ایسی صورت میں سزا کبھی نہ دی جائے یوں تو سزا مضر ہے لیکن جسمانی سزا سب سے زیادہ نامعقول چیز ہے اور اس سے وہ مقصد جو ہمارے پیش نظر ہے کبھی حاصل نہیں ہو سکتا پہلے جب بچے دماغی کام میں غلطی کرتے تھے ہم ان کو مارا کرتے تھے۔ اب ہمیں یہ معلوم ہو گیا ہے کہ اس سے وہ اکثر کند ذہن ہو جاتے ہیں اور ہم ہر لڑکے کی حالت پر غور کرکے اسے ایسا کام کرنے کے لئے دیتے ہیں جسے وہ کر سکے۔ ان کی غلطیوں سے ہم یہ نتیجہ نکالتے ہیں کہ ان سے کیا کام لیا چاہئے اور ان کی مدد کس طرح کرنا چاہئے۔

دوسری بات یہ ہے کہ اگر کسی بڑے کو بچے کے جھوٹ بولنے سے صدمہ پہنچے یا وہ یہ ظاہر کرے کہ اسے صدمہ پہنچا تو بچے کے لئے بہت مضر ہے خواہ والدین یا استاد کتنے ہی متاثر ہوں، انھیں چاہئے کہ اپنے احساسات کو دبائیں جب بچہ دیکھتا ہے کہ اس کے کسی عمل سے بڑوں کو صدمہ پہنچا ہے یا تو وہ خوش ہوتا ہے کہ اس کے فعل کا اتنا اثر ہوا اور بغیر محسوس کئے قصد کر لیتا ہے کہ جلد سے جلد دوبارہ وہی حرکت کرے گا یا اسے معلوم ہو جاتا ہے کہ اس سے ناگوار نتائج پیدا ہوتے ہیں اور ان سے بچنے

کے لئے ہر قسم کا فریب سے کام لیتا ہے یا اس کے دل بزدلت اور اداسی قبضہ کرلیتی ہے اور ہمیشہ کے لئے کمتری کا احساس پیدا ہو جاتا ہے جس سے ان استادوں کو سخت مصیبت پیش آتی ہے جو اپنے شاگردوں میں ایج اور تخلیقی قوت پیدا کرنا چاہتے ہیں۔

اگر ہم بچوں کے اخلاق کا ہمدردی کے ساتھ مطالعہ کریں تو معلوم ہوگا کہ ہم خود بہت سی ان غلطیوں کے ذمہ دار ہیں جو بچے کرتے ہیں ڈی۔ بی ڈرمنڈ نے سچ کہا ہے کہ اگر کوئی شخص ایک کتاب میں ان غلط بیانیوں کو جمع کردے جو بڑے بچوں کے مقابلے میں کرتے ہیں تو غالباً لوگ بچوں کی راست گوئی کے اندازے میں زیادہ نرمی سے کام کیا کریں گے" تعجب کی بات یہ نہیں ہے کہ بچے جھوٹ بولتے ہیں بلکہ یہ ہے کہ وہ اتنا کم جھوٹ بولتے ہیں۔ جب ہم دیکھتے ہیں کہ ہنوز ان کا ضمیر پیدا نہیں ہوا جو اُن کی رہنمائی کرسکے اور اس عمر میں ان کے پیش نظر صرف اپنی ذات اور اپنے اغراض ہوتے ہیں اور جب ہم غور کرتے ہیں کہ ان کے اغراض سے کتنی غفلت اور مخالفت برتی جاتی ہے اور ان کے سامنے راست گوئی کا کتنا ناقص نمونہ پیش کیا جاتا ہے تو ہمیں تعجب ہوتا ہے کہ بچوں کی غلط بیانی کے واقعات کس قدر کم دیکھنے میں آتے ہیں اس لئے ہم ان معاملات میں نرمی نہیں (کیونکہ بچوں کو ایسی نرمی کی ضرورت نہیں) بلکہ انصاف سے کام لیا چاہیئے اور بہت غور و فکر کے بعد طے کرنا چاہیئے کہ ہم ان سے کیا توقع رکھیں اور ان کی جانچ اپنے معیار پر نہیں بلکہ انھیں کے معیار پر کرنا چاہیئے (ترجمہ)

(بقیہ فہرست صفحہ ۱۶)

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
		سندھ		۱	۲۰۷	ادا بیج انصاری صاحب کراچی	عہ			میزان عہ	
		عطیات									
۱	۳۹۰	عبدالمجید خواجہ صاحب الہ آباد	صہ	۵	ڈی ۲۶۴۳	ایس اے رحمٰن صاحب بھوپال	۶؍	۹	ڈی ۳۸۱۹	احمد اسلام خان صاحب دہلی	عہ
۲	۴۰۸	پنڈت جواہر لال نہرو صاحب "	۵؍	۶	" ۲۶۴۶	بیگم سید عبدالرحمٰن صاحب "	۴؍	۱۰	" ۳۸۲۱	شان الحق صاحب "	۸؍
۳	ڈی ۲۶۴۰	اختر علی خان صاحب بھوپال	للعہ	۷	" ۲۶۴۹	سید بدر سلطان صاحب "	۱؍			۱۳۲ میزان للعہ ۱۰؍	
۴	[illegible]	ایم ایم حیات صاحب "	۴؍	۸	" ۲۶۵۰	سید قمر سلطان صاحب "	۱؍				

تحریک حلقہ ہمدردان جامعہ

جدید اضافہ

ذیل میں ہم اپنے ان کرم فرماؤں کے اسمار گرامی درج کرتے ہیں جو ماہ مئی سنہ ۴۰ء میں حلقہ ہمدردان میں شریک ہوئے۔

نمبر شمار	ہمدرد نمبر	اسم گرامی جناب	نمبر شمار	ہمدرد نمبر	اسم گرامی جناب	نمبر شمار	ہمدرد نمبر	اسم گرامی جناب
۱	۴۲۲ء	محمد اختر الدین صاحب دہلی	۷	۴۲۸ء	حافظ حفیظ الدین صاحب میرٹھ	۱۳	۴۳۴ء	فرہاد صاحب نئی دہلی
۲	۴۲۳ء	صدرالدین احمد صاحب "	۸	۴۲۹ء	حافظ محمد اسحٰق صاحب "	۱۴	۴۳۵ء	شہاب الدین احمد کرانی صاحب "
(جناب ناظم صاحب انجمن طلبائے قدیم نے "جامعہ کے قدیم طلبہ کے نام ذیل کا خط ارسال فرمایا ہے، جن صاحبوں کے پاس یہ خط نہ پہنچا ہو، براہ کرم وہ اپنے پتوں سے مطلع فرمائیں)

محبی السلام علیکم

اس سال جامعہ کے قدیم طلبا کا سالانہ جلسہ ۲۹ اپریل ۱۹۳۳ء کو تعلیمی مرکز ۲ بال جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی میں منعقد ہوا تھا اس جلسے نے ایک سال کے لئے انجمن کی نظامت میرے سپرد کی ہے اور یہ شاید اس لئے کہ دوسرے ساتھیوں کے مقابلے میں قدامت کے آثار مجھ پر کچھ زیادہ نظر آنے لگے ہیں۔

اس سال انجمن کے پیش نظر حسب ذیل چند کام ہیں جس میں آپ کے تعاون کی ضرورت ہے۔

اوّل تجویز یہ ہے کہ طلبائے قدیم کی ایک فہرست تیار کی جائے اور ان کے حالات اور پتے جمع کئے جائیں اس سلسلے میں آپ سے درخواست ہے کہ آپ اپنے مستقل پتے اور موجودہ مشاغل سے مجھے مطلع فرمائیں اور فہرست کی ترتیب میں مدد دیں۔

دوسری تجویز یہ ہے کہ جملہ طلبائے قدیم سے درخواست کی جائے کہ انجمن کی رکنیت قبول فرمائیں چنانچہ داخلے کا ایک مطبوعہ فارم ارسال خدمت کر رہا ہوں۔ امید ہے کہ خانہ پری کے بعد آپ اس کو واپس کر دیں گے۔ انجمن کے قواعد کے مطابق رکنیت کا سالانہ چندہ صرف ایک روپیہ مقرر کیا گیا ہے یہ رقم بھی بذریعے منی آرڈر روانہ فرما دیجئے۔

تیسری تجویز ہے کہ طلبائے قدیم کی تصاویر جمع کی جائیں اور ان کا ایک مجموعہ بطور یادگار انجمن کے دفتر میں محفوظ رکھا جائے آپ سے درخواست ہے کہ آپ بھی اپنی ایک دو تصویریں انجمن کو عطا فرمائیں ایسا نہ ہو کہ آپ اس معاملے میں انکسار اور تکلف سے کام لیں، ورنہ انجمن کا مجموعہ تصاویر نامکمل رہ جائے گا۔

چوتھی اور سب سے اہم تجویز یہ ہے انجمن کی زیر تعمیر عمارت کو جلد از جلد مکمل کرا دیا جائے انجمن نے دو سال ہوئے کہ اپنی ایک عمارت کا سنگِ بنیاد جامعہ نگر اوکھلا میں رکھا تھا۔ اور طلبائے قدیم کی فیاضی سے تقریباً بارہ سو روپے نقد تعمیر فنڈ میں جمع بھی ہو گئے تھے۔ اس رقم سے تعمیر کا کام گزشتہ سال اپریل میں شروع ہوا اور چھت تک عمارت اٹھ چکی تھی کہ انجمن کا اندوختہ ختم ہو گیا اور اب تقریباً ایک سال

سے عمارت بغیر چھت کے کھڑی ہے۔ نقشہ تو دو منزلہ عمارت کا ہے لیکن پہلی منزل کو مکمل کرنے کے لئے پندرہ سو روپے کی ضرورت ہے اور مشکل یہ ہے کہ اگر تعمیر کا کام فوراً نہ شروع کیا گیا تو اندیشہ ہے کہ آئندہ برسات میں نامکمل عمارت کو نقصان پہنچ جائے گا۔ اس لئے یہ طے کیا گیا ہے کہ جامعہ کے ذریعے کہیں سے قرض لے کر عمارت کی پہلی منزل جلد سے جلد مکمل کرادی جائے اور پھر اپنی برادری کے سرمایہ دار اور غریب لوگوں سے خاص عطیات جمع کر کے جلد سے جلد عمارت کا قرض ادا کر دیا جائے۔

اس معاملے میں آپ کی عنایت اور ہمدردی کی خاص ضرورت ہے مطلوبہ رقم کچھ زیادہ نہیں اور انجمن کی زندگی میں شاید صرف ایک ہی مرتبہ اس قسم کے خاص چندوں کی ضرورت بھی ہوگی۔ لیکن چندہ جمع کرنے کی مشکلات کا مجھے اندازہ ہے حاضر خدمت ہو کر آپ سے مطالبہ کیا جائے تو وصولی میں کوئی دقت نہ ہوگی اور آپ شاید مطالبے سے کچھ زیادہ دینے کے لئے تیار ہو جائیں۔ لیکن دشواری یہ ہے کہ فرداً فرداً تمام احباب تک پہنچنے میں مصارف بہت زیادہ ہوں گے اور وقت بھی لگے گا۔ اس لئے میری درخواست ہے کہ انجمن کی عمارت کے لئے اپنی برادری سے چندہ جمع کرنے میں میری مدد فرمائیے۔ اور اپنی طرف سے بھی کچھ نہ کچھ عطیہ ضرور بھیج دیجئے۔

اس خط کے جواب کا مجھے انتظار رہے گا۔ معمولاً 'مطبوعہ خط' کا جواب نہیں دیا جاتا۔ لیکن چونکہ میں اس خط کے ذریعے زیادہ سے زیادہ احباب تک جلد سے جلد پہنچنا چاہتا ہوں اس لئے میری درخواست ہے کہ جواباً دو سطریں مجھے ضرور لکھ دیجئے تاکہ آپ کا پتہ متعین ہو جائے۔ آئندہ بھی میں یہ کوشش کروں گا کہ کبھی کبھی جامعہ اور جامعہ کی برادری کے حالات سے آپ کو مطلع رکھوں۔ لیکن یہ اسی صورت میں ممکن ہے کہ آپ کم از کم اس خط کی رسید یا جواب مجھے بھیج دیں باقی انجمن کی رکنیت، سالانہ چندہ، تصویریں اور عمارت کے لئے عطیہ آپ کی مرضی اور سہولت پر چھوڑتا ہوں۔ انجمن آپ کی ہے آپ جب چاہیں اپنی شرکت سے اس کو نوازیں۔ آپ کا مستقل پتہ اور آپ کی ہمدردی کی بہرحال ضرورت ہے تاکہ انجمن کے کاغذات بھیجنے میں آئندہ دشواری نہ ہو۔

جامعہ کے خادموں میں آپ کو اور کوئی یاد نہ ہو لیکن ذاکر صاحب آپ کو ضرور یاد ہوں گے۔ ان کی طرف سے سلام شوق قبول فرمائیے۔ موصوف کی رائے ہے کہ اس خط کو جامعہ کے ساتھ آپ کی محبت اور تعلق کے امتحان کا پرچہ قرار دیا جائے۔ جوابات کا انتظار کیا جائے اور جامعہ کے سالانہ امتحانات کے نتیجے کے ساتھ یہ نتیجہ بھی شائع کر دیا جائے۔

امید ہے کہ آپ بخیریت ہوں گے اور اس امتحان میں شریک ہو کر اچھے نمبروں سے کامیابی حاصل کریں گے۔

آپ کا بھائی اور خادم۔ شفیق الرحمٰن قدوائی

ضروری اطلاع

دہلی کی جامع مسجد سے آٹھ میل کے فاصلہ پر ایک پر فضا مقام ہے اس کا نام اوکھلا ہے۔ یہ جگہ دلی دروازے سے آگرہ اور متھرا کو جانے والی سڑک کے کنارے کچھ فاصلے سے ہے۔ یہاں پر دریائے جمنا بہتا ہے۔ جمنا سے ایک نہر نکالی گئی ہے اور دریا کے کنارے تفریح گاہ بنادی گئی ہے جس میں لوگ باگ سیر تفریح کے لئے آتے ہیں۔ یہاں پر دریائے جمنا بہتا ہے اس مقام کے قریب جامعہ ملیہ نے اپنی بستی آباد کی ہے اس بستی کا نام جامعہ نگر رکھا ہے۔

اس سال یکم جولائی سنہ [illegible]ء سے جامعہ کا 'کالج' ثانوی مدرسہ ان کے دار الاقامے اور صدر دفتر قرول باغ سے اپنی بستی جامعہ نگر میں منتقل ہو گئے ہیں۔ استادوں کا مدرسہ گزشتہ سال ہی یہاں چلا گیا تھا۔ جامعہ کا ابتدائی مدرسہ تو سنہ ۲۶ء ہی سے یہاں پر ہے خدا کے فضل سے جامعہ کی بستی روز بروز بڑھتی جا رہی ہے۔

"جامعہ نگر" کے نام سے ڈاک خانہ بھی ہو گیا ہے۔ جب آپ مذکورہ بالا اداروں سے خط کتابت فرمانا چاہیں تو پتے میں "ڈاک خانہ جامعہ نگر (دہلی)" لکھئے۔ اوکھلا کا لفظ ہرگز نہ تحریر کیجئے۔ کیونکہ اوکھلا کا ڈاک خانہ علیحدہ ہے۔ اوکھلا لکھ دینے سے خط بجائے جامعہ نگر کے ڈاک خانہ کے اوکھلا کے ڈاک خانہ میں چلا جائے گا۔ اور ایک دن بعد جامعہ نگر آئے گا۔ اس طرح غیر معمولی تاخیر ہوگی۔

ایک بات اور یاد رکھنے کی ہے کہ جامعہ نگر میں تار گھر نہیں ہے اس لئے تار کے پتہ میں جامعہ نگر نہ لکھئے بلکہ صرف 'جامعہ دہلی' لکھ دیجئے۔ تار کا یہ پتہ ہم نے رجسٹر کرا لیا ہے اس لئے تار ہم تک پہنچ جائے گا اس میں دیر لگے گی اگر آپ چاہتے ہیں کہ تار فوراً پہنچ جائے اور تار کے ہرکارہ کو تار بانٹنے ہوئے آنے میں جو دیر لگتی ہے وہ بھی نہ لگے تو تار کا پتہ 'جامعہ ٹیلیفون ۵۳۰۰ دہلی' لکھئے۔ اس سے تار دہلی پہنچتے ہی ٹیلیفون کے ذریعہ جامعہ نگر پہنچ جائے گا جامعہ نگر میں ٹیلیفون موجود ہے اور ٹیلیفون پر دن رات آدمی موجود رہتا ہے۔

یہ باتیں جامعہ نگر دہلی سے متعلق تھیں جامعہ کے کچھ ادارے اور قرول باغ میں باقی رہ گئے ہیں جب جامعہ نگر میں عمارتیں بن جائینگی یہ ادارے بھی وہاں چلے جائیں گے۔ سر دست ان اداروں کا پتہ وہی رہے گا جو پہلے تھا یعنی قرول باغ نئی دہلی۔

قرول باغ میں جامعہ کے حسب ذیل ادارے باقی رہ گئے ہیں۔

۱۔ شعبہ ہمدردان جامعہ ۲۔ مکتبہ جامعہ ۳۔ کتب خانہ جامعہ ۴۔ ادارہ تعلیم و ترقی جامعہ ۵۔ تعلیمی مرکز جامعہ

تعلیم بالغان کی قومی اسکیم

از

جناب ابو سالم صاحب اعظمی

یو پی میں تعلیم بالغاں کی ترویج و اشاعت کے سلسلہ میں لکھنؤ یونیورسٹی کے بعض مستند طلباء نے بڑا کام کیا ہے ان کے دو سال کے تجربہ کی روشنی میں یونیورسٹی کے رجسٹرار جناب آر آر کھنہ صاحب نے ایک مضمون لکھا ہے جس کا ترجمہ ذیل میں درج کیا جاتا ہے۔ (مرتب)

ایک بالغ انسان قدرتی طور پر اپنے معاشی امور سے زیادہ دلچسپی رکھتا ہے اس لئے کوئی ایسی اسکیم جس کا مقصد محض حروف آشنا کردینا یا اخبارات اور کتابیں پڑھنے کے قابل بنا دینا ہو اس کے لئے کچھ زیادہ مفید نہیں ہوگا بلکہ ایسی تعلیم کی ضرورت ہے جو اس کی معاشی ترقی اور معاشرتی حیثیت کے بڑھانے میں مدد و معاون ہو سکے۔ ہندوستان کی آبادی دو حصوں میں تقسیم کی جا سکتی ہے۔ شہری اور دیہاتی، دیہاتی آبادی کے لئے معلومات کا ایک بڑا ذخیرہ ذیل کے عنوانات کی شکل میں موجود ہے اور اس پر عام فہم زبان میں لکھا جا سکتا ہے۔

۱۔ غلہ کے لئے ترقی یافتہ بیج مثلاً گیہوں، جو اور باجرہ، چارے کے لئے دوب، جری، لیوکرن (ایک قسم کی گھاس ہے جو چارہ وغیرہ کے کام آتی ہے) اور دوسری کاشت مثلاً تمباکو، گنا، ریڈی کے بیج اور سویابین وغیرہ

۲۔ بہتر اور ترقی یافتہ زراعتی اوزار جن کے ذریعہ سے دوسرے ممالک میں زراعت کو بہت ترقی دی گئی ہے

۳۔ عمدہ کھاد

۴۔ امداد باہمی

۵۔ صحت و تندرستی کے اصول دیہی صفائی۔ صاف اور صحت دریائی کا اہتمام وغیرہ

۶۔ جانوروں کی صحت کے اصول۔ عام بیماریوں سے بچنے اور ان کی روک تھام کے آسان ذرائع۔

۷۔ ثانوی اور ضمنی پیشے مثلاً ایسے دیہاتوں میں جو شہروں سے قریب ہیں مرغیاں پالنا، پھلوں کی کاشت کرنا وغیرہ

۸۔ پھلوں کی کاشت

ان عنوانات پر تھوڑا بہت لکھا جا چکا ہے اور ان کے متعلق ہدایات موجود ہیں البتہ ضرورت اس کی ہے کہ پہلے اساتذہ کی ایک جماعت کو ان کے متعلق پوری معلومات بہم پہنچائی جائیں اور ان کے ذریعہ سے دیہی بالغوں کو اور شہری ان پڑھ بالغوں کے لئے بھی اسی قسم کے مفید اسباق ذیل کے عنوانات کے ماتحت دئے جا سکتے ہیں۔

۱۔ حفظان صحت کے اصول مثلاً ملیریا، کالرا، چیچک، طاعون اور دق سے محفوظ رہنے کے معمولی سیدھے سادے اصول اچھی صحت کے معنی یہ ہیں کہ ان بالغوں کی کارکردگی میں اضافہ ہو۔

۲۔ صحت بخش غذا۔ اس سے کام کرنے کی اہلیت میں اضافہ ہوگا۔

۳۔ معمولی امراض کے آسان آسان یونانی اور ایورویدک علاج گھریلو دوائیں اس کے فوائد اور نقصانات

۴۔ معاشرتی رسوم کی اصلاح کے ذریعہ سے قرض کے انسداد کی ترکیبیں مثلاً شادی بیاہ اور دوسرے رسوم میں اسراف سے بچنے کی ہدایت۔ غیر جانبدار پنچائتوں کے ذریعہ سے مقدمہ بازی کا انسداد۔

۵۔ معمولی زخموں کا علاج طبی امداد (فرسٹ ایڈ)

جو عنوانات شہری اور دیہی بالغوں کے لئے تجویز کئے گئے ہیں بڑی آسانی سے ایک دوسرے سے بدلے جاسکتے ہیں اور دونوں کے لئے یکساں مفید اور کارآمد ہو سکتے ہیں۔ ماہرین نے ان سوالات پر آسان ہدایتیں جمع کردی ہیں۔ اور لکھنؤ یونیورسٹی کے مستعد طلبہ کے ذریعہ سے دو سال سے یہ ہدایتیں شہری اور دیہی ان پڑھ بالغوں کو دی جارہی ہیں دو یا تین ہفتے کے تجربہ کے بعد یہ طالب علم جب واپس آتے ہیں تو وہ بتلاتے ہیں کہ عوام ان ہدایات کو بہت پسند کرتے ہیں اور جہاں تک ممکن ہوتا ہے وہ روزانہ کی زندگی میں ان پر عمل کرنے کی پوری کوشش کرتے ہیں۔

اب ہم چند مثالوں کے ذریعہ سے یہ واضح کر دینا چاہتے ہیں کہ ان عنوانات پر مفصل اور قابل عمل ہدایات موجود ہیں مثلاً بہتر زراعت کے سلسلہ میں ان چیزوں پر زور دیا جاسکتا ہے۔

۱۔ ملکی بیج کے بجائے دوسرے اچھے بیج استعمال کرنے کی ضرورت، جو گورنمنٹ سیڈ اسٹورس سے آسان شرائط پر مل سکتے ہیں۔ صرف اچھے بیج کے استعمال سے ایک اوسط درجے کے کسان کی آمدنی میں ۲۵ فی صدی یا ۳۰ فیصدی کا اضافہ ہو سکتا ہے

۲۔ اچھے بیج کے لئے بہتر کاشت اور اچھے کھاد کا استعمال اور اس کا حصول، بہتر آلے اور ان کے فوائد زراعتی اوزار گورنمنٹ سیڈ اسٹورس میں بیچے کی غرض سے ہر وقت موجود رہتے ہیں بیکار بیداوار کو گڈھوں میں جمع کرنا اور کھاد کے طور پر ان کے استعمال کی بھی تعلیم دی جاسکتی ہے۔

۳۔ چارے کے لئے نئی پودوں کی کاشت، جو جانوروں کے لئے زیادہ مفید ہوں جاڑوں میں استعمال کے لئے دوب کی گھاس کو گڑھوں میں جمع کرنے کا طریقہ بھی سکھایا جاسکتا ہے

۴۔ کبوتر اور مرغیاں پالنا۔

۵۔ جانوروں کی صحت کا خیال۔ عام بیماریاں اور ان کے علاج کے آسان ذرائع

مجوزہ عنوانات میں سے طبی امداد کی تعلیم خصوصیت کے ساتھ دیہی اور شہری بالغوں کے لئے یکساں مفید کر

اس سے ہمیں انکار نہیں کہ سائنٹفک طبی سسٹم نتیجے کے لحاظ سے بہترین ہے لیکن ہندوستان کے حالات کچھ ایسے ہیں کہ یہاں کے دیہاتوں میں تربیت یافتہ ڈاکٹروں کی کافی تعداد کی خدمات حاصل کرنے کے لئے ایک مدت درکار ہے۔ اسی طرح یہاں کے عوام خصوصاً مزدور اور کسان ڈاکٹروں کی فیس اور دواؤں کی قیمت ادا کرنے سے قطعی قاصر ہیں اس لئے جب تک یہ صورت حال ہے، ہمیں ان مریضوں کے لئے کوئی اور تدبیر سوچنی ہوگی ظاہر ہے ایسی صورت میں لائق طبیبوں اور ویدوں کی اعانت حاصل کرنی ہوگی یہ واقعہ ہے کہ ماہر طبیبوں اور ویدوں کی لکھی ہوئی ہدایات پر شہری سیکھ سکتا ہے اور بہتر طبی امداد کے نہ ہونے کی شکل میں ان سے کام لے سکتا ہے۔ ایک زمانہ سے گھریلو دواؤں کا علاج کامیابی سے ہوتا آیا ہے اور یہ علاج اس لئے آسان اور سہل ہے کہ سماجی خادموں کے معمولی سمجھ رکھنے والے افراد بھی اسے چند ہفتوں میں سیکھ سکتے ہیں۔

دوسرا سب سے اہم سوال استادوں کی ٹریننگ اور کام کے آغاز کا ہے گذشتہ دو سالوں میں لکھنؤ یونیورسٹی کی کوشش سے تقریباً ڈیڑھ سو گریجویٹوں کو ٹریننگ دی گئی اور ان کی ٹریننگ میں حکومت کے بعض محکموں کے افسروں، یونیورسٹی کے استادوں اور دوسرے تجربہ رکھنے والوں سے امداد لی گئی۔

یہ اسکیم مجموعہ ہے مفید معلومات کا جو مختلف شعبوں کے قابل اور لائق لوگوں نے مرتب کی ہے ان ٹریننگ حاصل کرنے والے طالب علموں کے باقاعدہ امتحانات لئے گئے تو معلوم ہوا کہ وہ دوسروں کو ٹریننگ دینے کی پوری اہلیت رکھتے ہیں چنانچہ انھیں مختلف مرکزوں اور اداروں میں ٹریننگ کے لئے بھیج دیا گیا ہے جہاں وہ پورے خلوص اور عمدگی کے ساتھ کام کر رہے ہیں اس کے علاوہ لکھنؤ یونیورسٹی ہر سال سو سے ڈیڑھ سو تربیت یافتہ طالب علم دینے کے لئے تیار ہے بشرطیکہ انھیں تنخواہ دی جائے۔ اس طرح تربیت یافتہ استادوں کا یہ چشمہ برابر اور لگاتار جاری رہ سکتا ہے اور تعلیم بالغاں اور اعزازی کارکنوں کی تعلیم وتربیت ٹریننگ کے لئے ملک کے اسکول اور کالج ان نوجوانوں کی خدمات نہایت آسانی سے حاصل کر سکتے ہیں۔

تعلیم بالغاں کی دوسری اسکیموں کی بنیاد اس مفروضہ پر ہے کہ ایک غریب مزدور جس کی روزانہ آمدنی چار آنے ہے دن کے آٹھ یا نو گھنٹے تک سخت محنت کرنے کے بعد بھی شام کو اخبارات ورسائل اور کتابیں پڑھنے کی صلاحیت اور طاقت (انرجی) رکھتا ہے اور ہمیں توقع ہے کہ وہ اس تھوڑے سے وقت میں اس مطالعہ سے اس قدر معلومات حاصل کرے گا کہ وہ اپنی معاشی بہتری، جسمانی صحت اور معاشرتی اصلاح کی تدبیریں سوچ سکے۔

میں کسی ایسی اسکیم کا مخالف نہیں ہوں جس کے ذریعہ سے عوام کو خواندہ بنایا جا سکے لیکن میرا خیال ہے کہ ایک محدود وقت اور مختصر سرمایہ کے ساتھ ایک تعلیمی اسکیم کے مقابلہ میں ہم اس اسکیم کے ذریعہ سے زیادہ پائیدار اور اچھے نتائج پیدا کر سکیں گے ہمیں ایک ایسی اسکیم بنانا ہے جس کے ذریعہ سے کم سے کم خرچ میں ہم زیادہ سے زیادہ فوائد حاصل کر سکیں

تعلیمی خبریں

بنیادی تعلیم کا تیسرا سال

سیگاؤں (وردھا) میں ابھی حال میں ہندوستانی تعلیمی سنگھ کا دوسرا سالانہ جلسہ ہوا۔ اس جلسہ میں بنیادی تعلیم کی پہلی دو سال کی ترقی کی پڑتال اور ساتھ ہی ساتھ اس بات پر بھی غور و خوض کیا گیا کہ اس کی صورت آگے چل کر کیا ہوگی۔ پچھلے دو سال کے کام کو دیکھتے ہوئے سنگھ نے حسب ذیل تجویز منظور کی:-

"سنگھ کی رائے ہے کہ پچھلے دو برسوں کے تجربے کی بنا پر ہم یہ دعویٰ کر سکتے ہیں کہ تعلیم کے اس تجربے میں بچوں کی — اور خاص طور پر دیہات کے بچوں کی — تعلیم میں ایک طرح کے انقلاب کے آثار نظر آ رہے ہیں۔ ان میں اپنے پاؤں پر کھڑے ہونے کا خیال پیدا ہوگیا ہے۔ اور مدرسے کی زندگی میں ایک طرف آزادی کی اور دوسری طرف آگے بڑھنے کے خیال کی جو لہر دوڑ رہی اس میں امید کی جھلک دکھائی دے رہی ہے"

گر ساتھ ہی یہ اعتراض بھی کیا جاتا ہے کہ تعلیم کے لحاظ سے یہ نئی اسکیم کتنی ہی اچھی کیوں نہ ہو مگر اسے شروع کرتے وقت خرچ کا اتنا بھاری بوجھ پڑتا ہے کہ اسے بڑے پیمانے پر ملک میں موجودہ حالت میں جاری نہیں کیا جا سکتا۔ اس سلسلے میں سنگھ کی یہ رائے ہے کہ "اس کو شروع کرتے وقت جو خرچ پڑتا ہے وہ کتنا ہی زیادہ کیوں نہ معلوم ہوتا ہو مگر آگے چل کر موجودہ تعلیم پر جو خرچ آتا ہے بنیادی تعلیم پر اس سے کم خرچ آئے گا۔ اس کے علاوہ قوم کو اس بنیادی تعلیم سے جو فائدہ پہنچے گا اس کا اندازہ پیسوں سے نہیں کیا جا سکتا۔"

اس نئی اسکیم میں تعلیم کے جو امکانات ہیں، ان کا کچھ اندازہ ہمیں دو سال کے اس ادھورے تجربے سے ہوتا ہے مگر اس کا پورا پورا فائدہ اٹھانے کے لئے اور اس تجویز کی بنیاد مضبوط کرنے کے لئے ابھی بہت سے کام باقی ہیں تعلیمی سنگھ کے اس جلسے میں آئندہ کے پروگرام کے بارے میں خاص طور پر غور کیا گیا۔

پہلا سوال ہے اس نئی تعلیم کو آگے بڑھانے کا۔ آج تک جو کچھ تجربہ ہوا وہ مختلف صوبوں ہی کے ذریعے سے ہوا ہے۔ اس کے علاوہ جامعہ ملیہ دہلی، آندھرا کا دستکاری اور فن کا مدرسہ اور پونا کے تلک راشٹریہ ودیا پیٹھ نے بھی اس تجربے میں حصہ لیا ہے مگر آجکل بچوں کی ابتدائی تعلیم زیادہ تر ڈسٹرکٹ بورڈ اور میونسپلٹیوں کے ہاتھ میں ہے اس لئے سنگھ کی ایک تجویز یہ ہے کہ "اب ان مقامی اداروں کو بھی اس تجربے کی طرف متوجہ کرنا چاہیے اور انھیں اپنے اپنے علاقوں میں بنیادی مدرسے کھولنے کے لئے اور استادوں کو اس نئے طریقہ تعلیم کے لئے تیار کرنے پر راضی کرنا چاہیے۔"

"جن جن صوبوں میں یہ نیا تجربہ جاری کیا گیا ہے وہاں مقامی اداروں نے ہاتھ بٹایا ہے اس لئے ہم پورا بھروسہ کر سکتے ہیں کہ یہ مقامی ادارے اس تجربے میں دلچسپی لیں گے اور اسے آگے بڑھانے میں ہماری مدد کریں گے۔

مگر بنیادی تعلیم پھیلانے سے کہیں زیادہ ضروری سوال ہے خود بنیادی تعلیم کی ترقی کا۔ اس نئی تعلیم کا سب سے بڑا مقصد یہ ہے کہ کسی دستکاری کے ذریعے بچوں کے ذہن کو ترقی دی جائے۔ اس لئے بنیادی تعلیم کی کسی ترقی کے لئے ضروری ہے کہ مختلف دستکاریوں میں تعلیم دینے کے جو بھید چھپے ہوئے ہیں وہ ڈھونڈ نکالے جائیں اور ان کو کام میں لایا جائے۔ اس کام میں سنگھ کی مدد کرنے کے لئے کتائی، بنائی، باغبانی اور لکڑی اور گتے کے کام کے جاننے والوں کی ایک کمیٹی بنائی گئی ہے۔ جوں جوں تجربہ بڑھتا جائے گا اور تعلیم کے واسطے کی حیثیت سے نئی نئی دستکاریوں کی کھوج ملتی جائے گی۔ یہ کمیٹی بھی بڑھتی رہے گی۔

ساتھ ہی ساتھ ہمیں ان دستکاریوں کے کچھ ایسے جاننے والے تیار کرنے ہیں جو اس فن کو اچھی طرح جاننے کے ساتھ ساتھ اس کے تعلیمی پہلوؤں کو بھی اچھی طرح سمجھتے ہوں۔ ایسے لوگ تیار کرنے کی آج کل کافی آسانیاں موجود ہیں اس لئے کہ پچھلے بیس سال سے گاندھی جی کی کوششوں سے چرخا سنگھ کے مختلف مرکزوں نے اس کام میں بہت کافی تجربے کئے ہیں۔ خاص طور پر مہاراشٹر چرخا سنگھ میں اس کے فن کو بہت ترقی ہوئی ہے۔ سنگھ کی ایک تجویز اس سلسلے میں بھی یہ ہے کہ "بنیادی تعلیم کے ٹریننگ اسکولوں میں بنیادی تعلیم کی نگرانی کے لئے خاص ماہروں کی ضرورت ہوتی ہے۔ مہاراشٹر چرخا سنگھ کے صدر مقام پر ایسے ماہروں کی تیاری کا مناسب انتظام کیا جائے اور جناب شری کرشن داس جاجو سے درخواست کی جائے کہ وہ اس تیاری کے لئے سنگھ کے سامنے ایک اسکیم پیش کریں۔

یہ اس اسکیم کا تعلیمی پہلو ہے مگر جب تک اس کے انتظام اور مالی پہلو کو اچھی طرح ٹھیک نہ کر لیا جائے اس وقت تک یہ تعلیم کام کی نہیں ہو سکتی۔ خاص سوال مدرسے کی تیار کی ہوئی چیزوں کی کھپت کا ہے۔ اس سلسلے میں سنگھ کی یہ تجویز ہے کہ بنیادی دستکاری کو چھانٹتے وقت اس بات کی اچھی طرح جانچ کر لینی چاہیئے کہ اس علاقہ میں کس دستکاری کا زیادہ چلن ہے۔ ساتھ ہی یہ خیال بھی رکھنا چاہیئے کہ اس دستکاری میں تعلیم دینا کس حد تک ممکن ہے۔ دوسرے ہر صوبے کو ایک ایسا محکمہ قائم کرنا چاہیئے جو اس بات کی جانچ کرے کہ کس حلقے کے لئے کونسی دستکاری مناسب رہے گی۔ اس حلقے کا یہ بھی کام ہو کہ مدرسے کی بنی ہوئی چیزوں کی کھپت کا انتظام کرے۔

ہمارے سامنے ایک ضروری کام اور بھی ہے اور وہ ہے مختلف مرکزوں میں جو کام ہو رہا ہے اسے ایک دھاگے میں پرونا اور ان سے جو نتیجے نکلیں ان کو ملک کے سامنے رکھنا۔ اس سلسلے میں سنگھ کی تجویز یہ ہے کہ جن صوبوں میں بنیادی تعلیم کا تجربہ ہو رہا ہے ان صوبوں کے افسروں سے درخواست کی جائے کہ وہ دو چار مرکز نمونے کے طور پر چھانٹ لیں اور وہاں خاص انتظام اور نگرانی میں اس تجربے کو چلائیں اور تجربے کے نتیجوں کو ملک کے سامنے رکھیں۔

اس مقصد کو حاصل کرنے کی ایک اور ترکیب یہ ہے کہ بنیادی تعلیم کے سب کام کرنے والے سال میں ایک مرتبہ آپس میں ملیں اپنے اپنے تجربوں پر غور و خوض کریں اور اس کی بنیاد پر آئندہ کا پروگرام طے کریں۔ بنیادی تعلیم کی پہلی کانفرنس پونا میں ہوئی تھی۔ لیکن اس زمانے میں ملک کے اندر اور باہر کی حالت ٹھیک نہ ہونے کے سبب سے اس تجربے کے تعلیمی پہلوؤں پر جتنا چاہیئے تھا اتنا غور نہ ہو سکا اور بہت سے سوالوں پر تو غور کرنے کا وقت تک نہیں ملا۔ اس سال بنیادی تعلیم کی دوسری کانفرنس الہ آباد بیسک ٹریننگ

کالج کے صدر اور بنیادی تعلیم کے خاص افسر ڈاکٹر خاں صاحب نے الہ آباد میں بلائی ہے۔ سنگھ نے اس دعوت کو خوشی کے ساتھ منظور کیا ہے امید ہے کہ کچھ زیادہ وقت دے کر ہم اس سال بنیادی تعلیم کے عملی سوالوں پر ایک ساتھ بیٹھ کر سوچ سکیں گے۔

اس تعلیمی تجربے کے نتیجوں کو جمع کرنے اور انھیں عام لوگوں کے سامنے پیش کرنے کا ذریعہ نمائش ہے آج تک اس قسم کی تین تعلیمی نمائشوں کا انتظام کیا جا چکا ہے۔ پونا میں بنیادی تعلیم کی کانفرنس کے موقع پر اور تری پوری اور رام گڑھ میں کانگریس کی کھادی اور دیہاتی صنعتوں کی نمائش کے ساتھ۔ ان تین نمائشوں کے تجربے سے اثر لے کر سنگھ نے یہ تجویز منظور کی ہے کہ جامعہ نگر دہلی میں بنیادی تعلیم کی ایک مستقل نمائش قائم کی جائے اور اس کے علاوہ موقعے موقعے پر بنیادی تعلیم کی کانفرنس اور کانگریس کی کھادی اور دیہاتی صنعت کی نمائشوں کے ساتھ بنیادی تعلیم کی نمائش کا بھی بندوبست کیا جایا کرے۔

ہم بنیادی تعلیم کے تجربے کے تیسرے سال میں قدم رکھ رہے ہیں۔ ہمیں بھروسہ ہے کہ اس سال ہم اس تعلیم کے تجربے کو اور زیادہ پھیلائیں گے ہی نہیں بلکہ اس کے سامنے جو تعلیمی مقصد ہے اس کی طرف بھی قدم آگے بڑھائیں گے مگر اس کے لئے دو باتیں بہت ضروری ہیں۔ ایک تو یہ کہ جتنے ادارے اور جتنے کام کرنے والے آج اس تجربے میں حصہ لے رہے ہیں وہ سنگھ کا پورا پورا ساتھ دیں۔ اور دوسرے یہ کہ نئے ادارے اور نئے کام کرنے والے اس کی ذمہ داری لینے کے لئے آگے آ جائیں۔ ہمیں امید ہے کہ ہماری یہ اپیل سنی جائے گی اور اس تیسرے سال میں یہ نئی تعلیم ایک قدم اور آگے بڑھائے گی۔

ایک غریب ملک میں روپیہ کا حاصل کرنا بہت مشکل ہے اس لئے ہمیں چاہیے کہ اپنے ذرائع کو اچھے مصرف میں لائیں میں سمجھتا ہوں کہ یہ اسکیم اپنے ذرائع کے بہترین استعمال اور مصرف کی اچھی صورت ہے

آخر میں یہ بھی عرض ہے کہ یہ اسکیم محض ایک تعلیمی اسکیم ہے اسے فرقہ پرستی کی لعنت اور سیاسیات کے اکھاڑے سے دور کا بھی تعلق نہیں ہے۔

تحریک حلقہ ہمدردان جامعہ

جدید اضافہ

ذیل میں ہم اپنے ان کرم فرماؤں کے اسمار گرامی درج کرتے ہیں جو ماہ جولائی سنہ ۱۹۴۰ء میں حلقہ ہمدردان میں شریک ہوئے۔

نمبر شمار	ہمدرد نمبر	اسم گرامی جناب	نمبر شمار	ہمدرد نمبر	اسم گرامی جناب	نمبر شمار	ہمدرد نمبر	اسم گرامی جناب
۱	۴۶۵،	مولوی محمد علی صاحب سیالکوٹ سٹی	۱۴	۴۷۸،	حکیم سید محمد انور علی شاہ صاحب کالی ترپور	۲۷	۴۹۱،	محمد علی حسین صاحب مدراس
۲	۴۶۶،	حکیم عبدالواحد صاحب "	۱۵	۴۷۹،	عیش حی صاحب حالنہ (دکن)	۲۸	۴۹۲،	اخبار مسلمان شاہی پریس مدراس
۳	۴۶۷،	محمد حسین صاحب بی اے "	۱۶	۴۸۰،	خانصاحب محمد حمید خانصاحب گوہاٹی آسام	۲۹	۴۹۳،	حاجی حافظ محمد عبداللہ صاحب مدراس
۴	۴۶۸،	مولانا محمد علی صاحب کاندھلوی سیالکوٹ	۱۷	۴۸۱،	امور علی صاحب سیلانگ (آسام)	۳۰	۴۹۴،	مسٹر محی الدین میراں صاحب مدراس
۵	۴۶۹،	مولانا محمد اسمٰعیل صاحب قاسمی سیالکوٹ	۱۸	۴۸۲،	محمد شکور اللہ صاحب معرفت صاحب تیلانگ آسام	۳۱	۴۹۵،	مسز رحمت النسار بیگم صاحبہ مدراس
۶	۴۷۰،	حکیم بشیر احمد صاحب سیالکوٹ چھاؤنی	۱۹	۴۸۳،	عبدالشکور صاحب ناراینر شلانگ آسام	۳۲	۴۹۶،	خان بہادر محمد موسیٰ سیٹھ صاحب مدراس
۷	۴۷۱،	شیخ عبدالوہاب صاحب قصبہ سیوہارہ ضلع بجنور	۲۰	۴۸۴،	عبدالحمید صاحب سیلانگ (آسام)	۳۳	۴۹۷،	محمد یونس صاحب مدراس
۸	۴۷۲،	ہری گوبند قرہ صاحب بھاولپور	۲۱	۴۸۵،	بیگم صاحبہ غلام عزت فرید صاحب دہلی	۳۴	۴۹۸،	سید عزیز اللہ صاحب مدراس
۹	۴۷۳،	نور محمد صاحب مخدومی "	۲۲	۴۸۶،	حکیم غلام غوث صاحب مدراس	۳۵	۴۹۹،	آئی ملک اینڈ برادرز مدراس
۱۰	۴۷۴،	تصدق حسین صاحب ریاست بھاولپور	۲۳	۴۸۷،	حلال اینڈ سنز مدراس	۳۶	۵۰۰،	محمد علی جعفری صاحب پٹنہ (بہار)
۱۱	۴۷۵،	عبدالحمیل صاحب بھاولپور اسٹیٹ	۲۴	۴۸۸،	ڈاکٹر ایس محمد حسین صاحب مدراس	۳۷	۵۰۱،	محمد الیاس صاحب کلکتہ
۱۲	۴۷۶،	ایم علی حسن صاحب کوآپریٹو (سنگھاپور)	۲۵	۴۸۹،	میر شتاق احمد صاحب مدراس	۳۸	۵۰۲،	فخرالدین صاحب کلکتہ
۱۳	۴۷۷،	ملک ایچ صدیق صاحب حیدر اسٹیٹ	۲۶	۴۹۰،	سید سلطان محی الدین سیٹھی صاحب مدراس	..		.. ..

مستقل امداد و عطیات ۔ ذیل کی رقوم جو جولائی سنہ ۱۹۴۰ء میں ہمیں اپنے مہتمین اور وفود کی معرفت وصول ہوئی ہیں درج رجسٹر ہوچکی ہیں اندراجات میں صحت کا خیال رکھا جاتا ہے اگر کوئی غلطی رہ گئی ہو تو اطلاع بخشئے دفتر ممنون ہوگا۔

اس سلسلہ میں یہ بات ملحوظ خاطر رہنی چاہیے کہ مہینے کے آخری دنوں کی وصول یابی بعض دفتری مجبوریوں کی وجہ سے دوسرے مہینے میں محسوب ہوتی ہے اس لیے اگر بعض حضرات کے نام اس فہرست میں نہ ہوں تو انھیں آئندہ اشاعت کا انتظار کرنا چاہیے۔ (مرتب)

جولائی سنہ ۱۹۴۶ء

دہلی و نئی دہلی

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
۱	ڈی ۴۲۵۱	میاں حاجی معزالدین محمد کریم صاحبان دہلی	صہ/	۲۲	ڈی ۴۲۸۵	صالحہ خاتون صاحبہ دہلی	صہ/	۴۳	ڈی ۴۳۱۷	ممتازالدین صاحب سوداگر دہلی	عہ/
۲	۴۲۵۲	انوارالحق صاحب 〃	۸/	۲۳	۴۲۸۶	مولوی محمد احمد صاحب 〃	عہ/	۴۴	۴۳۱۸	حاجی شرف الدین جمیل احمد شعاع الدین صاحبان	۴/
۳	۴۲۵۳	اسلام الدین شجاع الدین صاحب 〃	عہ/	۲۴	۴۲۸۷	عبدالغنی صاحب ولد عبدالغنی صاحب	۸/	۴۵	۴۳۱۹	منشی حورتیہ عالم صاحب دہلی	عہ/
۴	۴۲۵۴	محمد عارف صاحب شیشہ والے 〃	صہ/	۲۵	۴۲۸۸	مقبول احمد صاحب سوداگر 〃	عا/	۴۶	۴۳۲	محمد عبدالخالق بابو شہاب الدین صاحبان	عہ/
۵	۴۲۵۵	منشی شمس الدین صاحب 〃	۴/	۲۶	۴۲۸۹	دفتر رسالہ عصمت 〃	صہ/	۴۷	۴۳۲۱	شیخ محمد یونس صاحب سوداگر 〃	سلے
۶	۴۲۵۶	پروفیسر مولانا عبدالرحمن صاحب 〃	۸/	۲۷	۴۲۹	سرفراز الحق صاحب 〃	۴/	۴۸	۴۳۲۲	بیگم صاحبہ غلام غوث صاحب 〃	۸/
۷	۴۲۵۷	حکیم طہیر علی صاحب سہسوانی 〃	عہ/	۲۸	۴۲۹۱	مولانا اصغر علی صاحب 〃	۴	۴۹	۴۳۲۳	غلام غوث صاحب 〃	۸/
۸	۴۲۵۸	ابو سعید الرحمن صاحب 〃	۴/	۲۹	۴۲۹۲	ایم اکرام الدین صاحب 〃	۴/	۵۰	۴۳۲۴	حکیم مسعود حسن صاحب عاقل 〃	۸
۹	۴۲۵۹	بابو رحمت اللہ صاحب 〃	۴/	۳۰	۴۲۹۳	حاجی عبدالغنی فضل الحق صاحبان 〃	عا/	۵۱	۴۳۲۵	مفتی محمد انس صاحب 〃	۸/
۱۰	۴۲۶۰	مرزا سلیمان صاحب جوہری 〃	عہ/	۳۱	۴۲۹۴	شیخ محمد سعید صاحب	عا/	۵۲	۴۳۲۶	سید عبداللطیف شاہ صاحب 〃	۸/
۱۱	۴۲۶۱	شیخ محمد ادریس صاحب 〃	۴	۳۲	۴۲۹۵	حکیم نذیرالدین صاحب	۸/	۵۳	۴۳۲۷	مفتی علی احمد خاں صاحب 〃	عہ/
۱۲	۴۲۶۲	احمد حسن خاں صاحب 〃	۴/	۳۳	۴۲۹۶	حکیم محمد کبیرالدین صاحب 〃	عہ/	۵۴	۴۳۲۸	میر نذیرالدین صاحب ڈپٹی کلکٹر 〃	عہ/
۱۳	۴۲۶۳	منشی حشمت اللہ صاحب 〃	۴/	۳۴	۴۲۹۷	مستری مرزا صاحب 〃	عہ/	۵۵	۴۳۲۹	حاجی قادر بخش مولا بخش صاحبان 〃	سے/
۱۴	۴۲۶۴	حکیم حامد میاں صاحب 〃	۴/	۳۵	۴۲۹۸	محمد ادریس صاحب ماڈرن ایجنسی اینڈ کو 〃	عا/	۵۶	۴۳۳	سید شمس الدین صاحب 〃	۸/
۱۵	۴۲۶۵	حکیم عبدالرزاق صاحب نظامی 〃	۸	۳۶	۴۲۹۹	عبدالرحیم صاحب ولد حاجی محمد الٰہی صاحب	۴	۵۷	۴۳۳۱	سید حمیدالدین صاحب 〃	۸/
۱۶	۴۲۶۶	حکیم احمد حسن خاں صاحب 〃	۲/	۳۷	۴۳۰	تسلیم الحق صاحب دہلی	عہ/	۵۸	۴۳۳۲	شفیق احمد صاحب نئی دہلی	عہ/
۱۷	۴۲۶۷	سید محمد تسنیم صاحب 〃	۲/	۳۸	۴۳ ۱	شیخ محمد اسمٰعیل صاحب 〃	۸/	۵۹	۴۳۳۳	ڈاکٹر رحیم بخش صاحب دہلی	۸/
۱۸	۴۲۶۸	حکیم شریف الدین خاں صاحب 〃	۴/	۳۹	۴۳۰۲	شیخ محمد امیرالرحمن صاحب	۴/	۶۰	۴۳۳۴	ا۔ق۔ فضل الرحمن صاحب براد 〃	عہ/
۱۹	۴۲۶۹	مولانا محبوب الٰہی صاحب 〃	عہ/	۴۰	۴۳۰۳	حاجی محبوب بخش حاجی ربیع الدین صاحبان	ملے	۶۱	۴۳۳۵	محمد سمیع صاحب محمد خلیل صاحب سوداگر	عہ/
۲۰	۴۲۷۰	قمرالدین صاحب 〃	۴/	۴۱	۴۳۰۴	حکیم حاجی عبدالحمید خاں صاحب 〃	صہ/	۶۲	۴۳۳۶	میاں محمد زین صاحب اسٹرار 〃	صہ/
۲۱	۴۲۷۱	منشی ناظر حسین صاحب 〃	عہ/	۴۲	۴۳۰۵	محمد حسین خادم صاحب 〃	۸/	۶۳	۴۳۳۷	محمد احمد صاحب 〃	۸/

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
۶۴	۴۲۷۳	حافظ عبدالحکیم وحبیب الرحمن صاحبان دہلی	۴ر
۶۵	۴۲۷۴	زرین خاں وعبدالحمید خاں صاحبان "	عار
۶۶	۴۲۷۵	میاں غلام علی خاں صاحب "	۴ر
۶۷	۴۲۷۶	حاجی عبدالرحمن وعبدالرحیم صاحبان "	عہ
۶۸	۴۲۷۷	احمد اسلام خاں صاحب "	لعہ
۶۹	۴۲۷۹	حکیم محمد فرید احمد صاحب عباسی "	عہ
۷۰	۴۲۸	شیخ محمد تقی صاحب "	۴ر
۷۱	۴۲۸۱	حافظ سراج احمد صاحب "	۴ر
۷۲	۴۲۸۲	عبدالکریم صاحب صدیقی "	۸ر
۷۳	۴۲۸۳	حاجی بشیر احمد صاحب "	۸ر
۷۴	۴۲۸۴	ماسٹر شفیع الدین صاحب نیر "	عار
۷۵	۱۱۹	سید شاہد علی صاحب برادر دہلی	صہ
۷۶	ڈی ۴۲۴۹	عبدالحق صاحب دہلی	صہ
۷۷	۴۲۵۰	محمد تقی صاحب ایڈ سنز "	۸ر
۷۸	۴۲۶۹	شیخ محمد حشمت علی صاحب نئی دہلی	عہ
۷۹	۴۲۴۴	خاں صاحب عبدالعلی صاحب "	عہ
۸۰	۴۲۷۱	عبدالرزاق صاحب "	۸ر
۸۱	۴۴۰۱	مرغوب احمد صاحب توفیقی دہلی	عار
۸۲	۴۴۰۲	مولانا عبداللطیف صاحب "	۴ر
۸۳	۴۴۰۳	حاجی حافظ حنیف الدین صاحب "	عہ
۸۴	۴۴۰۴	ضیاء الدین صاحب ورثہ دار سوداگر "	۸ر
۸۵	۴۴۰۵	حاجی عبدالحمید وعبدالمجید صاحب "	۴ر
۸۶	۴۴۰۶	حافظ شہاب الدین ومحمد دین صاحب "	۴ر

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
۸۷	۴۳۰۶	بابو محمد شفیع صاحب دہلی	۴ر
۸۸	۴۳۰۷	شجاعت علی صاحب صدیقی نئی دہلی	عار
۸۹	۴۳۰۸	طاہر علی صاحب "	۴ر
۹۰	۴۳۰۹	سید غلام حسین صاحب "	عہ
۹۱	۴۳۱۰	مرزا فضل محمد صاحب نئی دہلی	۸ر
۹۲	۴۳۱۱	قدیر الدین احمد صاحب وکیل دہلی	عار
۹۳	۴۳۱۲	قطب صاحب "	عار
۹۴	۴۳۱۳	بابو محمد حنیف صاحب "	عہ
۹۵	۴۳۱۴	حاجی عباد اللہ خاں صاحب "	عار
۹۶	۴۳۱۵	مفتی حفیظ احمد صاحب "	۴ر
۹۷	۴۳۱۶	رحمت اللہ خاں صاحب "	۴ر
۹۸	۱۲۰	خواجہ محمد عبدالمجید صاحب مٹیا محل دہلی	سے
۹۹	۴۴۰۷	مولوی حفیظ الرحمن صاحب ہیڈ ماسٹر دہلی	۴ر
۱۰۰	۴۴۰۸	مولانا محمد ابراہیم صاحب منیجر "	عہ
۱۰۱	۴۴۰۹	محمد احمد صاحب چاؤلہ "	۸ر
۱۰۲	۴۴۱۰	خان بہادر حاجی رشید احمد صاحب "	عار
۱۰۳	۴۴۱۱	حاجی اخلاق احمد واقبال احمد صاحبان "	عہ
۱۰۴	۴۴۱۲	ممتاز الدین صاحب سوداگر "	عہ
۱۰۵	۴۴۱۳	محمد حسین خادم صاحب "	۸ر
۱۰۶	۴۴۱۴	نور الحسن صاحب "	عہ
۱۰۷	۴۴۱۵	عوض خاں ومحمد اسمٰعیل صاحبان سوداگر "	صہ
۱۰۸	۴۴۱۶	غلام محمد صاحب "	عہ
۱۰۹	۴۴۱۷	محمد ایوب صاحب سوداگر "	۸ر

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
۱۱۰	۴۳۳۸	محمد انور خاں صاحب دہلی	عہ
۱۱۱	۴۳۳۹	شمس العارفین صاحب "	۴ر
۱۱۲	۴۳۴۰	رفیع اللہ خاں صاحب "	۴ر
۱۱۳	۴۳۴۱	محمود علی صاحب علوی "	عار
۱۱۴	۴۳۴۲	غازی عبدالمجید صاحب "	عہ
۱۱۵	۴۳۴۳	حافظ عبدالحق صاحب ومحمد سراج الحق صاحب "	عہ
۱۱۶	۴۳۴۴	کلو صاحب تالہ والے "	۴ر
۱۱۷	۴۳۴۵	لیڈی ڈاکٹر صاحبہ مسز ایف ڈی محمود صاحبہ "	عہ
۱۱۸	۴۳۴۶	بابو فیض احمد صاحب نائب تحصیلدار "	۸ر
۱۱۹	۴۳۴۷	محمد جمیل احمد صاحب "	۸ر
۱۲۰	۴۳۴۸	ریاض الحسن صاحب ہیڈ ماسٹر "	صہ
		میزان	[illegible]

یوپی

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
۱	۱۰۳۹	ڈاکٹر اظہر قدوائی صاحب علیگڑھ	سے
۲	۱۰۴۰	پروفیسر محمد حبیب صاحب "	لعہ
۳	۲۵۷۸	محمد اعظم خاں صاحب قائم گنج	صہ
۴	۲۵۷۹	حکیم سرور عالم خاں صاحب "	صہ
۵	۲۵۸۰	حکیم محمد خاں صاحب "	صہ
۶	۲۵۸۱	چراغ الدین خاں صاحب "	عار
۷	۲۵۸۲	اہلیہ صاحبہ حسن الدین صاحب "	صہ
۸	۲۵۸۳	محمد عمر خاں صاحب وبشیر الدین خاں صاحب	عہ
۹	۲۵۸۴	عظمت اللہ خاں صاحب	۸ر
۱۰	۲۵۸۵	رسالدار میجر محمد حنیف خاں صاحب "	[illegible]
۱۱	۲۵۸۶	مردان علی خاں صاحب "	عہ

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
۱۲	[illegible]	ڈاکٹر محمد یوسف خاں صاحب قائم گنج	سے	۲۹	۱۰۲۷ ڈی	خان بہادر ڈپٹی حبیب اللہ صاحب میگزین	عاہ	۱۲	۲۷۹۵	میاں اللہ بخش قسمت محمد صاحبان کلکتہ	عاہ
۱۳	۲۵۸۸	احمد خاں صاحب "	عمہ			میزان للعہ		۱۳	۲۷۹۶	غلام حیدر صاحب پانچو فنبابا میاں "	صہ
۱۴	۲۵۸۹	عبدالحق خاں صاحب "	سے			**بنگال**		۱۴	۲۷۹۷	سیدہ خاتون صاحبہ اہلیہ سید محمد ولی حیدر صاحب	عمہ
۱۵	۲۵۹۰	علی دراز خاں صاحب "	عاہ					۱۵	۲۷۹۸	حاجی محمد رفیع صاحب "	عمہ
۱۶	۲۵۹۱	والدہ صاحبہ سرفراز خاں صاحب "	صہ	۱	۰۲۷۰	مسز حسین بخش محمد جان کلکتہ	۲۰	۱۶	۲۷۹۹	محمد عثمان صاحب ناظم تکمیل آفیسر "	للعہ
۱۷	۲۵۹۳	عبدالحمید خاں صاحب "	عمہ	۲	۲۷۸۵	حاجی محمد شفیع صاحب کلکتہ	للعہ	۱۷	۲۸۰۰	عبدالرزاق صاحب "	۸عہ
۱۸	۲۵۹۵	کاظم علی خاں صاحب "	صہ	۳	۲۷۸۶	قاضی محمد بشیر صاحب "	عہ	۱۸	۲۸۰۲	شیخ محمد صدیق صاحب "	عمہ
۱۹	۲۵۹۶	محمد ایوب خاں صاحب معروف مچھن خاں صاحب	عاہ	۴	۲۷۸۷	فخرالدین صاحب "	۴	۱۹	۲۸۰۳	علامہ محمد فضل کریم صاحبان "	صہ
۲۰	۲۵۹۷	ابرار حسن خاں صاحب "	عاہ	۵	۲۷۸۸	محمد صابر حسن صاحب "	عاہ	۲۰	۲۸۰۴	صوفی محمد صبغت اللہ صاحب "	۸
۲۱	۲۵۹۸	صندل خاں صاحب "	عمہ	۶	۲۷۸۹	محمد احمد صاحب "	عہ	۲۱	۲۸۰۵	رحمن الٰہی صاحب "	عمہ
۲۲	۱۶۵۱	رسالدار بہادر شاہ خاں صاحب "	عمہ	۷	۲۷۹۰	عبدالمجید صاحب "	۸	۲۲	۲۸۰۶	محمد ابراہیم سراج الدین صاحبان "	عمہ
۲۳	۱۶۵۲	محمد مشرف خاں صاحب بریلی پور	للعہ	۸	۲۷۹۱	حاجی عبدالرزاق صاحب عبدالستار صاحب "	سے	۲۳	۲۸۰۷	حکیم محمد مرسل حسین صاحب حاجی "	لعہ
۲۴	۱۶۵۳	رفیع الدین شاہ صاحب "	عہ	۹	۲۷۹۲	شیخ محمد فاروق صاحب "	عمہ	۲۴	۲۸۰۸	محمد امین الدین صاحب نیلیا مشر "	عمہ
۲۵	۱۶۵۵	محمد عبدالحافظ خاں صاحب قائم گنج	لعہ	۱۰	۲۷۹۳	محمد تقی صاحب ایم ایس کو "	۸	۲۵	۲۸۰۹	حکیم محمد علی صاحب ذریعی "	عمہ
۲۶	۱۰۳۸	ڈاکٹر اختر حسین صاحب "	عمہ	۱۱	۲۷۹۴	عبدالستار صاحب نیلہ "	۸	۲۶	۲۸۱۰	عبدالمنان صاحب "	عمہ
۲۷	۴۹۶۲	بیگم صاحبہ مصباح الاسلام صاحب کانپور	لعہ							میزان معہ	
۲۸	۵۲۶	محمد وسیم صاحب بار ایٹ لا لکھنؤ	لعہ								

آسام

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
				۷	۲۲۶۶	مولوی علی احمد صاحب ایم ایل اے تیلانگ آسام	للعہ	۱۴	۲۲۶۷	ولی محمد علی جان صاحبان تیلانگ	صہ
۱	۲۲۶۸	محمد اسلم صاحب برادرز تیلانگ	صہ	۸	۲۲۶۹	شیخ ور محمد محمد ابراہیم صاحبان "	لعہ	۱۵	۲۲۷۰	عبدالشکور صاحب "	عمہ
۲	۲۲۷۱	شیخ بھائی میاں صاحب "	عاہ	۹	۲۲۷۲	مولوی محمد تسبیح و لکو میاں صاحبان "	صہ	۱۶	۲۲۷۳	میاں عبدالرحمن صاحب "	عاہ
۳	۲۲۷۴	خان صاحب محمد عبدالغنی صاحب گوہاٹی	للعہ	۱۰	۲۲۷۵	محمد سلطان صاحب تیلانگ	لعہ	۱۷	۲۲۷۶	خان صاحب مولوی عطاء الرحمن صاحب	صہ
۴	۲۲۷۷	محمد شکور اللہ صاحب "	عمہ	۱۱	۲۲۷۸	مولوی محمد یار میاں صاحب "	سے	۱۸	۲۲۷۹	سر سید محمد سعداللہ صاحب "	لعہ
۵	۲۲۸۰	عبدالمجید صاحب "	صہ	۱۲	۲۲۸۱	سید ابو طیب عبدالودود صاحب "	صہ	۱۹	۲۲۸۲	آنریبل خان صاحب مولوی منور علی صاحب	لعہ
۶	۲۲۸۳	مولوی عبدالاحد صاحب "	لعہ	۱۳	۲۲۸۴	مولوی مظفر حسین صاحب "	صہ	۲۰	۲۲۸۵	مولوی محمد اسمٰعیل صاحب معرفت رفیق احمد صاحب	عاہ

نمبر شمار	حوالہ رجسٹر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رجسٹر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رجسٹر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
۲۱	۳۲۰۶	علی جان خان صاحب شیلانگ	عا/	۲۱	۵۰۵	ایم علاء الدین صاحب اسسٹنٹ کلکٹر	عہ/	۲۳	۲۵۵۱	[illegible]	سے/
۲۲	۳۲۰۷	سید محمد محب اللہ صاحب ندوی گوہاٹی	صہ/			میزان للعہ/ ۴ر		۲۳	۲۵۵۲	محمد یوسف اینڈ سنز "	سے/
		میزان لعہ/				مدراس		۲۴	۲۵۵۳	پوچا جمال اینڈ سنز "	عہ/
		بمبئی		۱	۲۵۰۳	مولوی نذیر حسین صاحب تاجر چرم مدراس	عہ/	۲۵	۲۵۵۴	میسرز کے ایس فوجی "	سے/
۱	۳۱۸۲	قاضی عبدالرحمن صاحب ٹیلائی تلاؤ بمبئی	۴ر	۲	۲۵۲۱	شافیہ بیگم صاحبہ اہلیہ مولوی نظیر	سے/	۲۶	۲۵۵۵	محمد علی حسین صاحب "	صہ/
۲	۳۱۸۳	محمد امین محمد بشیر صاحب بمبئی ۳	عہ/	۳	۲۵۲۲	پٹیل عبداللطیف صاحب "	عہ/	۲۷	۲۵۵۶	سید سلطان محی الدین صاحب "	صہ/
۳	۳۱۸۴	سید حاجی عبداللہ صاحب " ۱۲	۴ر	۴	۲۵۲۳	میسرز رحیم بیگ الیس بیگ صاحبان "	سے/	۲۸	۲۵۵۷	اخبار "مسلمان" رفداہ	صہ/
۴	۳۱۸۵	حبیب رحیم صاحب بمبئی	سے/	۵	۲۵۲۴	مولوی دوست محمد محمد صادق صاحبان "	عہ/	۲۹	۲۵۵۸	حاجی حافظ محمد عبداللہ صاحب "	سے/
۵	۳۱۸۶	شیخ احمد صاحب بمبئی ۱۲	۴ر	۶	۲۵۲۵	کاکا رشید احمد اینڈ کمپنی "	عہ/	۳۰	۲۵۵۹	مسز رحمت النساء بیگم صاحبہ "	سے/
۶	۳۱۸۷	ماسٹر قمر میر علی صاحب بمبئی نمبر ۳	۴ر	۷	۲۵۲۶	اے محمد اینڈ کمپنی "	عہ/	۳۱	۲۵۶۰	محی الدین میراں صاحب "	صہ/
۷	۳۱۸۸	سید فضل شاہ صاحب بمبئی	۸ر	۸	۲۵۲۷	شیخ اللہ دتا صاحب "	عہ/	۳۲	۲۵۶۱	بشیر احمد صاحب سعید "	عا/
۸	۳۱۸۹	دی زدرچ صاحب "	عہ/	۹	۲۵۲۸	حاجی دوست محمد اینڈ کمپنی "	عہ/	۳۳	۲۵۶۲	خان بہادر محمد موسیٰ سیٹھ صاحب "	عہ/
۹	۳۱۹۰	مسٹر کے سلے حمید صاحب بمبئی	عا/	۱۰	۲۵۲۹	میاں غلام مصطفےٰ صاحب "	عہ/	۳۴	۲۵۶۳	محمد یونس صاحب "	عہ/
۱۰	۳۱۹۱	ابوبکر صاحب "	عہ/	۱۱	۲۵۳۰	میاں خدا بخش صاحب "	عہ/	۳۵	۲۵۶۴	سید عزیز اللہ صاحب "	سے/
۱۱	۳۱۹۲	ڈاکٹر محمد اسحاق صاحب "	عا/	۱۲	۲۵۳۱	محمد عمر صاحب "	عہ/	۳۶	۲۵۶۵	ای اے ستار صاحب "	عہ/
۱۲	۳۱۹۳	عبدالکریم صاحب لالہ بمبئی نمبر ۸	عہ/	۱۳	۲۵۳۲	میاں محمد سعید صاحب دہرہ "	عہ/	۳۷	۲۵۶۶	محمد سیٹھ اینڈ سنز "	للعہ/
۱۳	۳۱۹۴	خواجہ احمد عباس صاحب بمبئی	عہ/	۱۴	۲۵۳۳	گلزار صاحب "	سے/	۳۸	۲۵۶۷	جی ملک اینڈ برادرز "	سے/
۱۴	۳۱۹۵	عابد علی ولد عاشق علی صاحب بمبئی نمبر ۳	عہ/	۱۵	۲۵۳۴	میاں کریم بخش صاحب "	عہ/	۳۹	۲۵۶۸	مولانا عبدالقادر صاحب پروفیسر "	صہ/
۱۵	۳۱۹۶	ابراہیم عمادی صاحب "	۴ر	۱۶	۲۵۳۵	میاں بخش الٰہی صاحب "	عہ/	۴۰	۲۵۶۹	میاں محمد عمر محمد اسلم صاحبان "	للعہ/
۱۶	۳۱۹۷	خواجہ غلام جیلانی صاحب " نمبر ۲	۴ر	۱۷	۲۵۳۶	مولوی محمد سعید صاحب "	سے/	۴۱	۲۵۷۰	میاں محمد وارث صاحب "	للعہ/
۱۷	۳۱۹۸	حسن میاں کالے سلطان صاحبان بمبئی	عہ/	۱۸	۲۵۳۷	حکیم نبی شاہ خان صاحب "	صہ/	۴۲	۲۵۷۱	جلال اینڈ سنز "	للعہ/
۱۸	۳۱۹۹	حافظ محمد زکریا صاحب بمبئی نمبر ۳	۱۲ر	۱۹	۲۵۳۸	میاں محمد شفیع صاحب "	عہ/	۴۳	۲۵۷۲	محمد عبدالکریم صاحبان سوداگران "	سے/
۱۹	۳۲۰۰	شیخ احمد صاحب تاگا فروش "	۴ر	۲۰	۲۵۳۹	میسرز فضل کریم صاحب "	للعہ/	۴۴	۲۵۷۳	محمد عمر صاحب "	سے/
۲۰	۳۲۰۱	خلیل فخرالدین صاحب "	۴ر	۲۱	۲۵۵۰	حکیم سید مخدوم اشرف صاحب "	صہ/	۴۵	۲۵۷۴	میاں جی محمد یعقوب صاحب "	للعہ/

نمبر شمار	حوالہ سید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
۴۸	۲۵۱۵	ایس محمد سعید صاحب مدراس	[illegible]
۴۹	۵۲۰	نواب غلام محمد صاحب کوہی سگوبر	۹ر
		میزان	[illegible]

حیدرآباد دکن

نمبر شمار	حوالہ سید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
۱	۲۲۷۲	مولوی حیات اللہ صاحب اورنگ آباد دکن	۴ر
۲	۲۲۷۳	سید محی الدین صاحب "	۳ر
۳	۲۲۷۴	مسٹر ڈاٹر داؤد صاحب "	۳ر
۴	۲۲۷۵	بوشو ناللہ داؤکری صاحب "	۳ر
۵	۲۲۷۶	شمس الحسن صاحب زبیری "	عہ
۶	۲۲۷۷	سید صادق علی صاحب "	۴ر
۷	۲۲۷۸	سید محمود مغربی صاحب "	۴ر
۸	۲۲۷۹	مولوی محمد ساجد صاحب "	۴ر
۹	۲۲۸۰	علیم اللہ صاحب "	۴ر
		میزان	۵ر

پنجاب

نمبر شمار	حوالہ سید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
۱	۲۵۰۵	حاجی قمر الدین صاحب بہاول نگر	عار
۲	۲۵۰۷	سردار محمد رحیم خاں صاحب "	[illegible]
۳	۲۵۰۸	شیخ ذکاء اللہ خاں صاحب "	عار
۴	۲۵۱۵	کرنل سید نذیر علی شاہ صاحب بہاولپور	صر
۵	۲۵۱۶	مولوی محمد عبد المجید صاحب حالی "	[illegible]
۶	۲۷۴۳	قاضی مقبول احمد صاحب گجرات	عہ
۷	۲۷۴۴	مولوی ظہور احمد صاحب "	عہ
۸	۲۷۴۴	میر محمد الدین صاحب "	عہ
۹	۲۷۴۴	چوہدری خاں صاحب "	عہ

نمبر شمار	حوالہ سید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
۱۰	۲۷۴۹	میاں قمر محمد صاحب گجرات	صر
۱۱	۲۷۶۳	خواجہ غلام السیدین صاحب [illegible]	صر
		میزان	[illegible]

بھوپال

نمبر شمار	حوالہ سید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
۱	۲۵۹۷	عالی مرتبت قلعی علی حیدر صاحب بھوپال	عر
۲	۲۵۰۲	محمد یونس صاحب باشل کمپنی بھوپال	عار

بقیہ فہرست عطیات بسلسلہ صفحہ ۲۰

نمبر شمار	حوالہ سید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
	۲۵۰۵	فیروز الدین صاحب سیمو کوالیہ	۱۰ ڈالر
	۲۵۰۶	جمال الدین محمد فوت صاحب "	" ۱ "
	۲۵۰۷	کے او پیر محمد صاحب "	" ۱۰ "
	۲۵۰۸	مولوی عماد الدین صاحب "	" ۲ "
	۲۵۰۹	کے محمد قاسم صاحب "	" ۵ "
	۲۵۱۰	سی ایچ حضر محمد صاحب "	" ۳ "
	۲۵۱۱	اللہ بچے صاحب "	" ۳ "
	۲۵۱۲	ابوبکر بن نت صاحب "	[illegible] سینٹ
	۲۵۱۳	محمد حی صاحب "	۱۰ ڈالر
	۲۵۱۴	حاجی ایف کے ای ای [illegible]	" ۲ "
	۲۵۱۵	کے ایم ابوالقاسم کمپنی "	" ۲ "
	۲۵۲۰	المدرسۃ الاسلامیہ "	" ۲۵ "
	۲۵۲۱	حکیم سید انور علی شاہ صاحب "	" ۱ "
	۲۵۲۲	سید خاں صاحب "	" ۳ "
	۲۵۲۳	الطاف حسین چوہدری صاحب "	" ۵ "
	۲۵۲۴	بیت کمیٹی "	" ۱۰۰ "
	۲۵۲۵	سید خاں صاحب "	" ۳ "

نمبر شمار	حوالہ سید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
	۲۵۲۶	داؤد صاحب [illegible] کمپنی [illegible]	۲ ڈالر
	۲۵۲۷	سلطان علاء الدین صاحب میانگ	۵۰ ڈالر
	۲۵۲۸	کے ایس یلائے سولسٹر صاحب "	" ۲۵
	۲۵۲۹	دین رگھوان بار ایٹ لا "	[illegible]
		میزان کل ۵۲۴۴ ڈالر ۲۰ سینٹ	
	۲۴۷۹	چودھری چراغ دین صاحب کولالمپور	[illegible]
	۲۴۸۶	میسر ایم ایم علی صاحب "	[illegible]
		میزان	[illegible]
۱	۴۸۸۴	اے کیو صبا صاحب بالاحیار	صر
۲	۲۵۰۶	دفتر کمیٹی بہاول نگر	[illegible]
۳	۲۵۰۹	مشتاق اختر صاحبہ "	۵ر
۴	۲۵۱۰	شمیم اختر صاحبہ "	۸ر
۵	۲۵۱۱	نیاز یزدیں صاحبہ "	عہ
۶	۲۵۱۲	والدہ صاحبہ عبد الرحمن خاں صاحب "	عار
۷	۲۵۱۳	مولوی فصیح الٰہی بخش صاحب "	عہ
۸	۲۵۱۴	عبد الرحمن خاں صاحب "	۸ر
۹	۲۷۴۵	سید شبیر حسین صاحب گجرات	۸ر
۱۰	۲۷۴۶	مولوی عبد الرحمن صاحب "	صر
۱۱	۲۷۵۰	فضل کریم صاحب "	۱ر
		میزان کل [illegible]	
۱۲	۵۰۰	سید احمد صاحب ایم اے ایل ایل بی [illegible]	[illegible]
۱۳	۱۶۵۴	حسن عثمان خاں صاحب قائم گنج	عہ
۱۴	۱۶۵۵	محمد شفیع خاں صاحب "	صر
۱۵	۲۵۷۷	غلام احمد خاں صاحب "	عہ

۱۶ — ۲۵۸۴ — عبد الشاہ خاں صاحب قائم گنج ۸ر — ۱۷ — ۲۵۹۲ والدہ صاحبہ کبیر خاں صاحب قائم گنج ۸ر — ۱۸ — ۲۵۹۳ — والدہ صاحبہ معین الدین خاں صاحب عہ

۱۹ - ۲۵۹۹ منظور احمد خاں صاحب [illegible] ۲۰ - [illegible]

عطیات ماہ جولائی ۱۹۴۱ء

سنگاپور

نمبرشمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبرشمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبرشمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
	ڈی ۱۱۷۲	عبدالعزیز صاحب سنگاپور	۱۰ ڈالر		۱۱۹۳	ای۔ایس سید محمد صاحب سنگاپور	۵ ڈالر		۳۴۱۹	حسین شاہ صاحب سنگاپور	۵ ڈالر
	۱۱۷۳	سی۔ایچ۔ خضر محمد اینڈ کمپنی ″	″ ۲۵		۱۱۹۴	ایم محمد ابراہیم صاحب ″	″ ۱۰		۳۴۲۰	المعاد و شرکاء ″	″ ۲۵
	۱۱۷۴	میسرز فرمرودزا اینڈ کمپنی ″	″ ۵۰		۱۱۹۵	وی۔ایم۔ ایم ابوبکر اینڈ کمپنی ″	″ ۱۰		۳۴۲۱	میسرز این۔ اے نور محمد اینڈ کمپنی ″	″ ۱۰
	۱۱۷۵	عبدالعزیز صاحب ″	″ ۱		۱۱۹۶	ایس۔ اے مجید اینڈ کمپنی ″	″ ۱۰		۳۴۲۵	میسرز ایم۔ اے محمد دین برادرز ″	″ ۵۰
	۱۱۷۶	ایم نٹاراجن صاحب ″	″ ۵		۱۱۹۷	اے۔ دوسن شاہ اینڈ کمپنی ″	″ ۱۵		۳۴۲۶	شیخ سالم بن طہ مطر صاحب ″	″ ۱۰۰
	۱۱۷۷	میسرز نعمان بھائی عابد علی ″	″ ۲۷		۱۱۹۸	ایس آئی۔ او السگاف صاحب ″	″ ۲۵		۳۴۲۷	شیخ سعید بن طالب صاحب ″	″ ۲۵
	۱۱۷۸	دی انڈو اسٹریٹس ٹریڈنگ کمپنی ″	″ ۲۷		۱۱۹۹	شیخ محمد مدیح صاحب ″	″ ۱۰۰		۳۴۲۸	پی۔ایم سلطان صاحب ″	″ ۵
	۱۱۷۹	ویس محمد صاحب ″	″ ۵		۱۲۰۰	اے۔ اے ولی بھائی اینڈ کمپنی ″	″ ۱۰۱		۳۴۲۹	حاجی ایس عبدالعزیز صاحب ″	″ ۱۰
	۱۱۸۰	سی احمد خاں صاحب سورتی ″	″ ۲۵		۳۴۰۱	ایم۔ اے فضل الٰہی اینڈ کمپنی ″	″ ۲۰۰		۳۴۳۰	کے شیخ عبدالقادر صاحب ″	″ ۱۰
	۱۱۸۱	شمس الدین قریشی صاحب ″	″ ۵۰		۳۴۰۲	منشی جے محمد حیات صاحب ″	″ ۵۰		۳۴۳۱	میسرز اللہ دین صاحب ″	″ ۱۰
	۱۱۸۲	اے۔ جی تیج صاحب ″	″ ۲۵		۳۴۰۳	او۔ رحمان صاحب ″	″ ۲۵		۳۴۳۲	امیر علی صاحب ″	″ ۲
	۱۱۸۳	اے جی تیج اینڈ کمپنی ″	″ ۲۵		۳۴۰۴	ایس۔ اے۔ اسحٰق چھاپا اینڈ کمپنی ″	″ ۵۰		۳۴۳۵	محمد بھائی کتھاوالا صاحب ″	″ ۵
	۱۱۸۴	شیخ عمر سبحی صاحب (کنابہرو) ″	″ ۲۵		۳۴۰۶	میسرز ایف۔ ایچ۔ ایم ناصر صاحب ″	″ ۱۰		۳۴۳۷	میسرز اے۔ ایم کے علی محمد اینڈ کمپنی ″	″ ۲۵
	۱۱۸۵	شیخ ارادہ باجبید صاحب ″	″ ۱۰۰		۳۴۰۷	میسرز جی۔ ای بخمی صاحب ″	″ ۵۰		۳۴۳۸	میسرز محی الدین عبدالقادر صاحب	″ ۲۵
	۱۱۸۶	آر۔ ایم پچھیا پا چلیتیار صاحب ″	″ ۲		۳۴۰۸	میسرز انڈو کمرشل سوسائٹی ″	″ ۲۵		۳۴۳۹	میسرز السگاف اینڈ کمپنی ″	″ ۵۰
	۱۱۸۷	حکیم کریم بخش صاحب ″	″ ۵		۳۴۱۲	عظیم اللہ ولد کریم اللہ صاحب ″	″ ۵		۳۴۴۰	حاجی محمد صاحب ″	″ ۴
	۱۱۸۸	اسمٰعیل اینڈ احمد برادر ″	″ ۲۵		۳۴۱۳	عبداللہ بن یحییٰ الجنید صاحب ″	″ ۵۰		۳۴۴۱	غلام قادر صاحب ″	″ ۲
	۱۱۸۹	حاجی عبدالکریم عمر صاحب ″	″ ۲۰		۳۴۱۴	حضرت گل صاحب ″	″ ۵		۳۴۴۲	کریم بخش صاحب ″	″ ۲
	۱۱۹۰	ایم محمد دل فقیر اینڈ کمپنی ″	″ ۱۰		۳۴۱۵	بابا علاء الدین صاحب ″	″ ۴		۳۴۴۳	دین محمد صاحب ″	″ ۲
	۱۱۹۱	ایم۔ سیبو صاحب ″	″ ۵		۳۴۱۶	ایم۔ایس۔ ای تنگو یا صاحب ″	″ ۲۵		۳۴۴۴	رحمت علی صاحب ″	″ ۱
	۱۱۹۲	ای۔ ایس محمد حنیفہ صاحب ″	″ ۵		۳۴۱۸	امیر محمد خاں صاحب ″	″ ۵۰		۳۴۴۵	محمد عرفان صاحب ″	″ ۱

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
	۳۴۴۶	صدر دین صاحب سنگاپور	۱ ڈالر		۳۴۴۳	انچہ عبدالمجید صاحب جوہور بحرو	۵ ڈالر		۳۴۸۰	میسرز کے ۔ آئی ۔ جی داؤد بھائی کوالالمپور	۵ ڈالر
	۳۴۴۷	راجہ جلال صاحب "	۴ ڈالر		۳۴۴۴	انچہ ماریکا صاحب "	۱ "		۳۴۸۱	آر ۔ ایس ۔ محمد قاسم اینڈ کمپنی "	۲۵ "
	۳۴۴۸	ٹی ۔ ایچ بھنڈارا صاحب "	۱۰ "		۳۴۴۴	حاجی ابراہیم سردار صاحب "	۵۰/۔ "		۳۴۸۲	ایس ۔ ایم داؤد اینڈ کمپنی "	۳ "
	۳۴۴۹	ایم ۔ جی ۔ سائیو صاحب "	۲۵ "		۳۴۲۶	انچہ عبداللہ بن طیب صاحب "	۱۰ "		۳۴۸۳	میسرز مینا محمد اینڈ سنز "	۲ "
	۳۴۵۰	ڈاکٹر ایل سامی صاحب "	۲ "		۳۴۳۴	کمانڈنگ آفیسر صاحب جوہور ملٹری	۲۰ "		۳۴۸۴	میسرز یوسف برادرز "	۳ "
	۳۴۵۱	ڈاکٹر جے ۔ اے ۔ ایم سالدانہ صاحب "	۲۵ "		۳۵۱۶	دی ۔ اے ۔ یعقوب اینڈ کو لانگ صاحب	۱۰ "		۳۴۸۵	کے ۔ ایم محمد یوسف صاحب "	۳ "
	۳۴۵۲	عبدالملک صاحب وغیرہ "	۸ "		۳۵۱۷	اے ۔ جمال محمد اینڈ کمپنی "	۵ "		۳۴۸۷	پی ۔ ایم ۔ ایم عبدالقادر ماریکار اینڈ کمپنی "	
	۳۴۵۳	ایس ۔ سی گوجو بار ایٹ لا "	۲۵ "		۳۵۱۸	کے ۔ اے ۔ میر محمد صاحب "	۳ "		۳۴۸۸	عصمت اللہ صاحب کوالالمپور	۱ "
	۳۴۵۵	میسرز شمس الدین اینڈ سنز "	۲۵ "		۳۵۱۹	کے ۔ عبدالمجید صاحب "	۱ "		۳۴۸۹	ای ۔ ایم نور دین صاحب "	۱ "
	۳۴۵۶	بابو محمد علی صاحب "	۱۰ "		۳۴۱۱	علی حسن صاحب جاتی کلوانگ	۲۰ "		۳۴۹۰	اے ۔ ایم محمد عبداللہ صاحب "	۱ "
	۳۴۵۷	ڈاکٹر ڈی ۔ ایس فتی صاحب "	۱ "		۳۴۶۶	احمد حسن صاحب صدیقی "	۱۰ "		۳۴۹۱	اے ۔ پی ۔ ایم عبدالجبار اینڈ کمپنی "	۳ "
	۳۴۵۸	کے ۔ ایم حاجی اسمٰعیل صاحب "	۱ "		۳۴۵۴	مولوی مطیع احمد صاحب سیرمبان	۵۰ "		۳۴۹۲	محمد فضل شوکت صاحب "	۲ "
	۳۴۶۰	میسرز او ۔ ملہ آیچ محمد اسمٰعیل صاحب "	۲۵ "		۳۴۶۷	حاس بھائی داؤد بھائی صاحبان "	"		۳۴۹۳	میسرز لینڈرل سیکری "	۱۰ "
	۳۴۶۱	ایس محمد ابوبکر صاحب "	۲۵ "		۳۴۶۸	ایم ۔ ایم محمد ابراہیم صاحب "	۱۰ "		۳۴۹۴	مولوی سیف الرحمٰن صاحب "	۲ "
	۳۴۶۲	ایم دائی محمد سلطان صاحب "	۵ "		۳۴۶۹	میسرز یوسف علی بھائی صاحب "	۷ "		۳۴۹۵	ارامی جان صاحب "	۳ "
	۳۴۶۳	ایس محمد اسمٰعیل برادرس "	۲۰ "		۳۴۷۰	مولوی ضیاء اللہ صاحب "	۵ "		۳۴۹۶	کے ۔ این محمد یوسف اینڈ سنز "	۱۵ "
	۳۴۶۴	محمد دین صاحب ولد شیخ مختار الدین صاحب "	۵ "		۳۴۷۱	شیر محمد صاحب سوبیدار "	۴ "		۳۴۹۷	حکیم سید محمد انور علی شاہ صاحب "	۲۵ "
	۳۴۶۵	ہارون بن علی صاحب "	۱ "		۳۴۷۲	میسرز کے وی جمال صاحب کوالالمپور	۱۰ "		۳۴۹۸	شمس الدین صاحب "	۵ سینٹ
	۳۴۱۷	پیارک چیچ نیکری پیر کا اسٹیٹ "	۲۵ "		۳۴۷۳	میسرز ایف عبدالقادر صاحب "	۱۵ "		۳۴۹۹	چودھری محمد یوسف صاحب "	۵ ڈالر
	۳۴۵۹	مولوی محمد یٰسین خاں صاحب سرادک "	۱۰ "		۳۴۷۴	سردار خاں صاحب "	۱ "		۳۵۰۰	چودھری فضل دین صاحب "	۲۰ "
	۳۴۱۰	علی بہادر صاحب جوہور بحرو	۱ "		۳۴۷۵	بابو محمد اکرم صاحب "	۵ "		۳۵۰۱	نور دین صاحب توسط چکنا برادرس	۳۰ "
	۹۴۵۱	پرسی کتوآن "	۲۵ "		۳۴۷۶	منشی غلام قادر صاحب "	۳ "		۳۵۰۲	نور الدین صاحب "	۱۰۰ "
	۹۴۵۲	السید بن علوی بن طاہر بن عبداللہ صاحب "	۲۵ "		۳۴۷۷	منشی غلام نبی صاحب "	۲۰ "		۳۵۰۳	اے محمد صاحب کوالالمپور	۵ "
	۳۴۴۴	حاجی محمد ابراہیم صاحب "	۶ "		۳۴۷۸	مولوی عبداللہ صاحب "	۱۰ "		۳۵۰۴	میسرز ایم ۔ ایس علی اینڈ کمپنی "	۲۵ "

رجسٹرڈ ایل نمبر ۴۴۰۵

مطبوعہ جامعہ برقی پریس
دہلی

(طابع و ناشر شفیق الرحمن قدوائی - بی اے جامعہ)

۲۰/۸

ہمدردِ جامعہ

مرتبہ

ناظم

حلقہ ہمدردانِ جامعہ، دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ہمدردِ جامعہ

ایڈیٹر

خواجہ عبدالحی فاروقی

(ناظم حلقہ ہمدردانِ جامعہ)

جلد ۵	ستمبر ۱۹۴۰ء مطابق شعبان ۱۳۵۹ھ	نمبر ۱۱

فہرست مضامین

قیمت سالانہ ۵؍ قیمت فی پرچہ ۲؍

۲

حالات جامعہ

جامعہ کی برادری میں ایک جرمن خاتون مس فلیس بورن صاحبہ بھی چند سال سے شامل تھیں۔ ان کو بچوں کی تعلیم و تربیت سے خاص شغف تھا۔ وہ تمام بچوں کی آپا جان کہلاتی تھیں۔ جنگ کی احتیاطی تدابیر کے سلسلے میں ہندوستان میں رہنے والے بہت سے جرمن نظر بند کئے گئے مگر وہ اب تک آزاد تھیں اور جامعہ کی محدود سرگرمیوں میں لگی ہوئی تھیں مگر گذشتہ مہینے ان کو بھی نظر بندی کے کیمپ میں پونا کے قریب جانا پڑا۔ وہ کئی سال سے جامعہ میں ہیں قریب قریب جامعہ ہی ان کا گھر ہو گیا ہے جس وقت جامعہ کے طلبا اور اساتذہ انھیں وداع کرنے جمع ہوئے تو آبدیدہ ہو گئیں بچوں نے بھی ایسا محسوس کیا جیسے ان کی حقیقی آپا جان جدا ہو رہی ہوں خدا کرے جنگ جلد ختم ہو اور وہ پھر ہم میں آملیں

ہمدردان جامعہ کا سال ستمبر میں ختم ہوتا ہے۔ یہ سال کا آخری مہینہ ہے۔ جو تخمینہ سال بھر کی آمدنی کا کیا گیا تھا اس کی کمی پوری کرنے کے لئے دوڑ دھوپ جاری رہی۔ اسی سال ترکی کے زلزلے اور جنگ کی وجہ سے ملک میں کافی چندے ہوئے اور ہو رہے ہیں مگر خدا کے فضل سے جامعہ کی امداد میں کوئی فرق نہیں آیا۔ ہمارے اہل ہمت کرم فرما برابر التفات فرما رہے ہیں امید ہے کہ ہم آئندہ مہینے میں اعلان کر سکیں کہ اس سال کس صوبے سے ہمیں کتنی رقم ملی۔ اس سال کی آخری جد و جہد میں مختلف مقامات پر ہمارے مہتمم صاحبان کام میں لگے ہوئے ہیں۔

بجنور اور مضافات کے لئے ڈاکٹر شاہ سید زین العابدین صاحب ندوی مہتمم حلقہ ہمدردان تشریف لے گئے ہیں امید ہے کہ وہاں کے مقامی حضرات کی توجہ اور عنایت سے اس حلقے کا تخمینہ پورا ہو جائے گا۔

دہلی کے کام میں مولوی منظور حسین صاحب مہتمم حلقہ ہمدرداں لگے ہوئے ہیں۔ دہلی کے بعض مقتدر حضرات نے اپنے لطف و کرم سے ہمارے کام میں ہاتھ بٹایا ہے اور مہتمم صاحب کو برابر مدد دے رہے ہیں جامعہ کا حق یوں تو سارے ہندوستان پر ہے مگر دہلی پر سب سے زیادہ حق پہنچتا ہے اس لئے امید ہے کہ اہل دہلی اس خالص تعلیمی کام میں بھی کسی سے پیچھے نہ رہیں گے۔

گونڈہ اور بہرائچ کے دورے سے مولوی حافظ احمد اللہ صاحب قاسمی مہتمم حلقہ فارغ ہو کر کلکتہ تشریف لے جا رہے ہیں۔ وہاں وہ کچھ عرصہ تک کام کریں گے کلکتے نے جامعہ کے کاموں میں ہمیشہ اپنی شان کے مطابق حصہ لیا ہے امید ہے کہ اس سال بھی سابق روایات کے مطابق کلکتے سے کافی وافی امداد ملے گی۔

سہارنپور و مراد آباد وغیرہ کے لئے عنقریب مولوی مقبول احمد صاحب سیوہاروی مہتمم حلقہ روانہ ہونے والے ہیں امید ہے کہ وہ بھی بامراد لوٹیں گے۔

کرنال میں خود ناظم حلقہ کا ارادہ ہے۔ کرنال کی چھوٹی بستی میں دل، دماغ، دولت سب جمع ہیں۔ گذشتہ دوروں سے معلوم ہوتا ہے کہ اہل کرنال کے دل میں جامعہ کے لئے کافی جگہ ہے بس یہی چاہئے یہ ہے تو سب کچھ ہے۔

بچے کی تربیت

ایک صاحب نے شیخ الجامعہ صاحب سے اپنے بچے کی تعلیم و تربیت کے متعلق چند باتیں دریافت کی تھیں۔ شیخ الجامعہ صاحب نے تربیت سے متعلق جو جواب دیا ہے وہ تعلیم سے دلچسپی رکھنے والوں کے لئے بہت اہمیت رکھتا ہے۔
خط کا متعلقہ اقتباس حسب ذیل ہے۔

الیاس احمد مجیبی

"میرے لڑکے کی عمر ابھی پونے تین سال کی ہے اس وقت وہ ماں باپ اور دوسرے لوگوں کے ہر عمل کی نقل کرنا چاہتا ہے بعض موقعوں پر ضد بھی کرتا ہے۔ میرا خیال ہے کہ پانچ سال کی عمر پر اس کو آپ کے سپرد کر دوں۔ براہ کرم اس وقت پرورش کے لئے کچھ ہدایات روانہ فرمائیں اور اگر آپ کے نزدیک بچوں کی تربیت پر کوئی اردو انگریزی میں مفید کتاب ہو تو اس کا بھی پتہ تحریر فرما دیں۔"

شیخ الجامعہ صاحب کا جواب

اس زمانے میں بچے کی تربیت اور دیکھ بھال کے متعلق یہ عرض ہے کہ یا تو آدمی اس کام کو اچھی طرح جانے یا معمولی عقل سلیم سے کام لے۔ یہ اچھا نہیں کہ ایک دو کتابیں پڑھ کر اس دھوکے میں پڑ جائے کہ میں اس فن کو جانتا ہوں۔ میں تو سمجھتا ہوں کہ اگر آپ اس زمانے میں بچہ کی غذا کا خاص خیال رکھیں اسے دودھ کافی دیا جائے، کچھ سبزیاں جیسے ٹماٹر، گاجر کھلائی جائیں، پالک کا ساگ بھی اکثر کھانے میں دیا جائے، جاڑوں میں دودھ کے ساتھ کچھ مچھلی کا تیل پلا دیا جائے اور اگر خدانخواستہ بچہ کبھی بیمار ہو تو اس کے اچھا ہونے کے بعد بھی ذرا کسی اچھے ڈاکٹر یا طبیب کو دکھا دیا جائے تاکہ بیماری کا کوئی ناموافق اثر چھپا نہ رہ جائے تو بہت کچھ آپ نے کر لیا۔ ذہنی تربیت کے سلسلے میں اسے کھلونے تو ایسے دیں متحرک اور رنگین۔ اس عمر میں بچہ اکیلے کھیلنا پسند کرتا ہے اور معمولی سے کھلونوں سے خود اپنی ایک دنیا بسا لیتا ہے اسے اس کا موقع ملنا چاہیئے۔ اور ہزار اصول کا ایک اصول یہ کہ بچہ کے دل میں ڈرا دھمکا کر ڈر نہ پیدا کیا جائے۔ یہ پھر نکالے نہیں نکلتا اور آگے جا کر ذہنی زندگی میں نہ جانے کیا کیا رنگ لاتا ہے۔ بچہ پر نظر ضرور رکھنی چاہیئے لیکن ایسی نہیں کہ وہ سمجھے کہ میں قیدی یا غلام ہوں۔

(ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب)

حضرت مولانا احمد سعید صاحب نائب صدر جمیعت علمائے ہند دہلی کا مکتوب گرامی

حامداً و مصلیاً

جامعہ ملیہ مسلمانوں کا ایک ایسا تعلیمی ادارہ ہے جس کے حسن انتظام اور تعلیمی خدمات سے ہر شخص واقف ہے۔ اس ادارے میں مسلمانوں کے بعض ایسے بچے بھی تعلیم حاصل کرتے ہیں جو اپنی تعلیم کا بار اٹھانے سے قاصر ہیں۔ جامعہ کے منتظمین اس قسم کے نادار طلبا کو زکوٰۃ فنڈ سے امداد پہنچاتے ہیں اور یہ امداد صرف انھی طلبا کو دی جاتی ہے۔ جو حقیقتاً زکوٰۃ کے مستحق ہوتے ہیں۔ زکوٰۃ کے اس بہترین مصرف سے کسی مسلمان کو انکار نہیں ہو سکتا۔

میں مسلمانوں سے متوقع ہوں کہ وہ جامعہ ملیہ کی زیادہ سے زیادہ اعانت و امداد فرما کر عنداللہ ماجور ہوں گے۔ بالخصوص اہل خیر اور ذی ثروت حضرات سے امید کی جاتی ہے کہ وہ زکوٰۃ کی رقم سے مذہبی تعلیم کے ان طلبا کی امداد فرمائیں گے جو اپنی تعلیم جاری رکھنے سے مجبور ہیں۔ ان اللہ لا یضیع اجر المحسنین

فقیر احمد سعید کان اللہ لہٗ

۴ رجب المرجب ۱۳۵۹ھ

مطابق ۹ اگست ۱۹۴۰ء

بنیادی تعلیم کا نیا سال

جنتری چاہے کچھ ہی کہے مگر تعلیم کی دنیا میں نیا سال برسات ہی سے شروع ہوتا ہے۔ اس جولائی سے جتنے ٹریننگ اسکول اور بنیادی اسکول اپنا نیا سال اور نیا کام شروع کر رہے ہیں انھیں ہم کامیابی کا سندیسہ بھیج رہے ہیں کہ وہ نئی تعلیم کی طرف "نئی تعلیم" کے ذریعے جو قدم اٹھا رہے ہیں وہ مبارک ثابت ہو۔

زیادہ ٹریننگ اسکولوں کے لئے تعلیم کا یہ تجربہ اب نیا نہیں رہا۔ بنیادی تعلیم کے استادوں کی دو ٹولیاں تو تیار ہو چکیں، اب تیسری کی تیاری شروع ہو رہی ہے۔ ان اسکولوں کے پاس دو سال کے تجربوں کا خزانہ جمع ہوگا اور تیسرے سال کا کام شروع ہونے والا ہے ہمیں یہ امید ہے کہ آنے والا سال بنیادی دستکاری کے فن کے علاوہ دستکاری کے ذریعے تعلیم دینے کے طریقے اور بنیادی تعلیم کا ادب تیار کرنے کے لئے ترقی کا ایک نیا دور ثابت ہوگا۔

اسی کے ساتھ بنیادی تعلیم کے جو اسکول وغیرہ پچھلے سال اپنا کام ختم کر چکے ہیں ہم ان کو اس نئے سال کی خوشی کے موقع پر بھول نہیں سکتے بلکہ تعلیمی تجربے میں انھوں نے جو حصہ لیا اس کی وجہ سے ہم اُن کا شکریہ ادا کرتے ہیں صوبۂ متوسط میں نارمل اور ہائی اسکولوں کے استادوں کو اس نئی تعلیم کے اصول اور عملی تجربے کی تعلیم دینے کے لئے پچھلے جولائی میں جو وردیا مندر ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ قائم کیا گیا تھا وہ اسی اپریل ۱۹۴۰ء میں بند ہوگیا۔ اس انسٹی ٹیوٹ میں کتائی، کھیتی کا کام اور لکڑی کا کام ان تینوں دستکاریوں کا تجربہ کیا گیا تھا اور یہاں سب سے خاص بات یہ تھی کہ یہاں کے پڑھنے اور پڑھانے والے دونوں تجربے کار استاد تھے۔ یہی نہیں بلکہ ان میں کچھ ایسے بھی تھے جو استادوں کے تیار کرنے کا کام کر چکے تھے۔

کورس پورا کرنے کے بعد آج ان استادوں اور لڑکوں میں سے کچھ تو بنیادی تعلیم کے تجربے میں مدد دے رہے ہیں اور کچھ صوبۂ متوسط کے نارمل اور ہائی اسکولوں میں پھر سے موجودہ تعلیم کا کام کر رہے ہیں۔ مگر ہمیں امید ہے کہ چاہے وہ پرانی تعلیم کا کام کرتے ہوں یا نئی تعلیم کا اس نئی تعلیم کا سندیسہ پھیلانے میں ضرور ہاتھ بٹائیں گے۔

وردیا مندر ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ میں جو استاد تیار کئے گئے تھے ان کی مدد سے صوبۂ متوسط کے ہندی بولنے والے جو استاد ہونا چاہتے ہیں ان کے لئے سیونی میں اور مرہٹی بولنے والوں کے لئے واردھا میں دو نئے بنیادی ٹریننگ اسکول جون میں کام شروع کر رہے ہیں۔ بنیادی تعلیم کے میدان میں ہم ان دونوں نئے اسکولوں کا خیر مقدم کرتے ہیں۔

پچھلے جولائی میں مدراس سرکار کی طرف سے کوئمبٹور میں جو ٹریننگ اسکول قائم کیا گیا تھا وہ سال بھر کے کام کے بعد بند کر دیا گیا اور بنیادی تعلیم کے کام کو ترقی دینے کی اور کوئی تجویز آج مدراس سرکار کے سامنے نہیں ہے۔ مگر ہمیں امید ہے کہ سرکاری مدد ملے یا نہ ملے تامل ناڈ میں بنیادی تعلیم کا کام ہرگز بند ہونے والا نہیں ہے میونسپلٹی [illegible]

[illegible] پر

تعزیت

ہمیں یہ سن کر بہت قلق ہوا کہ غمگسار قوم خان بہادر خواجہ عبدالمجید صاحب ریٹائرڈ ڈپٹی کمشنر پنجاب رحلت فرما گئے۔ مرحوم بڑے دیندار اور وضعدار بزرگ تھے۔ قدیم شرافت اور شائستگی کا نمونہ تھے۔ باوجود اپنی سرکاری خدمت کی مصروفیت کے کچھ نہ کچھ وقت ملی اور دینی کاموں کے لئے بھی نکال لیتے تھے۔ جامعہ سے انھیں خاص اُنس تھا۔ جامعہ اور اہل جامعہ کے ساتھ خاص التفات اور محبت کا برتاؤ فرماتے تھے۔ جامعہ کی مالی امداد میں بھی ان کا خاصہ حصہ تھا کچھ دن ہوئے انھوں نے ناظم ہمدرداں کو ایک خط لکھا تھا جس میں دہلی آنے اور اہل جامعہ اور شیخ الجامعہ صاحب سے ملنے کا اس خلوص سے اشتیاق ظاہر فرمایا تھا کہ ہم سب اُن کی تشریف آوری کے ہمہ تن منتظر تھے مگر یہاں سے جواب سپرد ڈاک بھی نہ ہونے پایا تھا کہ مرحوم نے داعی اجل کو لبیک کہا۔ سچ فرمایا ہے "عرفت ربی بفسخ العزائم"

مرحوم کو جامعہ اور اہل جامعہ سے جو اُنس تھا اس کا کچھ اندازہ ان کے اس آخری خط سے ہو سکتا ہے۔ لکھتے ہیں ۔

" جامعہ کی اہمیت اور اس کی تائید سے بے فکر نہیں ہوں۔ اگرچہ مادی طور پر مدد کرنے سے قاصر رہا ہوں (یہ انکسار تھا مرحوم ایک معقول رقم ہر سال دیتے تھے۔ ہمدرد جامعہ) لیکن زبانی اور عملی تائید سے غافل نہیں ہوا "

" میں فروری میں کچھ دنوں کے لئے دہلی گیا تھا جی چاہتا تھا کہ آپ کی اور ڈاکٹر ذاکر حسین خاں صاحب کی خدمت میں حاضر ہوں لیکن صحت کی خرابی اور اپنے رہنے کے لئے مکان کی تلاش میں سرگرداں رہا قریباً روزانہ ارادہ کرتا تھا اور ہر روز عزم کی کمزوری کا شکار

ہو جاتا تھا۔ وہاں سے آیا تو حسرت لے کر اور یہ امید رکھ کر کہ آئندہ ایسا نہیں کروں گا۔
محترمی جناب ڈاکٹر ذاکر حسین خاں صاحب کی خدمت میں میرا سلام و نیاز عرض کیجئے گا
آئندہ موسم سرما میں انشا اللہ پہلی تقصیروں کی تلافی کرنے کی کوشش کروں گا۔ امید ہے
کہ ممدوح مع الخیر ہوں گے"۔
مرحوم کی جاذب شخصیت ایسی نہیں کہ اہل جامعہ انھیں بھول سکیں۔ اگرچہ اب وہ اس دنیا
میں نہیں ہیں مگر ان کی شفقت اور محبت ہمیں اکثر یاد آئے گی۔ خدا مرنے والے کو اپنی رحمت
کے سائے میں جگہ دے اور پسماندوں کو توفیق صبر عطا فرمائے۔ آمین

(صفحہ پانچ کا بقیہ مضمون)

وغیرہ مقامی ادارے اسے اپنائیں گے اور اپنے استادوں کو اس نئی تعلیم کی ٹریننگ دلوا کر اپنے آس پاس کے اسکولوں میں اس کا تجربہ شروع کریں گے۔

دیہات کے بنیادی اسکولوں میں جو لوگ نئے سال میں نئے کام کی ابتدا کر رہے ہیں ان سے ہماری ایک خاص اپیل ہے اس نئی تعلیم کا عملی تجربہ وہی کر رہے ہیں اور ان ہی کے کام، حوصلے، لگن اور بھروسے پر ہی اس کی کامیابی یا ناکامیابی منحصر ہے۔ اب جب کہ ہم اس نئے سال میں داخل ہو رہے ہیں دنیا ایک بہت نازک دور سے گزر رہی ہے اور اسے بڑی نازک حالت کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے یورپ پر ہی نہیں تمام دنیا پر ظلم اور بے رحمی کی گھٹا چھائی ہوئی ہے مگر ہمیں یہ نہیں سمجھنا چاہیے کہ یہ زمانہ انسانی تاریخ کا آخری زمانہ ہے ہم میں سے جو اس بات کو مانتے ہیں کہ ہماری سماج ظلم، بے انصافی اور جھوٹ پر نہیں بلکہ سچائی، انصاف اور رحم پر قائم ہے اور جو لوگ ان چیزوں کو بنیاد دیکھ کر ایک نیا سماج بنانے کی امید رکھتے ہیں ان کے لئے نئی تعلیم بس ایک نئی تعلیمی اسکیم ہی نہیں بلکہ ایک نئے سماج کی بنیاد ڈالنے کی پہلی کوشش ہے اس لئے جو لوگ دیہات کے بچوں کو ہاتھ کے کام کے ذریعے تعلیم دینے کا کام کر رہے ہیں وہ اس نئے سماج کے بنانے میں اپنا حصہ بٹا رہے ہیں جو دوستی اور مدد ہی کی بنیاد پر بنے گا۔ ان سے ہماری استدعا ہے کہ وہ اپنی اس بڑی ذمہ داری کو نہ بھولیں کیونکہ انھیں کی مدد سے ہم اپنی منزل کی طرف بڑھ کر اس تک پہنچ سکتے ہیں۔

نئی تعلیم

تعلیم و ترقی

ہمارا دیواری اخبار

دراصل خبروں اور تصویروں کو سلیقے کے ساتھ مرتب کر دینے کا نام اخبار ہے آپ کو شاید تعجب ہو کہ ہمارے ہاں یہ دونوں چیزیں مطبوعہ ہوتی ہیں یعنی تصویریں ہی نہیں خبریں بھی - دہلی کا مقامی اخبار روزانہ علی الصبح مرکز میں آجاتا ہے اور کارکن مرکز کا اخبار کے سلسلہ میں سب سے پہلا کام یہ ہے کہ وہ قینچی لے کر خاص خاص خبروں کو تراش لے - اچھی خبریں چونکہ ورق کے دونوں جانب ہو سکتی ہیں اور بعض اوقات عین اُس خبر کی پشت پر جو پہلے صفحہ پر پسند کر لی گئی ہے اس لئے تراشے لینے کے لئے کم از کم دو اخبار ضروری ہیں یعنی ایک ہی اخبار کے دو نسخے اب بھی ہوتا ہے کہ ایک اخبار اپنی پالیسی کی بنا پر کسی خبر کو ضرورت سے زیادہ نمایاں اور کسی خبر کو زیادہ خفی کر دیتا ہے ایسے موقعوں پر مرتب کا یہ فرض ہے کہ وہ اپنے اخبار کو غیر متواری نہ ہونے دے ایسے موقعوں پر وہ دوسری قسم کے اخبار سے بھی مدد لے سکتا ہے اور اگر اس کے لئے آسان ہو تو ایسی خبروں کو اپنے ہاتھ سے درج اخبار کر سکتا ہے۔ لیکن اپنے ہاتھ سے اسی وقت لکھنا چاہئے جب کہ خط اچھا ہو ورنہ سارا اخبار بدزیب ہو جائے گا۔

خبروں کی تراشش ایک سادہ سا کام ہے مگر بہت معمولی نہیں ہے تراشنے والے کے ہاتھ میں صفائی ہونا ضروری ہے اور اس سے انکار کیا ہی نہیں جا سکتا ہے کہ دیواری اخبار بنانے والا جمالیات کے ذوق سے اگر بالکل خالی ہے تو وہ اخبار نہیں بنا سکتا۔ ہمارے ہاں ایک دن دسویں جماعت کے ایک نہایت ہوشیار طالب علم نے دیواری اخبار بنایا۔

خبروں کے سلسلے میں یہ لحاظ رہے کہ ہمیں صرف سرخیاں کاٹنی ہوتی ہیں اصل متن سے واسطہ نہیں ہوتا ہاں وہ اس غرض سے علیحدہ کاٹ کر رکھا جا سکتا ہے کہ خبریں سمجھانے کے وقت کام آئے اور یہ دونوں تراشے ساتھ ساتھ ہوں تو وقت میں کفایت ہو جاتی ہے۔ خبروں کی تراشش میں سب سے ضروری یہ ہے کہ تراشہ چاروں طرف سے ہموار ہو۔ ہمواری کے ساتھ ساتھ چاروں ضلع بالکل متوازی ہوں۔ تراشے کی ذرا سی ناہمواری اور کناروں کا ہلکا سا کج تراشے کو بدنما کر دیتا ہے اور یہ بدنمائی اخبار کی سفید پشت پس منظر پر مزید نمایاں ہو کر نظر کے لئے کراہت کا باعث ہوتی ہے۔

دیواری اخبار میں خبروں کی تراش کے بعد خبروں کے ترتیب دینے کی منزل ہے یہ منزل بھی سادہ ہے مگر آسان

نہیں ہے ترتیب دینے میں پہلی بات جو پیش نظر رکھنی پڑتی ہے وہ یہ ہے کہ تراشوں کے خطوط مستقیم میں فرق نہ آئے اور دو تراشوں کے درمیان کا فاصلہ ایک سرے سے دوسرے سرے تک بالکل یکساں رہے۔ تراشوں میں کچھ بڑے ہوں گے بعض چھوٹے بعض جلی ہوں گے اور بعض خفی۔ خبروں کی ترتیب بالعموم ان کی اہمیت کی بنا پر ہوتی ہے لیکن شرط یہ ہے کہ ترتیب ذوق جمال کو نہ پہنچائے بعض اوقات یہ دونوں خیال آپس میں متصادم ہو جاتے ہیں لیکن ایسے موقعوں کو نبانا اور درمیانی راہ کا تلاش کر لینا صاحب نظر اور اہل تجربہ دونوں کے لئے آسان ہے ورنہ بہت ممکن ہے کہ ان میں سے کسی ایک کا خون ہو جائے۔

خبروں کو سادہ کاغذ پر چپکانے سے پہلے اچھا یہ ہے کہ ایک مرتبہ تراشوں کو اخبار کے کاغذ پر رکھ کر دیکھ لیا جائے اور رد و بدل کے بعد اطمینان کر لیا جائے کہ ترتیب کون سی مناسب رہے گی۔ خبروں کو تراش لینے۔ تراشوں کو ہموار کر لینے اور مناسب فاصلوں اور صحیح خطوط کے ساتھ چپکا دینے کے بعد بھی جائے استاد خالی رہنے کا امکان ہے۔ خبروں کو جن موزوں فاصلوں کے ساتھ لگایا جائے گا ان میں مسلسل یکسانیت بھی ہو سکتی ہے یعنی ترتیب وار ایک خبر کے بعد دوسری خبر جماتے چلے جائیں لیکن یہ مسلسل یکسانیت بنانے والے کے جمود کا ثبوت ہے اسے تنوع کی خاطر اپنی ترتیب میں موزوں تبدیلی پیدا کرتے رہنا چاہیئے مثلاً اشعار لکھنے کی ایک سادہ صورت تو یہ ہے۔

اور اس صورت کو برا نہیں کہہ سکتے لیکن ہر موقع پر اسی سادگی پر قائم رہنا اخبار کو نظروں سے گرا دینا ہے اس کے ساتھ رباعی مخمس، مسدس وغیرہ کی شکلیں بھی ذہن میں رہنی چاہیئیں۔

رباعی

رباعی دوم

مخمس اول

مخمس دوم

مسدس دوم

مسدس اول

اخبار کی ان باریکیوں کو بارکی نہیں سمجھنا چاہئے اور نہ یہ خیال کرنا چاہئے کہ اس کے لئے کسی بڑے مرد کی ضرورت ہے۔ ایک معمولی سمجھ کا انسان تھوڑے تجربے کے بعد اخبار بنانے میں ماہر ہو جاتا ہے۔

اخبار مکمل ہو گیا؟ نہیں ابھی تو صرف ایک جزو پورا ہوا ہے یعنی خبروں کا حصہ ابھی تصویروں کو تو ہاتھ بھی نہیں لگایا تصویروں کے لئے خبروں پر ایک نظر ڈال لیجئے۔ بعض خبریں ایسی ہوں گی جو تصویروں کی متقاضی ہوں گی یعنی اگر آپ نے ان کے ساتھ تصویر نہ لگائی تو خبروں پر ظلم ہوگا اور کبھی کبھی ایسا بھی ہوگا کہ تصویر کی خبر نہیں ہے لیکن آپ کے تصویری اسٹاک میں ایسی تصویریں موجود ہیں جو اس موقع پر زیب اخبار کی جا سکتی ہیں بہت ممکن ہے کہ آپ کا اس موقع پر تصویر نہ دینا تصویر کے حق میں ناانصافی ہو بہر حال خبروں کے لحاظ سے تصویریں تلاش کرنی چاہئیں، اکثر آپ کے اسٹاک میں موجود ہوں گی اگر اسٹاک میں نہ ہوں اور تقاضہ شدید نہیں صرف بجا ہے تب بھی آپ کو اس سلسلے میں تھوڑی بہت سعی کرنی چاہئے۔ ممکن ہے آس پاس کہیں مل جائے اور اگر آپ کو یہ یقین ہے کہ بازار میں موجود ہے آسانی سے آ سکتی ہے اور وقت کے اندر آ سکتی ہے تو پیسوں کے خرچ میں نقصان نہ سمجھئے لیکن ایسا نہ ہو کہ تصویر کی تگ و دو میں اخبار رہ جائے اور یہ اصول گرہ میں رکھئے کہ کبھی کبھی مطلب کی تصویریں مل جاتی ہیں اور کبھی کبھی تصویروں کو اپنے مطلب کا بنانا پڑتا ہے۔ لیجئے اب ہمارا اخبار شاید مکمل ہو گیا مگر نہیں ابھی تو وہ حود باقی ہے۔ اخبار کا نام۔ مقام، تاریخ دن سنہ، نمبر جلد وغیرہ وغیرہ یہ سب چیزیں رسالے اور کتاب میں ٹائیٹل سرورق پر ہوتی ہیں اور اخبار میں اس کے بالائی حصے میں اور اخبار کا یہ بالائی حصہ یا پیشانی کہلاتا ہے اب اس کو لکھ لیا جائے۔ لیکن آپ کا خط کیسا ہے؟ اگر اچھا لکھ سکتے ہیں یعنی آپ چھوٹے موٹے خوشنویس ہیں تو لکھئے ورنہ معاف کیجئے۔ اخبار کو خراب کرنے سے کیا فائدہ اس سے اچھا ہے کہ ہم سو دو سو پیشانیاں چھپوا رکھیں۔ مطبوعہ لوح اخبار پر لگائی تاریخ وغیرہ کے خانوں کو بھرا اور اخبار مکمل ہو گیا۔ لیکن اضافے اور تزئین و آرائش کی دنیا میں کمی نہیں ہے اگر آپ اخبار سے اور بہتر بنانا چاہتے ہیں تو چاہئے کہ اخبار کا ایک حصہ خالص قلمی بھی ہو، قلم کا لکھا ہوا بشرطیکہ اچھا ہو دیکھنے والوں کو بھلا معلوم ہوتا ہے اور بالغ مبتدیوں کے لئے تو محض بھلا ہی نہیں ضروری بھی ہے وہ اخبار کی تراشی ہوئی خبروں کو جو حرفوں کو حرفوں پر چڑھا کر اور لفظوں کو لفظوں سے جوڑ کر لکھی جاتی ہیں پسند کرنا کیا معنی آسانی سے پڑھ ہی نہیں سکتے۔ اور کشش کے اعتبار سے بھی ان تراشوں اور قلمی تحریروں میں وہی فرق ہے جو مطبوعہ اور ہاتھ کے لکھے ہوئے خطوط میں سمجھا جاتا ہے لیکن قلمی صورت اسی وقت ممکن ہے جب کہ اخبار بنانے والا خوش خط ہو اور وہ جلی خفی دونوں کو اچھا خاصا لکھ سکے۔ جہاں تک وقت کا تعلق ہے۔ مطبوعہ تراشوں میں کچھ بہت محنت نہیں ہوتی خبروں کو پوری احتیاط سے کاٹنا، ترتیب دینا لئی سے آہستہ آہستہ چپکانا ایسی دردسری ہے کہ اس کے مقابلہ میں ہاتھ سے لکھ لینا مشکل نہیں لیکن ہر شخص کاتب نہیں ہو سکتا اس لئے پہلی شکل آسان ہے

خوش خط ہونے کی صورت میں اخبار کی شان کو بڑھانے کا بہت میدان ہے قلمی حصے میں لطیفے، اشعار، چٹکلے

(بقیہ صفحہ ۱۵ پر)

ادبیات کی تعلیم

(از جناب م حسین صاحب)

آرٹ کورس کی اعلیٰ تعلیم کو میں کاہل، عیش کوش اور تن آسان بنا دینے والی چیز سمجھتا ہوں۔ ادب اور زبان کا علم ایسا ہے جو روح کو نرمی کی طرف لے جاتا اور آخر کار تن آسان، عیش پرور اور نکما بنا کر چھوڑ دیتا ہے۔ اگر مسلمانوں کی گذشتہ تعلیمی سرگرمی کو ملاحظہ فرمایئے تو یہی پتہ چلے گا کہ خلفاء عباسیہ کے زمانے سے ہندوستان کے آخری تاجدار ظفر شاہ تک۔ اور اسی طرح ایران، ترکی و مصر میں شاعری اور ادب سرائی طغرائے علمیت اور طرۂ فضیلت بن گیا تھا۔ سلاطین علماء و شعرا کو اپنے دربار میں جگہ دینا ان کی قدر و منزلت کرنا اپنے لئے باعث فخر سمجھتے تھے۔ مقصود دراصل اپنی شہرت بقا اور توصیف ہوتی تھی۔ کھانے پینے کی افراط میں سوائے بذلہ سنجیوں اور خوش گپیوں کے کیا سوجھتا ہے۔ شعرا بات کا بتنگڑ بناتے چنانچہ زندگی کے مفید علوم سمٹ کر شاعری میں غرق و فنا ہو گئے اور انھوں نے کچھ ایسا نشہ پلایا کہ اب تک اس کا سرور باوجود غلام ہو جانے کے ہم نہ بھولے۔ اور جس نے ہمارے نوجوانوں کو اتنا نکما، بزدل، کمزور اور نازک بنا دیا ہے کہ وہ اعلیٰ تعلیم کے سلسلے میں ایسے مضامین لینے سے جی چراتے ہیں۔ جن میں ذرا محنت پڑتی ہے یا جس میں دماغ زیادہ لگانا پڑتا ہے ہندوستان کے کسی کالج، کسی یونیورسٹی میں چلے جایئے وہاں آپ کو مسلمان لڑکوں کی اکثریت آرٹ کورس لئے ہوئے ملے گی اور اس میں بھی موجودہ علوم مثلاً سیاسیات، معاشیات نہ لیں گے جو زندگی سے تعلق رکھتے ہیں کیونکہ یہ ذرا خشک اور محنت طلب ہیں۔ وہ ان کی بجائے فلسفہ، تاریخ، منطق اور اردو فارسی ادبیات وغیرہ لیں گے کیونکہ یہ مضامین نہایت آسان اور کم دقیق ہیں۔ ڈگریاں آسانی سے دلا دیں گے۔ فلسفہ آجکل محض بیکار سی چیز ہو کر رہ گیا سوائے کرسی نشینی اور گفتگو کو فن بنانے کے اور کوئی کام اس سے نہیں آتا۔ منطق بھی غیر ضروری ہے اس لئے کہ ہماری روزمرہ زندگی کے لئے منطق نہ جاننا کچھ غیر مفید نہیں ہوتا۔ تاریخ گڑے مردے اکھاڑتی ہے جس سے نہ ہم کوئی سبق حاصل کر چکے ہیں نہ کرنا چاہتے ہیں محض واقعات کا رٹ لینا تاریخ سے صحیح فائدہ اٹھانا نہیں ہے۔ ان تینوں علوم میں سب سے بڑی کمزوری یہ ہے کہ یہ ہم کو زندگی اور اس کی واقعیت سے دور لیجاتے ہیں ہم کو ہماری چاروں طرف کی زندگی سے آنکھیں بند کر دینے پر مجبور کر دیتے ہیں۔ زبانوں اور ادبیات کے فضول ہونے کا تو تذکرہ کرنا ہی بیکار ہے کیونکہ یہ چیز اظہر من الشمس ہے کہ یہ محض دماغی عیاشی اور کاہلی سکھاتی ہیں عیاشی کا حق اگر ہمیں پہنچتا بھی ہے تو اس وقت جب ہم کچھ مفید کام کر چکے ہوں۔ یہ ادبیات شروع ہی سے ہمارے نوجوانوں کو تعیش پسند، آرام کوش اور محض شاعر قسم کا بنا

بنا کر چھوڑ دیتی ہیں جو محض گفتار میں ہی جیتا مرتا اور محض الفاظ ہی کے گورکھ دھندوں سے خود کو اور دوسروں کو خوش کیا کرتا ہے۔

ہماری قوم میں بے عملی کی شکایت بہت مشہور ہے۔ اگر غور کیا جائے تو اس کی تہ میں بھی ادبیات اور شاعری نکلے گی جس نے ہمارے نوجوانوں اور تعلیم یافتہ طبقوں کو خراب کیا ہے اور جن کے اثر کی وجہ سے ہماری قوم میں بے عملی کی روائتی خصوصیات پیدا ہوگئی ہیں ادبیات ہماری قوم و سوسائٹی کے لئے ایک افیون ہیں جو ہماری روحوں کو اتنا سرمست کر دیتی ہیں کہ اس قابل بھی نہیں چھوڑتیں کہ اپنا گھر لٹ جانے پر اس کا ماتم بھی کرنے دیں مقصود چونکہ محض ڈگری لینا ہوتا ہے اور ڈگری آسانی سے ادبیات ہی میں حاصل ہو سکتی ہے۔ اس لئے عموماً طلبا اسی آسان راستے کو اختیار کرتے ہیں۔ ان کو اس ڈگری کی وجہ سے نوکریاں تو مل جاتی ہیں لیکن اس کے ساتھ جو چیزیں اور حاصل ہو جاتی ہیں وہ ہیں تعیش، نازک مزاجی، شاعری لفاظی اور اخلاقی کمزوری جس کی بدولت خوشامدیں اور اسی طرح کی ذلیل خوبیاں پیدا ہو جاتی ہیں تن آسانی اور تعیش لامحالہ اخلاقی طور پر انسان کی روح کو کمزور کر دیتے ہیں یہی وجہ ہے کہ ہم میں دوسروں سے مرعوب ہونے اور ان کی خوشامدیں کرنے کی عادتیں پڑ جاتی ہیں ہم زندگی کی تکالیف برداشت کرنے کے خیال سے کانپنے لگتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ خوشامد، چاپلوسی یا اسی قسم کی دیگر ترکیبوں سے ہم زندگی آسانی سے بسر کرتے رہیں۔

یہ روحانی گھن اسی وقت دور ہو سکتا ہے اور ہماری قوم میں اولوالعزم نڈر بے باک اور عملی آدمیوں کی اسی وقت فراوانی ہو سکتی ہے جب ہم اپنے نوجوان طالب علموں کو ادبیات کے بجائے ایسے علوم کی طرف متوجہ کریں جن سے ان میں محنت، مشقت اور سخت کوشی کی عادت پڑے۔ ان کے دماغ زیادہ مفید اور علمی نتائج سوچنے پر مجبور ہوں اور اس کے ساتھ ہی زندگی اور اس کے حقائق سے ان کی وابستگی اور دلچسپی بڑھے وہ اپنے کو ایک مفید ہستی ثابت کر سکیں اپنی سوسائٹی اور قوم کے لئے ایک بے مصرف اور ناکارہ فرد نہ ثابت ہوں۔ محض خیالی قیاس آرائیوں میں مبتلا نہ ہوں محض اونچی تنخواہ پا کر اپنی خود غرض زندگی نہ بسر کرتے ہوں اگر ایسے سخت کوش اور عامل نوجوان ہماری یونیورسٹیاں اور کالج پیدا کرنے لگیں تو مجھے قطعی امید ہے کہ بے عملی، کاہلی اور نکمے پن کا وہ مرض جو ہمارے افراد اور قوم کو تباہ کئے ڈال رہا ہے اور ہماری قومی زندگی کی عزت اور نیک نامی کو رسوا کر رہا ہے بہت جلد دور ہو جائے گا اور ہم اس مزمن تپ کو جو ہمیں بستر پر ڈالے ہوئے ہے دور کر کے بھلے چنگے ہو سکیں گے۔

ایسے مضامین بلاشبہ سائنس، کامرس، طب یا ڈاکٹری، انجینئرنگ، سیاسیات معاشیات ریاضی وغیرہ ہیں یہ ایسے علوم ہیں جو دماغ کو مجبور کرتے ہیں کہ زندگی سے اپنا رشتہ قائم رکھیں جو کچھ بھی کریں یا سوچیں وہ محض ہوائی اور بے بنیاد ہوائی نہ ہو۔ ادبیات کے مضامین صرف وہی طلبا لے سکیں جن میں اس کی غیر معمولی صلاحیت اور غیر معمولی فطری مناسبت ہو۔ ہر کس و ناکس کو محض ڈگری کی خاطر ادبیات کے مضامین ہرگز نہ دینا چاہئیں کیونکہ اس طرح سے ہماری

(بقیہ صفحہ ۲۰ پر)

تحریک حلقہ ہمدردانِ جامعہ

جدید اضافہ

ذیل میں ہم اپنے ان کرم فرماؤں کے اسمائے گرامی درج کرتے ہیں جو ماہ اگست سنہ ۱۹۴۰ء میں حلقہ ہمدرداں میں شریک ہوئے

نمبر شمار	ہمدرد نمبر	اسم گرامی جناب	نمبر شمار	ہمدرد نمبر	اسم گرامی جناب	نمبر شمار	ہمدرد نمبر	اسم گرامی جناب
۱	۷۵۰۱	محمد الیاس صاحب کلکتہ	۱۸	۷۵۶۷	مرزا مصطفیٰ شاہ صاحب دہلی	۳۵	۷۵۲۱	آخوند رسول بخش صاحب سکھر سندھ
۲	۷۵۰۲	فخر الدین صاحب ״	۱۹	۷۵۰۵	ڈاکٹر محمد عبدالسمیع صاحب لاہور	۳۶	۷۵۲۲	وڈیرہ حاجی رسول بخش خانصاحب [illegible] سندھ
۳	۷۵۰۳	شیخ محمد ادریس صاحب قریشی دہلی	۲۰	۷۵۰۶	مولانا غلام رسول صاحب مہر ״	۳۷	۷۵۲۳	مسٹر حاجی نبی داد خانصاحب ״
۴	۷۵۰۴	سید امجد حسین صاحب ״	۲۱	۷۵۰۷	مولوی محمود علی صاحب قصوری ״	۳۸	۷۵۲۴	آغا گل حسن خانصاحب ״
۵	۷۵۲۲	خانصاحب نواب فریدالدین صاحب رئیس	۲۲	۷۵۰۸	سر شیخ عبدالقادر صاحب ״	۳۹	۷۵۲۵	مسٹر اللہ بچایا خانصاحب ״
۶	۷۵۲۳	منظور احمد صاحب عثمانی ״	۲۳	۷۵۰۹	محمد عبداللہ صاحب صدیقی ״	۴۰	۷۵۶۸	قربان حسین غلام حسین علوی صاحب کراچی سندھ
۷	۷۵۲۴	حکیم مولوی محمد عبدالاول صاحب ״	۲۴	۷۵۱۰	فرماں علی صاحب ״	۴۱	۷۵۶۹	ڈاکٹر جی جی لال ولی صاحب ״
۸	۷۵۲۵	حامد سعید خاں صاحب لودھی ״	۲۵	۷۵۱۱	شیخ محمد بخش فضل دین صاحبان ״	۴۲	۷۵۷۰	حاجی یوسف حاجی نبی بخش صاحبان ״
۹	۷۵۲۶	شیخ محمد ظہیر محمد عزیز صاحبان ״	۲۶	۷۵۱۲	تاج الدین صاحب ״	۴۳	۷۵۷۲	حیدر بخش [illegible] صاحب جتوئی لاڑکانہ سندھ
۱۰	۷۵۲۷	شیخ فضل احمد صاحب ״	۲۷	۷۵۱۳	میاں حسن دین صاحب ״	۴۴	۷۵۷۳	محمد علی شاہ صاحب ایم ایل اے [illegible] سندھ
۱۱	۷۵۵۸	مسز ایچ اے مظفر صاحبہ نئی دہلی	۲۸	۷۵۱۴	شیخ عبدالمجید صاحب ״	۴۵	۷۵۲۶	عبدالسلام صاحب [illegible] بلوچستان
۱۲	۷۵۵۹	ایچ اے مظفر صاحب ״	۲۹	۷۵۱۵	محمد رفیق صاحب ״	۴۶	۷۵۲۸	عبدالودود صاحب ״
۱۳	۷۵۶۲	خان بہادر ایس ایم عبداللہ صاحب دہلی	۳۰	۷۵۱۶	ایم اے انصاری صاحب روہڑی سندھ	۴۷	۷۵۲۷	اے ایم مصطفیٰ صاحب [illegible] بلوچستان
۱۴	۷۵۶۳	سید امین الدین صاحب ״	۳۱	۷۵۱۷	عبدالستار عبدالرحمن صاحبان سکھر سندھ	۴۸	۷۵۲۹	حاجی فضل الٰہی صاحب ״
۱۵	۷۵۶۴	محمد علی صاحب ״	۳۲	۷۵۱۸	مولانا مولوی محمد حسین صاحب ״	۴۹	۷۵۳۰	محمد سلیم صاحب ״
۱۶	۷۵۶۵	حمید الدین صاحب ״	۳۳	۷۵۱۹	واحد بخش صاحب کوئٹہ ״	۵۰	۷۵۳۸	صاحبزادہ [illegible] ״
۱۷	۷۵۶۶	محمد مرتضیٰ حسن صاحب ״	۳۴	۷۵۲	قاضی عبدالغنی فیض محمد صاحب ״	۵۱	۷۵۳۹	فدا علی گل بھائی صاحب ״

نمبر شمار	ہمدرد نمبر	اسم گرامی جناب	نمبر شمار	ہمدرد نمبر	اسم گرامی جناب	نمبر شمار	ہمدرد نمبر	اسم گرامی جناب
۵۲	،۵۴۰	غیاث الدین صاحب کوئٹہ بلوچستان	۵۹	،۵۴۹	محمد عالم سیٹھی صاحب کوئٹہ بلوچستان	۶۶	،۵۳۱	خان بہادر شیخ محمد شیلاالدین صاحب میرٹھ یو پی
۵۳	،۵۴۱	سیٹھ محمد عثمان صاحب "	۶۰	،۵۵	حکیم نور محمد صاحب "	۶۷	،۵۵۱	شیخ محمد حسین صاحب آگرہ یو پی
۵۴	،۵۴۲	حفیظ الرحمن صاحب قدوائی "	۶۱	،۵۵۲	قاضی غضنفر حسین صاحب "	۶۸	،۵۵۶	محمد صدر اعظم صاحب بہرائچ گورکھپور
۵۵	،۵۴۴	قاضی محمد قاہر خان صاحب "	۶۲	،۵۵۲	حاجی شیخ محمد اسمٰعیل صاحب "	۶۹	،۵۵۷	سعید احمد صاحب وارثی "
۵۶	،۵۴۵	نذیر احمد مجوعہ صاحب "	۶۳	،۵۵۴	میر محمد کھوسہ صاحب شمشاد بٹ جروار بلوچستان	۷۰	،۵۶	ڈاکٹر عبد الغنی صاحب جلال پور جٹاں گجرات
۵۷	،۵۴۶	محمد سرفراز خان صاحب "	۶۴	،۵۴۷	سیر سعد اللہ خان صاحب نوشیروانی وشکی بلوچستان	۷۱	،۵۷	محمد افضل صاحب جالندھر
۵۸	،۵۴۸	عبد الکریم صاحب قریشی "	۶۵	،۵۵۵	محمد سرور صاحب "	۷۲	،۵۶۱	محمد شفیع صاحب بیرونی کسا کالونی جنوبی افریقہ

مستقل امداد و عطیات

ذیل کی رقوم جو اگست ۱۹۴۰ء میں ہمیں اپنے مہتمین اور سفراء کی معرفت وصول ہوئی ہیں درج رجسٹر ہو چکی ہیں اندراجات میں صحت کا خیال رکھا جاتا ہے اگر کوئی غلطی رہ گئی ہو تو اطلاع بخشئے دفتر ممنون ہو گا

اس سلسلہ میں یہ بات ملحوظ خاطر رہنی چاہئے کہ مہینے کے آخری دنوں کی وصول یابی بعض دفتری مجبوریوں کی وجہ سے دوسرے مہینے میں محسوب ہوتی ہے اس لئے اگر بعض حضرات کے نام اس فہرست میں نہ ہوں تو انہیں آئندہ اشاعت کا انتظار کرنا چاہئے۔ (مرتب)

عطیات ماہ اگست ۱۹۴۰ء

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
۱	۵۰۱	میاں فضل عباد بشیر الرحمان صاحب مالیگاؤں	عہ/	۴	ذی ۱۶۱۸	حاجی شیخ میر بخش ہیڈ سر لاہور	صہ/	۷	ذی ۱۶۴۶	میاں محمد شفیع غلام فرید صاحب قصور	صہ/
۲	۵۵۳	عزیز الرحمن صاحب میاں گیج اناؤ	صہ/	۵	۱۶۳۴	چودھری اسد دین صاحب "	عہ/	۸	۱۶۴۷	حاجی غلام محمد صاحب "	عہ/
۳	۵۶۵	ڈاکٹر عبد الرحیم صاحب حالی بورڈ ناگ	عہ/	۶	۱۶۲۵	شیخ عبد الحمید صاحب "	عہ/	۹	۱۶۴۹	نواب محمد شاہ نواز خاں صاحب "	عہ/

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
۱۰	ڈی ۴۷۰۱	خان محمد عمر خاں صاحب قصور	صر	۲۳	ڈی ۲۵۳۴	سید گل محمد شاہ صاحب کوئٹہ	عہ ر	۳۶	ڈی ۴۱۵۸	بابو محمد عبداللہ صاحب [illegible]	عمر
۱۱	۴۷۰۲	محمد صدیق محمد صادق صاحبان ״	عہ ر	۲۴	۲۵۳۵	حاجی فضل الٰہی صاحب ״	صر	۳۷	۴۱۵۹	مستری امام الدین صاحب ״	۸ ر
۱۲	۴۷۰۴	حاجی فضل کریم صاحب ״	عہ ر	۲۵	۴۱۷۸	علی محمد صاحب نوابشاہ سندھ	عہ ر	۳۸	۴۱۶۰	عبدالرحمٰن صاحب ״	۸ ر
۱۳	۴۷۰۸	زاہد حسین صاحب لائل پور	للعہ ر	۲۶	۴۱۸۶	محمد اسمٰعیل اینڈ کمپنی شہر کراچی	عـہ ر	۳۹	۴۱۶۱	چودھری محمد حسین صاحب ״	عـہ ر
۱۴	۴۷۱	حافظ محمد عبداللہ صاحب ایم اے ״	صر	۲۷	۴۲۰۵	ایک مسلم ہمدرد ״	عـہ ر	۴۰	۴۱۶۳	سیٹھ بھگوان داس صاحب ״	صر
۱۵	۴۷۱۴	اکبر صاحب میونسپل بورڈ ״	عـہ ر	۲۸	۴۲۰۶	عیسیٰ جی ابراہیم جی اینڈ کمپنی ״	سہ ر	۴۱	۴۱۶۲	ہز ہائنس بہادر قلات	۱۱ ر
۱۶	۲۵۱۷	رسول بخش خاں صاحب سکھر سندھ	عہ ر	۲۹	۲۵۴۱	ایک ہمدرد صاحب کوئٹہ	عـہ ر	۴۲	۴۱۶۷	سیٹھ عبدالعلی صاحب کوئٹہ	سہ ر
۱۷	۲۵۱۸	مسلم کلرک صاحبان دفتر کلکٹر صاحب ״	صر	۳۰	۲۵۴۴	مرزا عبدالواحد صاحب ״	عـہ ر	۴۳	۴۱۶۸	سیٹھ موسیٰ اینڈ سنز ״	عـہ ر
۱۸	۲۵۲۷	حکیم عدالت صاحب شکارپور سندھ	عمر	۳۱	۴۱۵۱	میر موسیٰ خان صاحب نوشکی بلوچستان	عمر	۴۴	۴۱۷۰	نثار احمد صاحب ״	صر
۱۹	۲۵۲۸	حکیم مولوی محمد فضل اللہ صاحب ״	صر	۳۲	۴۱۵۳	ڈاکٹر این اے قریشی کوئٹہ	عمر	۴۵	۴۱۷۳	خضر صاحب دفتر پولیس ״	صر
۲۰	۲۵۲۹	وڈیرہ محمد ابراہیم صاحب ״	عہ ر	۳۳	۴۱۵۵	ملک دین صاحب ״	صر	۴۶	۵۰۳۱	احمد اسلام خاں صاحب دہلی	عـہ
۲۱	۲۵۳	غلام رسول خاں صاحب ״	۸ ر	۳۴	۴۱۵۶	محمد عبدالغنی صاحب ״	عہ ر				
۲۲	۲۵۳۱	خان بہادر علی بخش خاں صاحب ״	صر	۳۵	۴۱۵۷	چودھری فیروز الدین صاحب ״	عمر			میزان	سا صعہ ۸/

(صفحہ ۱۰ کا بقیہ مضمون)

مرکز کی خبریں، اطلاعات، نظمیں، تازہ ترین خبریں وغیرہ وغیرہ بہت سی خبریں وقتاً فوقتاً لائی جا سکتی ہیں۔ لیکن خوشخطی نہ جاننے والا آدمی اگر سمجھدار ہو تو تصویروں کا حربہ ہاتھ میں لے کر خوش خط کو بھی شکست دے سکتا ہے۔ لیکن تصویر کے لئے بھی تھوڑے سے علم اور ذوق کی ضرورت ہے۔ اخبار کے لئے نقشے ایک ضروری چیز ہیں۔ اردو اخبارات کے نقشے کام کے نہیں ہوتے۔ انگریزی کے کام میں لائے نہیں جا سکتے مگر ہاں ان کے خاکے لے کر اس کمی کو پورا کیا جا سکتا ہے۔

بعض لوگوں کو کاغذ چپکانے کا سلیقہ مطلق نہیں ہوتا۔ ایسی حالت میں اخبار گندہ ہو جاتا ہے۔ یہ ضروری نہیں ہے کہ آدمی کچھ دن جلد سازی کی خدمت ہی میں رہے۔ اگر صرف تفریحاً کاغذوں کو جوڑنے اور چپکانے کی مشق کر لیا کرے تو اس طرح آہستہ آہستہ ہاتھ میں صفائی آ جائے گی۔ اسی بات پر ایمان لے آنا چاہئے کہ ہر چیز خواہ کتنی ہی چھوٹی ہو توجہ اور مہارت چاہتی ہے۔ کسی کام کو لاپروائی سے کرنا کام کی توہین ہے اور کام اپنی توہین کا بدلہ ایک نہ ایک دن ضرور لیتا ہے۔

دہلی و نئی دہلی

اگست سنہ ۱۹۴۰ء

مستقل امداد

نمبر شمار	حوالہ رسید	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
۱	۴۴۲۵	سید شاہد علی مع برادران دہلی	صہ	۲۲	۴۴۳۴ نئی	شجاعت علی صاحب صدیقی دہلی	عہ	۴۳	۴۴۵۱ نئی	میاں محمد رفیق صاحب اینڈ برادرز دہلی	صر
۲	۴۰۰	تاج الدین صاحب نئی دہلی	عہ	۲۳	۴۴۳۵ "	میر عزیز الدین صاحب ڈپٹی کلکٹر پنشنر	صر	۴۴	۴۴۵۲ "	منشی محمد احسن صاحب "	۸ر
۳	۴۳۹۱ "	محمد حبیور صاحب "	صر	۲۴	۴۴۶۵ "	شیخ محمد حشمت علی صاحب نئی دہلی	عہ	۴۵	۴۴۵۳ "	ایچ فضل الرحمٰن صاحب برادرز "	صر
۴	۴۳۹۲ "	سید ضمیر الحسن صاحب "	صہ	۲۵	۴۴۶۶ "	حافظ صاحب عبدالعلی صاحب "	۸	۴۶	۴۴۵۴ "	شیخ محمد یوسف صاحب اینڈ کو "	۸ر
۵	۴۳۹۳ "	آغا علی مصطفیٰ صاحب "	۸ر	۲۶	۴۴۶۷ "	عبدالرزاق صاحب "	۸ر	۴۷	۴۶ "	منشی محمد ادریس صاحب قریشی "	۴ر
۶	۴۴۱۸ "	مولوی سید عبدالغنی صاحب دہلی	ے	۲۷	۵۴۵	خواجہ عبدالمجید خاں صاحب بی اے دہلی	ے	۴۸	۴۶۲	مسطور احمد صاحب عثمانی "	۴ر
۷	۴۴۱۹ "	مرزا عباس بیگ صاحب دکاندار	۴ر	۲۸	۴۴۳۶ نئی	رئیس خاں صاحب ولد اسمٰعیل خاں "	عہ	۴۹	۴۶۰۳ "	حکیم عبدالاول صاحب راسخ	۲ر
۸	۴۴۲۰ "	بابو محمد علی صاحب "	۸ر	۲۹	۴۴۳۷ "	سید شمس الدین صاحب "	۸ر	۵۰	۴۴۶۴ "	امجد حسین صاحب "	۲ر
۹	۴۴۲۱ "	حکیم حاجی عبدالحمید خاں صاحب "	صر	۳۰	۴۴۳۸ "	سید حفیظ الدین صاحب "	۸ر	۵۱	۴۶۵	حافظ صاحب نواب قدیر الدین صاحب "	ے
۱۰	۴۴۲۲ "	بابو محمد شفیع صاحب "	۸ر	۳۱	۴۴۳۹ "	بابو محمد ابراہیم صاحب "	۲ر	۵۲	۴۴۵۵ "	احمد اسلام خاں صاحب "	عہ
۱۱	۴۴۲۳ "	حاجی نورالدین صاحب "	۸ر	۳۲	۴۴۴ "	منشی شمس الدین صاحب "	۴ر	۵۳	۴۴۵۷ "	میاں حاجی نورالدین صاحب "	صہ
۱۲	۴۴۲۴ "	عمرال الدین صاحب "	۸ر	۳۳	۴۴۴۱	مولانا پروفیسر عبدالرحمٰن صاحب "	۸	۵۴	۴۴۵۸ "	محمد عارف صاحب نیتے والے "	عہ
۱۳	۴۴۲۵ "	ایم محمد دین صاحب "	عہ	۳۴	۴۴۴۲	اسٹاف ریڈیو معرفت قطب صاحب	عا	۵۵	۴۴۵۹ "	سید محمد احمد صاحب تحصیلدار "	عہ
۱۴	۴۴۲۶ "	حاجی عباداللہ خاں صاحب "	عہ	۳۵	۴۴۴۳ "	حکیم عبدالرزاق صاحب نظامی "	۴	۵۶	۴۴۶ "	محمد جمیل احمد صاحب "	۸ر
۱۵	۴۴۲۷ "	منشی حفیظ احمد صاحب "	۴ر	۳۶	۴۴۴۴ "	حکیم محمد احسن خاں صاحب "	۲ر	۵۷	۴۴۶۱ "	مرزا سلیمان صاحب جوہری	عہ
۱۶	۴۴۲۸ "	رحمت اللہ خاں صاحب ولد صاد اللہ خاں صاحب	۴ر	۳۷	۴۴۴۵ "	سید محمد شفیع صاحب عالیہ مرحوم	۲ر	۵۸	۴۴۶۲ "	ربیع اللہ خاں صاحب شاہجہانپوری	۸ر
۱۷	۴۴۲۹ "	میاں غلام علیمان صاحب بی اے ایل ایل بی	۴ر	۳۸	۴۴۴۶ "	ابو سعید الرحمٰن صاحب "	۴ر	۵۹	۴۴۶۳ "	حاجی شرف الدین جمیل احمد صاحبان	۴ر
۱۸	۴۴۳۰ "	مرزا فضل محمد صاحب "	۸ر	۳۹	۴۴۴۷ "	سید سلیم الدین صاحب کلاتھ مرچنٹ	۴ر	۶۰	۴۴۶۴ "	سید عبداللطیف شاہ صاحب "	۸ر
۱۹	۴۴۳۱ "	محمد بدرالدین احمد صاحب "	عہ	۴۰	۴۴۴۸ "	حکیم شریف الدین خاں صاحب "	۴ر	۶۱	۴۴۶۵ "	حاجی عبدالرحمٰن صاحب و عبدالرحیم صاحب	عہ
۲۰	۴۴۳۲ "	سید غلام حسین صاحب "	عہ	۴۱	۴۴۴۹ "	محمد عبدالخالق صاحب ابو تہلت الیس	عہ	۶۲	۴۴۶۶ "	ہادی عبدالجبار صاحب ہیڈ ماسٹر	عہ
۲۱	۴۴۳۳ "	طاہر علی صاحب "	عہ	۴۲	۴۴۵۰ "	حاجی قادر بخش و مولا بخش صاحبان	ے	۶۳	۴۴۶۷ "	مقبول احمد صاحب سوداگران	عہ

نمبر شمار	حوالہ رسید	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
۶۴	۴۹۶۸ ڈی	خواجہ نسیم الدین صاحب الصابی دہلی	عہ/	۸۸	۴۹۹۲ ڈی	دفتر رسالہ عصمت دہلی	۸/	۱۱۲	۵۰۱۶ ڈی	منشی علی احمد خاں صاحب دہلی	عہ/
۶۵	۴۹۶۹ "	محمود علی صاحب علوی "	عا/	۸۹	۴۹۹۳ "	محمد ادریس صاحب "	عہ/	۱۱۳	۵۰۱۷ "	بابو عبد الحکیم خاں صاحب "	۸/
۶۶	۴۹۷۰ "	رفیق احمد صاحب "	عہ/	۹۰	۴۹۹۴ "	عبد الرحیم صاحب "	۸/	۱۱۴	۵۰۱۸ "	امتیاز الدین صاحب سوداگر "	عہ/
۶۷	۴۹۷۱ "	قمر الدین صاحب مدرس "	۴/	۹۱	۴۹۹۵ "	شیخ محمد تقی صاحب "	۴/	۱۱۵	۵۰۱۹ "	حافظ عبد الجلیل صاحب "	۴/
۶۸	۴۹۷۲ "	مولانا حفیظ الرحمن صاحب "	۴/	۹۲	۴۹۹۶ "	حاجی عبد الغنی صاحب "	عا/	۱۱۶	۵۰۲۰ "	حاجی عبد الحمید صاحب "	۴/
۶۹	۴۹۷۳ "	قدیر الدین احمد صاحب وکیل "	عہ/	۹۳	۴۹۹۷ "	ماسٹر شفیع الدین صاحب میرٹھ	عا/	۱۱۷	۵۰۲۱ "	حاجی اخلاق احمد و اقبال احمد صاحب	صہ/
۷۰	۴۹۷۴ "	ابو عبد الحکیم صاحب "	۸/	۹۴	۴۹۹۸ "	صالحہ خاتون صاحبہ "	عہ/	۱۱۸	۵۰۲۲ "	حاجی چودھری محمد دین صاحب	۴/
۷۱	۴۹۷۵ "	ابو قیص محمد صاحب تحصیلدار "	۸	۹۵	۴۹۹۹ "	خاں بہادر حاجی رشید احمد صاحب	عا/	۱۱۹	۵۰۲۳ "	سرفراز الحق صاحب "	۴/
۷۲	۴۹۷۶ "	اسلام الدین تجاث الدین صاحب "	۸/	۹۶	۵۰۰۰ "	مرزا ریاض بیگ صاحب "	۴/	۱۲۰	۵۰۲۴ "	حافظ شہاب الدین صاحب "	۴/
۷۳	۴۹۷۷ "	حاجی بشیر احمد صاحب "	۸	۹۷	۵۰۰۱ "	ایم انعام الحق صاحب "	۸/	۱۲۱	۵۰۲۵ "	حکیم مسعود حسن صاحب فاضل	۸/
۷۴	۴۹۷۸ "	شیخ محمد رفیع الدین صاحب "	۸	۹۸	۵۰۰۲ "	عیوض خاں صاحب "	صہ/	۱۲۲	۵۰۲۶ "	محمد احمد صاحب "	عہ/
۷۵	۴۹۷۹ "	کلو صاحب تانگے والے "	۴	۹۹	۵۰۰۳ "	شیخ محمد اسمٰعیل صاحب "	۸/	۱۲۳	۵۰۲۷ "	محمد ایوب صاحب سوداگر "	۸/
۷۶	۴۹۸۰ "	شیخ محمد ادریس صاحب "	۲	۱۰۰	۵۰۰۴ "	شیخ فضل احمد صاحب "	صہ/				
۷۷	۴۹۸۱ "	محمد احمد صاحب "	۸	۱۰۱	۵۰۰۵ "	مولانا اصغر علی صاحب "	۴/			میزان ما للعہ	۸/
۷۸	۴۹۸۲ "	محمد نور خاں صاحب "	۲/	۱۰۲	۵۰۰۶ "	حکیم محمد کبیر الدین صاحب "	عہ/				
۷۹	۴۹۸۳ "	محمد شفیع صاحب و محمد جلیل صاحب "	عہ/	۱۰۳	۵۰۰۷ "	خواجہ غلام الثقلین صاحب "	عہ/			**یو۔پی**	
۸۰	۴۹۸۴ "	غوث احمد صاحب توفیق "	عا/	۱۰۴	۵۰۰۸ "	ایم اکرام الدین صاحب "	۴/	۱	۲۶۵۱ ڈی	ڈاکٹر اطہر قدوائی صاحب علی گڑھ	عہ/
۸۱	۴۹۸۵ "	شیخ محمد تقی صاحب "	۴/	۱۰۵	۵۰۰۹ "	شمس العارفین صاحب "	عہ/	۲	۲۶۵۲ "	پروفیسر رشید احمد صاحب صدیقی "	عا/
۸۲	۴۹۸۶ "	لیڈی ڈاکٹر صاحبہ ایف ڈی محمود "	عہ/	۱۰۶	۵۰۱۰ "	شمس العارفین صاحب	۴	۳	۲۶۵۴ "	حکیم عبد اللہ صاحب نصر "	عا/
۸۳	۴۹۸۷ "	حاجی شیخ بتے عبد الرزاق صاحب "	عہ/	۱۰۷	۵۰۱۱ "	محمد یوسف صاحب اللہ والے "	۸/	۴	۲۶۵۵ "	پروفیسر محمد حبیب صاحب "	عہ/
۸۴	۴۹۸۸ "	حافظ عبد الحق صاحب سراج الحق صاحب	عہ/	۱۰۸	۵۰۱۲ "	سراج الدین صاحب "	۴/	۵	۲۶۵۶ "	بیگم صاحبہ حکیم عبد اللطیف صاحب "	عا/
۸۵	۴۹۸۹ "	حاجی محمد حنیف الدین صاحب "	صہ/	۱۰۹	۵۰۱۳ "	عبد الغنی صاحب "	۸/	۶	۲۶۵۷ "	خان بہادر محمد حبیب اللہ خاں صاحب	صہ/
۸۶	۴۹۹۰ "	عبد الحق صاحب جنتولی حاجی علی جان	صہ/	۱۱۰	۵۰۱۴ "	محمد حسین خادم صاحب "	۸/	۷	۲۶۵۸ "	ڈاکٹر محمد رفیق احمد صاحب "	عہ/
۸۷	۴۹۹۱ "	ابو رحمت اللہ صاحب "	۴/	۱۱۱	۵۰۱۵ "	محمد عمر صاحب سوداگر لیس "	صہ/	۸	۲۶۵۹ "	آل احمد صاحب سرور "	صہ/

نمبر شمار	حوالہ رسید	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
۹	ڈی ۴۲۶۰	خواجہ عبدالعلی صاحب علی گڑھ	عہ
۱۰	۴۲۶۱	ڈاکٹر بابر مرزا صاحب "	للعہ
۱۱	۴۲۶۲	حکیم محمد ظہیر الدین صاحب "	ےر
۱۲	۴۲۶۳	بیگم خواجہ منظور حسن صاحب "	عہ
۱۳	۴۲۶۴	قمر جہاں صاحبہ "	عہ
۱۴	۴۲۶۵	بتول بیگم صاحبہ قائم گنج	للعہ
۱۵	۵۶۶	محمد وسیم صاحب بارایشا لکھنو	صہ
۱۶	۲۵۲۵	شیخ محمد حسین صاحب آگرہ	عہ
		میزان ۸ر	

بنگال و آسام

نمبر شمار	حوالہ رسید	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
۱	۴۵۵	مسز جیون بخش محمد جان کلکتہ	ما ر
۲	۲۸۱۱	شیخ محمد ربیع صاحب "	ے ر
۳	۲۸۱۲	شیخ محمد نقی صاحب "	۸ر
۴	۲۸۱۳	مولوی عبدالعزیز صاحب انصاری	صہ
۵	۲۸۱۴	عبدالمنان صاحب "	عہ
۶	۲۸۱۶	شیخ محمد صدیق صاحب "	عہ
۷	۲۸۱۸	عبدالوہاب صاحب "	عہ
۸	۲۸۱۹	بشیر احمد دائن صاحب "	صہ
۹	۲۸۲۰	محمد ابراہیم سراج الدین صاحبان "	عہ
۱۰	۲۸۲۱	سعیدہ خاتون صاحبہ "	صہ
۱۱	۲۸۲۲	محمد صالحین صاحب "	عا
۱۲	۲۸۲۳	محمد احمد صاحب	عہ

نمبر شمار	حوالہ رسید	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
۱۳	ڈی ۲۸۲۴	ماسٹر محمد نقی صاحب کلکتہ	۸ر
۱۴	۲۸۲۵	قاضی محمد بشیر صاحب "	عہ
۱۵	۲۸۲۶	عبدالرزاق صاحب "	۸ر
		میزان ما ۸ر	

بمبئی

نمبر شمار	حوالہ رسید	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
۱	۳۲۰۲	معین الدین صاحب حاجی بمبئی	عہ
۲	۳۲۰۳	اہلیہ صاحبہ معین الدین صاحب "	عہ
۳	۳۲۰۴	ایم اے باسط صاحب "	عہ
۴	۳۲۰۵	عثمان حسین خاں صاحب "	صہ
۵	۳۲۰۶	میر اصغر علی صاحب حامی "	عہ
۶	۳۲۰۷	ڈاکٹر محمد اسحٰق صاحب "	عا
۷	۳۲۰۸	ڈی رورخ صاحب "	عہ
۸	۳۲۰۹	مسٹر کے اے حمید صاحب "	عا
۹	۳۲۱۰	حبیب رحیم صاحب پارسیہ "	ے ر
۱۰	۳۲۱۱	محمد ابراہیم علی صاحب فرلاس "	عا
۱۱	۳۲۱۲	ابوبکر صاحب جھوٹانی "	عہ
۱۲	۳۲۱۳	حافظ محمد ذکریا برادرس "	۴ر
۱۳	۳۲۱۴	محمد امین محمد تبیر صاحب "	عہ
۱۴	۳۲۱۵	قاضی باپو صاحب "	۸ر
۱۵	۳۲۱۶	قاضی عبدالرحمٰن صاحب "	۴ر
		میزان ۱۸/	

حیدرآباد دکن

نمبر شمار	حوالہ رسید	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
۱	ڈی ۴۳۸۱	شمس الحسن صاحب زبیری لورنگ آباد دکن	۸عہ
۲	۴۳۸۲	سید صادق علی صاحب "	۴ر
۳	۴۳۸۳	محمود معزلی صاحب "	۴ر
۴	۴۳۸۴	محمد ساعد صاحب "	۴ر
۵	۴۳۸۵	علیم اللہ صاحب "	۴ر
۶	۴۳۸۶	حیات اللہ صاحب "	۴ر
۷	۴۳۸۷	سید محی الدین صاحب "	۳ر
۸	۴۳۸۸	دتاتر راؤ صاحب "	۳ر
۹	۴۳۸۹	رام لال صاحب "	۳ر
		میزان ہے دہ	

پنجاب و سرحد اور سندھ

نمبر شمار	حوالہ رسید	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
۱	ڈی ۱۵۹۱	منشی عبدالرحیم صاحب لاہور	ے ر
۲	۱۵۹۲	مولوی محمد عبداللہ صاحب صدیقی	عا
۳	۱۵۹۳	شیخ اللہ دین صاحب "	ے ر
۴	۱۵۹۴	شیخ مولوی عبداللطیف صاحب "	ے ر
۵	۱۵۹۵	حاجی محمد صادق صاحب "	صہ
۶	۱۵۹۶	تاج الدین صاحب سوداگر پارس	عا
۷	۱۵۹۸	شیخ محمد بخش صاحب "	سہ
۸	۱۶۰۰	مسٹر شیخ عبدالقادر "	عہ
۹	۱۶۰۱	ملک محمد امین صاحب "	عا

نمبر شمار	نمبر رسید	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	نمبر رسید	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	نمبر رسید	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
۱۰	ڈی ۱۶۰۲	مولوی محمود علی صاحب قصوری لاہور	صہ	۳۴	۱۶۳۰	محمد علی صاحب زیدی بجاجی لاہور	عہ	۱۲	ڈی ۲۵۳۷	عبدالسلام خان صاحب اچکزئی کوئٹہ	صر
۱۱	۱۶۰۳	خان بہادر ڈاکٹر یار محمد خاں صاحب "	عہ	۳۵	۱۶۳۱	ڈاکٹر جمال صاحب "	ہ	۱۳	۲۵۳۸	عبدالودود صاحب کمانڈر عنایت اللہ بچاہا	صر
۱۲	۱۶۰۴	رانا جنگ بہادر سنگھ "	صہ	۳۶	۱۶۳۲	شیخ عنایت اللہ صاحب "	صر	۱۴	۲۵۳۹	اے ایم مصطفیٰ صاحب کوئٹہ	صر
۱۳	۱۶۰۵	حکیم محمد حسن صاحب قرشی "	صر	۳۷	۱۶۳۳	سلامت اللہ صاحب "	صر	۱۵	۲۵۴۰	قاضی غضنفر حسین صاحب "	عار
۱۴	۱۶۰۶	ایم فرمان علی صاحب "	سے	۳۸	۱۶۳۵	ڈاکٹر شیخ عبدالحمید صاحب "	صر	۱۶	۲۵۴۱	غیاث الدین صاحب "	صہ
۱۵	۱۶۰۷	شیخ عبدالرحمٰن صاحب "	عار	۳۹	۱۶۳۶	ڈاکٹر محبوب ربانی صاحب "	صہ	۱۷	۲۵۴۲	سیٹھ فدا علی بجاجی "	صہ
۱۶	۱۶۰۸	شیخ محمد افضل صاحب تاجر "	عار	۴۰	۱۶۳۷	ڈاکٹر عبدالقوی صاحب لقمان "	صہ	۱۸	۲۵۴۶	شیخ حاجی محمد اسمٰعیل صاحب "	عار
۱۷	۱۶۰۹	حکیم نیر واسطی صاحب "	صہ	۴۱	۱۶۳۸	پروفیسر منیر الدین صاحب "	ہ	۱۹	۲۵۴۷	عبدالکریم صاحب قریشی "	عار
۱۸	۱۶۱۱	ایک مسلمان، ریلوے پولیس گوجرانوالہ "	صہ	۴۲	۱۶۳۹	شیخ محمد اشرف صاحب "	صر	۲	۲۵۴۸	حفیظ الدین صاحب قدوائی "	للعہ
۱۹	۱۶۱۲	وحید اقبال صاحب "	صہ	۴۳	۱۶۴	مولوی عبدالحمید صاحب "	سے	۲۱	۲۵۴۹	سیٹھ محمد عثمان صاحب	ہ
۲۰	۱۶۱۳	مولانا عبدالمجید صاحب سالک "	صہ	۴۴	۱۶۴۱	محبوب حسن عالم صاحب "	عہ	۲۲	۲۵۵۰	میر اسد اللہ خان صاحب نوشیروانی "	صر
۲۱	۱۶۱۴	مولانا غلام رسول صاحب مہر "	صر	۴۵	۱۶۴۲	ڈاکٹر محمد سمیع صاحب "	ے	۲۳	۱۵۱ام	نواب زادہ شہباز خان صاحب نوشیروانی	ہ
۲۲	۱۶۱۵	مولانا مرتضیٰ احمد خاں صاحب "	سے	۴۶	۱۶۴۳	محمد رفیق صاحب رفیق جیک ہاؤس	سے	۲۴	۱۵۲ام	قاضی محمد قاسم خاں صاحب "	عہ
۲۳	۱۶۱۶	ڈاکٹر محمد یوسف صاحب ایم ڈی "	عہ	۱	۲۵۱۹	عبدالستار عبدالرحمٰن پیرزادہ ماکو سٹور	عہ	۲۵	۱۶۲ام	محمد سرفراز خاں صاحب سب جج "	صر
۲۴	۱۶۱۷	ماسٹر محمد احسان صاحب "	صر	۲	۲۵۲	مسٹر واحد بخش تو پیہ کلرک "	صر	۲۶	۱۶۵ام	حکیم نور محمد صاحب "	عار
۲۵	۱۶۱۸	مولوی عبدالمجید صاحب متقی "	عا	۳	۲۵۲۱	قاضی عبدالغنی فیض محمد صاحب "	عہ	۲۷	۱۶۶ام	محمد عالم سیٹھی صاحب "	عار
۲۶	۱۶۱۹	شیخ عبدالمجید صاحب "	سے	۴	۲۵۲۲	ایم اے انصاری صاحب دہڑی	صر	۲۸	۱۶۹ام	مولوی عبدالعزیز صاحب گرودوزیر تحصیلدار	صہ
۲۷	۱۶۲۱	محمد رفیق صاحب سائیکل ورکس "	سے	۵	۲۵۲۳	آخوند رسول بخش صاحب "	صر	۲۹	۱۷۱ام	خان صاحب عبدالصمد ملک عمرو بیرسٹر	صہ
۲۸	۱۶۲۳	میاں حسن دین صاحب "	سے	۶	۲۵۲۴	آغا گل حسین خان صاحب شکارپور "	سے	۳۰	۱۷۲ام	نذیر احمد صاحب جنجوعہ "	عہ
۲۹	۱۶۲۴	بابو محمد شریف صاحب "	صر	۷	۲۵۲۵	وڈیرہ حاجی رسول بخش خان صاحب "	صر	۳۱	۱۷۴ام	قاضی فضل اللہ صاحب ازغانستان	صہ
۳۰	۱۶۲۶	میر غلام رسول صاحب "	عہ	۸	۲۵۲۶	حاجی بی دادخان صاحب افغان "	صہ	۳۲	۱۷۵ام	ڈاکٹر حاجی جی ایچ قاسم صاحب "	ے
۳۱	۱۶۲۷	شیخ برکت علی صاحب	صر	۹	۲۵۳۲	مسٹر اللہ بچایا خاں صاحب "	صہ	۳۳	۱۷۶ام	حیدر بخش اللہ داد خان صاحب "	سے
۳۲	۱۶۲۸	ملک برکت علی صاحب ایڈووکیٹ "	عہ	۱۰	۲۵۳۳	محمد سلیم صاحب میجر بریگیڈیئر	عار	۳۴	۱۷۷ام	رضا محمد صاحب بھٹو "	عار
۳۳	۱۶۲۹	مولانا احمد علی صاحب	سے	۱۱	۲۵۳۶	حاجی فضل الٰہی صاحب "	سے	۳۵	۱۷۹ام	ڈاکٹر ضیاء الدین صاحب حیدرآباد "	للعہ

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
۳۶	۴۱۸۰	قاضی محمد اکبر صاحب حیدرآباد	ے	۵۲	۴۱۹۷	فداعلی دانی ایم لقمان جی صاحب "	ے	۶۸	۴۷۱۲	ڈاکٹر غلام رسول صاحب "	صہ
۳۷	۴۱۸۱	محمد صدیق میمن صاحب "	صہ	۵۳	۴۲۰۰	عبدالمجید ملکہ صاحب "	؎	۶۹	۴۷۱۲	محمد رمضان خاں صاحب "	عا
۳۸	۴۱۸۲	ڈاکٹر محمد ابراہیم صاحب "	ے	۵۴	۴۲۰۱	پی ایس نہتہ صاحب "	؎				
۳۹	۴۱۸۳	میر علی احمد خاں صاحب "	عہ	۵۵	۴۲۰۲	فرماں حسین غلام حسین صاحب موئی	ے			میزان للعہ ۴؍	
۴۰	۴۱۸۴	میر جان محمد خاں صاحب "	عہ	۵۶	۴۲۰۳	سعدالرحمن خاں صاحب اینڈ سنز "	عہ				
۴۱	۴۱۸۵	غلام علی صاحب جاگلا کراچی	للعہ	۵۷	۴۲۰۴	ایچ ایم حبیب اللہ صاحب	عہ			**مدراس**	
۴۲	۴۱۸۶	ایس جے اینڈ جی فضل الٰہی صاحب "	عہ	۵۸	۵۵۰	خاں بہادر حاجی عبدالحمید صاحب ایٹا	للعہ	۱	۴۵	مولانا محمد حسین محوی صاحب صدیقی مدرس	صہ
۴۳	۴۱۸۸	ڈاکٹر اے سعید صاحب "	ما	۵۹	۱۶۴۵	خاں ہدایت اللہ خاں صاحب قصور	صہ				
۴۴	۴۱۸۹	محمد فاضل صاحب "	صہ	۶۰	ذی ۱۶۴۸	ملک محمد ناظر صاحب بی اے قصور	ے			میزان صہ	
۴۵	۴۱۹۰	ڈاکٹر پی بی لال دانی صاحب "	صہ	۶۱	۱۶۵	مولوی محمد رفیق صاحب وکیل "	صہ			**دیگر**	
۴۶	۴۱۹۱	مولوی فصیح محمد حسن صاحب "	ے	۶۲	۴۷۰۳	محمد امین محمد سردار صاحبان "	صہ				
۴۷	۴۱۹۲	میر مقبول خاں صاحب "	عہ	۶۳	۴۷۰۵	چودھری محمد علاؤالدین صاحب لائل پور	ے	۱		محمد یوسف صاحب رینل کمپنی بھوپال	عا
۴۸	۴۱۹۳	حاجی یوسف صاحب نبی بخش صاحبان	عہ	۶۴	۴۷۰۶	ملک مسطور احمد صاحب "	ے	۲		مشیر الملک علامہ قاضی علی حیدر صاحب	عہ
۴۹	۴۱۹۴	اسحاق یعقوب سلیمان صاحب "	ے	۶۵	۴۷۰۷	چودھری الٰہی بخش صاحب رئیس	صہ				
۵۰	۴۱۹۵	سیٹھ احمد موسیٰ صاحب اینڈ برادرز "	صہ	۶۶	۴۷۰۹	میر عبدالقیوم صاحب حاجی "	صہ			میزان سے	
۵۱	۴۱۹۶	حاجی امام بخش چانڈو صاحب "	ما	۶۷	۴۷۱۱	میاں نعمت اللہ صاحب "	صہ				

(صفحہ ۱۲ کا بقیہ)

قوم میں کاہلوں کی تعداد بڑھتی ہے۔ کاہل والدین کاہل اور بے عمل بچے پیدا کرتے ہیں اور یہ سلسلہ جاری رہتا ہے آج ہندوستان کے طول و عرض میں باعمل مسلمانوں کی کتنی کمی ہے۔ دوسری قومیں محنت کرتی ہیں اور ترقی کر رہی ہیں دیکھیے کب تک ہماری آنکھیں بند رہتی ہیں۔

جامعہ

R. L. No. 4407

(مطبوعہ جامعہ برقی پریس دہلی)

طابع و ناشر شفیق الرحمن قدوائی نے دفتر ہمدردان جامعہ قرول باغ
نئی دہلی سے شائع کیا

ہمدردِ جامعہ

مُرتبہ

ناظم

حلقہ ہمدردانِ جامعہ، دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ہمدردِ جامعہ

ایڈیٹر

خواجہ عبدالحیٔ فاروقی

(ناظم حلقۂ ہمدردانِ جامعہ)

جلد ۶	اکتوبر سنہ ۱۹۴۰ء مطابق رمضان المبارک سنہ ۱۳۵۹ھ	نمبر ۱

فہرست مضامین

قیمت سالانہ صر قیمت فی پرچہ ۲ر

تعلیم و ترقی

جامعہ ملیہ اسلامیہ

قرآن مجید (عربی حروف) کی تعلیم کے لئے عام خیال یہ ہے کہ اردو میں رواں ہونے کے بعد عربی قاعدہ پڑھنا بہت آسان ہو جاتا ہے اور بعض کے لئے اتنا آسان کہ وہ استاد کی مدد کے بغیر ہی قرآن سیکھ سکتے ہیں۔ یہ خیال ہم لوگوں کا بھی رہا ہے اور اسی لئے اب تک عربی کے سبق کا کوئی اہتمام نہیں کیا گیا تھا، الا ماشاءاللہ۔ لیکن اب تعلیمی تجربے سے دو باتوں کا اندازہ ہوا ایک یہ کہ ہر طالب علم اردو میں رواں ہو کر عربی میں آسانی نہیں پاتا، ایسے لوگوں کا تناسب بہت ہی کم ہے دوسرے یہ کہ طالب علم اردو پڑھ کر اپنے آپ کو فاضل سے کم نہیں سمجھتا پھر اسے ضرورت محسوس نہیں ہوتی کہ قرآن کے لئے مزید وقت لگائے اور چند مہینے اور طالب علموں کے زمرہ میں شامل رہے۔ مرکز کے کئی طالب علم جو اپنی مزدوری سے وقت نکال کر نہ صرف اردو سیکھ گئے بلکہ مسرت بخش امتیاز حاصل کر چکے ہیں لیکن قرآن نہیں جانتے اور نہ اب ہر سر ہو طالب علم بننا چاہتے ہیں بس رمضان اور رمضان کے مہینے اپنی خیر و برکت کے لئے معلوم و مشہور ہیں، عام طور پر مسلمان ان مہینوں کا لحاظ کرتے ہیں بالخصوص رمضان کا اور اس مہینے میں قرآن کا بھی کچھ حق سمجھتے ہیں رمضان کی اس برکت سے ہمیں بڑی تقویت حاصل ہوئی اور یہ سوچا کہ کیوں نہ ہم بھی ان مہینوں کو قرآن کے لئے خاص کر دیں۔ دس مہینے اردو رہی ان دو مہینوں میں عربی سہی۔ اور اس خیال سے عربی کے مبارک کام کا آغاز ہو گیا۔

قرآن کی تعلیم کے سلسلہ میں مرکز نے اپنی بستی اور متعلقین کی عربی خواندگی کا ایک جائزہ لینے کی بھی کوشش کی۔ یہ کوشش ایسی نہیں ہے جو آسانی سے کامیاب ہو جائے طرح طرح کی عام دشواریوں کے علاوہ جو اردو کا جائزہ لینے میں پیش آ چکی ہیں یہ بھی ہے کہ اکثر لوگ نہیں چاہتے کہ ان کا قرآن نہ جاننے کا عیب کسی کو معلوم ہو اس لئے کہ بہت سے تعلیم یافتہ بزرگ ایسے ہیں جن کے متعلق قرآن نہ جاننے کا گمان تک نہیں ہو سکتا لیکن اتفاق کہ وہ اس دولت سے محروم ہیں۔

گوناگوں دشواریوں کے باوجود جو معلومات حاصل ہو سکی ہے اسے ہم پیش کر رہے ہیں۔ بڑی ناسپاسی ہو گی اگر ہم بستی کے کرم فرماؤں کا شکریہ ادا نہ کریں جنھوں نے اس کام میں مدد فرمائی۔

ہماری بستی کے کل تعلیم یافتہ جن سے اس سلسلہ میں نیاز حاصل ہوا اکتالیس ہیں، ان میں آٹھ ایسے ہیں جو قرآن مطلق نہیں جانتے اور ان آٹھ میں سب صاحب حیثیت لوگ ہیں، اور اپنی عام تعلیم میں معیاری درجہ رکھتے ہیں۔

خواتین کا جائزہ ہم نے نزار دو میں لیا تھا اور نہ اس عربی میں لیا اس لئے کہ اس میں سوا شکل ہے لیکن جو چیز آپ ہی آپ معلوم ہوگئی وہ یہ خوش خبری تھی کہ ان میں ۱۲ میں سے پانچ حضرات کے دولت کدے قرآنی تعلیم کے مکاتیب ہیں جہاں مائیں بہنیں اور بیٹیاں اس پاک کام میں لگی رہتی ہیں۔ سچ کہا ہے مومن خاں نے ؎

نیکی کی تم تصویر ہو عفت کی تم تدبیر ہو
ہو دین کی تم پاسباں ایماں سلامت تم سے ہے

ہم نے جہاں "گھر کی شہزادیوں" اور "شہر کی آبادیوں" کو دین کی پاسبانی کرتے ہوئے پایا وہاں ایسے بھائی بھی ملے جو اپنے چھوٹے بھائیوں کے شاکی ہیں کہ کسی طرح نہیں پڑھتے، ایسے والدین سے ملاقات ہوئی جو اپنی اولاد سے اس معاملہ میں مایوس ہو چکے ہیں ایسے بوڑھے بھی جن کی ساری عمر روتے اور جھینکتے گزر گئی لیکن لڑکے نے سپارہ نہیں پڑھا ایک خاص بزرگ جن کی مذہبیت کا یہ عالم ہے کہ صبح سے شام اور شام سے صبح تک اوراد و وظائف میں غرق رہتے ہیں ان کے بلند اقبال صاحبزادے اپنی اسکول اور کالج کی تعلیم میں نمایاں درجہ رکھتے ہیں لیکن قرآن کا ایک حرف نہیں جانتے موصوف نے بڑی منت سے فرمایا کہ کسی طرح انھیں پڑھا دو تو بڑا احسان ہو۔

ہم نے ایک مسلماں گلی کے بچوں کا جائزہ بھی لیا جو درج ذیل ہے۔

نام	عمر	تعلیم	قرآن	حفظ سورتیں	نماز	کلمہ	کیفیت
"ط"	۱۱ سال	چوتھی جماعت	پہلا پارہ	۶	×	✓	۰
"ر"	۱۳ "	"	×	×	×	✓	۴
"ع"	۱۹ "	خواندہ	×	۳	½	✓	
"د"	۱۴ "	"	بھول گیا	۱۰	✓	✓	۲
"غ"	۱۰ "	چوتھی جماعت	×	×	×	×	[illegible]
"ا"	۱۱	×	×	×	×	×	
"گ"	۱۵ "	آٹھویں جماعت	×	۳	×	×	[illegible]
"ی"	۱۸ "	نویں جماعت	✓	۱۵	✓	✓	
"ص"	۱۸ "	آٹھویں جماعت	×	دو ایک	×	✓	۵
"ب"	۱۶ "	نویں جماعت	×	دو چار	✓	✓	۵

۱ ان کے والد خوش حال ہیں، چاہیں تو نماز سکھانے کے لئے باقاعدہ انتظام کر سکتے ہیں

۲ یہ بھی کھاتے پیتے گھرانے کا بچہ ہے۔ دن بھر کھیلتا کودتا ہے۔ بڑوں کو اس کی نماز کی فکر ہے نہ قرآن کی۔

۳ معاش سے بے فکر حافظ صاحب کے بیٹے ہیں، قرآن مکمل پڑھا تھا اور اب بھول گئے۔

۴ ایک متمول باپ کے بیٹے اور متدین گھرانے کے چشم و چراغ ہیں نماز نہیں آتی۔ بڑے (۱۸ سال) کو کلمہ تک نہیں آتا۔

۵ خود پڑھا لکھا ہے۔ فرصت بھی کافی ہوتی ہے۔ عام مطالعہ کا اتنا شوقین ہے کہ مرکز کی دو سو ڈھائی سو کتابیں نظر سے گزر چکی ہیں مگر قرآن کی قسم ہے۔

۶ اپنے درجے کا بہت ہونہار طالب علم ہے، انگریزی، فارسی، اردو سب میں طاق، قرآن نہیں آتا۔

اب ایک ایسے اسلامی اسکول کا حال سنئے جو اپنی اسلامیات کے لئے غیر معمولی شہرت کا مالک ہے

چوتھی سے چھٹی جماعت تک ۱۰۵ طالب علم

قرآن بالکل نہیں آتا	پچاس
دو ایک پارے پڑھے ہیں	۲۵
پڑھا تھا مگر بھول گئے	۱۵
قرآن آتا ہے	۱۵
حافظ	۲
آخری منزل میں ہیں	۵

اسی قسم کے چند اور نقشے بھی تیار کئے ہیں اور چند تیار ہو رہے ہیں جن سے نہ صرف ہمارے کام میں مدد ملے گی بلکہ امید ہے کہ دوسروں کو بھی بہت فائدہ پہنچیگا۔

شعبان اب ختم ہو رہا ہے اور محض رمضان اس کے لئے کافی نہیں ہے کہ ہم اپنے موجودہ طالب علموں کو قرآن پڑھا لے جائیں یا قرآن پڑھنے کے قابل بنا دیں اس لئے اس سلسلے کو رمضان کے بعد بھی جاری رکھنا ہوگا جس طرح اب قرآن کے ساتھ ساتھ اردو کا درس بھی جاری ہے اسی طرح رمضان کے بعد اردو کے ساتھ عربی کا سبق ہوتا رہے گا۔ اور اس سلسلے میں ہم عربی پڑھانے کے کسی مفید تر طریقے سے روشناس ہو جائیں گے وما توفیقی الا باللہ۔

تعلیمی نمائش

(جناب سید احمد علی صاحب نگران تعلیمی مرکز جامعہ)

ملک میں جہاں جگہ جگہ صنعتی نمائشیں ہوتی ہیں وہاں ساتھ ساتھ تعلیمی نمائش کا انتظام بھی ہوتا ہے تعلیمی نمائش میں بھی طرح طرح کی چیزیں یوں رکھ دی جاتی ہیں جیسے وہ بہت انوکھی ہیں اور دیکھنے والوں کو انھیں دیکھ کر تعجب ہوگا۔ لیکن ایسا نہیں ہوتا دیکھنے والے انھیں دیکھ کر چلے جاتے ہیں اور اس سے جو فائدہ انھیں ہونا چاہئے تھا وہ نہیں ہوتا۔ اس کی پہلی وجہ تو انتظام کی خرابی ہوتی ہے۔ والنٹیر اور دکھانے والے دیکھنے والوں کو برابر چلتے رہنے اور آگے بڑھتے رہنے کا حکم دیتے رہتے ہیں گویا تعلیمی چیزیں بھی اسی طرح دیکھ لی جائیں گی جیسے کوئی نئی قسم کا چرخا یا بہت باریک کپڑا ہے جو اپنے ہی ملک میں ہاتھ کے سوت سے بنا گیا ہو۔

تعلیمی نمائش کا انتظام اگر صنعتی نمائش کے ساتھ بھی کیا جائے تو اس کے دکھانے کا طریقہ صنعتی نمائش سے الگ ہونا چاہئے صنعتی نمائشیں عام لوگوں کے لئے ہیں اور انھیں اس طرح سجایا جاتا ہے کہ لوگوں کو یہاں آکر سیر و تماشے کا مزہ آئے لیکن سیر تماشہ تعلیمی نمائش کے سکشن میں نہیں ہو سکتا جو لوگ وہاں صرف سیر تماشے کے لئے جاتے ہیں انھیں مایوس ہونا پڑتا ہے لکھنؤ اور لاہور کی نمائشوں میں اس کا تجربہ ہو چکا ہے اور اب تری پوری اور رام گڑھ کانگریس کی نمائشوں میں بھی اچھی طرح اس کا تجربہ ہوا ہے۔ عام لوگوں کو تعلیمی نمائش میں اس لئے مزہ نہیں آتا کہ سب کی سب چیزیں ان کی دلچسپی سے اونچی ہوتی ہیں ا وہ ان کو سمجھتے ہی نہیں اور اس لئے وہاں آکر نہ تو کچھ سیکھ ہی سکتے ہیں اور نہ کچھ مزا ہی آتا ہے۔ اور وہ لوگ جو وہاں کی لگی ہوئی چیزوں کو سمجھنا چاہتے ہیں لوگوں کے دھکے اور سب سے زیادہ والنٹیر اور دکھانے والوں کی پکار سے گھبرا جاتے ہیں۔ اور بغیر کسی چیز کو دیکھے بھالے یا سمجھے بوجھے پورا چکر لگا کر واپس ہو جاتے ہیں۔

سنہ میں ایک تعلیمی نمائش تعلیمی کانفرنس کے ساتھ بنارس میں ہوئی تھی وہ تعلیمی کانفرنس میں آنے والوں یا تعلیم سے دلچسپی رکھنے والوں کے لئے ہی تھی اور دوسری ہر طرح کی نمائشوں سے الگ تھی۔ وہ صحیح معنوں میں تعلیمی نمائش تھی جن لوگوں نے وہاں آکر چیزوں کو دیکھا انھوں نے اس کے دیکھنے میں اپنا کافی وقت لگایا اور جس کی پسند اور دلچسپی کی جو چیزیں تھیں وہ اپنی پسند کے لحاظ سے چیزوں کو دیکھتا تھا۔ یو۔ پی کے بہت سے اسکولوں کے بچوں کا کام وہاں لگایا گیا تھا۔ انگریزی اردو، ہندی، جغرافیہ، تاریخ اور ڈرائنگ کی کاپیاں چھانٹ چھانٹ کر کے جمع کی گئی تھیں بچوں کے بنائے ہوئے تاریخ اور جغرافیے کے نقشے چن چن کر لگائے گئے تھے۔ صرف یو۔ پی ہی کے صوبے سے سامان نہیں آیا تھا بلکہ بہت سی ریاستوں

سے بھی چیزیں آئی تھیں۔ ہر مضمون کا کمرہ الگ الگ تھا اور ان میں بچوں کے کاموں کو قاعدے سے لگایا گیا تھا یہ نمائش بہت ہی کامیاب تھی۔

یہ سب کچھ میں نے اس لئے بتایا کہ تعلیمی نمائش کا ڈھنگ دوسری نمائشوں سے بالکل الگ ہے اور ہونا چاہیئے جو کچھ سنہ ۳۳ء میں ہوا اس میں بھی آج کل کی نئی نئی تبدیلیوں کو دیکھتے ہوئے بہت کچھ ردوبدل کرنے کی ضرورت ہے۔ بچوں کے کام، پڑھانے کے طریقے، کام کے نتیجے کے ریکارڈ اور استادوں کی محنت سے جو پڑھانے لکھانے کا سامان جمع ہوتا ہے اسے نمائش میں خاص جگہ ملنی چاہیئے تعلیمی نمائشوں کو مضمونوں کے لحاظ سے سجانا کم سے کم ابتدائی مدرسوں کے کاموں کے لئے تو بالکل مناسب نہیں ہے۔ ابتدائی مدرسوں کے کاموں کو درجہ وار سجانا چاہیئے بچوں کے اچھے کام، پڑھانے کے طریقے اور ان کے نتیجوں کے ریکارڈ اور پڑھانے کے سامان کو خاص جگہ ملنی چاہیئے۔ بچوں کے اچھے کاموں میں ان کے مضمونوں کے ریکارڈ ان کی سوچی ہوئی تجویزیں ان کی بنائی ہوئی ڈرائنگ اور نقشے جو کسی بات کے سمجھانے کے سلسلے میں انھوں نے تیار کئے ہوں رکھے جاسکتے ہیں اوپر کے درجوں کا اس طرح کا کام رکھا جاسکتا ہے مثلاً بچوں کے لکھے ہوئے شعر اگر بچوں نے کسی قصہ کو ڈراموں کی شکل میں لکھا ہو یا کسی قصہ کو نثر سے نظم میں تبدیل کیا ہو یا نظم سے نثر میں ہو اور اسی قسم کے بہت سے کام ہوسکتے ہیں۔

بچوں کے کاموں کے نمونے پیش کرنے کا مقصد یہ ہے کہ تعلیم نے ان میں کیا کیا تبدیلیاں کی ہیں ان میں خود سوچنے کی عادت کہاں تک پیدا کی ہے۔ بچہ اپنی طبیعت کی اُپج کو لکھنے، نظم کہنے یا ڈرائنگ بنا کے ظاہر کرنے میں کہاں تک کامیاب ہوا ہے۔ اس کی طبیعت کا جھکاؤ کس طرف ہے اُسے ڈرائنگ زیادہ پسند ہے یا اس میں شعر کہنے سے قدرتی لگاؤ ہے یا وہ مضمون اچھے لکھ سکتا ہے۔

بچوں کے اس قسم کے کاموں کے ریکارڈ رکھنے سے یہ فائدہ ہوتا ہے کہ ان کے پچھلے اور موجودہ کام میں مقابلہ کرکے معلوم کیا جاسکتا ہے کہ وہ آگے بڑھا یا پیچھے ہٹ گیا ہے۔ اگر کسی مدرسوں کے بچوں کا کام الگ الگ رکھا جائے تو ان کاموں سے ہر مدرسے کی جماعت کے کام کا اندازہ ہوسکتا ہے۔

ہم اپنے مدرسے میں جہاں بچوں کے مختلف کاموں کا ریکارڈ رکھتے ہیں وہاں اس بات کا بھی انتظام کرتے ہیں کہ بچہ اپنے طور پر اپنی باتیں دوسروں کو سمجھا سکے۔ نمائش کے کمرے، دکان، بنک، تحفہ خانہ اور باغیچے کے بارے میں دیکھنے والوں کو سمجھا سکے۔ ہم چاہتے ہیں کہ جہاں بچہ لکھ کر اپنی باتیں دوسروں کو بتاتا ہے وہاں بول کر بھی اپنا مطلب دوسروں کو بلا جھجک سمجھا سکے اگر نمائشوں میں بھی بچے اپنے مدرسے کے کئے ہوئے کام دیکھنے والوں کو خود ہی سمجھائیں تو دیکھنے والوں کے دلوں کا شک بھی دور ہوسکتا ہے اور وہ بچوں کے کاموں کا اندازہ بھی زیادہ اچھی طرح لگا سکتے ہیں۔ تعلیمی نمائشوں میں دوسرے لوگ سمجھانے کے کام پر رکھے جاتے ہیں وہ چونکہ خود سب چیزوں کو اچھی طرح نہیں جانتے اس لئے

دوسروں کو بھی نہیں سمجھا سکتے۔ اگر استاد اس کام کو کرتے ہیں تو وہ ساری باتیں بڑھا چڑھا کر بتاتے ہیں۔ اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ دیکھنے والا ٹھیک بات نہیں معلوم کر سکتا ہے۔

بچوں کے اچھے کام کے نمونوں کے بعد طریقہ تعلیم کے دکھلانے کی ضرورت ہے یعنی کس مدرسے میں کس طریقہ سے تعلیم دی جاتی ہے حرفہ کے ذریعے یا اور کسی مشغلہ کے ذریعے۔ کسی ایک حرفہ کے ذریعے یا کئی ایک حرفوں کے ذریعے کتنی سیریں کرائی گئیں، کتنے مشاہدے کرائے گئے؟ کورس کا کتنا حصہ کس خاص حرفہ کے ذریعے پڑھایا گیا، کتنا دوسرے حرفوں کے ذریعے پورا ہوا۔ مشاہدے اور تعلیمی سیروں کے ذریعے کتنا کام ہوا؟ یہ ایک خاکہ ہوگا اور ایک ریکارڈ ہوگا جس سے دوسروں کو مدد ملے گی وہ اس طرح کے خاکوں سے اپنے کاموں کو اچھا بنا سکیں گے۔

طریقہ تعلیم کے متعلق رپورٹ بھی تیار کی جا سکتی ہے۔ لیکن ہر مدرسہ اپنے طریقہ کار کو ڈائگرام کی صورت میں پیش کرے تو بہت تھوڑی دیر میں سب باتوں کا اندازہ ہو سکتا ہے۔ جہاں بچوں کے کاتے ہوئے سوت، بنے ہوئے کپڑے، کارڈ بورڈ کے نمونے اور لکڑی کی چیزیں دکھائی جائیں وہاں یہ بات بھی صاف صاف لوگوں کے سامنے آنی چاہئے کہ ان کاموں کے کرانے میں تعلیمی کام کس کس طریقے سے ہوا۔ کوئی سبق، کوئی حساب کا سوال، کوئی ڈرائنگ، کوئی اقلیدس کا مسئلہ بتلانے کی ضرورت اس طرح کام کے دوران میں پیش آئی۔ ایک آدھ سبق بھی پیش کرنے کی ضرورت ہے جس سے اس بات کا اچھی طرح اندازہ ہو سکے کہ یہ سبق اس کام کے سلسلے میں بے میل اور بے جوڑ نہیں رہا۔

حرفہ اور تعلیم کے میل کو بہت پھیلا کر اور سمجھا کر نمائشوں میں پیش کرنے کی ضرورت ہے۔ ہمارے کام کرنے والے ابھی اس شبہ میں ہیں کہ یہ میل اچھی طرح ہو بھی سکتا ہے یا نہیں۔ وہ زیادہ تر اسی کے متعلق سوالات کرتے ہیں۔ مضمون پڑھ کر اور لکچر سن کر دل کو اطمینان نہیں ہوتا اگر مختلف حلقوں کے مدرسے اپنے اچھے اچھے اسباق نمائشوں میں پیش کریں اور ان کو چارٹوں کی صورت میں نمائش کے کمروں میں لگائیں تو ان شبہ کرنے والوں کا شبہ دور ہو سکتا ہے۔ اور تعلیم و حرفہ کا میل اور لگاؤ ان کی سمجھ میں آ سکتا ہے۔

(باقی)

تعزیت

